قشون ہمراہ شمس الدین کے تعین کیا تا کہ قراتاتار کو سلامت پہنچا دیوین اور امیر
شاہ ملک جسکو مین نے واسطے جمع کرنے لشکر کے آگے روانہ کیا اسمنزل مین بساط
بوس ہوا اور رجب مین منزل سارق قمش سے روانہ ہوکر قلعہ کلخندان مین جو دامن
کوہ دماوند مین واقع ہے آیا اوس قلعہ کو ازبسکہ ویران پایا پہر کچہہ سے تعمیر کرایا
اور ایک جماعت واسطے انصرام اس کار کے تعین کیے پہر کوہ دماوند سے فیروز
کوہ مین پہنچا وہان کا قلعہ پہاڑ کے اوپر نہایت مستحکم دیکہا اہل قلعہ نے مخالفت کی
مین نے فوراً سپاہ واسطے تسخیر کے تعین کیے بہادرون نے نقارہ بجاکر چار
طرف سے محاصرہ کیا اور قلعہ گیرنے کے تدبیرین عمل کرکے سلامت کوچہ آگے بڑہائے

۸۵۴ کیا اور بعد فتح کے گرا کر خاک مین ملا دیا اور کیومرث سردار اوسین سرزمین کا
جو اسکندر شیخ سے مخالف تہا امیرزادہ کے ملازمت کو آیا اونہونے بموجب معنی
حدیث کے کہ جنگ مین فریب کرنا چاہئے اوسکو قید کرکے اسکندر شیخ کے پاس
بہیجکر یہہ پیغام دیا کہ تیرے دشمن کو اسیر کرکے تیرے پاس بہیجا اب تجکو لازم ہے
کہ تو بے فکر یہان حاضر ہووے کہ آئندہ کو تو امیر کے خدمت پہلے سے زیادہ تر
معزز رہیگا چونکہ اسکندر کو بسبب جرئت مخالفت کے دل مین خوف متمکن تہا آخر
لاچار کیومرث کو اپنے ساتہہ متفق کرکے قسم عہد کر کے چہوڑ دیا اور متفق ہوکر
مخالفت ظاہر کی جب مین نے یہہ خبر کنارہ دریا و بلاد روم کے سنی وانسے روانہ
ہوا اور مملکت خراسان کیطرف یہہ فرمان لکہا کہ امیر مضراب خراسان کا لشکر
جمع کرکے ساوہ رے اور آمل کے رستہ سے واسطے استیصال اسکندر شیخ کے
جاوے اثنا و راہ مین جمعہ کے دن ساتوین تاریخ شوال کے امیرزادہ خلیل سلطان
کے ملازم نے ماوراءالنہر سے آکر خیر امن اور استقامت کے سنائی جب مین
کوچ بکوچ اردو مین آیا امیرزادہ اسکندر اور امیر شاہملک کو اور امرا ار
ہزارہ مین سے پیر علی سلدوز کو معہ لشکر استرے کیطرف روانہ کیا اور یہہ
تاکید کی کہ عربان اور احشام خلج سے جو ساوہ اور قم اور کاشان اور ری
کے صحرا مین جانے کے وقت تک موجود ہین لشکر جمع کر کے امیرزادہ رستم
اور امیر سلیمانشاہ سے جا ملنا اور مین نے اونکو روانہ کرکے اردو سے
سرزمین پر چم مین آکر لشکرگاہ کیا اور دلدار کو جو مین اونکے مین چہوڑ آیا تہا
وہ اسمنزل مین آپہنچا چونکہ وہ میرا قدیم معتبر ملازم تہا اوس سے بغلگیر ہوا
اور نوازش کے اونہین خلعت خاص اور کمر زر اوسکو عنایت کرکے بہراہنگ

۸۵ مین کہ موضع نہر برلاس کا ہے ڈیرا کیا اور اسی منزل مین امیرزادہ شاہرخ امیرال سبا
حکام گیلانات سے لیکر ملازمت مین آیا اور اسی منزل مین مین نے جشن ترتیب کیا بعد ترتیب
۴ مجلس کے امرا کو بلا کر حکومت مملکت آذربایجان کے جو تختگاہ ہلاکو خان کے تہے مع توابع
و لواحق روم استنبول مصر شام تک امیرزادہ عمر پسر امیرزادہ میرانشاہ کو مفوض کیے
اور سند جاگیر کے اوسکو لکھدیے اور امیرزادونکو جو فارس عراق عرب عجم کے حاکم تہے
یہہ حکم دیا کہ اوس کے حسب طلب جلد حاضر ہوا کرین اور اوس کے حکم سے عدول
نکرین اور امیرزادہ میرانشاہ کے تمام امرا اور لشکر اوس کے ہمراہ کر دیا اور امیر
جہانشاہ اور امیر جاکو اور رستم پسر امیر موسے اور توکل بہادر پسر امیر یادگار
برلاس اور جنید بورالداے اور بعضے امرا تومانات کے دس ہزار سوارون
سے اوس کی رکاب مین مقرر کیے اور یہہ تاکید کے کہ تمام امرا اور لشکر سے امیر
جہانشاہ کے صلاح سے باہر نہوا کرین اور مملکت امیرزادہ کے مفوضہ کا نبدوبست
اوس کے راے اور تدبیر سے ہوا کرے اور امیرزادہ عمر کو واسطے کئی امور
۵ مملکت کے مامور کیا اول یہہ دین برحق محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے ترویج اور مذہب
اہل سنت کے تقویت مین کوشش کرکے خدا پرستی اور عبادت سے غافل نہونا
دوسرے یہہ کہ جب تو دشمن پر فتحیاب ہو کر غالب ہووے اوسکو تائید الہی سے
سمجہنا تیسرے یہہ کہ تمام امور مین خاص و عام سے اعتدال مد نظر رکہے اور ہر یک
کار مین میانہ روے اختیار کرکے افراط تفریط سے الگ رہنا چوتہے اپنی اطراف
ممالک کو اشخاص مردانہ عاقل کو سپرد کرنا تاکہ وہ ملک آفات سے محفوظ رہے
پانچوین رعایا کے ساتہہ عدالت شروع کرکے ہاتہہ ظالمونکا مظلومون سے تنگ
۵ کرنا تاکہ ملک آباد ہو رہے چہٹی سادات علما مشایخ فضلا کو اپنے مجلس مین معزز

تیموریہ

قبر پیغمبر علیہ السلام کے پاس سے کش کو لیگئی جب رمضان کے چند روز عبادت میں گذر گئے ۱۹
میں نے امرا اور لشکر کو پار دریاے ارس کے بھیجکر شکار قمرغہ کے تیار کرنے کی امرا نے
جاکر تین روز کے بعد جرگہ تیار کیا اور اقسام نخچیر آہو گوزن گورخر شیر چیتا اور تمام جانور
صحرا کے جرگہ میں جمع ہوئے جب قراول شکار کی خبر لائے تو میں سوار ہو کر جرگہ میں
بیشمار شکار کیا پھر واسطے تماشے کے کھڑا ہو کر خاص و عام کو شکار کی اجازت دی
سب نے جرگہ میں آکر بیشمار شکار کیا اور آخر روز شکار سے فارغ ہو کر اپنے بارگاہ
میں داخل ہوا اگلے دن سادات اور علما اور شرفا کو جو سمرقند اور بخارا اور
ترمذ اور کش اور ولایت ماوراء النہر سے آئے تھے بلا کر ہر ایک کو حسب حال انعام
زر نقد جواہر رخت اور تحفے ممالک شام روم فرنگ کے جو سرکار میں جمع تھے
اور لونڈیاں غلام گھوڑے اونٹ دیکر رخصت کر دیئے سب دعا و ثنا کر کے
اپنے اپنے ولایت کو چلے گئے جب یہہ موسم سرما قراباغ میں گذر گیا اور بہار آئے
اور تازگی نوروز کے عالم میں ہوئے تو مجکو تسخیر ممالک روم مصر شام سے خاطر
جمع تھی اور گرجستان سے گوشمال واجبی پا کر مسخر ہو گئے اوسوقت ارادہ تسخیر
ولایت خطا کا میرے دل میں آیا یہہ سمجھا کر جب تک یہہ چند روز زندگی ہے کچھہ
کر کے یادگار چھوڑ جانا ہے اور جتنے کفر اور جہاد میں صرف ہو وے موجب
ثواب کے اور باعث نیکنامی کا ہے اور یہہ مقرر کیا کہ ایک مرتبہ ولایت
ماوراء النہر میں کہ سات برس سے باہر پھرتا ہوں جاکر وہانسے واسطے تسخیر
ممالک خطا کے متوجہ ہونگا   بروز ... کے دن چودھویں تاریخ رمضان المبارک
سنہ آٹھ سو چھہ کے قراباغ سے سمرقند کو روانہ ہوا اور دریاے ارس کا
پل بندھوا کر تمام لشکر اور سامان کو اوتار کر مقام کیا اگلے دن موضع نعمت آباد

۸۳ شرع سی اور سات ہزار گہوڑے اور تین ہزار گاؤ مقرر ہوئے تہی امدنی ولایت
سید رضا کیا اور امیر محمد رشنی کے بیہ ادیا اور امدنی اور دیکے ولایت سے تہا تی
اوسکو معاف کرکے یہہ حکم دیا کہ محصل اپنے کو معاف سمجہہ کر باقی کو وصول کیا کرن
اور اوسیوقت شمس امیر عباس کے خویش کو واسطے حفاظت قلعہ کاج کے جو زدم کے
سرحد مین فتح کرکے اوسکو سپرد کیا تہا اور وہ رکاب مین حاضر تہا ہمراہ جماعت
۲ کے روانہ کیا اور اسیہ قرا باغ کے مقام مین سید برکہ کو بیماری سخت عارض ہوئی
ہرچند علاج کیا مفید نہوا آخر مر گیا چونکہ مجکو اوس سی بہت محبت تہی نہایت رنج ہوا
آخر لاچار صبر کیا اوسیوقت اوسکو زمین مین سپرد کرا دیا کہ پہر یہان سے اندجود کو
نقل کرنا اور اسی جگہ سے ریاست اور حکومت ہمدان اور نہاوند اور
وزدجرد کے مع مواضع مضافات اور کرکوجک کے امیرزادہ اسکندر کو تفویض
کے اب کہ موسم سرما گذر گئے اور بہار آئے سلطان عیسے والی ماردین کا درگاہ
مین حاضر ہوا اور پیشکش اور لڑکے جو امیرزادہ ابابکر سے منسوب تہے ہمراہ لایا اوسیوقت
ملک اعز الدین بہی بساط بوس ہوا اور پیشکش لایق اچہی اچہے گہوڑے نذر کیے عنایات
بادشاہے سے سربلند ہوا اور اسیہ مین نے یہہ حکم دیا کہ تمام امرای اور سردار
۴ الوس ہلاکوخان کو جو ممالک آذربیجان مین آباد ہین ہر یک اپنے رشتہ دار وخویش
سے ایک ایک کو مع اہل وعیال سمرقند مین لیجاکر آباد کریے اور جماعت ازطار
کو فوج فوج لیجاکر سمرقند مین پہنچا دین جب رمضان شریف آیا امیرزادہ
۴ میر محمد سلطان کے وفات کو ایکسال ہوا تہا مین نے واسطے خوشنودی روح
مرحوم کے طعام تیار کرایا اور قران ختم کرا کر خیرات تقسیم کیے اور خانزادہ
والدہ امیرزادہ مغفور کے سمرقند کو رخصت ہوئے اور نعش بیٹے کے مزار

کچھ کرے

کے واسطے ملازمت کے حاضر ہوا اسلیے اوس حضرت کا عزم مصمم کیا اور قراولان خاصہ ۸۰۴
سرداران دریا کے توجہہ اور قراول محمد برادر علی سلطان تواجی اور بایزید اوردکا
اور بہلول برلاس تیرہ گیلان کیطرف روانہ کیے کہ تم جاکر گیلان کے جنگل میں مقام
کرو اور امیرزادہ شاہرخ کو مع فوج گران گیلانات کیطرف تعین کیا اور امیر
زادہ ابراہیم سلطان پسر امیرزادہ مذکور اور امیر جہانشاہ اور امیر شیخ ابراہیم
والی شیروان اور رستم پسر امیر طغے بوغا اور سید خواجہ پسر شیخ علی وغیرہ امراء
لشکر کو ہمراہ کر دیا اور یہہ حکم کر دیا کہ جب امیرزادہ قزل اغاج میں پہنچے تو ارادہ
والی گیلون کا دریافت کرکے مجھکو مطلع کرے جب امیرزادہ اوس منزل میں پہنچا
حاکم گیلان کا فوج کے آنے سے پراسان ہوا اور ایلچی بھیجکر اپنے مسکنت کو شفیع
کیا اور خراج قبول کیا کہ سال بسال خزانہ میں داخل ہوا کریگا امیرزادہ شاہرخ
نے بلحاظ اوس کی عجز کے معاف کرکے عرضے لکھہ بھیجے اور تحصیلدار گیلان کو روانہ
کیے تاکہ مبالغ مقبولہ تحصیل کریں اور سید رضا کیا جسنے سیادت کو ساتھہ فقاہت کے
جمع کیا تہا ولایت دیالمہ اور گیلان سے اور امیر محمد رشتی وغیرہ سلطان اور
اور حکام اور والی اوس ولایت کے باطاعت پیشکش لیکر درگاہ میں حاضر ہوئے
اور پیشکش اور تحفے نذر کیے اور دعا اور ثنا کرکے یہہ عرض کیا کہ ہم ادنے چاکر
درگاہ کے ہیں جسقدر خراج ہمپر مقرر ہوا ہے سال بسال ادا کرینگے میں نے اونکو
عنایات خسروی سے خوش کرکے خلعتیں اور کمر زر دیا اور سید رضا کیا جو سید
بزرگ صحیح النسب تہا اوس کو میں نے منظور نظر عنایت کرکے یہہ ارادہ کیا کہ
اس کے حق میں ایسے عنایت کروں کہ تمام امراء اور سردار اوس ولایت
کے اوس کے ممنون احسان ہوں تمام آمدنے گیلانات کے پندرہ ہزار من ریشم وزن

اور خواجہ افضل کشی اور عبد الرحمن اور عبد الحمید پسران شیخ الاسلام کش وغیرہ بزرگ
اوس ولایت کے درگاہ مین حاضر ہوئے اور دست بوسے کرکے رسم تعزیت کے بجالائی
اور مین ہر روز مہمات ملکی اور عدالت سے فارغ ہوکر سادات علماء مشایخ کا ہمنشین ہوکر
تذکرہ علوم دینے اور تحقیق مسایل یقینی سے بہرہ مند ہوا کرتا اور امیر ایدکو برلاس
حاکم ولایت کرمان اور اوس نواحے کا پہلے ہمراہ عاملون اور متصدیون اوس ولایت
لیے درگاہ مین آیا تہا اور ولایت کرمان کے متصدیون نے مبالغ کلی ایدکو برلاس کے
نام پر لکہہ کر پیلقان مین عرض کیا تہا مین نے اپنے دفتریون کو حکم دیا تہا کہ اسباب کی
تحقیق کرواب پویان آغا میرے چہوٹے بہن اور آغاچہ دختر پویان آغا تہے جو امیر
ایدکو کے عقد مین تہے امیر ایدکو کیطرف سے آکر ایک لاکہہ تومان کبکی پر معاملہ قطع کرو یا
اور ایدکو نے قبول کرکے لاکہہ تومان کبکی خزانہ مین داخل کیے مین نے بدستور اوس کو
کرمان کے حکومت پر تعین کیا اور سلطان بایزید امیر ایدکو کے بہتیجے کو جو اوس کی جگہ
کرمان کو بہیجا تہا حضور مین لالیا اور انوشیروان پسر بیان آغا کو واسطے تحصیل
اموال مملکت اذربایجان کے روانہ کیا اور حکومت سارے کی واسطے پیر محمد پسر
پولادکے جو لوکر امیرزادہ شاہرخ کا تہا مقرر کرکے روانہ کیا اور اسی عرصہ مین
بیک ملک آغا حرم امیرزادہ شاہرخ پیر محمد جہانگیر کے سو فرزندان امیرزادہ
خالد اور بور بخرا اور سلطان مہدی کے کابل اور غزنین سے واسطے میری ملازمت
کے آئے مین نے ادنکو دیکہہ کر بہت خوش ہوا اور شکر کیا اور بیک ملک اغائی
تحفے ہندوستان کے زر جواہر نذر کیے اوسوقت میرے دلمین یہہ آیا
کہ حاکم گیلان ہمیشہ پیشکش اور تحفے دیکر آپ درگاہ مین حاضر نہین ہوا اوس کے
غرض یہہ ہے کہ جب تک نہووے حاضر نہووی سلطنت کے حمیت لی یہہ روانہ کیا

تیمور سے

کروہ واسطے ملازمت کے حاضر ہوا اسلیئے اوسطرف کا عزم مصمم کیا اور رفقا اونکی کاہم
سرداروں سے قوچین اور بلال محمد اور علی سلطان تواجی اور بایزید ابوریگا
اور بہلول برلاس کے تئین گیلان کیطرف روانہ کیئے کہ تم جاکر گیلان کے جنگل میں مقام
کرنا اور امیرزادہ شاہرخ کو معہ فوج گران گیلانات کیطرف تعین کیا اور امیر
زادہ ابراہیم سلطان پسر امیرزادہ مذکور اور امیر جہانشاہ اور امیر شیخ ابراہیم
والیہ شروان اور رستم پسر امیر طغی بوغا اور سید خواجہ پسر شیخ علی وغیرہ امرا
لشکر کو ہمراہ کر دیا اور یہہ حکم کر دیا کہ جب امیرزادہ قزل لغاج میں پہنچے تو ارادہ
والے گیلان کا دریافت کر کے ہمکو مطلع کرے جب امیرزادہ اوس منزل میں پہنچا
حاکم گیلان کا فوج کے آنے سے ہراسان ہوا اور ایلچے بھیج کر اپنے مسکنت کو شفیع
کیا اور خراج قبول کیا کہ سال بسال خزانہ میں داخل ہوا کریگا امیرزادہ شاہرخ
نے بلحاظ اوس کی عجز کے معاف کر کے عریضے لکھہ بھیجے اور تحصیلدار گیلان کو روانہ
کیئے تاکہ مبالغ مقبولہ تحصیل کریں اور سید رضا کیا جسنے سیادت کے ساتھہ فقاہت بھی
جمع کیا تھا ولایت ماملہ اور گیلان سے اور امیر محمد رشتی وہانکا سلطان اور
اور حکام اور والے اوس ولایت کے باطاعت پیشکش لیکر درگاہ میں حاضر ہوئے
اور پیشکش اور تحفے نذر کیئے اور دعا اور ثنا کر کے یہہ عرض کیا کہ ہم ادنی غلام
درگاہ کے ہیں جسقدر خراج ہمپر مقرر ہوا ہے سال بسال ادا کرینگے میں نے اونکو
عنایات خسروی سے خوش کر کے خلعتیں اور کمر زر دیا اور سید رضا کیا جو
بزرگ صحیح النسب تھا اوس کو میں نے منظور نظر عنایت کر کے یہہ ارادہ کیا کہ
اوس کے حق میں ایسے عنایت کروں کہ تمام امرا اور سردار اوس ولایت
کے اوس کے ممنون احسان ہوں تمام آمد سے گیلانات کے پندرہ ہزار من ریشم وزن

پسران شیخ الاسلام کش وغیرہ بزرگ
اور خواجہ افضل کشی اور عبد الرحمن اور عبد الحمید ۸
اوس ولایت کے درگاہ مین حاضر ہوئے اور دست بوسی کرکے رسم تعزیت کے بجالائی
اور مین ہر روز مہمات ملکی اور عدالت سے فارغ ہوکر سادات علماء مشایخ کا ہمنشین ہوکر
تذکرہ علوم دینی اور تحقیق مسایل یقینی سے بہرہ مند ہوا کرتا اور امیر ایدکو برلاس ۴
حاکم ولایت کرمان اور اوس نواحے کا پہلے ہمراہ عاملون اور متصدیون اوس ولایت
کے درگاہ مین آیا تہا اور ولایت کرمان کے متصدیون نے مبالغ ایدکو برلاس کے
نام پر لکہہ کر یسلقان مین عرض کیا تہا مین نے اپنے دفتریون کو حکم دیا تہا کہ اسباب کی
تحقیق کروا ب تومان آغا میرے چچیرے بہن اور آغا چہ دختر تومان آغا نے جو امیر
ایدکو کے عقد مین تہے امیر ایدکو کیطرف سے آکر ایک لاکہہ تومان کبکی پر معاملہ قطع کر دیا
اور ایدکو نے قبول کرکے لاکہہ تومان کبکی خزانہ مین داخل کیے مین نے بدستور اوس کو
کرمان کے حکومت پر تعین کیا اور سلطان بایزید امیر ایدکو کے بہتیجے کو جو اوس کی جگہ
کرمان کو بہیجا تہا حضور مین بلا لیا اور انوشیروان پسر بیان آغا کو واسطے تحصیل
اموال مملکت آذربایجان کے روانہ کیا اور حکومت سارنے کی واسطے پیر محمد پسر
پولاد کے جو نوکر امیرزادہ شاہرخ کا تہا مقرر کرکے روانہ کیا اور اسی عرصہ مین
بیک ملک آغا حرم امیرزادہ شاہرخ پیر محمد جہان گیر کے سو فرزندان امیر زادہ
خالد اور بوزنجر اور سلطان مہدی کے کابل اور غزنی سے واسطے میری
کے آئے مین سے اونکو دیکہہ کر بہت خوش ہوا اور شکر کیا اور بیک ملک آغا
تحفے ہندوستان کے زر جواہر نذر کیے اور سوقت میرے دل مین یہ
کہ حاکم گیلان نا ہمیشہ پیشکش اور تحفے دیکر آپ درگاہ مین حاضر نہین ہوا اور
غرض یہہ تہے کہ جبتک تنگ نہو وے حاضر ہووی سلطنت کے حمیت لی یہہ روا

تفویض حکومت الوس ہلاکو خان کے ہمراہ امیرزادہ عمر کے بلاد اناطولیہ میں ہوا ۸۴۵

ذکر اسکندر شیخی کے مخالفت کا

پہلے یہہ معروض ہوا تہا کہ اسکندر شیخی جسکو میں نے فیروزکوہ اور دماوند میں بہیجا
تہا وہ باغی ہوگیا ہے میں نے امیرزادہ رستم اور امیر سلیمانشاہ کو مع فوج اسکندر
پر روانہ کیا اور یہہ تاکید کی کہ وہان جاکر پہلے حال تحقیق کرنا اگر وہ مطیع ہوا تو
اوسکو امیدوار عنایات کا کرنا اور اگر شقاوت اوس کے گریبان گیر ہوئی اور
مخالفت سے پیش آیا تو لشکر اور سپاہ دیلم اور کاشان اور دیگر کردون کی جمع کرکے
جہان جاوے اوسکا تعاقب کرکے مستاصل کرنا اور اونکو میں نے ری کیطرف
روانہ کیا اور اب امیر شیخ ابراہیم حاکم شروانات نے جشن عالی مرتب کیا اور
پیشکش لائق نقد و جنس شکاری جانور غلام لونڈیان زرہ ہتیار اور انکہہ اور گہوڑے
نذر کیے اور تمام امرا اور امیرزادون نے پیشکش اور تحفے دیے اور جب تک میں
قراباغ میں رہا ہر ایک ہفتہ میں جشن بادشاہانہ کرکے عشرت میں مصروف تہا اسی عصر
میں نورالیورد پسر سلطان احمد جلایر کا مملکت عراق عرب کہ اٹہارہ برس کے
عمر میں خیالات فاسد دل میں رکہتا تہا گرفتار ہوکر قتل ہوا اور اوسکے دونون میر سید برکہ اندخود
اور ماوراء النہر کے طرف سے آیا چونکہ وہ شخص میرے یہان بہت معزز تہا اور اوسکی
آنکو میں غنیمت جانتا تہا میں نے خیمہ اور خرگاہ اور اسباب ضروری اوسکے استقبال
کو بہیجا اور جب وہ میرے بارگاہ میں آئے میں نے آگے بڑہکر اونسے ملاقات کی اور وہ
واسطے تعزیت امیرزادہ محمد سلطان کے ننگے سر ہوکر بہت رونے میں بے تعلگر ہوکر بہت
رویا پہر اپنے برابر بٹہا لیا اور اور اکابر اور سادات بخارا اور سمرقند اور کش اور
ترمذ وغیرہ اوس نواح کے خانزادہ ترمذ اور خواجہ عبدالاول اور خواجہ عصام الدین

۴۴ ۸ نایبے قطب الدین کے نوکر کو جو سبب تہا اس تمام ظلم کا شہر شیراز مین پہانسیے دیوی اور
مولانا صاعد کو یہہ حکم دیا کہ اونکے ہمراہ شیراز اور فارس مین جاکر حق رعایا کا حق دار
کو اپنے روبرو پہنچا دیویے اور وہانکے باشندونکو کہدیوی کہ مولانا قطب الدین نے یہہ مال
ظلماً اپنے حکم امیر کے لیا تہا اور خواجہ ملک سمنانے کو واسطے ضبط اموال مملکت فارس
کے تعین کیا جب وہ حسب الامر شیراز مین پہنچے اول ارغون شاہ کو سر بازار پہانسی دی
اور جمعہ کے دن کہ خلقت انبوہ شہر اور نواحے کے مسجد عتیق مین واسطے نماز کے حاضر
ہوئے تہے درویش اپنے نے مولانا قطب الدین کو پابزنجیر اور دوشاخہ گردن مین
مسجد مین لیجا کر نیچے منبر کے کہڑا کیا اور آپ منبر پر چڑہ کر باواز بلند لوگونسے کہا کہ مولانا
قطب الدین نے بحکم امیر کے یہہ دینار لئی تہے اسلیے اس عقوبت مین گرفتار ہوا اور
تمام حال جو مجہہ سے سن گیا تہا خلائق کے روبرو بیان کیا تمام مسلمان دست بدعا ہو
آفرین کرینگے اور وہ تین لاکہہ دینار دیکر قبض الوصول قضات اور شرفا شہر کی مہر سے
لیکر لیا اور مولانا قطب الدین کو امیرزادہ پیر محمد عمر شیخ نے حسب الامر خلاص کرکے
سمرقند کو بہیج دیا

ذکر حضرت صاحبقران کی اقامت موسم سرما کا قراباغ مین

اسوقت مین بیلقان کے تعمیر سے فارغ ہوا اور واسطے اقامت موسم سرما کی پہلی سے
یہہ ٹہرا تہا کہ قراباغ مین مکان تیار کرین اور رادے اس کار پر تعین ہوئی تہے
اب بیلقان سے قراباغ کو متوجہ ہوا اور شکار کہیلتا ہوا قراباغ مین آکر اپنے
دولتخانہ مین نازل ہوا اور ہر یک امرا اور امیرزادہ نے اپنے اپنی مکان مین داخل
ہوکر استراحت کے اور امیرزادہ رستم جسکو عراق عرب کے طرف سے واسطے

تیمور بیگ
بیٹے قرا یوسف کے استیصال اور اوس کے زن و فرزند کے اسیر کرنے کی بغرض عرب پر جو
عربان بادیہ نشین کا حاکم تھا اور آج تک اوسنے کسیکی اطاعت نہین کی تھی یورش
کر کے اوسکو اور تمام مفسد سردارونکو سزا دیے اور بہت غنیمت پیدا کی اور سید قرا
یوسف کے بھائی کا جو میدان جنگ مین کٹا تھا انجمین نے یہان حاضر کیا اور امیرزادون نے
اوس سرزمین عراق عرب کو مخالفون سے صاف کیا امیرزادہ ابابکر حسب الامر استمالت
رعایا اوس دیار کی کر کے شہر دار السلام بغداد کی آبادی مین مصروف ہوا اور
مین نے خراسان فتح کی شکر اللہ تعالے کا شکر کیا اسی عہد مین امیرزادہ عمر بیٹا امیرزادہ
میرانشاہ نے جسکو سمرقند کی حکومت پر چھوڑ رکھا تھا اور سابق مین مدت تک حاکم
آذربائیجان وغیرہ کا تھا حسب الطلب حاضر ہو کر جمعہ کے دن ملازمت کی اور
اسی جگہ یلقان مین اوکر جرکس بہادر پسر توی مین حاکم تھا وندسکا تھا عندسی آیا اور
پسر ملک عز الدین حاکم کر کوچک کا جو ہمیشہ مخالفت کیا کرتا تھا درگاہ مین حاضر
کر کے یہہ عرض کیا کہ جرکس بہادر نے اوس کے پوست مین بہس بھر کر لٹکا دیا ہے
تا کہ اور مفسد عبرت پذیر ہوویں اور اسی منزل مین یہہ ثابت ہوا کہ مولانا قطب الدین
قریمی شیراز سے ہمراہ عاملون اور متصدیون کے درگاہ مین حاضر ہوا تھا اوسنے
فارس والون پر نہایت ظلم کیا اب جو فارس سے آیا تھا تین لاکھ دینار کہ کی روا
پیشکش کے واسطے رعایا اور حرفہ دارون سے لیا اور مولانا ضیا جو حاکم ہوا
فارس اور شیراز کے حضور مین آیا تھا اوسنے یہ کیفیت اوسکی تحقیق کر کے
بیان کی مین نے ستم رسیدونکا حال تصور کر کے فورا مولانا قطب الدین کو
زنجیر بند کر کے شیخ درویش اولیائی کو حکم دیا کہ اوسکو مقید شیراز لیجا کر تین لاکھ
دینار اوسنے جو رعایا سے لیے تھے مظلومونکو جسسے لیے تھے پھیر دیوے اور از

۸۴۲ اور پایان آب حلہ کیطرف کنارہ نہر الغنم کے جو برابر قریہ سیب کے ہی قرا یوسف برجا پہنچ
اور رہ لشکر کے تعینا تے سنکر اطراف سے اپنی فوج جمع کرکے اور نہر الغنم کو اپنی لشکر کے
خندق بنا کر جنگ کے لیے تیار تہا اگلے دن جب یہہ امیرزادہ جنگ کے لئے سوار ہوئے تو
ص چونکہ امیرزادہ رستم عمر مین امیرزادہ ابابکر سے بڑا تہا امیرزادہ ابابکر نے ادب سی کہا
کہ تم قول مین رہو مین ہراول ہوتا ہون امیرزادہ رستم نے جواب دیا کہ مین تو حسب الحکم کمک
کے لیے آیا ہون قول مین تم رہو مین پیش رو ہوتا ہون آخر یہہ ٹہرا کہ دو قول ہو کر دونو
طرف سے مخالف پر حملہ کرین اور قرا یوسف فوج آراستہ کرکے صفین بنا کر کہڑا ہوا اسطرف
ہ سے پہلی امیرزادہ رستم معہ فوج گہوڑا ڈالکر نہر اوتر گیا اور مخالف سے جو سو گونہ تہا
جنگ مین مشغول ہوا اور سپاہ نے خوب مردانگی کرکے اکثر قتل کیے اور امیرزادہ ابابکر
نے بہی فوج نہر اوترکر تاخت کیے اور بہادرون نے صفین دشمن کے تیر تلوار
نیزہ سے پریشان کردین بعد زد و خورد بسیار کے یار علی برادر یوسف ترکمان کا
ضرب کسیکے ہاتہہ کے کہا کر گہوڑے سے گرا کوئی اوسکا سر امیرزادونکے پاس
کاٹ لایا اسلئے قرا یوسف کے فوج مین سستی آگئی اور اوسوقت امیر سونجک بہادر
نے حملہ کیا اور امیرزادون نے بذات خود حملہ کرکے دشمن کے فوج پراگندہ کردے
اور قرا یوسف تباہ حال اور شکستہ فوج کے دیکہہ کر لاچار میدان سے بہاگ
کر شام کو چلا گیا اور کچہہ اوس کے توابع ساتہہ نکلگئے اور جو باقی تہے ہمراہی اوسکے
جو تخمینا پندرہ ہزار خانہ دار تہے اور اونکا تمام مال اسباب گہوڑی اونٹ گلہ
۳ ریوڑ لشکریون کے ہاتہہ آیا اور قرا یوسف کے بیٹے کو جو ماما اسفندیار اور
اسکندر کے تہے ہمراہ خویش اتباع کے امیرزادہ رستم کے نوکر دستگیر کر لائے
اور یہہ فتح عظیم نصیب اولیاء دولت کے ہوئی اور امیرزادون نے بعد فتح قرا

تمہیدے

لیلیا ہو تو اوس ولایت کے خزانہ عامرہ مین داخل دین اور ظالمون کو تقصیرات کے اندازہ
موافق سزا دین اور کیفیت اوس اوضاع ہر ملک کی عرضداشت کرتے رہین تاکہ قہر
ظلم کا تمام ممالک محروسہ سے قلع ہو جاتا رہے اور رعایا جسمین مدار دنیا کے آباد ہونے
کا ہے آسودہ حال رہے اور مین نے یہہ فرمایا کہ اب تک مین کشورکشائی مین مصروف
تہا اب میرا دل رعایا کے آسودگی کی طرف متوجہ ہے اور آئندہ کو حکم عام کرتا ہون
کہ جسکو جو حال ممالک کا معلوم ہووے وہ بخوف عرض کیا کرے تاکہ مین خلق اللہ کے
آسایش اور ظلم کے دفعیہ مین کوشش کرون اور اگر دادخواہ درگاہ مین آوے
اوسکو کوئی ممانعت نکرے اور ہمیشہ دروازہ معدلت کا دادخواہون پر کشادہ
رہے چونکہ مجکو خوب معلوم ہے کہ اس جہان سے گزرجانا ہے اور دیوان قضا
مین نیک و بد کی پرسش ہونیوالی ہے مبادا اوس روز کوئی مظلوم جسکے فریاد سے
غفلت ہوئی ہو میرا دامن پکڑے اور مین جواب ندے سکون جب خاص و عام
نے میرے یہہ نیت خیر معلوم کی تو آسودہ حال ہو گئے اور ارادہ ظلم کا ستمگارون کے
دل سے دور ہو گیا اور تمام خورد و بزرگ میرے حق مین دعا کرتے تھے اور قوت
امیرزادہ ابابکر اور امیرزادہ رستم کے پاس سے جنکو مین نے عراق عجم سے تعین کیا
تہا تاکہ قرا یوسف ترکمان کو جو اوس ولایت پر متولی ہو گیا ہے مستاصل کرکے شہر
بغداد کی تعمیر اور زراعت اور عمارت مین کوشش کرے ساعی ہوا تہا
قتلغ خواجہ پسر درویش امیرزادہ ابابکر کا نوکر اور امیرزادہ رستم کی طرف سے
آق بردی اوزبک خبر فتوحات کے اور اونکے عرضیان لائے اور اونکا مضمون
یہہ تہا کہ امیرزادہ رستم وزیر وجرد سے حسب الامر بغداد کو روانہ ہو گیا
حلہ مین امیرزادہ ابابکر سے آملا پہر دونون متفق ہو کر [illegible]

۸۴۰ ہوگئے ہیں اسلئے اکثر سادات فضلاء قضات مشایخ اشراف ایران اور توران کی واسطی
استقبال کے لشکر مین حاضر ہوئے

ذکر اوس مجلس کا جو شہر بیلقان مین مرتب ہوئی

اسوقت کہ تعمیر بیلقان کے ہو چکی مین نے مجلس بادشاہانہ مرتب کرکے امراء اور امیرزادون
اور سادات اور علماء اور مشایخ اور اکابر اور اشراف جمع کرکے تخت سلطنت پر
جلوس کیا اور کہانے سی فارغ ہوکر حسب دستور علماء نے بحث علم یقینی کے شروع کی
اور مین اونکے مواعظ سے بہرہ مند ہوا یہان تک کہ ذکر عدالت اور داد گستری کی
بزرگی کا اور جور جفا کے دور کرنیکا شروع ہوا یہہ سنتے ہی میری دل مین یہہ آیا کہ
ان باتونکے صرف سننی سے کچھہ فائدہ نہین جب تک عمل مین نہ آئین علماء سے مین یہہ
خطاب کیا کہ ہر زمانہ مین علماء نصایح بادشاہان وقت کو سنا کر اعمال نیک کی ہدایت
کرتے رہی ہین مین بہی امیدوار ہون کہ تم اظہار نصایح سے درگذر نکرنا جو کہ مطابق
شرع شریف اور عقل کے ہو وہ بلا حفظہ عرض کرنا اور اب کہ تم جدا جدا
شہر اور قصبات سی آئے ہو تکو سلوک معاش داروغہ عامل باشندہ رعایا
کا ہر شہر اور قصبہ کا جو معلوم ہو نیک و کم و کاست بیان کرو تا کہ مین اوسکا تدارک
کرون علماء نے سنتے ہی دعا اور ثنا کرکے کیفیت ہر شہر اور دیار کی عرض
کی پہر مین نے حقیقت قصبات کے دریافت کرکے اسی مجلس مین اہل علم دیانت
دارونکو ہر شہر مین نامزد کیا اور ملازم سرکار سے دیانت دار اور راست گفتار
ہر یک شہر مین روانہ کئے تا کہ ممالک محروسہ مین جاکر عمال اور متصدیون کے
اعمال تحقیق کرین اور ہر جگہ کے رعایا اور باشندونکو بلاکر اونکے قصیے
دریافت کرکے داد دہے اور عدالت کرین اور اگر کسینے تعدی سی کسی سی کچھہ

تتمہ ...

پیمایش کرکے تمام امرا اور امیرزادون اور خاص و عام کو تقسیم کر دیے ہر یک نے اپنے ۸۳۹
اپنے حصہ کو اتنا سو ہر سے جو میان نے شہر کا سرا ہوا تھا بنانا شروع کیا باوجودیکہ
ہوا بہت سرد تھی شب و روز مینہ یا برف برستا تھا ایک مہینے مین تمام عمارت قلعہ
خندق بازار گرمابہ حمام مساجد کا تعمیر اور باغ تیار کر لیے اور گرد قلعہ کا بڑے گز سے
دس ہزار چار سو گز تھا اور اثار دیوار کا گیارہ گز اور بلندی دیوار کی پندرہ
گز اور عرض خندق کا تیس گز اور عمق بیس گز چارون کونون پر چار برج تھے نقش
والے اور بیچ مین چھوٹے چھوٹے اور برج اور دیوارون پر کنگرہ فصیل کے اور
سب جگہ سنگ انداز بنائے جب یہہ عمارت جو بہت برسون مین متصور تھے میرے
سعی سے ایک مہینے مین باوجود بارش برف باران کے تمام ہو گیے مین نے اللہ تعالے
کا شکر کیا اور حکومت ولایت بیلقان گنجہ بردع گرجستان ارمن کے امیرزادہ
خلیل سلطان کو مرحمت کیے اور واسطے حفاظت قلعہ اور شہر بیلقان کی ہمراہ
شاہ سیر جلال الاسلام کو تعین کیا اور یہہ تاکید کیے کہ اس شہر کے آبادی مین
ایسے سعی کرنا کہ کثر مدت مین بحال اصلی ہو جاوے اور چونکہ بیلقان کے نواحی مین
پانی کمیاب تھا اور مدار معمور ہے اور زراعت کا پانی پر ہے میرے دل مین یہہ
آیا کہ دریاء ارس سے نہر لائے جائے یہہ ٹھہرا کر دریاء ارس سے شہر بیلقان
تک پیمایش کرایا تو چھہ فرسنگ مسافت تھے یہہ سرزمین امراء اور لشکریون
پر تقسیم کرکے یہہ حکم دیا کہ نہر پندرہ گز کے عرض کھودین اور حکم کے موافق تمام
لشکر سے مصروف ہو۔ یہہ نہر بھی ایک مہینے مین تمام ہو گیے بیلقان مین پانی
آکر بہت چیزین تیار ہو گئیں۔ و اکثر زراعت اور عمارت اور آبادی ہونے لگے
چونکہ خبر میرے مراجعت کے روم سے سمرقند نصرت کے اطراف و جوانب مین مشہور

اس سے خوشخبری لیکر گئے مین کئی روز تک وہان شکار کہیلتا رہا یہان تک کہ ایلچی پیشکش ۸۳۸
اور ہدایا لیکر آئے اور ہزار اشرفی میری سکہ کے اور زر نقرہ اور اجناس نفیس اور
ظروف طلائے نقرئے مرصع الات اور ظروف بلورین مرصع اور ایک لعل ابدار
خوشرنگ وزن مین اٹہارہ مثقال پیش نظر کیا اور ادا کرنا جزیہ اور خراج کا جو ادنیٰ
مقرر ہوا تہا عہد پیمان سے موکد کیا کہ بلا طلب خزانہ مین داخل ہوا کریگا

ذکر حضرت صاحبقران کی مراجعت کا مملکت گرجستان سے اور شہر بیلقان اور خضر جوے کی تعمیر کا

اسوقت کہ مجکو ممالک گرجستان کے تسخیر سے فراغت ہوئیے اور کوچ کئے کار اوس
ولایت مین ہمراہیان ظفر کے مراجعت کیے اور شکار کہیلتا ہوا تفلیس مین آیا اوسکے
نواحے مین مشہور کلیسا کو گرا کر مسجدین بنوا دین اور تفلیس سے دو تین منزل مین
آیا تہا کہ مجلس مین شہر بیلقان کا مذکور ہوا مین نے اوسکا حال دریافت کیا تو یہ
معروض ہوا کہ بیلقان نہایت کلان شہر تہا اب قرنوں سے بسبب حادثات دنیوی
کے ویران پڑا ہے اوسکی عمارت کا نشان نہین میرے دل مین اوس کے تعمیر اور
آبادی سے متمکن ہوئے چند اشخاص مخصوص ہمراہ لیکر بہیر کو پیچھے چہوڑ کر بیلقان کو متوجہ
ہوا اور بردع سے بڑہ کر شہر بیلقان کے سرزمین مین آکر وہان مقام کیا چودہ
دن کے بعد بہیر پس ماندہ آگئے تمام مہندس اور معمار اور بانے کار روبرو بلاکر
نیک ساعت مین اوس شہر کے بنیاد رکہوائیے قلعہ خندق چاہ بازار عمارت باغ
حمام دار الشفا خانقاہ تعمیر ہونے شروع ہوئیے اور استاد اور مہندسون ۴
نے حسب الامر مصروف ہو کر بنیاد رکہے اور مین نے قلعہ اور عمارات شہر کے

تو پیشکش بیشمار اور تحفے درگاہ مین روانہ کرون اور ارکان دولت جتنا جزیہ مجھہ
پر مقرر کرین بلا توقف سال بسال ادا کرون اور جتنا لشکر فرماوین اور جہان کہین
وہان بھیجدون اور بعد عفو تقصیرات اور تعہد و مراحم کے اب یہ زمین بوسی ہونگا
امرا نے پیغام ملک گرگین کا سنکر اوس کے مسکنت پر لحاظ کرکے سب نے متفق ہوکر
خوشی کے ساتھ عرض کیا کہ اللہ تعالے کا شکر ہے کہ آج تمام ملک گرجستان امیر کبیر کے
ہیبت سے جو الا نگاہ اہل اسلام کے ہے اور نشانیان اسلام کے مروج ہین اور اسکا
ملک کا والی نہایت تذلل سے جزیہ قبول کرتا ہے اور جتنا لشکر طلب کرو وہ بھی لشکر
مین روانہ کرتا ہے اور بادشاہ سابق کے اس تھوڑے ہدیہ اور کئے گھوڑون کو
اور چند خراب سپاہیونکو غنیمت جانکر یورش اس ملک کے نہین کرتے تھے اور یہہ کفا
تفلیس سے اور ہر ایک مسلمانونکو ستاتی تھے اب امیر کے ہیبت سے اپنی انتہاء ولایت
مین سوائے اطاعت کے کچھہ نہین کرسکتے اور امن مین رہتے ہین اور مسلمان اونکی ولایت
پر قابو رکھتی ہین اگر عفو اور مراحم اوسکے حق مین ہووے جیسی اور سلاطین پر مبذول
ہوا ہے تو مال امانی اور پیشکش روانہ کرے اور جزیہ جسقدر مقرر ہووے وہ سال
بسال خزانہ مین داخل کرتا رہے اور ہمیشہ مطیع رہیگا اور موافق علماء نے جو مجلس
مین تھے عرض کیا کہ اگر یہہ جماعت اطاعت جزیہ قبول کرتے ہے تو موافق شرع شریف
کے انکے حال سے تعرض نکرنا چاہئے جب یہہ لوگ جزیہ دیوین پہر انسی لڑنا جہاد نہین
ہے بلکہ منع ہے مین نے علماء سے یہہ بات سنکر موافق اونکے فتوی اور شفاعت
امرا کے گرگین کو امن دیا اور قبولیت گرگین کے ملتمس کے شیخ ابراہیم حاکم شروان
کے ذمہ کردئے اوسکا شفیع تہا کر دیے اور ایلچی گرگین کے روبرو بلا کر پیشکش جو
لائے تھے لیکر اور اونکو مژدہ عفو امن کا اور خلعت دیکر رخصت کردیا جب ایلچی

 ہوتے تھے ہلاک کیا پھر صندوقون سے نکلکر غارون مین گھسکر شمشیر اور خنجر سے قتل اور اسباب
تمام غارت کرتے تھے اسیطور تمام غار سنجر اور گرجستانے قتل کیے اور اونکے معابد اور
عمارات گراکر ویران کر دیئے اور اونکے باغ میوہ دار اسواسطے اشجار انکے کٹوا ڈالے
یا پوست اوکھڑوا ڈالا اور باغ انگور سے اوس ولایت کے جسکے شراب پر اونکے زندگے
تھی جڑ سے دور کیئے اور اونکے ویرانی مین جو ن آیا سب کیا بعد فراغت کے استیصال
سے پیر کے دن چودہوین تاریخ ماہ ربیع الاول کے امیر شیخ نور الدین اور امیر شاہ ملک
جوانجاز کیطرف گئے تھے غنیمت بیشمار گھوڑے اونٹ بکریان لیکر حاضر ہوئے اور منگل
کے دن پندرہوین تاریخ اوس جنگل مین جاکر شکار کیا اور دو دن کے بعد جمعہ کو اٹھارہوین
تاریخ پھر شکار کے لیئے سوار ہو کر بیشمار شکار کیا اور شکار سے فارغ ہو کر فوج ولایت
گرجستان کی اطراف و جوانب کو روانہ کیے یہہ وہ امرا جہان گرجیونکا نشان پاتے
یا سنتے تھے وہان جاکر ہلاک کرتے تھے جب اکثر گرجستان خراب ہوگئے تو اب مین نے
انجاز کیطرف کہ حد ولایت ارض اور گرج کے ہے عزم کیا اور جو گرجے ہماری
قید مین تھے اونہونے پوشیدہ ملک گرگین کو یہہ لکہا کہ ہوشیار رہنا کہ تیری ملک
پر کیا بلا آتی ہے اور تیری اکثر ملکت تو ویران ہوگئے ہے اگر یہہ لشکر اسیطور
انجاز تک پہنچا تو ارمن اور ارمنیہ کا نشان بہی نہین رہیگا اگر ہوسکے اس لشکر
کو اطاعت اور ادائے خراج سے فرو کہ جب یہہ نوشتہ ملک گرگین کے پاس پہنچا
تو اوسنے خوف کہایا اور اوسنے دو ایلچے پیشکش بیشمار دیکر درگاہ مین بہیجا
اور ایلچیون نے آکر روبرو عمدہ امرا کے پیغام ملک گرگین کا نہایت انکسار سے
ادا کیا کہ ملک گرگین یہہ عرض کرتا ہے کہ اگر آپکے تمہارے شفاعت سے امیر
صاحب [illegible] میرے بیچارے کے سر پر رحم کرکے تقصیر معاف اور جان بخشی فرماوین

ہو رہے
ہوئے اور پیشکش لائے پھر قلعہ کرتین کے تسخیر سے فارغ ہو کر استیصال تمام ولایت گرجستان کا
کا میرے دل میں آیا اور مجلس بادشاہانہ مرتب کیے

ذکر حضرت صاحبقران کی توجہ کا بطرف ابخاز گرجستان کے

بعد ترتیب مجلس کے میں نے امرا اور امیرزادوں کو بلایا اور جب کھانا تناول کر کے فارغ ہوئے مشورہ استیصال گرجستان کا مذکور ہوا آخر یہ بات مقرر ہوا پھر تمام فرزندوں اور امرائوں کو انعام سے بہرہ مند کیا اور تمام لشکر کو علوفہ وغیرہ سامان دیگر اوسکے ترتیب سے فارغ ہوا پھر قلعہ کرتین سے کوچ کر کے امیر شیخ نور الدین اور امیر شاہ ملک اور بعضے اور امرا لشکر کو آگے روانہ کیا اور یہہ تاکید کیے کہ تمام ولایت گرجستان کو ابخاز تک کہ حد گرجستان کی ہے تاراج کریں جہاں کافر گرجی ملے قتل کریں اور کلیسا اور معابد اونکے گرا کر مساجد بنا دیں امرا حسب الامر روانہ ہوئے اور جنگل میں کاٹ کر رستہ بناتے تھے اور ایک طرف ہر روز تاخت کرتے تھے پھر کافر جہاں ملا اوسکو قتل کر کے زن و فرزند دستگیر اور مال اسباب تاراج کرتے تھے اور میں امرا کے پیچھے روانہ ہوا اور ہر یک طرف فوج واسطے ترکتاز کے روانہ کرتا تھا یہاں تک کہ لشکر کی تاخت سے سات سو گاؤں ویران اور کئی ہزار کافر مقتول ہوئے اور اونکے معابد اور کلیسا خراب ہو کر مسجدیں بن گئیں اور بعضے کافر کوہستان کے غاروں میں جا چھپے میں نے لشکر اونکے گرفتاری کے لئے روانہ کیا بہادروں نے صندوق رسیوں میں چست کر کے اور دو دو تین تین آدمی بیٹھ کر نیچے لٹکائے اور مقابل غاروں کے اگر تیر کمان اور نیزہ سے مخالفوں کو جو ہر یک غار میں پچاس ساٹھ

سنہ ۸۲ ذمہ کرکے سپاہ خراسانیونکے اوس کے ساتہہ کردیے اور اونکے لیے قطعۂ زمین کے اور
نواح تمن معین کردیے تاکہ وہ ہمیشہ اوس حدود کو ممالک محروسہ مین داخل رکہین
اور کفار کو اوس کے گردنہ آنیدین اور کلیسا اوس سرزمین کے گراکر مسجدین بنواکر
دین اسلام کو رواج دیا اوسوقت مولانا قطب الدین قریشی جسکو مین نے واسطے ضبط
اموال فارس کے بہیجا تہا عاملین اور متصدیون کو لیکر حاضر ہوا اور بہت پیشکش اور گہوڑے
اور اونٹ خیمہ خرگاہ ظروف طلائے نقرئیے پیش کیے بعد اوس کے حاجی مسافر
امیرزادہ رستم کے پاس سے پیشکش لایا پہر خواجہ مظفر نطنزی نے اصفہان سے
حاضر ہوکر پیشکش لائق نقد وجنس جواہر کانی اور بحری الات مرصع طلائے نقرئیے
گہوڑے اونٹ خیمہ خرگاہ ظروف طلائے نقرئیے اور الات جنگ تلوارین خنجر
پیش نظر کیے مین نے اکثر ادمین سے امرار کو انعام دیدیا بعد اوس کے ایدکو برلاس
اور احمد کرو واسطے حاصلات کرمان کے گیا تہا ہمراہ سیف الملوک پسر حاجی عبداللہ
کے جو وہانکا تحصیلدار تہا آیا اور پیشکش لائق لایا اور وہانکے روسا اور فضلار مین
سے مولانا ضیار الدین سراج اور شیخ صدرالدین کہ دونو منصب قضار رکہتی تہی اور
سید حمزہ اور شیخ محمود جسنے کتاب جوش وخروش نظم کرکے کچہہ احوال امرار کا بہی
لکہا تہا اوسکے ہمراہ آئیے اور حسب تقدیر شیخ محمود دریا کرکے پل پر سے جو تفلیس
مین ہے بہک کر دریا مین ڈوب گیا اور اوس کے بیٹے شیخ قطب الدین نے حسنی
کتاب جوش وخروش تمام کی آکر ملازمت کی مین نے مورد مراحم کیا اور ریو سیف
پسر خلیل پردے سے ہمراہ اوس ولایت کے متصدیونکے اور غیاث الدین سالار
سمنانی جسکو مین نے واسطے ضبط اموال اوس جگہ کے تعین کیا تہا درگاہ مین
پہنچ کر اور تمام عمال اور ناظم مغانان اور خراسان کے آکے بہی حاضر

تیمور سے

شخص مردانگی سے سر سامنے کر کی آگے ہوا اور دو شخص اوس کے پیچھے سے تیر انداز کرنے لگے یہاں تک کہ اتفاق سے ایک تیر گرجی لنگا سردار کے مونہہ پر لگا تیر کے صدمہ سے ڈھال اوس کے ہاتھ سے گر گئی اور وہ الٹا گرا گرجی آ گرا اوسکا سر کاٹ لیگئی عبد اللہ سردار نے یہ حال دیکھتے ہی تلوار لیکر کفار پر پہنچا اور کفار کو ہلاک کیا اور اوس کے بھی بارہ زخم تیر تلوار کے آئے اسلئے لاچار ہو گیا اسمین محمود بہادر ترکان نے گرز لیکر حملہ کیا اور ایک سردار گرجی کو جو اسطرف معین تھا گرز سے ہلاک کیا اور اون پچاس آدمیون مین سے کئی شخص دروازہ کیطرف متوجہ ہوا اور جنگ ہوئی کہ کچھ زد و خورد ہونے پایا. ایسے ہی نسیم فتح کے چلے اور بہادر دروازہ کے طرف توڑ کر قلعہ مین داخل ہوئے اور وہ قلعہ جسکی تسخیر ہونا مشکل سے دشوار تھے اتوار کے دن تیئیسوین ماہ مذکور کو محاصرہ سے نوین دن مفتوح ہوا اور گرجی الامان الامان اور زاری کرنے لگے اور غازیون نے بہت کفار قتل کئے اور کئی سردار زندہ پہاڑ کے سے نیچے گرا دئے اور زال و ہانکے سردار کو ہمراہ اور سردار اونکے اسیر حضور مین لائے تین نے سبکو قتل کیا اور علم اسلام کا اوس قلعہ کافرون کے مسکن مین بلند کر کے اونکی کلیسا مین بانگ نماز کے پڑھوائے اور معابد کفار کے مساجد مسلمانون کے بن گئے اور تمام مال غنیمت اور زن و فرزند اونکے اسیر ہوئے زال کے ہوسے کو مین لیے ابراہیم شاہ کو شروان کو بخشے بہرحال پیدل قلعہ کے اندر جا کر دیکھا اور سجدہ شکر کا ادا کیا کہ اللہ تعالے نے ایسا قلعہ اتنے دیر مین فتح کرا دیا بعد اسکے لشکر مین چلا آیا اور سنگ وغیرہ بہادرونکو جنھوں نے اوپر جا کر قلعہ مسخر کیا تھا نوازش خسروی سے سربلند کیا اور انعام زر نقد خلعت کمر زر شمشیر گھوڑے اونٹ خچر خیمہ باج خواست کیا اور [illegible] کے [illegible] تجویز کر کے سند [illegible] کے لکھ دیے اور [illegible] اس قلعہ کے [illegible]

۸۲ مین اپنے پلنگ کے تہے بلاکر اونکے سرداروںکو امیدوار عنایات کاکیا کہ تم شب کو اوس شاخ
کوہ پر جو قلعہ سے متصل ہے چہڑکر نردبان اور رسیان اسطور باندہ دو کہ بہادر اوپر جا سکین
پہلے ہیکلیک نامی قوم تکریت سے شب جمعہ کو اکیسوین ۲۱ تاریخ محرم کے پوشیدہ اوس شاخ
کوہ پر چہڑکر قلعہ کے اندر گیا اور قلعہ کے اندر سے ایک بکرا لیکر اوس پہاڑ کے چوٹی پر ذبح
کرکے گویا اپنے جانیکا نشان کرایا پہر وہانسے آکر صبح کو ماجرا عرض کیا مین نے اوسکو
آفرین کرکے انعام دیا اور رسیان ریشم خام کے اتنے لنبی کہ اوس پہاڑ کے چوٹی پر جا سکین
بٹواکر لکڑیان اوسمین مضبوط بندہواکر نردبان بنوائین اور ایک اور رستی وتینی بہی
بنے تیار کیے جب رات ہوئے تو کئے شخص تکریت کے اوس الگ رستے کا ایک سرا لیکر
اوپر چہڑے اور دوسرے سری مین نردبان باندہ کر اوپر کہنچوائین اوس بلندے پر ایک
درخت تہا رسیان نردبان کے اوسسے محکم کردین اور واسطے اوپر جانے اور تسخیر
قلعہ کے بیاس جوان ترک خراسانے جنکی شجاعت بارہا آزمائیے تہے نام لکہہ کر تجویز کیے
تا کہ اوپر جاکر مردانگے ظاہر کرین جب وہ جانفشانیے کرکے اوپر پہنچے گرجے سرگشتہ
نحت حصانت قلعہ کے بہروسہ غافل سوتے تہے صبح دم ایک خراسانے نے بآواز
بلند تکبیر کہی اور درود پڑہے پہر سب نے جو اوپر گئے تہے تکبیر پکار کرکے اور امیرزادہ
شاہرخ کے نفیری جی محمود نامے نے اوپر جاکر نفیرے بجائے جب گرجے ہوشیار
ہوئے اور مسلمانونکے تکبیر سے تو حیران ہوئے لاچار مقابلہ کیا اور مین سوار ہوکر
درہ سے گذر کر برابر اوس پارچہ کوہ کے جس پر یہ بہادر چہڑے تہے پہونچ گیا
اور ہر طرف سے تکبیر کی آواز بلند پر ہوا ہے اور کوس کورکہ بجاکر ہجوم کیا جو گرجی آدمی
پہاڑ سے جہان بہادر چہڑے ہوئے تہے رستہ قلعہ کا نہایت تنگ اور خوفناک
تہا اور اتنی جگہ نہین تہی کہ تین آدمیوں سے زیادہ کہڑے ہوکر لڑسکین آخر ایک

تیمور ہے

شخص مردانگی سے سر سامنے کرکی آگے ہوا اور دو شخص اوس کے پیچھے سے تیرانداز
کرنیلگی یہانتک کہ تقدیر سے ایک تیر گرجی لنگا سردار کے مونہہ پر لگا تیر کے صدمہ
سی ڈہال اوس کے ہاتہہ سے گر گئی اور وہ الٹا گرا گرجی آکر اوسکا سر کاٹ لیگئی عبد اللہ
سردار نے یہہ حال دیکہتے ہی تلوار لیکر کفار پر پہنچا اور کفار کو ہلاک کیا اور
اوس کی بہی بارہ زخم تیر تلوار کے آئے اسلئے لاچار ہو گیا اسمین محمود بہادر تیر کمان
نے گرز لیکر حملہ کیا اور ایک سردار گرجی کو جو اسطرف معین تہا گرز سے ہلاک
کیا اور اون پچاس آدمیون مین سی کئی شخص دروازہ کیطرف متوجہ ہوا اور جنگ ہوتی تہی کہ کچہہ وہ خود دیکہتا ہوا
اپنی ہمسیم فتح کی چلے اور بہادر دروازہ کی طرف توڑ کر قلعہ مین داخل ہوئی
اور وہ قلعہ جسکی تسخیر بہت سون نے بے دشوار تہی اتوار کے دن تئیسوین ماہ مذکور کو
محاصرہ سے نوین دن مفتوح ہوا اور گرجی الامان اور زاری کرنے لگے اور بہادرون
نے بہت کفار تہ تیغ کیئے اور کئی سردار زندہ پہاڑ سے نیچی گرا دیئے اور زال ونکے
سردار کو ہمراہ اور سردار ونکے اسیر حضور مین لائے مین نے سبکو قتل کیا اور
علم اسلام کا اوس قلعہ کافرون کے مسکن مین بلند کر کے اونکی کلیسا مین بانگ نماز
کی تیار ہوئے اور معابد کفار کے مساجد مسلمانون کے بن گئے اور تمام مال غنیمت اور زر
و فرزند اونکے اسیر ہوئے زال کے ہوئے کو مین نے ابراہیم شاہ کہ شروان کو
بخشدے پہر مین نے قلعہ کے اندر جا کر دیکہا اور سجدہ شکر کا ادا کیا کہ اللہ تعالے
نے ایسا قلعہ اتنے دیر مین فتح کرا دیا پہر وہانسے لشکر مین چلا آیا اور سبکو بہادرونکو وغیرہ بہا
جنہونے اوپر جا کر قلعہ مسخر کیا تہا نوازش خسروی سے سربلند کیا اور انعام زر نقد
خلعت کمر زر شمشیر گہوڑے اونٹ خیمہ خرگاہ باغ [illegible] کیا [illegible]
تجویز کر کے منصب القضا کے لکہہ دیے اور [illegible]

 میں مانند پلنگ کے تہے بلاکر اونکے سردار ونکو امیدوار عنایات کا کیا کہ تم شب کو اوس شاخ کوہ پر جو قلعہ سے متصل ہے چہڑ کر نردبان اور رسیان استوار باندہ دو کہ بہادر اوپر جا سکین پہلے بیلچک نامی قوم تکریت سے شب جمعہ کو اکیسوین[۲۱] تاریخ محرم کے پوشیدہ اوس شاخ کوہ پر چہڑ کر قلعہ کے اندر گیا اور قلعہ کے اندر سے ایک بکرا لیکر اوس پہاڑ کے چوٹی پر ذبح کر کے گویا اپنے جانیکا نشان کرایا پہر وہانسے آکر صبح کو ماجرا عرض کیا مین نے اوسکو آفرین کر کے انعام دیا اور رسیان ریشم خام کے اتنے لبنی کہ اوس پہاڑ کے چوٹی پر جا سکین بٹوا کر لکڑیان اوسمین مضبوط بند ہوا کر نردبان بنوائین اور ایک اور رسّی وتینی بے لینے تیار کیے جب رات ہوئے تو کئیے شخص تکریت کے اوس الگ رستے کا ایک سرا لیکر اوپر چہڑے اور دوسرے سری مین نردبان باندہ کر اوپر کہنچوائین اوس بلندے پر ایک درخت تہا رسیان نردبان کے اوسمین محکم کر دین اور رو اسطے اوپر جانے اور تسخیر قلعہ کے پچاس جوان ترک خراسانے جنکی شجاعت بارہا آزمائے تہے نام لکہہ کر تجویز کیے تاکہ اوپر جا کر مردانگے ظاہر کرین جب وہ جانفشانے کر کے اوپر پہنچے گرچے برگشتہ بخت حصانت قلعہ کے بہروسہ غافل سوتے تہے صبح دم ایک خراسانے نی باواز بلند تکبیر کہی اور دررو دیڑے پہر سب نے جو اوپر گئے تہے تکبیر پکار کر کہے اور امیرزادہ شاہرخ کے نفیرچے محمود نامے نے اوپر جا کر نفیرے بجائے جب گرجے ہوشیار ہوئے اور مسلمانوں کے تکبیر سے تو حیران ہوئے لاچار مقابلہ کیا اور بہت سوار ہو کر درہ سے گذر کر برابر اوس پارچہ کوہ کے جس پر یہہ بہادر چہڑے تہے بیٹہہ گیا اور ہر طرف سے تکبیر کا آواز بلند ہوا ہے اور گوس کورکہ بجا کر ہجوم کیا جو کہ اوس پہاڑ سے جہان بہادر چڑہے ہوئے تہے رستہ قلعہ کا نہایت تنگ اور خوفناک تہا اور اتنے جگہ نہین تہے کہ تین ادمی سے زیادہ کہڑے ہو کر لڑ سکین آخر ایک

تتمہ

یہ تصور کیا ہے جو ہوتا ہے اوس کی عنایت سے ہے پس آیندہ کو بہی جو ہوگا اوسکی
تائید سے ہے امرا یہ سنکر خوش ہورہے اور عنایت الٰہی پر حوالہ کیا اور مین عنایت
الٰہی پر اعتماد کرکے قلعہ کرتین کیطرف متوجہ ہوا اور جمعہ کے دن چودہوین محرم الحرام سنہ
اٹہہ سو چہہ ہجری مین کہ سال پینتیسواں جلوس ہے اور تریسٹہواں میری عمر کا تہا قلعہ کرتین
کے نواح مین پہنچا اور زال سردار قلعہ کا معتبر آدمی اور تحفے بہیجکر اور مسکنت اختیار
کرکے چاہتا تہا کہ اپنی تئین بلا تقدیر سے اپنی سر سے دفع کردے مین نے وہ پیشکش رد
کرکے اوس کے ایلچی سے کہا دیکہو کہ توفیق الٰہی سے تمہاری قلعہ کو جیسے استواری پر
کودتے ہو کس طور لیتا ہون جب وہ ایلچی پہر قلعہ مین پہنچے تو معلوم کیا کہ مکر سے مخلصی
نہین ہوتے لاچار استواری قلعہ اور کثرت آب و دانہ اور آلات جنگ کی بہروسہ
مخالفت شروع کرکے تیر اور پتہر مارنے لگے مین نے امرا کو حکم دیا کہ گرد قلعہ کے گہیرہ
کرو اور امیر شاہ ملک کو برابر دروازہ کے اوتارا تا کہ قلعہ سامنے دروازہ قلعہ
کے تیار کرے اور اور امرا کو بہی تاکید کی کہ دو قلعہ اور گرد قلعہ کرتین کے تیار کرین
اگر کاشکے کرتین جلد فتح نہوا تو سپاہ کو ان قلعون مین واسطے محاصرہ کے چہوڑ کر ہم
واسطے تسخیر ممالک گرد کے متوجہ ہونگے اور امیر شاہ ملک نے تین روز مین ایک ۴
قلعہ مستحکم جسمین تین چار ہزار سوار رہ سکین تیار کیا اور وہ دونو قلعہ بہی تیار
ہوگئے پہر مین نے سوار ہوکر قلعہ کو غور سے دیکہا قلعہ کے پشت پر جگہ منجنیق لگانی دریافت
کرکے اودہر سے پہر کر چلا آیا اور منجنیق برپا کراکر پتہر خوب مارے لیکن اوسی
قلعہ والونکو کچہہ ضرر نہین ہوتا تہا پہر مین نے دمدمہ پتہر اور لکڑی کا قلعہ کے
برابر بنوایا ان تدبیرات سے تسخیر قلعہ کے میسر نہوتے محاصرہ کو ایک ہفتہ
ہوگیا پہر تکریت والونکو جو کہ رہنے مین شمال کیطرف درے کے اور دلیر بہی

۸۴ اوسوقت معروض ہوا کہ ولایت گرج کے وسط مین ایک قلعہ ہے کرنین نام اور امرائے گرجستان نامے زبان نامے وہانکا سردار ہے اور تیس سردار اور گرج کے موسیاہ اوس قلعہ مین ہین مین نے وہانکے واقف کارون سے حقیقت اوس کے دریافت کیے عرض کیا کہ وہ قلعہ بلند پہاڑ کے چوٹی پر بنا ہاہے اور دو درہ نہایت عمیق ہین اور اوس پہاڑ کے گرد بہت پہاڑ ہین وہ سب پہاڑ اکیوبچاس بچاس گز بلند ہین اور جس پہاڑ پر قلعہ ہے وہ سب سے زیادہ اونچا ہے اور قلعہ سے جنوب کے طرف ایک شاخ پہاڑ کے الگ قلعہ سے متصل ہے اور بلندی مین قلعہ سے بہت زیادہ ہے اوسپر سوای رسون کے یا رسون کے زینہ کی نہین چڑھا جاتا اور سوای ایک رستہ پیچدار کے اور رستہ نہین اور گرد قلعہ کے بسبب نشیب فراز درون کے جگہ واسطے فرودگاہ لشکر کے نہین اور دانہ پانی سے وہان مثال عنقا کے ہے اور قلعہ کے اوپر حوضین پانی کے بنا رکہین ہین مینہ کے پانی سے بہر جاتی ہین ایک سال کے بارش مین اتنا پانی جمع ہوجاتا ہے کہ وہ کئی برس تک کفایت کرے اور دس برس کا کہانا اوسمین جمع کر رکہتی ہین اور وہانکے باشندہ بلحاظ اوس کے استحکام کے ہمیشہ مخالفت کیا کرتے ہین اس حال سے مطلع ہو کر مین نے اوسکی تسخیر کا عزم جب کیا اوسوقت بعضے امرا نے عرض کیا کہ اگر وہ قلعہ جیسے کہتی ہین ویساہی ہے تو اوس کے تسخیر دشوار معلوم ہوتی ہے اگر امیر بذات خود متوجہ ہون تو ممکن ہے کہ مخالف کو ہراس ہووے اور قلعہ بے جنگ وجدل تسلیم کردین امیر کے کشورکشائیے کارگر جاوے اور اگر نوبت محاصرہ اور جنگ کے ہووے تو جیسے سناہی تو بغیر اسکے کہ قلعہ چہوڑ دیجئے اور کچھہ علاج نہین مین نے جواب دیا کہ آج تک ہمنے جو لشکر توڑا یا قلعہ فتح کیا ہے تائید الٰہی

تیمور سے

سی کچھ نسبت نہیں ہے انکو مہلت صرف بجا لانا اسلام کے مرحمت ہوئی تھی اگر تیکور
سزا دیتے جان اور ملک کے اور عزت ابرو مطلوب ہے تو باطاعت ودا سیطے ملازمت
کے حاضر ہو پھر اگر سعادت ازلی تجکو ہدایت کرے اور تو مسلمان ہو جاوے تو تیرا
مال ملک امن میں رہیگا اور اتنی عنایت تیرے حال پر ہو وینگی کہ تیرے کشور تجھ پر
حسد کرین اور اگر توفیق اسلام کے نہو تو جتنا جزیہ مقرر ہووے سال بسال دیتا
رہنا جان مال ملک تیرا امن میں رہیگا اور سنا ہوگا کہ والے قسطنطنیہ تیرا ہمدست
باطاعت ملازمت کو آکر کیا سو پرورد عنایات کا ہوا اگر تو بندہ عقل کے رہنمائی
سے حاضر ہوتا ہے تو نجات پاتا ہے اور اگر مہلت کرتا ہے پھر جو گذریگا تیری
شامت سے یہہ کہہ کر ایلچی ملک گرگین کے رخصت کر دئی اور اسمنزل سے تبریز
توجہن دار عیہ تبریز کا ہمراہ عامل اور متصدیون مملکت اذربایجان کی اور
علی شفا نے جو خواجہ علی سمنانی کیطرف سے اموال دیوانی مملکت خراسان
کے نظم و نسق میں مصروف تھے خراسان سے آئے اور اموال خاصہ اور بہت
پیشکش راہوار گہوڑے شکاری جانور تحفے لائے تھے میں نے اوسے مجلس میں جو جو چیز
لائے تھے امرائی اور سپاہ کو تقسیم کر دیا اوسوقت زراعات اور غلہ ولایت
گرجستان کا پکنے پر آگیا تھا میں نے چاہا کہ تمام اسی سے فائدہ مند ہونگا انکو
تقویت نہو تا کہ الحال میں نے امیر شیخ ابراہیم کو امرا و لشکر کے ہمراہ کر کے ولایت
گرجستان پر روانہ کر دیا اور سب غلہ کے ... کیا جب وہ وہان پہنچے وہانکے
لوگ بھاگ گئے اونہوں نے حوالی ملک ... پایمال خوج تخریب کر کے غلہ جمع کر لیا
ایسا کہ کچھہ نہ چھوڑا اور لشکر میں چلا آئی

ذکر قلعہ کرتین کے لیتے کا

۸۲۴ پایے وہانکے حاکم اور امرا اور سرداروں کو جو خیالات فاسد دلین رکھتی تھے دستگیر کرکے
حضور مین روانہ کیے اور کئی تازی گھوڑی ہمراہ آن سلطان کے بھیجے اور بایزید سلطان
برلاس رستہ مین بیمار ہوکر مرگیا اور امیرزادہ ابابکر بہیر کو پیچھے چھوڑ کر حلہ کو جہان
قرا یوسف بغداد سے گیا تہا روانہ ہوا اور امیرزادہ رستم حسب الامر وزد جرد
سے بغداد کو قبہ ابراہیم لک کے رستہ سی متوجہ ہوا اور بغداد سی گذر کر حلہ کے نواح
مین امیرزادہ ابابکر سے جا ملا اور مین فارص سے کوچ کرکے شکار کہیلتا ہوا ولات
گرجستان مین آیا اور شیخ ابراہیم شروان کے حاکم نے جسکو مین نے پیشتر واسطے تحقیق
رستہ درآمد اور برآمد کے بہیجا تہا آکر حقیقت حال عرض کیا

ذکر ملک گرگین کی ایلچیونکے آنے کا

جب مین گرجستان مین آیا گرگین نے خوف کے مارے بدون اطاعت کے اپنی
نجات نہ دیکہی لاچار تحفے اور پیشکش بیشمار ہمراہ ایلچیونکے درگاہ مین روانہ کیں ایلچیون
نے آکر معرفت امرا کے ملازمت کی اور یہہ پیغام ادا کیا کہ میری کیا حقیقت ہے
کہ امیر ذات خود میری استیصال کے لئے متوجہ ہوویے مین تو امیر کا ادنے غلام
ہون مجکو اس لشکر کے صدمہ کی تاب کہان ہے اگر اپکے سعاف فرمان نوجتنا
مبلغ بابت خراج کے مقرر ہوویے وہ بے توقف درگاہ مین حاضر کرون اور
سال بسال کبہی درنگ نہو گے اور چونکہ اب امیر کے خوف سی مجکو تاب ملازمت
کے نہین لاچار سعادت استان بوس سے محروم رہتا ہون اور جسطور حاکم ماردین
وغیرہ سلاطین مہلت پاکر ملازمت کو حاضر ہوئے ہین مجکو بہی اس سال مین مہلت
مرحمت ہووے سال آیندہ خاک آستانہ کے آپنے آنکہونکا کرونگا مین نے اوسکا
التماس قبول نکیا اور پیشکش رد کرکے اوسکے ایلچی سے کہدیا کہ مجکو مسلمان ہونا...

امراء کے شہر سے نکل کر دریا کے کنارہ پر مقابلہ بیٹے کی ٹھا اور آدمی بھیجکر قرا یوسف
کو اپنے امداد کے لیئے بلایا جب قرا یوسف فوج آراستہ لیکر سلطان احمد کے پاس
آیا متفق ہو کر دونو دریا اترے اور طرفین سے فوج آراستہ ہو کر بعد جنگ عظیم
کے سلطان طاہر کے لشکر کو شکست ہوئے اور سلطان طاہر نے بھاگتی میں ایک
نہر پر جا کر گھوڑا پانی میں ڈالدیا چونکہ جبہ پوشش بھاری ہو رہا تھا ڈوب کر مرگیا
اور سپاہ آدمیزاد و ہر پریشان ہو گئے اور سلطان احمد اور قرا یوسف نے
حلہ میں چند روز توقف کیا اونہیں بہ سبب بگڑے سلطان احمد قرا یوسف ترکان
سے سرگران ہو کر بغداد کو چلا آیا قرا یوسف اپنا لشکر جمع کر کے سلطان احمد
پر بغداد میں آیا اور تھوڑی مدت میں شہر لیلیا سلطان احمد اپنے مکانات سے
نکلکر کسی کے گھر میں چھپ گیا اور رات کو قرا حسن نامے ایک شخص اوسکا
نوکر اوسکو شہر سے نکال کر شبا شب کاندھی پر بیٹھا کے پچیس ۲۵ کوس لیگیا اثنا راہ
میں ایک سپاہی بیل والا ملگیا سلطان احمد اوس بیل پر سوار ہو کر ہمراہ قرا حسن
کے تکریت میں پہنچا سارق عمرو برات تکریت کے حاکم نے چالیس گھوڑے اور کچھ روپیہ
نقد اور ہتیار اور پوشاک اور بعضی ضروریات موافق مقدور کے سلطان
احمد کو دئیں اور کئی نوکر اوس کی شیخ منصور داد اور دولت یار اور عادل وغیرہ
جو پراگندہ ہو گئے تھے سلطان احمد کے پاس آجمع ہوئے اور تکریت سے شام
کو گیا جب امیرزادہ ابابکر عراق عرب کو روانہ ہوا توکل لسپر اوس بوغا حاکم
ہمدان اور رمین سوچ حاکم نہاوند اور شاہ رستم حاکم سیفور اور دیبور کو یہ
فرمان لکھا کہ اپنے اپنی فوج لیکر ہمراہ امیرزادہ کے بغداد کو جاویں بعد روانگی
امیرزادہ کے وہ سب رستہ میں جا ملے اور امیرزادہ نے اردبیل میں آکر عبداللہ

۸۲۶ ترکان کو جو ولایت پر مستولی ہو گیا ہے دفع کر کے وہانکے رعایا کو ستمال اور بغداد
کو خوب آباد کریں اور عادت عدالت کی ایسے کریں کہ سال آئندہ مین توفیق الہی سے
راستہ حجاز کے قافلہ کا اور آمد رفت مسلمانونکے حرمین شریفین کو جاری ہو جاوے
پہر مین نے خلعت خاص اور شمشیر اور ترکش عنایت کیا اور سینہ سے لگا کر بطور
شایستہ رخصت کیا اور امیرزادہ رستم کو وزرو جرد مین یہہ فرمان لکہا کہ وہانسے
عراق عرب کو امیرزادہ ابابکر کے پاس جاوے اور متفق ہو کر قرا یوسف ترکان
کو جو ولایت عراق عرب مین حاکم ہو گیا ہے نابود کریں اور حقیقت استیلاے
قرا یوسف کے اوس مملکت پر اسطور سے تہے کہ جب قرا یوسف ہمارے لشکر کے
خوف کا مارا بغداد سے ہمراہ سلطان احمد جلایر کے بہاگ کر روم کو گیا تہا سلطان
احمد جلایر تو پہر بغداد کو چلا آیا اور قرا یوسف روم مین رہا اور جب مین روم کیطرف
متوجہ ہو کر قیصریہ مین آیا تو قرا یوسف بہاگ کر عراق عرب کو چلا گیا اور ترکانکو
جمع کر کے صحرا تبت مین ٹہرا اور سلطان احمد جلایر جسے کہ او پر گذرا کہ روم
کے فتح سے پہلے مین نے امیرزادہ ابابکر اور امیر جہانشاہ کو معہ لشکر آراستہ سلطان
احمد جلایر پر کہ جب وہ روم سے پہر بغداد کے تعمیر مین مشغول تہا روانہ کیا وہ جا یک
بغداد پر جا پہنچے سلطان احمد جلایر برہنہ کشتی پر سوار ہو کر دجلہ اترتے ہی حلہ کو
اپنے بیٹے سلطان طاہر کے پاس چلا گیا اور آقا فیروز سلطان طاہر کی مشیر
تدبیر کو قید کیا اور وہ اس خلل سے متوہم ہو کر اپنے فکر مین پڑا اور اپنی باپ
کے امرا سے جیسے محمد بیگ اور امیر علے قندز اور امیر میکائیل اور فرخ شاہ
کردہ سے سلطان احمد کے طرف سے ایمن نہین تہے متفق ہو کر باغی ہوا ادہے
رات کو دجلہ اوترکے جہ بل ویران کر دیا صبحدم سلطان احمد جلایر کو خبر ہوی ہمراہ

[illegible]

کر بیٹھا اور آپ [illegible] اگر [illegible] جو آپ سے [illegible]

فرمان [illegible] امیر زادہ [illegible]

تھا اور [illegible] ملاقات کر کے [illegible] جب [illegible] امیرزادہ

میرانشاہ کو [illegible] اور امیرزادہ [illegible]

آپ [illegible] تیار کیا [illegible]

[illegible] دار السلام بغداد کے [illegible] کہ ہوا [illegible] بیٹے امرا کی [illegible]

ہوا کہ اہل بغداد [illegible] باعث [illegible] کے جو سبب خراب ہوں کی آپ سے متوسل اور [illegible]

ہوئے اور شہر سے ویران ہو گیا [illegible] کہ بغداد [illegible] شہر اسلام کا ہے اور علوم

شریفہ اور ہدایت اہل اسلام کے [illegible] آئے ہے [illegible]

مشہور [illegible] اور آباد ہو کر پہلی سے زیادہ معمور اور پر رونق ہو جاوے اسی

میں [illegible] کے اور اسی مجلس میں حکومت ولایت عراق عرب کی امیرزادہ

ابا بکر کو تفویض کیا اور واسطہ سے بصرہ تک اور کردستان ماردین اور دیار

بکر تک [illegible] کیا اور واسطے تعمیر اور آبادی بغداد کے تاکید کر دی اور

امرا میں سے [illegible] سلطان [illegible] اور امیر [illegible] اور امیر محمد [illegible] بہادر

اور سلطان سنجر [illegible] سیف الدین اور دولت خواجہ اینتاق وغیرہ امرا

لشکری معہ لشکر آراستہ امیرزادہ کی ساتھ کر دئی اور جو امرا عراق عرب میں حاکم

تھے ان کو امیرزادہ کا فرمان بردار کر دیا اور یہ حکم دیا کہ امیرزادہ دیار بکر سے

اوس مملکت کو متوجہ ہووے اور اوس اطراف کے مفسدوں کو جو سلامت نکلی

ہیں مستاصل کر کے رعیت پروری اور اوس زمین کے آبادی میں سعی کرے

اور جب ہوا معتدل ہو جاوے مملکت عراق عرب کو جاوے اور وہاں پہنچے قرا یوسف

توزک

میرانشاہ سی منسوب ... امیرزادہ کو جو بہی ... کی اوس کی اختیار کیے اوس کے واسطے دیگر ... زر دوزی ... ت

دیے

ذکر بعضی سردار گرجستانی کے آنیکا

... بساط ... امرا کی معرفت ہوکر حاضر درگاہ مین جاگرچہ ... اوسیوقت ... اور ... کیے نذر جانور شکاری گہوڑے تازی جنس نقد پیشکش بہت ... اور ... ہوا بوس ... مطیع تہا ... کا مخالف گرگین ملک بہائی گرچہ ... کو ... سی ... گرجستان حکام اور کی ولایت اوس ... اور ہوا بوس زمین کیے امرا معرفت ... لیکر ... پیشکش ہوکر ہر یک نے مین دیا پیشکش اور کیے ملازمت آکر مین لشکر تمام بعجز نے سردارون کو اوس کی حسب حال سربلند کرکے رخصت کردیا

ذکر سلطنت فارس اور شیراز کی تفویض کرنیکا امیرزادہ پیر محمد کو اور حکومت صفاہان کی امیرزادہ رستم کو دوبارہ

جب مین حوالی سکول مین آیا دوبارہ پیر محمد پسر امیرزادہ عمر شیخ کو شیراز اور فارس کی حکومت پر تعین کیا اور خلعت خاص اور کمر مرصع دیکر رخصت کردیا اور لطف الله پسر ... بیان تیمور اور ... چلیا ... شاہ برلاس کو اوس کے ساتھہ کردیا اور امیرزادہ رستم کو فرمان لکھہ کر بلایا اور یہہ فرمان یلاق قصر ... زرین ... اوس کے پاس پہنچا امیرزادہ رستم اوسیدن حضور کو روانہ ہوا اور چونکہ ... کہ مین ... ایک امیرزادہ کو ولایت عراق عجم کا حاکم کرون اسلیئے امیرزادہ رستم کو یہہ فرمان لکہا کہ حکومت اصفہان اور عراق عجم کے امیرزادہ ... سی متعلق ہے اور جس جگہ آیا ہو وہانسے اپنا سامان بہیا ... کو ...

پہنچو رہے

اور کلام مجید ختم کیا اور فاتحہ پڑھے اور کوشش کی کہ امیرزادہ مرحوم کا یکبارگی بھلانا
شروع کیا تمام خاص و عام نے گریہ و زاری سے قیامت برپا کر دی جب مین علما
کہلا کر اس ماتم سے فارغ ہوا علما اور فضلا نے جو ہمارے ساتھ رہتی تھے بطریق
وعظ کے آیات اور احادیث پڑھکر درجات صابرین کے بیان کئی کہ گریہ سے میت
کو عذاب ہوتا ہے لاچار مین نے صبر کر کے الحرم کو سوگ سے نکالا اور لباس
ماتم کے اونکا دور کیا کہ اب بفائدہ نوحہ مت کرو اور سوگ سے نکالکر خلعتین
پہنائین اور سادات اور علما اور قضات کہ اوس اطراف کے واسطے
تعزیت کے آئی تھے سبکو تلطفات ہمیشہ سے نوازش کر کے جامہ زر دوزی دیکر رخصت کر دیا

ذکر حضرت صاحبقران کی توجہ کا گرجستان کیطرف

اوسوقت میرے دل مین یہہ آیا کہ سال گذشتہ مین ملک گرگین والی گرجستان نی خلاف
وعدہ خراج مقرری نہین بھیجا اس صورت مین اوسکو تنبیہ کرنا ضرور ہے اس ارادہ
سے دل بستہ ہوکر بطرف منکول ولایت گرج کے روانہ ہوا اثناء راہ مین سلطان
عیسے حاکم ماردین نے کہ سابق مین ادای خدمت سے استادگی کی تھی اب عاقبت
اندیشی سے کہ بادشاہان ذی شوکت پر کیا کیا گذرا اوس سے تو کیا حقیقت ہے
امیرزادہ شاہرخ کو اپنے تقصیرات کا شفیع کر کے امن چاہا امیرزادہ نے سلطان
عیسے کی حقیقت عرض کر کے شفاعت کے مین نی اوس کی خاطر سے معاف کر کے اوسکو
روبرو بلوایا تو وہ بطور مجرمو کے ننگے سر کانپتا ہوا زمین بوس ہوکر واسطے عفو
تقصیرات کے انکسار کرنے لگا مین نے پہلی اوسکو عتاب کر کے آخر الطاف کیا
اور خطا معاف کر کی مستمال کر دیا اور اوسنے خراج چند سالہ ولایات ماردین
کا بطور پیشکش کے داخل کیا مین نے اوسکو مراحم خسروی سے کلاہ اور کمر زرافہ

امیرزادہ الغ بیگ اور ابراہیم سلطان اور امیرزادہ جہانگیر اور سعد وقاص آگی آکر
ملے مین نے ہریک کو سینہ سے لگا کر پیشانے چومے اور محمد جہانگیر اور سعد وقاص امیرزادہ
مرحوم کے بیٹون کو دیکھہ کر بہت رویا اور تعزیت تازہ ہوگئی اور جو مستورات ادہر آئی تہین
ادنمین سے سوای امیرزادہ مرحوم کے اما کی سب نے خبر وحشت اثر سن لی تہے جب وہ
تبریز مین آئین تو لباس ماتم تیار کر کے اونیک مین میری آنے تک توقف کیا مین نے
نزدیک آکر مستورات کو کہلا بہیجا کہ یہہ حادثہ خانزادہ خوارزم امیرزادہ مرحوم
کی اما کو بہی سنا دو وہ بیچارہ یہہ حال سنتے ہی بیہوش ہوگئے پہر بحال ہوکر بال نوچکر
خاک سر پر ڈالنے لگے اور تمام عورتین ماتمی لباس پہن کر گریہ زاری مین مشغول ہوئین
اور مکان مین شور مچگیا اسعرصہ مین جب مین آکر حرم سرا مین داخل ہوا کثرت نوحہ
خندق جو ئی تک گہری پانی سی لب بریز تیس گز کے چوڑی جسمین کشتے پہرتی تہی اور خاکریز
قلعہ تہ خندق سے دیوار تک سو گز کا اسطور بنایا تہا کہ برگز اوسکے او پر جانا ممکن
نہین تہا جب سدون اور تیمور تاش نے اوس قلعہ مین گہس کر استحکام کیا اور آلات
اسباب جنگی منجنیق حتے نفط کے اور اور ہتیار قلعہ داری کی اور اذوقہ کئی سال
کا جمع کر رکہا تہا اس بہروسہ پر مغرور ہو کر برج اور بام قلعہ کے جنگی لوگون سے
آراستہ کر کے تیر اندازی اور آتش بازی اور پتہر منجنیق سے مارنی شروع کی اور
مین نی اوسوقت امرا کو گرد قلعہ کے جنگ اور کوشش مین مصروف کیا اطراف
وجوانب سی قلعہ کا خوب محاصرہ کیا اور تیرون سی مخالفونکو قلعہ سی سر نہ اوٹہانے
دیا اور کاریگرون سی منجنیق برپا کرا کر پتہر قلعہ کے اندر مارنے شروع کئے اور نقبچیون
نی خندق تک نقب لگا کر خندق کا پانی نکال دیا اور بعضے خندق کو تر کر قلعہ کے ۴
خاکریز تک جا پہنچے اور خاکریز کو توڑ کر بیٹہنی کے جگہ نکال کر نقب زنی مین مشغول
ہوئے قلعہ والون کو جب نقب کی خبر ہو گئے تو وہان سی پانچ آدمی جان ہاتہہ پر لیکر
قلعہ پر سے طناب پر کو اتر کر جنگ کو آئے یہہ نقب زن سات تہے آن پانچونکو
تیرون سے جہان دیا اہل قلعہ نے یہہ حال دیکہتی ہے اونکو خوف کے مارے اور کہیچ
لیا پہر کسیکو یہہ طاقت نہوئے کہ روبرو آوے اور نہایت خوف اونکی دلین بیٹہہ
گیا اب اہل قلعہ کو معلوم ہوا کہ ہمارا ہر بات مین خدا تعالے مددگار ہے اور ہمین
ایک آدمے کی پائی سدون اور تیمور تاش کو قلعہ کے اندر کہلا بہیجا کہ ہمیں تہا کہ
اور قلعہ کشائی تمنی سنے ہو گئے اور انشاء الله تعالے جلد یہہ قلعہ ہم مفتوح کرینگے

ابو بکر گھوڑا اوٹھا کر مخالفون پر جا پڑا اور نہایت مردی سی دشمنون کو پراگندہ کر کے ۲۵
بھگا دیا اور دست چپ سی امیرزادہ سلطان حسین اور امیر جہانشاہ نے حملہ کر کے
افواج دست راست دشمن کی پریشان کر دی اوسوقت مین فوج قول کے امرا نے دلاوری
دی انہونے ہاتھیونکو آگے لیجا کر غنیم کے قول پر جہان تیمور تاش اور سودون وغیرہ امرا
نامدار تھے حملہ کیا بہادر تصدیق سند تیر اور تلوار اور لکڑ شمشیر کے مثال مخالفون مین گھس گئی
اور جنگ عظیم پیش آئی اکثر سپاہ غنیم کے ہلاک ہو گئے اور باقی ہمراہ تیمور تاش اور
سودون کے ہزار خرابی کی ساتھ طرف دروازہ نقوصیہ کے بھاگ گئی اور کچھ
زندہ اسیر ہو گئے اور ہتھیار تمام غنیمت مین آئے اور جو دمشق کیطرف بھاگی وہ
سب قتل ہو گئے لیکن ایک سوار زندہ نکل گیا اوسنے دمشق مین جا کر خبر کی اور جو
لوگ حلب کیطرف گئی تھی جان کی خوف سے دروازہ پر آ کر ہجوم ہوا کہ حصار کی خندق
اور دروازہ پر اوپر تلے گر کر مر گئے اور خندق مردون سے بھر گئی اور دروازہ بھی
مردون سی بند ہو گیا اور شہر کے اندر سے ہجوم ہوا اور اون پر ہماری سپاہ جا پہنچی
پھر حلب والی اتنی قتل ہوئے کہ کوچے شہر کے بند ہو گئے ایسا کہ قدم چلنے والونکا مردون ۲
پر پڑتا تھا اور فرودگاہ مخالفون کی جو واسطے جنگ کے باہر آ کر خیمہ برپا کئے تھی غارت
کی بہت مال اسباب تاراج ہوا اور مین واسطے تسخیر شہر کے متوجہ ہوا اسی دن گیارہوین
تاریخ ربیع الاول کے سنہ آٹھ سو تین ہجری ہفتہ کی دن حلب مفتوح اور تمام
لشکر شہر مین داخل ہو جسکے اہل آئے وہ لشکر مار آگیا اور تمام زن و بچہ حلب کے اسیر
ہوئے اور تمام شہر تاراج ہوا اور زر نقد جواہرات مرصع اجناس نفیس دیبا
کمخواب مخمل صوف سقرلات ظروف طلائی نقرئی گھوڑے اونٹ بیشمار ہاتھ
آئے اور تائید الٰہی سے اس لشکر بیشمار اپنے سی زیادہ کو شکست دیے اور شہرون

۲۲۴ باندہ کر جنگگاہ سے لی آیا اور امیرزادہ کے ملازمون نی بہی جرأت کرکے دو سوار گرا کر
دستگیر کیئے آخر مخالف تہوڑے سپاہ کی یہہ مردانگی دیکہہ کر بہاگ گئی اور اوسہی دن امیرزادہ
ابوبکر بہی ساتہہ سوارون سے جدا ہوکر آگے دشمن کے لشکر گران سے روبرو ہوا اور
جنگ مردانہ کیے بعد حرب و ضرب کے دو نوصف اپنے اپنی جگہہ قایم رہین غلبہ کسی طرف
سے معلوم نہوا اوسدن مین نے حلب کی نزدیک رات ہوشیاری سی گذاری اگلی دن
حکم دیا کہ فوج آراستہ ہوکر سوار ہو وے اور بے حکم کوئی قدم آگے نرکہی اور فوج کو ترتیب کے

توزک جنگ کا مصر اور شام کی لشکر سی

انتظام اس جنگ کا اسطور کیا کہ امیرزادہ میرانشاہ اور امیرزادہ شاہرخ کو
سردار فوج دست راست کا مقرر کیا اور امیر سلیمانشاہ وغیرہ امراء کلان کو
اونکے ہمراہ کیا اور امیرزادہ سلطان اور ابوبکر کو اونکا پیشوا اور افواج دست
چپ کا سردار سلطان محمود خان اور امیر جہانشاہ کو اور امراء بزرگ اونکے ساتہہ
کیئے اور امیرزادہ سلطان حسین کو انکا پیشوا اور مین قلب مین رہا اور ہاتہی ہندوستان
کی قول کی آگے کہڑی کئی اور تمام لشکر مین سی ایک فوج جدا کرکے حکم دیا کہ کل لڑائی
کی وقت اس پشتہ پر میدان جنگ سے دست راست کو واقع تہا کہڑی رہین اگرچہ
مخالف کو ہزیمت ہو وے پر یہہ بدون حکم کے اپنی جگہہ سی حرکت نکرین اسطور فوج
کو مرتب کرکے پہر مین اپنی بارگاہ کو چلا آیا رات ہوشیاری سی گذار کر صبحدم واسطے
جنگ کے سوار ہوا اور جسطور پہلے دن مقرر کیا تہا اوسہی وضع لشکر اور امراء
اور امیرزادہ قایم ہوئے مصر اور شام کے لشکر نی بہی اپنے جگہ سی حرکت کیے جرانغار
اور برانغار سردار اور لشکر بے پایان نہایت آراستگی سے روبرو ہوئے اور
بدا ندازہ کرس اندر کوزکہ کا علمدہ ہوا دست راست کیطرف سے پہلی امیرزادہ

شہور رہے

شہرون کے ساٹھہ ہزار قصبہ اور گانو آباد ہین اگر ہر قصبہ اور گانو سے چار چار سپاہی جنگی
جمع ہووین تو خیال کرو کتنا لشکر جمع ہو جاویگا اور تیسرا وہ کہ پناہ خیمہ ہے اور ہماری قلو
سے بہر حال چونکہ انجام اوس جماعت بیخرد کا حسب تقدیر اسمانی کے یہہ تہا کہ ہزیمت اور جوار دیکہے
دیکہین کسی طور تیمور ناصح کی نصیحت نا مانی یہہ نہ سمجہی کہ فتح و ظفر ہے اور شکست اللہ تعالے کی قبضہ
مین ہے جب دو صفین مقابل ہوگئین دیکہی کسکا ستارہ مساعد اور کسکا نامربوط ہوتا ہے
اشتہ تیمور نے قدم ہمت آگے کر کے یہہ یقین کرلیا کہ وہ ہی فتح کرینگے اور انجام کار ہمی کا قبل
ہوگئی آخر سب ہی دانا فال کے اور مشورہ یہہ ٹہہرا اگر اگے بیگانہ لشکر آوے تو حلب کے قلعہ
مین کہ نہایت مستحکم ہے بیٹہہ جاؤ اور قلعہ سے باہر نہ آؤ اور مین شہر غناب سے عنایت
الہی پر تکیہ کر کے حلب کیطرف کوچ کیا اور جلد جلد دو منزل مین چہہ چہہ سات سات کوس
چلا پہر امرا کو آگاہ کیا کہ ہر وقت ہوشیار اور چوکس رہنا اور یہہ مقرر کیا کہ آدہ کوس
سی زیادہ رستہ نچلینگا اور ہر یک منزل مین واسطے احتیاط کے لشکر کے گرد خندق تیار کیے
اور خندق سی اندر تختے اور لکڑیان گاڑ کر قلعہ سا بنا لیتے اس طریق سی ایکدن کا رستہ
ایک ہفتہ مین طے کیا اور رات کو سپاہ سے یہہ ہر خوب ہوشیار رہتے یہہ خبر حلب مین پہنچی
ازبسکہ وہ اہالی ایسے پیلے کی سی غافل تہے نیز کہا اس دیر کرنیکو خوف کا خیال کیا اس باعث
سے مخالفون نے دلیر ہو کر یہہ ٹہرایا کہ جنگ صف کیے کرینگے پہلی مشورہ کو توڑ کر واسطے
جنگ میدان کے خیمہ قلعہ سے باہر برپا کیے اور مین یہہ خبر سنکر نہایت خوش ہوا کہ کمی
جو بات اس دیرنگ کرنے مین سوچ ہے وہ ہی ہو گئے اور نوین تاریخ ربیع الاول
کے جمعرات کو حلب کے نزدیک آیا اوسی وقت امیرزادہ سلطان حسین چند سپاہ سے
اپنے ملازم لیکے فوج مخالف کے قراول سے مقابل ہوگیا باوجودیکہ دشمن آراستہ تہے
اور یہہ تہوڑے سے بلا توقف اپنے مخالف پر حملہ کرکے ایک سوار نیزہ سے گرا دیا پہر شکست

توزک

۲۷ سلاطین مین سے جو اوسکا مطیع نہین اور آج ممالک ایران توران خوارزم ترکستان خراسان
زابلستان طبرستان عراقین فارس گرجستان آذربایجان ہندوستان دیاربکر شروان ارزروم
ارزنجان مع توابع و مضافات اوسکے تصرف مین ہین اور ہر مملکت مین اوسکا کمترین بندہ
قابض ہے اور ہر ولایت سلطان ذی اقتدار سے لی ہی اور تمنے سنا ہوگا کہ دو دفعہ
دشت قپچاق مین آکر تقتمش خان کا کیا حال کیا اور تمام دشت قپچاق اور دشت جتہ اور
مغولستان اور ختن اور کاشغر حدود ختا اور روس تک اوسکے فرزندون نے مسخر کیا ایسے
ایسی صاحب اقبال سے الجھنا اپنی ہاتھون اپنی کہلیان مین گویا آگ دینی ہے اور بلا مین مبتلا
ہونا ہے میری خیال مین تو مناسب یہہ ہے کہ رسم بیرخاش کا ترک کرکے صلح کی چاہئی اور
سادات اور علماء کو جو اوسکے یہان معزز ہین جلد اسلیے شفاعت کی اور حسب مقدور
پیشکش اور تحفہ بہیجا جائے اور خطبہ اوسکا اوس کی نام کا جاری کرنا چاہئی اور استدعا
کرین کہ وہ اس مملکت سے جلد مراجعت کریں تاکہ یہہ ولایت فساد سی محفوظ رہے —
امرا نی تیمور تاش کے باتین سنے جو لوگ دانا تہے اونہون نی اوس کی رای پسند کی اور جو
لوگ احمق اور مآل کار سے غافل تہے خصوصاً سدرون حاکم دمشق نی کہ ایک جوان نا
اور مآل اندیشی سے عاطل تہا اونکے خیال مین یہہ بات نہ آئی اور تیمور تاش کو ملامت
کرنیلگا کہ تو ڈر کا مارا یہہ باتین کرتا ہے اور لاف گزاف شروع کی کہ جن ممالک کا تو نے
نام لیا کہ امیر تیمور کے تصرف آگئی ہین ان ولایتون کی قلعے اور شہرون کو ہمارے
شہرون اور حصار سی کچہہ مناسبت نہین ہے کیونکہ وہان کے قلعہ اینٹ کے بنی ہوئے
ہین اور ہماری مملکت مین قلعے پتہر اور گچ کے نہایت مستحکم ہین کہ اونکو مسخر کرنا سالہا
سال مین بہی میسر نہوویگا اور اگر اونکے کثرت سپاہ کا خوف ہی ہمارا بہی لشکر اونسے
کم نہین ہے بلکہ زیادہ ہوگا کیونکہ سوای لشکر قلعے نوکر کہ ہماری مملکت مین بکثرت

۱۷ ڈیرہ کے پاس پشتہ پر برپا کیے پہلا پتھر کہ اس منجنیق سے قلعہ کیطرف پھینکا اتفاقاً قلعہ کے اندر
کا منجنیق اسکے صدمہ سے شکست ہوا اور اوسوقت امیرزادہ رستم جسکو فارس سے مع
لشکر بلایا تھا آگیا اوسکو قلعہ کے ایک جانب پر تعین کیا اور نقب سازون سے قلعہ کے
ہر یک طرف نقب تیار کرائے اونہونے تھوڑے سے مدت مین بنیاد قلعہ کے خالی کر کے لکڑے
کا سہارا لگا دیا اور منجنیق سے پتھر مار کر عمارت اندر کی سب گرا دیے اور دیوار قلعہ کے
پتھرون کے صدمہ سے سست ہو گئی جب اہل قلعہ کے تنگ ہوئے مقبل نے یہ تباہی دیکھ کر
امان مانگا کہ اگر جان بخشی ہووے تو قلعہ ملازمون درگاہ کو حوالہ کرون مین نے اوسکے
درخواست سنکر یہہ کہا کہ انشاء اللہ تعالے قلعہ فتح کر کے تجھکو قید کرونگا پھر معاف کر دونگا
تا کہ مصر اور شام والے یہہ نجانے کہ قلعہ جیتنے کا قہراً فتح نہین کیا قلعہ دار نے دیدیا ہے آخر
اٹھوین تاریخ صفر سنہ الیہ کے اتوار کو نقب مین آگ دیے اور برج اور دیوار گر
گئے مقبل یہہ حال دیکھتے سادات اور علماء اور مشائخ شہر کو لیکر امیرزادہ شاہرخ کی
پاس گیا اور امیرزادہ کو شفیع کیا امیرزادہ نے درگاہ مین آکر اوسکے جان بخشی
چاہے مین نے امیرزادہ کے خاطر سے معاف کر دیا اور سادات اور علماء و مشائخ
کو خلعت دیکر رخصت کیا اونہونے دعا کیے اور میرے نام کا خطبہ شہر کے مساجد
مین پڑہا اور سپاہ کو مین نے اہل شہر کے مزاحمت سے منع کر کے داروغہ اسلیے
محافظت کے تعین کر دیا پھر یہان سے بخاطر جمع شہر عنتاب کو متوجہ ہوا یہان کا
قلعہ بھی نہایت مستحکم پتھر اور گچ کا بنا ہوا نہایت بلند تھا اور خندق تیس گز گہری
ستر گز چوڑی تھے اور اوسپر سامنے دروازہ کے پل بنا رکھا تھا اور خاک
ریز قلعہ کا کھود رکھا تھا ایسا کہ ایک سوار فراغت سے چلا جا اور ہر کنگرہ مین
تیر انداز اور سنگ انداز ہتیار رکھے تھے جب مین اوس شہر مین آیا تو قلعہ دار

419 اور شام آراستگی سپاہ اور استحکام قلعہ اور کثرت لشکر اور شان شوکت مین مشہور تہا
اگر یہہ یورش ان دلون موقوف کر کے سپاہ کو اپنے اپنی ڈیرہ کی اجازت ہووی تاکہ وہ
چندے استراحت کر کے پہر آکر مسخر کرین تو نہایت مناسب ہے مین نے جواب دیا کہ اس صورت
مین سمجہا جو ہم پیش آسی ہے ہمیشہ عنایت الہی پر تکیہ رہا ہی نہ کثرت اور آراستگی لشکر اور ہمیشہ
درگاہ ایزدی سے نصرت مانگکر فتح کو داد الہی جانتا رہا ہون پس اس صورت مین اب
ہے اس یورش مین سمجہا اور سمجہو لازم ہے کہ توکل ہے اللہ تعالی سے فتح چاہین امرا اس جواب
سی سر اعتقاد دراسخ دیکر دعا اور ثنا کر نیلگی اور ممالک مصر اور شام کی تسخیر پر جزم کرکے
اور مین نے لشکر مرتب کر کے مصر اور شام کیطرف کوچ کیا اور امیرزادہ شاہرخ
کو معہ لشکر آگے روانہ کیا اور پیشے ولایت شام مین حوالے قلعہ لبتی کے جاکر وہان کا احوال
لکہا کہ قلعہ بہسنے کا نہایت استوار پہاڑ کے اوپر بنایا ہے اور اوس کے اطراف پر
ایک درہ ہے پانی کا بہرا ہوا ظاہرا نزدیک عقل کے اوس کی تسخیر دشوار ہے البتہ
اقبال امیر کا اردشکو فتح کریگا یہہ حال امیرزادہ کے عرضے سے دریافت کرکے مین نے
اوس قلعہ کے نزدیک جاکر ایک بلند پشتہ پر ڈیرہ کیا اور قلعہ کو خوب غور سے دیکہہ کر
مستحکم پایا اور امرا کو حصار کی تسخیر پر مصروف کیا امراء نے ہجوم کر کے پہلی ہی مین
مفتوح کر کے شہر مین داخل ہوئے اور غنیمت بیقیاس حاصل کی اور متصل جو ملک
فرخ کیطرف سے قلعہ دار تہے کا تہا استحکام قلعہ اور کثرت جمعیت اور ادوقہ
اور آلات جنگ پر مغرور ہو کر قلعہ کو مضبوط کر کے جنگ مین مصروف ہوا اور
منجنیق قلعہ کے اندر برپا کر کے ایک بڑا پہار سے پتہر میرے خیمہ کیطرف اوس پشتہ سے
پہینکا وہ پتہر پشتہ مین لگ کر لڑہکر میرے خیمہ مین گیا اس حال سے مجہکو غصہ آیا مین نے
سپاہ سے خوب محاصرہ کرا کر ہر ایک طرف منجنیق برپا کرائے اور ایک منجنیق اپنا

اے کہ نامہ کو دیکھتی ہے ایلتمس کو روانہ کرو ایسا ہو کہ شیطانون کے اغواے سے ارادہ
فاسد دلین آوے اور وہ باعث اوس ملک کے مصیبت کا اور باعث ہمارے
لشکر کشی کا ہووے تمام ملک مصر اور شام کا پامال اور خون کے ہزار مقتول کا تمہارے
گردن پر ہوویگا والسلام یہہ نامہ مہر کرکے دانا ایلچیوں کے ہاتھ فرخ کے پاس بھیجا جب
یہہ ایلچے حلب مین آئے وہان اونکو قید کرکے فرخ کو اطلاع کیے فرخ نے اپنی باپ
کے طریقہ کے موافق اونکو حلب مین قید رکھا جب مین نے یہہ سنا اگرچہ یہہ امر والیان
مصر سے بعید نہین ہے کیونکہ برقوق غلام چرکس نژاد تہا اپنے آقا والے مصر اور
شام کو غدر سے قتل کرکے اوس جگہ حاکم ہو گیا تہا پس جو شخص رسم سلطنت کے
نجانتا ہو اگر اوسی ایسے کردار عمل مین آئین تو کیا عجب ہے فرخ کہ غلام زادہ ہی تہا
ایسا بد افعال ہوگا جو مناسب سلطنت کے نہین انتقام ان امور کا واجب
جانکر واسطے تسخیر ولایت اور استیصال فرخ کے عزم کیا یہان تک کہ ایلدرم بایزید
سے یہہ پیغام جو مذکور ہوا آیا اور اوس کے مملکت سیواس اور ملیطہ پر مین نے حملہ
کیا لیکن کوئے حرکت اوسسے عمل مین نہین آیے تہے

ذکر مملکت مصر اور شام کی تسخیر کا

جب مین نے ممالک مصر اور شام کا عزم کیا تمام امراء نے عرض کیا کہ امیر
کبیر نے اب ارادہ تسخیر مصر اور شام کا کیا ہے اور امیر کو معلوم ہے کہ سپاہ
مین سپاہ نے ہندوستان کے یورش مین کتنے محنت کہنچے ہے پہر گیارہ مہینے کے بعد کہ
ہند سے مراجعت کے ابہی ماندگے سے اسودہ نہین ہوئے تہے کہ یورش ایران
کی پیش آئے اور ولایت گرجستان کے تسخیر مین کیا کیا جانفشانی عمل مین آئی
پہر ولایت سیواس اور ملیطہ کے فتوحات مین کیسے کوشش کیے اب کہ ممالک مصر

۱۰ ۷ کنامہ کو دیکھتی ہے ایلتمس کو روانہ کرو ایسا ہو کہ شیطانون کے اغوا سے ارادہ
ناسد دلین آوے اور وہ ہے سبب اوس ملک کے مصیبت کا اور باعث ہمارے
لشکر کشی کا ہو پہر تمام ملک مصر اور شام کا پامال اور خون کئی ہزار مقتول کا تمہارے
گردن پر ہوویگا والسلام یہہ نامہ مہر کر کے دانا ایلچیونکے ہاتہ فرخ کے پاس بہیجا جب
یہہ ایلچے حلب مین آئے وہان اونکو قید کر کے فرخ کو اطلاع کیے فرخ نے اپنی باپ
کے طریقہ کے موافق اونکو حلب مین قید رکہا جب مین نے یہہ سنا اگرچہ یہہ امر والیان
مصر سے بعید نہین ہے کیونکہ برقوق غلام چرکس نژاد تہا اپنے آقا والے مصر اور
شام کو غدر سے قتل کر کے اوس جگہ حاکم ہو گیا تہا پس جو شخص رسم سلطنت کے
نجانتا ہو اگر اوسی ایسے کردار عمل مین آئین تو کیا عجب ہے فرخ کہ غلام زادہ ہی یقینا
ایسا ہے بد افعال ہوگا جو مناسب سلطنت کے نہین انتقام ان امور کا واجب
جانکر واسطے تسخیر ولایت اور استیصال فرخ کے عزم کیا یہان تک کہ ایلدرم بایزید
سے یہہ پیغام جو مذکور ہوا آیا اور اوس کے مملکت سیواس اور ملطیہ پر مین نے حملہ
کیا لیکن کوئے حرکت اوسسے عمل مین نہین آیے تہے

ذکر مملکت مصر اور شام کی تسخیر کا

جب مین نے ممالک مصر اور شام کا عزم کیا تمام امراؤنے عرض کیا کہ امیر
کبیر نے اب ارادہ تسخیر مصر اور شام کا کیا ہے اور امیر کو معلوم ہے کہ ما لشکر
مین سپاہ ہندوستان کے یورش مین کتنے محنت کہینچے ہے پہر گیارہ مہینے کے بعد کہ
ہند سے مراجعت کیے ابہی ماندگی سے اسودہ نہین ہوئے تہے کہ یورش ایران
کی پیش آئے اور ولایت گرجستان کے تسخیر مین کیا کیا جانفشانی عمل مین آئی
پہر ولایت سیواس اور ملطیہ کے فتوحات مین کیسے کوشش کیے اب کہ ممالک مصر

تیمور سے

گذر چکا ہیہ جب شیخ موصوف رحمۃ میں آیا تو برقوق کے گماشتون نے اوسکو وہان روککر ۱۱
احوال برقوق کو لکہا از بسکہ برقوق عقل سے بے نصیب تہا سلطان جلائیر کے انواسی شیخ
کو معہ اور مسلمانون کے جو اوس کی ساتہہ تہے شہید کیا باوجودیکہ آئین سلاطین مین اور
عقل کے موافق ہیہ ایلچیونکا قتل کرنا روا نہین اور تعجب یہہ ہے کہ سلطان محمد خوارزم
نے کہ ایلچی چنگیز خان کی اور سوداگر قتل کیئے تہی اور اس عمل کی شامت سی کیا بلا اوس پر
آئی تہی بہت مشہور تہا اب ملک برقوق سی بہی یہہ ہی عمل ہوا اور ہوا الغرض جب قضاء
الٰہی جاری ہوتی ہے باوجود اتنی تقدیر کا کیسے حال مین ظاہر ہونے لگتے تو جلی الدعا
اوسکے عقل کہو دیتا ہے اور رستہ صواب کا اوسکو نہین سوجہتا پہر ایسا عمل ناصواب
کرتا ہی کہ اوس کی وبال مین گرفتار ہوتا ہے اسیلئے برقوق سے یہہ عمل ہوا پہر ایک اور
بیوقوفی اوسی یہہ ہوئی کہ جب مین بعد فتح عراق اور عرب کے دربند باکو کے رستہ
سے واسطے تنبیہ تقتمش خان اور استیصال جرکس اور اروس کی دشت قبچاق کو گیا
تو ایلتمس توجین کو اونیک مین چہوڑ گیا تہا اتفاقاً ایلتمس نے قرا یوسف ترکمان کی قوم
پر تاخت کی اور جنگ عظیم پیش آئی ایلتمس گرفتار ہوگیا قرا یوسف نے اوسکو
مصر کو برقوق کے پاس بہیجدیا برقوق نے ایلتمس توجین کو قید کیا میرے پاس نہ بہیجا
اور اوس کی شامت کا کچہہ خیال نکیا یہہ امور میرے دلمین گرہ تہی اور اسکا انتقام
میرے دلمین تہا آخر برقوق مرگیا اور فرخ بیٹا مصر اور شام کا حاکم ہوا اب جو مین
ملیطہ کے تسخیر مین مشغول تہا نامہ نصیحت آمیز فرخ کو یہ لکہا کہ تیرے باپ نی حماقت
سی بہیجلا ہمارے ایلچیونکو قتل کرکے ناحق خون اپنے گردن پر رکہا اور ایلتمس ہمارے
ملازم کو بے موجب قید کرکے مآل اندیشی نکی اور ہمارے پاس نہ بہیجا چونکہ وہ اب
مرگیا ہے اور حشر کو اپنے اعمال کے جواب دہی کریگا اب تم کو مناسب ہے

۱۶ ۷ حاکم ملیطہ کا تہا قاصد کے ہاتہہ روانہ کیا اسکا مضمون تہا کہ پسر مصطفے حاکم ولایت ملیطہ کا اگر اپنا
مال ناموس جان محبوب رکہتا ہے تو مطیع ہو کر ملازمت کو آوے اور نہین تو جو گذریگا تیرے شامت
ہی جب قاصد خط لیکر گیا پسر مصطفے نی جہالت سے اوس قاصد کو قید کر دیا مجکو اس حال سے
نہایت غصہ آیا اور واسطے تسخیر ملکت ملیطہ کے عزم کیا اور چونکہ پسر مصطفے حاکم ملیطہ کو طاقت
میرے مقدمہ کی نہین تہے لاچار بہاگ گیا اور مین ملیطہ مین جاکر فوج واسطے تاخت کے تعین
کیے سپاہ نی غنیمت بیشمار اور انگریزا اور گرجستانی بہت دستگیر کیے مین نی یہہ حکم دیا کہ مسلمانونسی
۴ بعد امن کی خراج لیکر لشکر پر تقسیم کر دو اور کفار نصاری نے فرنگیے ارمنے گرجے کو جتنی اسیر ہے
مین واسطی ثواب کی قتل کرو اور امیر جہانشاہ وغیرہ امرا نی جنکو مین نے واسطے تاخت
کی بہیجا تہا قلعہ کاختہ تک جا کر تاراج کیا اور ملیطہ سے کاختہ تک کئی قلعہ مسخر کیے اور اکثر
مواضع کفار کے تاراج کر کے مال اسباب بکثرت بیشمار حاصل کیا اور بعضے مطیع ہو کر دولتخواہ
ہوگئے اور اوس سرزمین کو مخالفونسی صاف کر کے ملیطہ مین چلے آئے اور غنیمت تمام حاضر کیے
مین نے وہ تمام غنیمت لشکر کو تقسیم کر دی جب ولایت سیواس حدود روم کے اور ولایت
ملیطہ حدود شام کی تائید الہی سے مسخر ہوئے تو اس فتح سے مین نی واسطے فتوحات مصر
شام روم کے شگون لیکر امیدوار ہوا اور ولایت ملیطہ سو توابع قرا عثمان ترکمان کو
کہ ہمارا اخلاصمند تہا عنایت کیے اور چونکہ بے ادبی کہ برقوق والی مصر اور شام نے کی ہمارے
بہ نسبت کی تہی اوسکا انتقام ہمیشہ میرے دل مین تہا تفصیل بے ادبی کی یہہ ہے کہ سنہ ۹۵ سات سو
پچانوین ہجری مین کہ مین نے بغداد کو مفتوح کیا تہا اور سلطان احمد جلایر بہاگ
کر برقوق کے پاس چلا گیا تہا مین نے ایلچی بہیجے کہ راہ سی نامزد ہے امیر منصوب شیخ
ساوجی کی کہ مرد دانا اور صاحب تہا اوسکے پاس بہیجا اور اوس کے ادب سے
کئی شخص دانا ہمراہ کر دیے چنانچہ تسخیر بغداد کے ضمن مین مضمون نسخہ کا اور تمام نامہ

۱۲ ۷ اور امان خواجہ وغیرہ امراء تشونات کو معہ لشکر شیخ کے تعاقب پر روانہ کیا امرانے
بہاکتون کو جاکر تمام پراگندہ کر دیا ہر یک کیسے کسی طرف بہاگ گیا اور غنیمت بیشمار لشکر کے
ہاتہہ آئے اور تمام اوس نواح کو تاراج کرکے سیواس کی پاس معہ غنایم حاضر ہوئے اور
مین نے قلعہ سیواس کے تسخیر کا عزم کیا اور وہ قلعہ بہت مستحکم نظر آیا معروض ہوا کہ یہہ
قلعہ بنیاد سے سر دیوار تک پہتر تراش کر بنایا ہے طول عرض ہر یک پہتر کا دو گز سی زیادہ
ہی اور ایک گز کا موٹا اور آثار قلعہ کی دیوار کا دس گز کا اور بلندیے زمین سی
کنگرہ تک بیس گز کے اور سات دروازہ ہین اور یہہ قلعہ سلطان علاء والدین کیقباد
سلجوقی نے کا بنایا ہوا ہی اور تین طرف مشرق شمال جنوب کی طرف خندق عریض اور
عمیق پانی سی لبریز ہے نقب لگانی ممکن نہین مغرب کیطرف جدہر ہمارا لشکر تہا نقب
لگ سکتی ہے اور مصطفے نامے چار ہزار سواروں سے جو ہر یک رستم اور اسفندیار
ہی قلعہ مین اسباب جنگ کا تمام تیار کرکے سرباتہہ پر لیے ہوئی ہی مین نے حقیقت قلعہ
کے خوب دریافت کرکے قلعہ کا محاصرہ کرایا اور منجنیق وغیرہ آلات اطراف سے
بر پا کئی اور عراق دروازہ کیطرف مورچے خندق اور دروازہ تک لیگئی
اور جس طرف نقب لگانا ممکن تہا اودہر سنگ تراشونے نقب لگا کر برج خالی
کرکے لکڑی کی سہارے ٹہرا دیا اور ہر روز جنگ تیر اور سنگ کے ہوتی تہی جب
محاصرہ کو اٹہارہ دن ہو گئے اور نقب دیوار تلے جا لگی اور برج خالی کرکے
لکڑیاں لگا دین اور منجنیق اور عرادہ سے پہتر مار کر عمارت قلعہ کے دیوارین
سست کر دیے اوس وقت مین نی سپاہ کو ہوشیار کرکے لکڑیون کو آگ لگوا دی
لکڑیاں جلکر گئے برج گر گئی اور بہادر قلعہ مین گہسے مصطفی وغیرہ اہل قلعہ یہہ حال
دیکہہ کر متحیر ہوئے تمام ایکبار گے الامان کہنی لگے اور مصطفی نی حاضر ہو کے

۷۱۲ یہہ ارادہ کیا کہ مملکت روم کیطرف چلون اخراس تبلدی فصل موسم ہی بازآیا اور یہہ قرر کیا کہ اول نامہ لکہہ کر اوسکو نصیحت کردن اگر راستے مین بمعذرت افعال ناشایستہ سے باز آوے تواتسی اور کیا بہتر ہے نہین تو پہر تامل کرکے جو لائق ہووے عمل کیا جائے اور رنجش کو بالائے طاق رکھ کر نامہ نصیحت مضمون عتاب خطاب کا ملا ہوا ایلدرم کے نام کا لکہوایا ... بعد حمد الہی کی یہہ مضمون تہا کہ اللہ تعالی اوس بندہ پر رحمت کرے جو اپنی گلی قدم باہر نکال کر اپنی حد کو محفوظ رکہے اور اللہ تعالی کا محض کرم ہی کہ اکثر بلاد ہفت اقلیم کے ہماری گہوڑے کی سم سی فرسودہ کئی اور اکثر سلاطین نامدار عالم کے طوعا وکرہا مطیع ہو کر فرمان بردار کرینگے اور حکام دور و نزدیک کے خدمتگاری کی لئے رات دن درگاہ مین حاضر مین اور بلند پہاڑ کو بہے طاقت میرے لشکر کے صدمہ کی نہین ہی اور زمین بہی افواج کی گرانی می ہلجاتے ہی اور تیرا نسب جو ترکمانیے اور سرکشی بانی پر تمام ہوتا ہے سب کو معلوم ہی اتنے ہی حال کی مناسب یہہ ہے کہ قدم سوخے اور بی ادبی کا حد سے آگی بڑہا کر کسلی رنج مین مبتلا ہوتا ہے اب تک مین یہہ سنتا تہا کہ تو اکثر اوقات کفار فرنگ کی جہاد مین مشغول رہتا ہی اسلئی واسطے رعایت اسلام کے مین دیار روم پر متوجہ نہین ہوتا تہا مبادا لشکر کا آسیب مسلمانونکو عاید ہو کر باعث خندیدگے اعداء دین کا ہووے لازم ہی کہ خودسری چہوڑکر حرف نامناسب زبان پر نہ آوے تا کہ دروازہ بلا کا کشادہ نہووے مین تو شرط نصیحت کی ادا کرچکا اگر سوای اسیکے عمل کروگے اپنی ہاتہہ پانوں مین تیشہ مارو گے والسلام جب نامہ تیار ہوا مہر کرکے ہمراہ مردم کاردیدہ کے ایلدرم بایزید کے پاس بہیجدیا جب نامہ بر نیے روم مین جا کروہ نامہ ایلدرم بایزید کو دیا شدہ کر غرور اور نخوت اوس کے سر مین اتنا پیدا ہوا کہ اون نصایح کو تکبر سے الٹے سمجہا کر جواب نامعقول دیکر رخصت کردیا جب وہ ایلچی نامہ لائے تو یہہ لکہا تہا کہ مدت سے میرا ارادہ

۱۸۱۰ الجیونیسے مین نے یہہ پوچھا کہ تمہارا قاعدہ آئین سلطنت مین کیونکر ہے عرض کیا کہ ہمارے
یہان قاعدہ سلطنۃ کا یہہ ہے کہ انجیل کے موافق عمل کرتے ہین اور بارہ عالم انجیل کے
احکام شرعیے تعلیم کیا کرتے ہین اونکے قول کی موافق امور سلطنۃ مقرر ہوتے ہین اور رسم
یہہ بات مقرر ہی کہ جب امراو کو کیسے سرحد پر معین کرتے ہین تو آدمیے زاید اوس کیے
ساتہہ جاتے ہین اور اونکا نام پوشیدہ صندوق مین اگر امیر اول مرجاویے تو دوسرا
اوس کی جگہ پر مقرر ہوویے اور اگر دوسرا بہی مرجاوے تو تیسرا سردار بن جاو
اور جب کیسے سرحد پر امیر مقرر کرتے ہین تو بارہ آدمیے پسند کرکی اونکی نام قرعہ پر لکہہ
کر صندوق مین رکہدیتیے ہین پہر اوسمین سے ایک قرعہ نکالا جسکے نام کا نکل آیا اوسکو
۴ امیر کردیتے ہین پہر تین برس کے بعد اوس کے حکومت متغیر ہوتے ہی اور جیسی یہہ مذکور ہوا
کہ جیسے انسان کا بدن نفس واحد کی تدبیر سے مستقیم رہتا ہی ایسا ہی عالم ایک بادشاہ عادل
کے تدبیر سے درست رہتا ہے مناسبت بادشاہ کی ملک سے گویا مناسبت نفس کی ہی بدن سے
جب تک تدبیر نفس کی عدالت کی ساتہہ ہوتی ہی افعال اور اقوال آدمی کی سب درست
ہوتے ہین اور بدن عافیت سے ہوتا ہی اور اگر تدبیر نفس کی عدالت سے منحرف ہوویے
تو بدن صحت سے عاطل ہوجاتا ہی ایسی ہی اگر بادشاہ اپنے مملکت مین انصاف کری تو
حال سکنہ ملک کا منتظم رہتا ہی اور اگر بادشاہ خلاف عدالت عمل کریے تو احوال
بندگان خدا کے تحت ہوجاتی ہین اور وہ دولت بہی جاتی رہتی ہی چونکہ ان دنون مین
خلق مین مشہور تہا کہ معاملہ قیصر روم اور حاکم مصر اور شام کا مسلمانون اور تمام
رعایا سے عدالت کی خلاف ہی اور افعال ناپسندیدہ کرتے ہین اونکے دولت جلد
جاتی رہیگی پہر ایسا ہی ہوا جو علماؤنے دربار مین کہا تہا یہہ دو نو مملکت ایک دو بر
مین مین نے مسخر کرلین اور اونکا حال ہوا سو ہوا مفصل یہہ ہے کہ جسوقت مین

تیمور سے

سمرقند کو چلا آیا جب امیرزادہ اسکندر ممالک جتہ اور مغولستان کو مسخر کرکے ولایت ختن میں

آیا تو اوسکو پہلے سے تو اپنا مسخر کیا ہوا … کی عرضیاں … کا م عمل میں آئے اگر چہ بابا

تہا کہ مملکت ختن آخر تک مسخر کرے لیکن امرا نے … مراجعت کرکے جاڑوں میں

کاشغر میں مقام کیا اور … بدخشان … امیرزادہ محمد سلطان کی سمت

پہنچے جب بہار آئی تو امیرزادہ اسکندر کاشغر سے اندکان میں آیا اور وہاں سے رفع کدورت

کی اندکان سے سمرقند کو روانہ ہوا جب آق کتل پر آیا بعضے لوگوں نے عرض کیا کہ امیر

زادہ محمد سلطان آپ سے بیزار ہی اسکو گرفتار کریگا امیرزادہ اسکندر اس خبر سے

متوہم ہوکر اندکان میں آکر قلعہ میں بیٹھ رہا … امرائی جیسی پیر محمد … لوگوں نے

اور پیر حاجی اور … اس امر کو منازعت پر محمول کرکے تمام لشکر اندکان کا

جمع کرکے قلعہ کا محاصرہ کر لیا امیرزادہ اسکندر نے متحیر ہوکر امرا سے موافقت اور

صلح چاہی اور قلعہ سے نکل کر گلستان باغ میں جو بنایا ہوا امیرزادہ عمر شیخ

مرحوم کا ہے ڈیرا کیا امرا نے امیرزادہ کو قید کرکے امیرزادہ محمد سلطان کو یہہ

اطلاع بھیجکر امیرزادہ اسکندر بارادۂ مخالفت قلعہ میں متحصن ہوا تہا ہمنے موافق حکم

دولت کے قلعہ اوس سے لینیا اور اوس کے نوکروں کو قید کر لیا جب یہہ خبر سمرقند میں

…ے امیرزادہ محمد سلطان نے قاضی جلال الدین کو تعین کیا قاضی جلال الدین

…کان میں آکر امیرزادہ اسکندر اور اوسکے نوکروں کو زنجیر بند کرکے سمرقند کو بھجا

…ا نکو کنارہ دریا سیحون … کے امیرزادہ محمد سلطان کے پاس پہنچا دیا امیر

…ہ محمد سلطان نے اوسکے حال کا مشورہ کیا اور اوسکو قید میں رکہا اور سیاست

…پیر حاجی … امیرزادہ اسکندر کے اتالیق کو اور چہبیس[26] اور نوکروں کو قتل

…ہمیوں سے یہہ حال دریافت کرکے رنجیدہ ہوا اور اسے مجلس میں …

۷۰۸ ہوکر اپنے لشکر مین آیا اور واسطے آرام سپاہ اور آسودگی گہوڑونکے منگلی کی قاز زمستانی
مین مقام کیا دو مہینے تک عیش اور جشن کرتا رہا

ذکر فرنگستانی ایلچیونکے آنیکا

اوسوقت ایلچی والے فرنگ کے آپہنچے تین نے مجلس آراستہ کرکے امرا اور روسا
کو جمع کرکے فرنگستانی ایلچیونکو بارگاہ مین بلایا اونہون نے اپنے قاعدہ کے موافق اپنی
اپنے ٹوپیان سر سے اتارکر تواضع کیے اور امیر مراد کے بیٹی کو جو سلاطین قیصر
روم سے تہا اور جنگ مین انگریزون کے یہان گرفتار ہو گیا تہا میرے پاس لائے
اور نامہ بادشاہ فرنگ کا لائے مضمون صرف اخلاص اور انقیاد کا تہا اور سلطان
کہ بیٹیا امیر مراد کا کفار کے یہان گرفتار ہوا تہا مجکو غیرت اسلام سے آئی مین نے کہا یہہ
کیونکر ہو سکتا ہے کہ کفار مسلمانون پر غالب ہو جاوین علما نے عرض کیا کہ پیغمبر
م صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ملک باقی رہتا ہے ساتہہ کفر کے اور نہین باقی
رہتا ساتہہ ظلم کے مجکو اس بات سے تسلی ہوئی

ذکر امیرزادہ محمد سلطان کی قید کرنیکا
امیرزادہ اسکندر کو

اسی مجلس مین عرضیان ماوراءالنہر کے امرا کی آئین لکہا تہا کہ جب امیرزادہ
اسکندر نے بعد وفات خضر خواجہ اوغلان کے مغولستان پر لشکر کشی کرکی حقیقت
حال امیرزادہ محمد سلطان کو سمرقند مین لکہہ بہیجی تو امیرزادہ محمد سلطان پیشکر
گرا واسطے یورش جتہ اور مغولستان کے سمرقند سے کئی منزل چلا اسمین یہہ
خبر پہنچی کہ امیرزادہ اسکندر نے امیرزادہ محمد سلطان کی آنی تک توقف نکیا اور مغولستان
مین جاکر غارتگیری کی یہہ بات امیرزادہ محمد سلطان کو گران گذری دلمین

بہہ اوس کی تقصیر معاف کر کے اوسکا ملک اوسکو دیدیا اوسوقت یہہ سنا کہ اس نواح مین
الیوانیے نام گرجی بڑا سردار کرجستان کا ہے اوسکا استیصال واسطے ثواب اخروی کے
واجب ہا کر اودہر کو متوجہ ہوا الیوانیے کی ولایت کی نزدیک جا کر سپاہ واسطے تاخت
کے تعین کی بیقیاس غنیمت مال اور اسباب لشکر اسلام کے ہاتہہ آیا اور الیوا نے لشکر کے
حمد مہ سے ڈر کر ولایت چہوڑ کر کہین چلا گیا اور کئی قلعہ ناسے اوس کی ولائت کی تہوڑے
سے کوشش مین مفتوح ہو گئے اور جو اوس ولایت مین تہا مسلمانونکی ہاتہہ آیا اور باغ
اور زراعت کفار کی پایمال کر دی اور عمارت اور قلعہ اور بت خانہ گرا کر خاک مین
ملا دئیے پہر وہان سے قرا قلقا بلق کو روانہ ہوا وہان جا کر دیکہا کہ وہان کی لوگ
سب بہا سے اور کوہستان اور دره او نکے مستحکم جنگ سے پیش آئی چونکہ نسیم فتح کے
ہمیشہ اہل اسلام کے پرچم پر چلتے ہے آخر اکثر لوگ قرا قلقا بلق کے قتل اور او نکا مال
اسباب تاراج ہوا اور او نکے گہر جلا کر قلعے اور بت خانہ گرا کر اپنی لشکر مین آکر روانہ ہوا

ذکر قلعہ فرنس کرد اور سات قلعہ گرج کی تسخیر کا

منکول کے خانہ رستانے مین آکر معروض ہوا کہ کچہہ کفار گرج کے موضع فرس کرد
مین جمع ہو گئے ہین مین نی فوراً امیر شیخ نور الدین کو مع فوج اونکی اوپر تعین کیا جب امیر
شیخ نور الدین روانہ ہوا تو مجہسے نہو سکا کہ بذات خود جہاد مین شریک نہوون پہر کو
منکول مین چہوڑ کر فوج کے پیچہے مین بہی روانہ ہوا اور رات بسکر موضع فرس کرد مین
آیا اور افواج واسطے تاخت کے روانہ کیے غنیمت بیشمار لشکر اسلام کے ہاتہہ آئی
اور اکثر کفار جہنم واصل ہوئی لیکن اوراوس دن وہان سات مقام کیے اسی عرصہ مین سات
شہر مشہور گرجستان کے اہل اسلام نکے سعی سے مفتوح ہو گئے وہ قلعہ اور اوس کے
عمارت اور بت خانہ گرا کر زمین مین ملا دیئے پہر فرس کرد کے استیصال سے فارغ

کر لیا اور بعضی کمند ڈالکر اور سیڑہی چڑہ گئے بہر حال نمازی قلعہ کے اندر گہس گئے اور پہلی دن آسانی سی وہ قلعہ فتح ہو گیا اور تمام کفار کو جہنم واصل کیا اور غنیمت بغایت مال اسباب ہاتہہ آیا اور کفار کے گہر پہونک دئیے اور ایک دن مین تمام عمارت گرا دی اور واسطے بہیدن فوج واسطے تاخت اطراف قلعہ کے لشکر حسب الامر جا کر بیچ زن و مرد دستگیر کر کے گلہ اور ریوڑ درگاہ مین لائے مین نے واسطے ثواب کی اون تمام کفار کو شمشیر سے قتل کیا اسعرصہ مین یہہ خبر آئی کہ کرکین لشکر کے صدمہ سے اب تک پریشان پہرتا تہا اب سوانیت کی قلعہ مین جا بیٹہا ہے مین نے ترت لشکر کو جو واسطے تاخت کے گیا ہوا تہا بلا کر رستہ تحقیق کیا اور وہان لشکر وہان پہیرا اور اسباب کے محافظت پر چہوڑ کر ادنا سا ساتہہ لیا اور سوانیت کو چلا کرکین میرے یہہ خبر سنتے ہی قلعہ سے نکل کر بہاگ گیا اور مین سوانیت کا جا کر محاصرہ کیا اور لڑائیے ہوئی پہلے حملہ مین قلعہ مسخر اور اہل قلعہ مقتول ہوئے اور فوراً لشکر کرکین کے تعاقب پر تعین کیا اکثر اوس کے لوگ مارے گئے اور کرکین ہزار محنت گویا نیم جان دریا تغر کر لانی کو اتر گیا اور جب یہہ جانا کہ میرے ہاتہہ سے بچنا مشکل ہے لاچار طاہر پسر سلطان احمد جلایر کے حمایت سے جو اب تک اوس کے ساتہہ تہا ہاتہہ اوٹہایا اور اپنے ساتہہ سی الگ کر دیا اور اسمعیل نامی اپنے سردار کو بزار عجز اور اضطراب کی ساتہہ حضور مین بہیجکر ندامت ظاہر کی اور سامنے کئی سے خجل ہو کر عرض کیا کہ اگر امیر معاف کریے تو سر کے بل درگاہ مین حاضر ہوتا ہون اور تمام عمر مطیع رہون اور جو خراج مقرر کرو وہ سال بسال خزانہ عامرہ مین ادا کیا کرون جب اسمعیل کرکین کے سفیر نے یہہ حال افسردہ کا بیان کیا اور خراج اوس کے اوپر ٹہیرایا گیا مین نے

تیمور سے

اوکھروا دئی اور زراعت اوجاڑدی اور بت خانہ تمام گرا دئی

ذکر قلعہ بیلہ کی تسخیر کا

اگلی دن کوچ کرکے جب درہ مادانہ پر آیا تو درہ کی متصل بیلہ نام قلعہ تھا بہت مستحکم اوس قلعہ کو دیکھتے ہی مین نی حکم دیا کہ چار طرف سے محاصرہ کرو بیلہ ہی جا مین جا خندق کو پاٹ کر کی فصیل پر جا پہنچے اور اوسی دن دیوار اوتار کر قلعہ مین گھس گئے اور تمام اہل قلعہ کو جہنم واصل کیا اور غنیمت حاصل کئے تائید الہی سے ایسا قلعہ جسکی تسخیر مدت دراز مین بھی دشوار معلوم ہوتے تھی ایک دن مین مفتوح ہو گیا پہر وہان سے کوچ کرکے صحرای گرج مین ڈیرہ کیا اور امیر جہانشاہ کو مع فوج عظیم واسطے گرفتاری کرکین گرجی کی اوس کوہستان مین تعین کیا افواج اوس کی تلاش مین مصروف ہوئے اور کرکین جان خوف سے درہ مین پوشیدہ ہو گیا اور امیر جہانشاہ نی اکثر اوس کی متعلقین کو گرفتار کرکے قتل کیا اور غنیمت لیکر چلا آیا اور مین اوس سرزمین کو تسخیر کرکے فرودگاہ مین آکر پہر دریا کر اتر کر ڈیرہ کیا

ذکر قلعہ زریت اور قلعہ تہوانت کی تسخیر کا

اوس وقت یہ عرض پہنچی کہ اسی افواج مین بہادر کے اوپر قلعہ زریت سے بہت مستحکم اور بہت سردار اور بہادر گرج کے اوس قلعہ مین جمع ہین اور آج تک تسخیر اس قلعہ کے لشکر کی غلبہ سے کسیکو میسر نہین آئی مین عنایت الہی پر تکیہ کرکے قلعہ کے نیچی آکر قلعہ کا محاصرہ کرکے اترا اور اسباب قلعہ گیری کا منجنیق وغیرہ برپا کرائی ساتوین دن محاصرہ سے جنگ شروع کئے اور منجنیق سے پتھر مارنے لگے اور امرا جنگ کرتے ہوئے قلعہ کی تلے پہنچے بعضے بہادرون نے دیوار مین سوراخ

۵۰۴ لیکن چونکہ اللہ تعالی نی دین کو اپنے تائید سے موید کیا ہے پس ہر یک جگہ میری کثر سپاہ نی
اوس کوہستان مین کفار پر غلبہ پیدا کیا اور کثر بدت مین سپدرا قلعہ ولایت کرکین کی
سنخر ہو گئے اور کرکین نیم جان کہین چلا گیا اور اکثر سپاہ اوس کی اور وہانکی سکان
قتل ہوئیے اور کچہہ لوگ کرکین کے مطیع ہو کر مامون ہوئیے اور جب عنایت الہی سے
ولایت کرکین کے مسخر اور تمام بت خانہ ویران ہو کر مساجد مسلمانونکے بن گئین تو یہہ
معروض ہوا کہ جانی بیگ رئیس گرجستان کا استحکام قلعوا اور کثرت جمعیت پر مغرور ہوا ہے
مین نے جانی بیگ پر جہاد کا عزم کر کے غنیمت کرکین کے ولایت کی بہیر مین سپاہ کے پاس
چہوڑ کر جانی بیگ کے ولایت کو متوجہ ہوا نزدیک جا کر آواز تکبیر اور تہلیل کے اور
شور نقارہ کا بلند آواز ہوا گویا اوس پہاڑ مین زلزلہ پڑ گیا اور امراؤنی حسب الامر
اوس درہ کی اطراف اور جوانب سے بیشمار مال اسباب گلہ رمہ حاصل کیا جانی بیگ
لشکر کو دیکہتے ہی خوف کہا کر گہبرایا سوای اطاعت کے کچہہ نسوجہا لاچار کانپتا ہوا
اور الامان کہتا ہوا درگاہ مین حاضر ہوا اور بیچارگی اختیار کر کے او نے قلعہ اور
درہ ہماری سپاہ کی حوالہ کیا امرا نی حسب الحکم اطراف سے درہ مین جا کر بہت
کفار کو قتل کیا اور اونکے گہر اور بت خانہ تمام پہونک دئے بعد تسخیر ولایت
گرج اور جانے بیگ کی مین اپنی فرودگاہ مین آیا اور سید خواجہ پسر شیخ علی بہادر
کو معہ افواج درہ سادانہ سے واسطی تاخت کی روانہ کیا اور امیر جہانشاہ کو
معہ لشکر دست چپ کی درہ دہانہ سے بہیجا اور مین آپ درہ سادانہ کے رستہ کو
متوجہ ہوا اور یہہ تمام فوج جو واسطے تاخت کے گئی تہی آخر روز غنیمت گلہ رمہ گوسفند
گریان لیکر پیچہے آئی اور چونکہ وہ سرزمین باغات اور درخت میوہ دار سے اوس زمانہ
نکہرتے ہوتے مین نی تمام باغات اور درخت میوہ دار واسطے ثمر کفار کے سر تا

پسندیدہ کرتا رہا تہا انہی اوسکو نوازش فرما کر رخصت کر دیا کہ جا کر اپنی مملکت کو چنگیز
سی سپاہ مرحوم کی بچانا اور میں منزل بمنزل کوچ سی منزل بمنزل شکار کہیلتا ہوا اپنا تو الی
گرجستان میں جا کر گرگین کی پاس سفیر بہیجا کہ تابر لیسے مسلمان احمد کو جو تیری پاس ہی فوراً
میرا بہیجدو اور نہیں تو یہ گزر اگا تیری شامت ہی جب ہمارا سفیر گرگین کی پاس گیا
تابر کی بہیجنی میں تامل کیا اور سفیر کو انکا جواب دیکر رخصت کر دیا جبکہ وہ جواب ہمتی
ہی نیرت آئی اگلے دن بہیر کو چہوڑ کر آپ مع فوج جلد روانہ ہوا اور حکم دیا کہ
سپاہ ہر یک طرف سی گرگین کی ولایت کو باد انہ گیر جتی اور غارت کرنا شروع
کری اور بعضی کفار خوف کی مارے شہر چہوڑ کر بلند پہاڑوں اور غاروں میں گہس
گئے اور میں نی اونکے گہر پہونکوا دیے اور باغات اور درخت میوہ دار اور زراعت
تمام اوجاڑ دی اور تمام بت خانہ ویران کر دیے ولایت کی تاخت سے فارغ ہو کر اونکے
قتل کا ارادہ کیا جو غاروں اور پہاڑ میں گہس گئے تہی جب میں دامن کوہ میں آیا
سپاہ نی قتل کرنا شروع کیا اور اکثر جو غاروں کے اندر تہی بہادروں نی اونکو
اسطور قتل کیا کہ صندوق بنا کر دو تین شخص اوسمیں جتی اور رسیاں باندہ کر اور
شخصوں نے تہام کر نیچے لٹکانا شروع کیا جب وہ صندوق مقابل غار کی آیا
تیرت تیر سی قتل کیا اور جتنے رال کی جلا کر اون غاروں میں ڈالی اور کفار کو
جہنم واصل کیا اور یا تلوار لیکر غار میں گہس جاتے تہی اور کفار کو قتل کر کی سلامت
چلی آتی تہی اور اون پر ہزاروں آفرین ہوتے تہی جب وہ غار کفار کی وجود
سے پاک ہو گیا تو پہر اون صندوقوں کو اوپر کہینچ لیا اور اوس کوہستان میں
کفار گرج بہت پاس تہے اور تمام سپاہ نے لڑ کے والی میں نی اپنی بہادروں سے دریافت
کیا کہ کتنے لوگ پہاڑ کے اوپر گئے تہے اور کتنی صندوق میں بیٹہ کر نیچے جا کے تہے

٢٠٢ جو اہر تازیے گہوڑی اور اور اجناس قرا یوسف وغیرہ ترکمانون کو دیکر شہر کو تاخت سی بچایا اور سلطان احمد نے میری خوف کی مارے جاسوس تعین کرکے تاکہ میری خبر دیتی رہیں اب جاسوسون نی یہہ خبر سنائی کہ امیر سیواس کو جاتا ہے سلطان احمد نے یہہ سوچا کہ آخر گریز کا پیرا روم ہی اور اگر امیر سیواس مین آگیا تو رستہ گریز کا بند ہوجاوی گا بہتر یہہ ہی کہ امیر کی آنی سی پہلی روم کو چلا جاؤن یہہ ٹہراکر فوج واسطے حفاظت شہر کی تعین کی اور اب اہل حرم کو اور جواہر و نفائس اوٹہہ سکا لیکر ہمراہ قرا یوسف کے روم کو روانہ ہوا اور دریاء فرات اترکر بمنزل حلب مین آئے تمور تاس حاکم حلب نے لشکر لیکر اونکا رستہ روکا آخر سلطان احمد اور قرا یوسف سے جنگ ہوئی اور لشکر حلب نے ہزیمت کہائی اور یہہ دونو روم کو روانہ ہوئے اور مین سیواس مین جاکر اونکے خبر پائی اور فوج اونکے اوپر روانہ کی اور باقی احوال اسکے بعد کا تسخیر قلعہ سیواس کی حکایت مین مذکور ہوگا اوس وقت یہہ خبر سنی کہ گرجیون نی دوبارہ فساد برپا کیا اونکا استیصال واجب جانکر یہہ توزک کیا

ذکر ولایت گرجستان کی تسخیر کا گرگین سے

جب جاڑے نکل گئے اور بہار آئی مین نی بزم مشورہ کی مرتب کرکے سب امراء کو بلاکر مشورہ گرجستان کی تسخیر کا شروع کیا بعد صلاح کی یہہ ٹہرا کہ ثواب جہاد کا لیا چاہی اور رستہ اور منزلین تحقیق کرکے یہہ ارادہ کیا کہ پہلی گرگین گرجی کی ولایت پر تاخت کرون آخر ۸۰۶ آٹھہ سو دو ہجری مین عنایت الہی پر تکیہ کرکے قلعہ قراباغ سی روانہ ہوکر دسوین دن سرزمین بردع مین لشکرگاہ کیا اس منزل مین طہرتن حاکم ارزنجان کا سوا اقسام پیشکش کے حاضر ہوکر خدمت بجا لایا جو کہ ہمیشہ عنایت

زیادہ ستم ہم تہا اور تربیت کردہ بہادر کو اپنے ہاتہہ سے قتل کیا اور شروان کو معہ
اور امرا کی قطب حیدر سے اور منظور کی واسطے تاخت کسی ولایت کے بہیجا تہا
اسے یادگار نامی کی معرفت اپنی امراء کو کہلا بہیجا کہ شروان کا کام تمام کر حضور میں
لاؤ امراء حسب الحکم شروان کا سر اور اوس کی بیٹی کو قید کر کی سلطان احمد کی پاس
لیگئی اور سلطان احمد نے از بسکہ اوسی دوقت برگشتہ ہو گئے تہے اپنی نوکروں سے
بدگمان ہو کر چہہ سات دن میں دو ہزار ملازم قدیم اور جدید قتل کئی اور دفا خاتون اپنے
بیٹے کو جو اوس کی بجاے آتا کی تہی اور سلطان احمد کو نکڑپن سے اپنی کاندہے پر رکہتی تہے
واسطے میں لیجا کر گلا گہونٹ کر مار ڈالے اور اہل حرم سے بہت آدمی اپنی ہاتہہ سے قتل
کر کے دجلہ میں پہکوا دیئے اور بعد اس معاملہ کی اپنی گہر میں آکر دروازہ بند کر کے
کسیکو اپنی پاس نہ آنے دیا اور کہا کہ کسی وقت باورچی کہانا دروازہ پر رکہہ کر
کنڈی ہلا کر مطلع کر کے چلی آتی تہی سلطان احمد چند روز اسی ڈہنگ پر رہا آخر اپنی چہہ
معتمد کو بلا کر کہا کہ سات اچہے گہوڑے ہماری طویلہ سے لیکر دجلہ پار لیجا کر ہمارے
منتظر رہو وہ حسب الامر عمل میں لائے سلطان احمد ایک رات کو ست سے پوشیدہ کشتی
پر کو دجلہ اتر گیا اور ہمراہ اون چہہ آدمے کی قرا یوسف ترکمان کے طرف چلا
گیا اور باورچی دستور کے موافق ہر روز طعام دروازہ پر رکہہ آتی تہے
جب یہہ قرا یوسف کی پاس پہنچا تو قرا یوسف نے بہت تعظیم کی سلطان احمد نے
قرا یوسف اور اوس کے سپاہ سے ٹہرایا کہ تمکو ساتہہ لیکر بغداد کو تاراج کرو لگا
قرا یوسف طمع کے مارے معہ سپاہ سلطان احمد کی ساتہہ بغداد کو چلا جب نزدیک
آئی تو سلطان احمد نے قرا یوسف کو دجلہ سے وار اوتارا اور آپ کشتی سے
دجلہ اتر گیا اور تاراج کرنا شہر کا نامناسب جانکر بیشمار مال اسباب زر نقد

۰۰۰ئمہ امیرزادہ حسب الحکم سید بیکو ویران کرکی شیراز کو چلا گیا اور امیر سونجیک چنچال کی رستہ سیے حضور کو روانہ ہوا اور امیر الہداد نے جاکر پیر محمد کی مصاحبون کو قید کرلیا اور مولانا محمد خلیفہ اور سید جراح اور رستم خراسانے کو تو فوراً قتل کیا اور دستوری تو مجی کی ہاتہہ پانو کٹوا ڈالی اور مبارک شربت دار اور شیخ زادہ فرید کو قید کیا اور اسیے عرصہ مین تائیدات الہی سی عجب لطیفہ غیبے بغداد مین ہوگیا اور مخالف ہمارےسب پریشان ہوگئے مفصل یہہ ہی کہ جب امیر علے قلندر حاکم مندل کا امیرزادہ رستم کی فوج سے بہاگا تو گرتا پڑتا بغداد مین سلطان احمد جلایر کے پاس جاکر حقیقت بیان کیے سلطان احمد جلایر کو میری اذیت آنی سی وہم پیدا ہوا اسرت اونسنی پل تڑوا دیا اور دروازی شہر کی بند کرادئی اسو عرصہ مین ایک یہہ ماجرا گذرا کہ پہلے اسی مین نی مسمی شروان اپنی ملازم کو خورستان کی حکومت پر تعین کیا تہا اوس کم بخت نے ظلم کرکی زربقایا شمس الدین وغیرہ امرا اور ہان کی سی لیکر جمع کیا اور جویزہ کی بعضی اکابر کو قتل کرکے اور وہ تمام مال لیکر ہزار سواروں سیے بغداد مین سلطان احمد جلایر کا جا نوکر ہوا سلطان احمد جلایر نے اوس کے بہت عزت کی اور امیر کرلیا اور شروان نیے سلطان احمد جلایر کیے ارکان دولت سنی موافقت کرکی ہر یک کو پوشیدہ دس ہزار دینار تک دیکر محبت پیدا کرلی اتفاقاً وہ طومار جسمین ہر یک کی نام پر وہ دینار لکہے ہوئی تہی شروان کی دیوان پاس سی گم ہوکر کورہ بہادر سلطان احمد جلایر کیے نوکر کی ہاتہہ آگیا کورہ بہادر نی وہ طومار ان خوف کی دنون مین سلطان احمد کی آگیے پیش کیا سلطان احمد نی اوس طومار کو پڑہا تو اتفاقاً دس ہزار دینار کورہ بہادر کی نام پر بہی لکہی ہوئی تہی سلطان احمد اور بہیا

بیماری کی بہانہ معو بستان سی شیراز کو چلا گیا اور امیرزادہ رستم نے معہ امرا اور ۹۹
لشکر کے ہرمز کے رستہ سے آکر اس ملک کو تاراج کیا اور غنیمت بہت ہاتہ آئی
اور وہاں سے دز قول سے گذر کر موضع دو سنیدار میں تمام الوس ساکے اوغلی
کی تاراج کر کی روانہ ہوئے اور موضع باکسیا تاراج کر کے مردہ اور کریاں غنیمت
پیدا کی اور آخر ماہ جمادالثانی میں قلعہ سندے میں آئے امیر کلکندر جو سلطان
احمد جلایر کی طرف سے قلعہ مندے کا حاکم تہا جنگ سے پیش آیا پہلے حملہ میں
قلعہ مسخر ہوا اور اہل قلعہ اکثر قتل اور کچہہ زندہ دستگیر ہو گئے اور غنیمت بہت ہاتہ
آئے اور امیرزادہ پیر محمد جو رستہ میں سے بیماری کے بہانہ سے شیراز کو چلا گیا
تہا بعضے اوباش اپنی ملازمون کے اغوا سے زہر قاتل تیار کرنے لگا اور ارادہ
باطل خیال میں لایا اور یہہ حال امیرزادہ کے کئی نوکروں نے امیر ابوسعید سے
کہا اور امیر ابوسعید نے یہہ حال خوب دریافت کر کے امیرزادہ سے کہا امیرزادہ
انکار نکر سکا لاچار شرمندہ ہوا امیر ابوسعید نے اور دو تیموا ہوں نے اتفاق
٥ سے واسطے صلاح وقت کے امیرزادہ پیر محمد کو قندز کے قلعہ میں قید کر کے بذات
خود نگہبانی کے اور علی بیگ پسر عیسی کو شہر کے حفاظت پر رکہا جب یہہ حال امیر
زادہ رستم اور امیر ابوسعید کے عرضے سی مجکو معلوم ہوا میں نے فوراً امیر الہداد
کو تعین کیا کہ جلد شیراز کو جا کر تمام اوباش پیر محمد کے بد آموز کو مقید کر کے سزا دیوے
اور امیرزادہ پیر محمد کو قید کر کے حضور میں لا دیوے اور یہہ فرمان امیرزادہ رستم
کو لکہا کہ حکومت شیراز کے تجکو مفوض ہے جہاں ہے وہاں سے شیراز کو چلا جاوے اور
حسن جاندار
حسن جنیدال کو ہمراہ لیجا اور امیر معو تحاک بہادر حضور میں حاضر ہووے اور
امیر الہداد کو یہہ فرمان دیگر روانہ کیا امیر الہداد نے یہہ فرمان امیرزادہ رستم کو دیا

۷۹۸ اور اسیے منزل مین امیرزادہ شاہرخ کو یہہ حکم دیا کہ حال امیرزادہ میرانشاہ کی امرار
کا دریافت کرو کہ کس کس نے قلعہ الیجق پر گرجیون کے مقابلہ مینے سستی کیے امیرزادہ
شاہرخ نے تحقیق کرکے حقیقت عرض کیے مین نے حکم دیا کہ حاجی عبداللہ کو جوینجا
اور حمزہ ایروی کو جو سب سے پہلے بہاگا تہا قتل کرو لیکن امرار نے اوس کی جان
بخشے چاہیے امرار کی خاطر خون تو معاف کیا پر اوسکو سے جوینجا گرایا اور جرمانہ آن
سستی کا ہر یک سے تین سو ساٹہہ گہوڑے لیے اور امیرزادہ میرانشاہ کی تمام نوکرون
اور امرا ؤسی حسب حال پچاس سے دو سو تین سو تک گہوڑے لیکر پیادہ سپاہ
میں تقسیم کر دیے اور امیرزادہ ابوبکر کو جسنے دلاوری سی سیدے علی بیگ کو تیر سے
ہلاک کیا تہا سر بلند کیا اور اسیے منزل مین برہان اوغلان اور اوس کے بیٹی کو
بسبب صدور دوبارہ تقصیر عظیم کے قتل کیا اوسوقت عرضے امیرزادہ رستم کے
جنکو اسطرف آتے ہوئے جام سی شیراز کو ہمراہ سونجک بہادر کیے دو ہزار سوار روان
سے بہیجا تہا کہ پیر محمد اپنے بہائی سی متفق ہوکر مع لشکر فارس کے بغداد کو آنا ہمراہ
عرضے امیر ابوسعید کے فارس سی آئے دونو عرضے کا مضمون یہہ تہا کہ جب امیرزادہ
رستم یزد اور ابرقوہ کے رستہ سی شیراز مین آیا پیر محمد نے اپنے بہائی سی ملکر
ترابانع مین جشن کیا اور امیرزادہ رستم کو خلعت اور ایکہزار دینار کنکے انعام
دیے اور حسب الامر ابوسعید برلاس اور علی بیگ پسر عیسے امیر عباس کے
رستہ دار ونکو شہر کے حفاظت پر تعین کیا اور امیرزادہ پیر محمد اور امیرزادہ
رستم اور امیر سونجک بہادر حسن جاندار سونجک کے بہتیجے اور حسن جنداول
کو جو شیراز کے محافظت پر تہے ہمراہ لیکر مع امرا اور لشکر فارس کے بیابان
اور تستر کے رستہ سے حضور کو روانہ ہوئے رستہ مین سے امیرزادہ پیر محمد

تیمور سے

سی جا پہنچے غرضکہ حسب الحکم سپاہ نے وہ جنگل کا ٹنا شروع کیا باوجودیکہ
بہت سے بیس دن سے شب و روز برف پڑتا تہا لیکن سپاہ نے جنگل کا ٹنا نہ چھوڑا
آخر تہوڑے دنوں میں رستہ بہت چوڑا حسین کے موج پیاپئے جا سکیں صاف ہو گیا
اور پہر اون کفار کے ملجا پر جا کر جو ملجا ہم نے احمل کیا سردار تہسا اونکا سر سے اونکے خوف
کہا کر بہاگ گیا اور لشکر اسلام نے اون کفار کے گہر تمام پہونک کر تہسا کا تعاقب
دررہ اقتو تک کیا اور غنیمت بیشمار گائے بکریاں گہوڑے پیش آئیں اور
علاوہ سے تاراج کرکے پہونک دیا اور چونکہ سوار کفار کے زن و مرد کی زندگی کا مدار
کہانے پر تہا جیسے شراب افیون پوست ایسی عادت ہو گئے تہے کہ اگر ایک دن نہ
کہائیں تو ترت مر جاویں اسیلئے باغوں میں تمام انگور رہتے ہیں لیکن واسطے شراب
اور پہر کفار کے تمام باغ انگور وغیرہ کے اکہڑوا ڈالے اور درخت میوہ
دار تمام اوجاڑ دیئے اور عمارت خصوصاً بت خانہ ویران کر دیئے اوسوقت میرے
دل میں یہہ آیا کہ مجہپر اللہ تعالے کی کیا عنایت ہے کہ سال گذشتہ زمستان میں ہندوستان
اور سندھ کے کفار پر جہاد کیا اور بت خانہ توڑے اور اس کے زمستان میں کرجستان
کے کفار کو قتل اور بت خانوں کو ویران کرتا ہوں پہر سجدہ شکر کا کیا ایک مہینے
میں تمام کفار درہ تہسا کو ویران کرکے جب سردی زیادہ اور برف کی کثرت ہو گئی
اور گہوڑوں کی لئی گہاس نہ تہا اون سے قرا باغ کو چلا آیا

ذکر خبر پانے اور سرا کا امیرزادہ میرانشاہ کے امرا پر

اسی منزل میں اللہ تعالے نے امیرزادہ خلیل سلطان کو فرزند عنایت کیا میں اوس
کے تولد سے بہت خوش ہوا الغ برکل نام رکہا اور بزم آراستہ کرکے عوام کو انعام دیا

۶۹۶ تلیے اور شہر ختن کے مسخر ہوئیے پہر جاڑا آگیا ولایت ختن سے کاشغر مین آکر مقام کیا مغولستان اور ختن کے غنیمت مین سے لونڈیان صاحب جمال اور اور مال بطور پیشکش کے خدمت شیخ بیساول کے درگاہ مین آ آ ہی اور مین سے متعاقب خیمے کی حاضر ہوتا ہون مین نے امیرزادہ اسکندر کی عرضیے پڑہ کر اوس کے مردانگی اور امرا کے اتفاق سے بہت خوش ہوا اور اونکے حق مین دعا کے اور اس زمستان سنہ ۸۰۲ اٹہ سو دو مین قراباغ کے نزدیک مقام کیا یہان یہہ سنا کہ سیاہ کفار گرجستان کے درہ صعب گذار مین خماسی گرجے کی پاس آکر آرادہ فساد کا کرتے ہین چونکہ علاج فساد کا پہلے وقوع سے کرنا چاہیے قراباغ مین اونکے غزا کا عزم کیا اس نیت سی کہ گرجستان کو خاک مین ملا کر چہوڑونگا

توزک کفار گرجستان کی جہاد کا

پہلے مین نے قران شریف مین فال دیکہے یہہ آیت نکلے یا ایہا النبی حرض المومنین علے القتال یعنے ای محمد صلعم شوق دلا مسلمانون کو جہاد کا اور اوس وقت شیخ ابراہیم حاکم شروان کو اور سیدی احمد بیگ کو خلعت اور کمر زر اور گہوڑے تو تخاقی دیکر ولایت کو رخصت کیا اور امراو سے ہر یک دس سوار مین سے تین سوار جدا کرا کے دس دن کی خوراک لیکر ساتھ لیئے اور باقی لشکر اور بہیر قراباغ اور حوالے قنطور کنت مین چہوڑا اور وہان سے روانہ ہو کر کنارہ دریاے کر کے ڈیرہ کیا اور اوس دریا کا پل ہوا کر معہ لشکر عبور کیا یہان شیخ ابراہیم حاکم شروان اور سیدی احمد بیگے جو رخصت ہو گئے تہے معہ لشکر آگئے اور کوچ بکوچ درہ خماسی کی طرف متوجہ ہوا جب مین اوس درہ کے پاس جہان گرجستے پناہ لئے ہوئیے تہے آیا تو کئے کوس تک ایسا گنجان بن تہا کہ سانپ بہی دشوار

تیمور ــــــہ

ہو امیر کے اقبال میں بعض ہندوستان میں سیر کیا اور راستہ کا۔ الغرض آگے ارادہ تھا [illegible]
چشم زخم پہنچے اور کہا امیر جو ہیں ایسے ہوا ہے [illegible] کیونکہ [illegible]
ذکر ختن کی تسخیر کا امیر زادہ اسکندر کے ہاتھ

جب امیر زادے اسکندر ہندوستان کے جانے کی [illegible] ہوئے تو [illegible]
ختن کو متوجہ ہوا [illegible] کا امیر الہداد [illegible] ایک خط [illegible]
کر کے خان [illegible] [illegible] [illegible] معلوم ہو کر
میں [illegible] تفصیل
میں [illegible] ستارہ [illegible] ایک [illegible]
اور [illegible] اور راستہ میں [illegible]
[illegible] ہندوستان کر کے اور [illegible] کیا ہے [illegible]
[illegible] حفاظت [illegible] ایک [illegible] کا [illegible]
منزل اور [illegible] منزل اور ختن سے ایک اور [illegible]
کا [illegible] کا ہے لیکن ریگستان اور میدان پانی نہیں تھا ہی اگرچہ ریگ
[illegible] سے چلے پانی نکل آتا ہے [illegible] ایک ہوتا ہے [illegible] [illegible]
اور ختن سے [illegible] شہر [illegible] منزل اور کاشغر سے [illegible] منزل ہی بہر حال
حقیقت خطا کی راہ کی دریافت کر کے ختن کو روانہ ہوا ممالک ختن میں [illegible]
ہوا سر زمین ختن میں دو دریا ہیں ایک کا نام [illegible] قاش اور دوسرے
کا [illegible] قاش ہے سنگ یشم وغیرہ ان دونوں میں سے نکلتی ہیں یہاں سے اور
اطراف کو لیجاتی ہیں اور یہیں یہہ دونوں دریا اتر کر ختن میں آیا وہاں کے رئیس
استقبال کو آئے اور پیشکش اور نفیس اشیاء لائے اور امیر کے اقبال [illegible]

۹۲ ء کہ حسب الحکم ملکت جتہ مین تہے : یزدی بیگ امیر خداداد حسینی امیر شمس الدین پسر امیر عباس داؤد ملک
برلاس صدیق بہادر پسر تابان بہادر اونکو اوسطرف سے بلایا جب مین کاشغر کی نزدیک
آیا وہ امرا بہی آگئے پہر متفق ہوکر فوج واسطے تاخت دیارکنت کے روانہ کی وہ فوج
دیارکنت کو تاراج کرکے غنیمت بیشمار لائی وہانسے فارغ ہوکر اوج کے نزدیک آئی وہان کی اکثر
رعیت سارے نے مطیع ہوکر نذر دی اور بعضی اقشو کو چلے گئے قلعہ اوج کا محاصرہ کرکے کوشش تمام سعی کیا اور
لکہا تہا کہ جب امیر کی اقبال سے قلعہ اوج کا فتح ہوگیا تو تسخیر قلعہ اقشو کی خیال مین آئی وہانسے قلعہ
اقشو کے طرف روانہ ہوا وہان جاکر دیکہا کہ وہ قلعہ نہایت مستحکم تہا جاتے ہے
سپاہ نے اوسکا محاصرہ کیا اور اسباب قلعہ گیری کے کا منجنیق وغیرہ برپا کیے اور ہر
طرف سے نقب لگائے چالیس دن تک محاصرہ رہا آخر قلعہ والے تنگ ہوگئے پہر
ہمسی یورش کی تو اہل قلعہ الامان کہنے لگے اور پیشکش لائق باہر بہیجا اور اطاعت
کی اور بہت سوداگر ختا کے اسباب تجارت کا لیکر قلعہ اقشون مین چلے گئے تہے اہل
قلعہ نے اون سوداگرون کو مال سمیت ہمارے حوالہ کیا یہان سے فارغ ہوکر ماہی
اور کوزن سیرکر ایک توغانہ تابستانی اور ایک خانہ زمستانی خضر خواجہ اوغلان
کا تہا فوج تعین کے فوج نے یہ دونو مقام تاراج کیے اور جاتے ملک اغای حرم
خضر خواجہ اوغلان کے اور آس ملک اوسکی بیٹے اسیر کیے اور مال اسباب کل
بیدیسے بیشمار غنیمت کئی وہانسے آگے جاکر طارم کو بہی تاراج کیا وہانکی اکثر
باشندون کو اوٹہاکر ساتہ لے آئی جب فوج نے ماہی کوہس اور طارم کے تخت
سے مراجعت کے تو مین نے امرا سے مشورہ کیا کہ اب تو ہم ملکت مغولستان
مین آگئے ارادہ یہ ہے کہ تمام مغولستان کو مسخر کرین لیکن امرا صاحب تدبیر
الہداد خداداد حسینی امیر شمس الدین یزدی بیگ صدیق بہادر نے کہا کہ اگر

دول کے آگئین   اول یہہ خبر آئیے کہ تیمور قتلغ اوغلان کہ پہلے ہمارا نوکر تہا سم ۹ ۴
اور جن دنون ہمنے تقتمش خان کو شکست دیکر پریشان کر دیا تو وہ رخصت ہوکر چلا گیا تہا کہ اگر
اپنے کنبہ قبیلہ کو جمع کرکے ملازمت مین آونگا پہہ سبب اوسکے تمام الوس جو تہے
جمع ہوگئے اور قوی ہوا تو حق ہماری عنایت کا فراموش کیا پہر ہماری
مخالفت شروع کی تہی اب وہ مرگیا اور اوسکا کنبہ پریشان ہوگیا
الوس مین نزاع ہوگئے اور یہہ خبر آئے کہ ملک طاہر ترقوق والے ... کا بیٹا
کا جو ہمسے ہمیشہ مخالفت کرتا تہا مرگیا اور ملک فرخ اوسکا بیٹا جو اوسکے ...
جگہ ہوا وہ چندان اختیار نہین رکہتا اور اوسکی امرا اور غلام آپسمین
بیچ لڑکر اکثر مارے گئی اور یہہ خبر آئیے کہ تنغوز خان بادشاہ خطا کا جسنے تمام
عمر کفر مین صرف کی تہی ان دنون مین مرگیا تمام ملک خطا مین شور و شر برپا
ہوئی اور یہہ خبر آئیے کہ خضر خواجہ اوغلان والی دشت جتہ کا بہی مرا اوسکی
بیٹون مین کہ شمع جہان اوغلان اور شیر علی اوغلان اور شاہ جہان اوغلان
ہین نزاع ہوگئے اور یہہ خبر آئی کہ امیرزادہ پسر عمر شیخ اندکان سے سرحد مغولستان
گیا غالب ہوکر مملکت مغولستان پر متصرف ہوا

مغولستان کی قلعہ اقشو کے تسخیر کا امیر زادہ اسکندر پسر عمر شیخ کی سعی سے

جیسے امیرزادہ اسکندر کی آئی لکہا تہا کہ مین نے خضر خواجہ اوغلان
لشکر جمع کیا اور امرا پیر محمد پسر امیر ططغے بوغا برلاس اور تنورک
زبان تیمور پسر بیکچک جتہ اور پیر محمد پسر حاجی منشی او بشیر سنت
تاجو بغا یار لے وغیرہ کو ہمراہ لیکر مغولستان کو متوجہ ہوا اور جو امراد

۲۹۲ بیے شیخ صدر الدین کے پاس بہیج دیا اور امرا کو حکم دیا کہ معہ فوج ساتہہ رہین اور
اردبیل سے سوار ہوکر موقام اور اقسام مین آیا وہان شکار کہیل کر کنارہ دریاے
ارش کے ڈیرہ کیا اور کشتیان جمع کرکے پل بند ہوا پہر مین اور تمام لشکر اترا اور وہان
سے کوچ کرکے قراباغ ارال مین آیا اور قطور کنپ کے نزدیک عمر بہادر پسر میرانشاہ
بہادر کو حکم دیا کہ پہر مین ٹہرے اسمنزل مین امیرزادہ ابوبکر اور امیر سلطانشاہ جو پیچہے
تبریز مین آئے تہے بساط بوس ہوئے اور امیرزادہ ابوبکر اور میرانشاہ کے امرا
نے پیشکش نذر کیا اور سید سے بیٹے ارلات حاکم ولایت سکے کا کہ ہمراہ کفار کرج کے
سلطان سنجر بروقت محاصرہ قلعہ النجق کے آیا تہا اور جنگ مین امیرزادہ ابوبکر
کے ہاتہہ سے مارا گیا تہا سید سے احمد اوسکا بیٹا باپ کے جگہ حاکم ولایت سکے کا ہو
جب سید سے احمد نے میری آنے کی خبر سنے بسبب تقصیرات اپنے باپ کے متوہم ہوکر
شیخ ابراہیم کے پاس جو ہمارا نہایت اخلاص مند تہا جاکر اوسکو شفیع بنایا تا کہ باپ
کے خطاء سے مجہسے مواخذہ نہوے اب کہ امیر شیخ ابراہیم نے اثر عبودیت سے
عزت پاکر در بند باکو اور شروان سے آکر ملازمت کے تو سید سے احمد کے سفارش
کرکے درگاہ مین حاضر کیا مین نے شیخ ابراہیم کے خاطر اوس کی خطا معاف کرکے
بلایا اوسنے درگاہ مین آکر زمین بوسے کے اور پیشکش لائق دیا اور امیر شیخ
ابراہیم نے بہے سامان ضیافت کا کرکے اتنے گہوڑی اور بکریان ذبح کین کہ
اور سے لکاتے لکاتے تہک گئے اور جو نکہ گوشت بہت تہا اسلئے مین نے
لشکر مین تقسیم کردیا کہ لکاکر تعادلونکو دیدین اور پیشکش نقد اور جنس شکار
جانور غلام لونڈیان پارچہ ریشمے دیبا مخمل کمخواب تیار چہہ ہزار گہوڑے سے
نذر کئی اور اوسہوقت اطراف وجوانب سے اچہی اچہے خبرین لائق پسند آئین

پے کے اونکو قتل کیا اور وہان سے کوچ کر کے سلطانیہ مین آیا وہان سطفر نظر سے حکومت
ممالک عراق اور عجم کا افتخار کیا تھا اصفہان سے آکر بساط بوس ہوا اور پیشکش نذر
کیا اور سلطانیہ سے قرادرہ اور اردبیل کے رستہ سے قراباغ کو روانہ ہوا اردبیل
مین جا کر یہہ خیال آیا کہ سلطان الطریقہ شیخ صدرالدین اردبیلی کے ملازمت کرون
چونکہ میرا عزم ملک روم شام مصر کے تسخیر کا تہا تو اوسی سمت ہون اور چار ضمیر
اپنے دلمین ٹہرائیے کہ وہ وقت ملاقات کے کرامت سے ظاہر کرین ایک یہہ کہ مجلس
مین میری تعظیم کرین دوسری گہوڑا کہ ایلدروم بایزید بادشاہ روم نے اونکو نذر
دیا ہے وہ مجکو دیدین تیسرے کوئی ایسی چیز دیوین جو ملک پر دلالت کری جو تہی مملکت
روم کے بابت مین اشارہ کرین جسمین یہہ معلوم ہو کہ فتح ہوگے یا نہین مین تنہا سوار سپاہیانہ
وضع اونکے یہان آیا مجہی کسینے نہ پہچانا اوسوقت شیخ نماز پڑہتے تہے مین بہی آخرین
صف مین مقتدی ہوگیا نماز اور وظیفہ پڑہ کر اونہونے مقتدیونکو دیکہا مجہی دیکہتے
ہی پہچان کر آگے بٹہا لیا اور تجاہل کر کے پوچہا کہ تیمور کے دلمین کیا ہے مین نے
کہا آپ کو سب روشن ہے اونہونے یہہ آیت پڑہے الم غلبت الروم کہ ایسا معلوم
ہوتا ہے کہ روم فتح ہویگے اور ٹکڑا خوشبودار سیبے کا مجکو دیا کہ یہہ خاک ہے تو
ملک گیر ہوویگا پہر فرمایا تمہارے خوراک اکثر گہوڑے کا گوشت ہے اور و
ہی گہوڑا منگا کر کہا کہ یہہ گہوڑا کہ ایلدروم بایزید نے مجکو دیا تہا مین تجکو دیتا
ہون چاہی ذبح کر چاہے زندہ لیجا پہر لنگے سات گز کے اپنے ہاتہہ سے میرے
سر پر باندہ دی اور تلوار مصر کے مجکو دے اور یہہ کہا اللہ معک یعنے خدا
تیرے ساتہہ ہے مین نے اوس مجلس سے باہر آکر بہت فرحت دیکہے اوسوقت
اوس نواح کے پیشکش گہوڑے بکریان لائیے مین نے پانچوان حصہ اونمین

۴۰۹ آ کر صلاح یہہ ہے ہی اب مین او نہیں لکھے کی موافق تبریز مین آکر امیرزادہ میرانشاہ سے
ملازمت کیے اور جون تون دو دن کیے بعد امیرزادہ میرانشاہ کو واسطے استقبال
امیر کیے بہیجا اور امیرزادہ ابو بکر نے رتم توبہ کی مرغذار مین مجلس آراستہ کر کے
مجکو اور رشید خواجہ کو خلعت اور گہوڑے زرین دیئے اور متفق ہو کر قراباغ
کو روانہ ہوئے اور مین امیر سلیمان شاہ کے عرض سے یہہ حال دریافت کر کے شہیار
ریب کشتیون کے جاکر تیر سے کفار کو قتل کیا پہر تیر کر کشتیون مین گئے وہان جو
ہ پایا اسکو تلوار سے قتل کیا پہر مین اس جہاد سے فارغ ہو کر تغلق آباد مین
ڈیرا کیا اور امیر الہداد اور بایزید توچین اور ذوالنون بخشی کو معہ سپاہ
واسطے قراولی کے بہیجا تاکہ اگر کہین پار کیطرف نیٹ ہون تو اونکے خبر لاوین قراول
روانہ ہوئے تین پہر رات کے بعد دو سوار امیر الہداد کے پاس سے یہ خبر لائے
کہ ہم گہاٹ پایاب پا کر اترے اور اوسطرف اور ہنود معہ مال بقیاس جمع ہو
رہے ہین اور مبارک خان نامے اونکا سردار کثرت جمعیت سے مغرور ہوکر
جنگ کے لئے تیار ہے مین نے یہ سنتے ہی امرا کو بلا کر سوار ہوا اور مشعلین
جلا کر چلا اور صبح صادق سے پہلے سو ہزار سوار کمل کے دریاے کنک کو عبور کیا
وہان سے ایک کوس پر نماز کا وقت آگیا نماز جماعت کے ساتھ ادا کرکے اور
وظیفہ شروع کرتا ایند اپنے سر تکبیر کرکے غنیم کیطرف متوجہ ہوا جب مین مخالف سے
نزدیک ہوا تو مبارک خان دس ہزار سوار پیادہ کے صف باندہ کر تھا.
سر تیار ہوا اوسوقت مین نے اپنے فوج کے تخمین کے تو ایک ہزار سے زیادہ
نہین تہے تمام لشکر واسیلے تاخت کے دور دور گیا ہوا تہا باوجود یکہ ہم ا
تہے اور غنیم دس ہزار الطاف اپنے سر تکبیر کرکے دعا نصرت کے کی خیبے
اتفاق سے اوسوقت سید خواجہ اور جہان ملک جنگو من نے پانچ ہزار سوار
سے تاخت کو بہیجا تہا وہ تعجب سے وقت پر آپہنچے چنانچہ اگر وہ جائے و
نگاہ ہوتے تو یہ نہین آسکتے تہے مین نے اونکے آنے سے فال نیک لیا

کچھہ سوار گھوڑے ڈالکر اتر گئے مین نے یہہ چاہا کہ یونہی اتر جاؤن لیکن امرا
نے یہہ عرض کیا کہ امیرزادہ پیر محمد اور امیر جہانشاہ معہ لشکر دست راست بطرف
فیروزاباد کے قریب دریا اترے ہین اگر امیر آج اسیطرف مقام کرین تو مناسب
ہے لاچار اوسدن دریا کے کنارہ پر ڈیرہ کرکے فوج مین سے امیرزادہ شاہرخ
اور امیر جہان ملک پسر امیر ملک اور سید خواجہ پسر شیخ علی بہادر وغیرہ امرا
کو دریا سے پار روانہ کیا اور مین نے رات وہان تیر کرکے ہفتہ کے دن
تاریخ بالا سے آپ کوکوچ اور پندرہ کوس تغلق پور کیطرف آیا تھا اور پانچ
کوس اور باقی تھا کہ مین نے یہہ سنا کہ جنگل مین ہنود جمع ہوئے ہین مین نے
فوراً امیر شہ بہادر اور علی سلطان تواچی وغیرہ امرا اور تومانات کو پانچ ہزار
فوج ساتھہ کرکے روانہ کیا اونہون نے جاتے ہی اون کفار کو ہلاک کیا اور
مین تغلق پور کو روانہ ہوا رستہ مین اختلاف آب و ہوا کے سبب میری شانہ
مین درد پیدا ہوکر دمبدم زیادہ ہونے لگا اور بیقرار کردیا اور گرم
دوا سے علاج ہوتا تھا کہ اسی مین یہہ معروض ہوا کہ ہنود اٹھائیس کشتیون
پر سوار ہوکر واسطے جنگ کے آتے ہین یہہ ہی خبر میرے درد کا گویا علاج
تھا جہاد کے شوق مین درد کو بھول گیا اور ہزار آدمی جو حاضر تھے ساتھہ
لیکر جلد دریا کے کنارہ پر آیا سپاہ کشتیون کو دیکھتے ہی گھوڑے دریا
مین ڈالکر کشتیون کے پاس پہنچے اور کنارہ کشتیون کا پکڑکر ادہر کھینچہ
ہرچند ہنود نے مدافعت کی لیکن مفید نہوئی اور کشتیون مین ہنود کو قتل
کرکے پانی مین گرا دیا اور بعضے بہادرون نے پایان آب کیطرف پیادہ ہوکر
مخالفون کو تیرون سے مارا اور کشتی والے بے تیر مارتے تھے جنھین آخر تمام کو مارا

۶۵۰ امیر اللہداد کا سب سے پہلے کمند ڈالکر قلعہ پر چڑہ گیا پہر اوروں نے ہجوم کیا
اور ملازمین ذاتی سے قلعہ پر چڑہ کر اندر گہس گئے اور قتل کرنا شروع کیا
میان ملک رستم برلاس نے الیاس افغان اور پسر مولانا احمد تہانیسری
سے جا جنگ کی پہر ان دونو سرداروں کو شکنجے باندہ کر حضور مین لے آیا
اور بعضے گبر لڑ کر مارا گیا اور لشکر مین گہس گیا اور گبر تمام مارے گئے اور انکے
زن و بچہ اسیر ہوئے اور مال اسباب سب غارت ہوا بعد تسخیر قلعہ کے مین
نے قلعہ کو جو نقب لگاکر لکڑیون پر تہام رکہا تہا آگ دیکر گرا دیا اور گرد کے
گہر بہی پہونک دیئے اور عمارت گرا دیے مجکو فتح قلعہ میرٹہ کی اس آسانی
سے میسر ہوئے اور یہہ وہ قلعہ ہے کہ جسکو ترمشیرخان نے اس شان و شوکت
اور لشکر بیقیاس کے ساتھہ محاصرہ کیا اور فتح میسر نہوئے اور مین نے تہوڑے
سے لشکر سے کہ بہادر جرأت اظہار روز روشن مین قلعہ پر چڑہ گئے فتح کر لیا مین بہت
سجدہ ہائے شکر کے ادا کئے اور جمعرات کے دن غرہ ماہ جمادالاول کو امیر جہانشاہ
کو معہ لشکر دست چپ کیطرف تعین کیا کہ جمنا کے بالا رآب کیطرف جہان کو
شہر یا قلعہ پاوے تو لیلے اوسکو مسخر اور کفار کو قتل کرے اور امیر شیخ نورالدین
کو حکم دیا کہ بہیر کو بحفاظت دریائے قراسو کیطرف لیجاوے اور مین واسطے
جہاد کے دریائے گنگ کیطرف کہ یہان سے چودہ کوس تہا متوجہ ہوا اور امیر سلیمان
شاہ کہ ہمراہ بہیر کے تہا اثنائے راہ مین حسب الطلب آگیا اس روز چہہ کوس
طے کر کے موضع منصورہ مین آیا اگلے دن جمعہ کو دوسرے تاریخ کوچ کر کے
صبح کے وقت موضع فیروز پور مین پہنچا اور دو تین کوس تک گہاٹ تلاش
کیا چاشت کے وقت گہاٹ پر پہنچا لیکن کہین سے پایاب نہین تہا اسلئے

تیموریہ

اسا رمین جسکو سرزمین دوابہ کہتی ہین آیا اوسوقت معروض ہوا کہ یہان سے نزدیک شہر میرٹھہ ہے وہان ایک قلعہ ہے نہایت مستحکم اور وہان کے دار وغہ اور کوتوال الیاس افغان اور بیٹیا مولانا احمد تہانیسری کا ہے اور صفی نامے گبر معہ جماعت گبروں کے اسباب جنگ کا قلعہ مین تیار کر کے مستعد ہے

ذکر قلعہ میرٹھہ کی فتح کا

یہہ حقیقت سنکر مین نے فوراً امیر رستم پسر طغے بوغا اور امیر شاہ ملک اور امیر الہداد کو معہ افواج میرٹھہ کو روانہ کیا کہ اگر میرٹھہ والے اطاعت کرین تو امن دینا اور نہین تو وہانکا حال لکھ بھیجنا اور قلعہ کا محاصرہ کر لینا امرا نے چھبیسوین[26] تاریخ روز یکشنبہ کو روانہ ہو کر وہان جا تے ہی اہل قلعہ کو کہلا بھیجا کہ اگر تمکو اپنے جان مال ناموس محبوب ہے تو اطاعت امیر کے اختیار کرو جواب دیا کہ ترمشیرخان بیقیاس لشکر لیکر اس قلعہ سے ناکام چلا گیا امرا نے یہہ جواب سنکر غصہ کر کے غصے پر ہوکر بلحاظ بے ادبی کے جو بہ نسبت ترمشیرخان بادشاہ عظیم الشان کی ہے مجکو غضب آیا اور وہان سے فوج آراستہ کر کے میرٹھہ کو اوسی دن منگل کو ستائیسوین تاریخ ظہر کے وقت روانہ ہوا اور دس ہزار سوار چیدہ ہمراہ لیلئے اور وہ بیس کوس ایک رات مین طے کر کے بدہ کو انتیسوین[29] تاریخ حوالے میرٹھہ مین آیا اور ظہر کے وقت امرا کو یہہ حکم دیا کہ ہر یک اپنے اپنے مورچال سے قلعہ تک نقب تیار کرے ہر یک نے ایک رات مین مقابل برجون کے بارہ بارہ گز نقب تیار کیے اہل قلعہ اس خبر سے گھبرا گئے اسی عرصہ مین تشون وفادار جسکا سردار امیر الہداد تہا قوچین تہا دروازہ پر پہنچا اور آواز بلند تکبیر کہے اور سراپے بہا در اپنے قلعہ پر رہا وہ لنگر

تزوک

رمہ۶ بدہ کے دن بائیسوین تاریخ ربیع الاخر کے جہاد کے نیت سے تلوار لیکر دہلے سے
مہ سوار ہوا اوس دن مین تین کوس چلے کرکے فیروزاباد کے قلعہ مین کہ جمنا کے کنارہ
پر فیروز شاہ کا بنا یا ہوا ہے آیا اور دو اسیطے سیر کے قلعہ کے اندر مسجد جامع مین
جا کر بیٹہا وہان دو دوگانہ شکرانہ کا ادا کرکے برابر عادت جہان نما کے ڈیرا کیا
اوسدن سید شمس الدین ترمذی سے اور علاء الدین نایب کر کری کہ سفیر ہو کر بہادر
کو تلہ کو بہادر ناہر کے پاس گئے تہے آئے اور اوس کے عرض عقیدت آمیز پیش
کئی لکہا تہا کہ مین امیر کا اونے جا کر ہون سترہ ایل درگاہ مین آتا ہون اور ایلچیون
نے عرض کیا کہ پرسون کو بہادر ناہر آستان بوس ہوویگا اور بہادر ناہر نے
دو طوطیان سفید رنگ فصیح گفتار شیرین کلام ہمراہ ایلچیون کے پیشکش کیں اور
۴ عرض کیا کہ یہہ دونو طوطیان تغلقشاہ کے عہد مین تغلقشاہ کے مجلس مین یہہ دو
ہمیشہ حاضر رہتے تہین اور تغلق شاہ کے بعد ہر ایک سلطان کے پاس حاضر
رہین مین اونکے باتین سنکر مین بہت خوش ہوا اور اونکا پنجرا ہر روز میرے
دربار مین رہتا اور مین اونکے باتین سنا کرتا اگلے روز جمنا عبور کرکے
چہہ کوس پر موضع مودولہ مین مقام کیا جمعہ کو یہان سے کوچ کرکے پانچ چہہ کوس
پر موضع کہتہ مین ڈیرا ہوا اوسوقت ناہر بہادر مع اپنے بڑے بیٹے قلتاس
نامی کے درگاہ مین حاضر ہوا اور سرفت امرا کے باریاب ہو کر پیشکش نذر
کئے مین اوسکا بڑا تحفہ طوطیو کو جانتا تہا آثار اخلاص کا اوس کے گفتار
کردار سے دریافت کرکے نوازش خسروی سے سربلند کرکے اوس کے
طبیعت کا وہم دور کر دیا اگلے دن وہان سے چہہ کوس پر قصبہ باغپت میں آیا
اور اگلے دن اتوار کو تیسوین تاریخ باغپت سے پانچ کوس پر موضع

تیمور سے

کہ کفار کے دلمین ارادہ لڑائی کا ڈالدیا لاچار یہہ حادثہ گزرا یہہ استیصال کفار دہلی کے سے فارغ ہوکر مین بے واسطے سیران شہرونکے سوار ہوا اسسے ایک شہر دور ہے نام ہے عمارت اور اسکا حصار اسکا اینٹ اور پتھر کا نہایت مضبوط اور پرانی دہلی پیہ ایسے ہے نہایت مضبوط لیکن سیری کے قلعے سے بڑا ہے اور سیری کے قلعہ سے دہلی کہنہ کے قلعہ تک بہت مسافت ہے اور دونو طرف مستحکم دیوار پتھر اور گچ کے بنا رکھی ہے اور مسکو جہان نما کہتے ہین اور بیچمین شہر آبادہین اور ان تینون شہر کے تیس دروازہ ہین جہان نما کے دروازہ سات جنوب سے طرف مشرق کو مائل اور چھہ شمال سے طرف مغرب کے طرف مائل اور سیری کے سات چار باہر کے جانب اور تین اندر سے طرف جہان نما کے اور دہلی پرانی کے دس کہ باہر کے طرف کہلتے ہین اور کئی اندر کے طرف کو سیر سے فارغ ہوکر پہر مین جامع مسجد مین آیا وہان سادات اور علما اور مشایخ کو بفراغ خاطر صدمہ سے بچے ہوئے تہے بلاکر تسلی اور حسب حال ہر یک کا اعزاز کیا اور انعام دیکر ایک داروغہ واسطے فضیلت اونکے محلے کے مقرر کردیا مبادا اونکو کوئی ضرر پیش آوے پہر وہان سے بارگاہ کو چلا آیا پندرہ دن وہان عیش و عشرت سے کاٹکر میرے دلمین یہہ آیا کہ مین تو واسطے جہاد کفار ہند کے عزم کیا ہے اور اسسے نیت کی برکت سے ہر یک جگہ دشمن پر فتحیاب ہوا اور کئی لاکھہ کافر قتل کیے اور ایسے فتح مجکو میسر آئیے اب لازم یہہ ہے کہ آرام طلبی دور کر کے کفار کی جہاد مین مشغول رہون

ذکر کفار ہند کی جہاد کا بعد فتح شہر دہلی کے

۲۴۶ مہینے ربیع ہفتے کے دن اٹھارویں تاریخ بیچ یہہ بے فساد رہا اسقدر لٹا کر
۲ سپاہیے ڈیڑھ ڈیڑھ سو اسیر زن و مرد اور بچے لے آیا اور کسینے بیس بردہ سے کم
نہین لیئے تہے اور سواے اسکی غنایم جواہر یاقوت الماس لعل موتی او
زر نقد اشرفیے اور روپیہ اور برتن سونیے چاندیے کے اور کپڑے زرلفت
اور ابریشمی گران قیمت اور عورتین ہنود کے سو زیور طلائیے مرصع بیشمار
ہاتھ آئین سواے محلہ سادات اور علما اور قضات کے تمام شہر تاراج ہوا
تقدیر الہی یہہ ہی تہے مین نے ہرچند چاہا کہ شہر کے حفاظت کرون پر نہو سکا
تقدیر سے دہلے پر حادثہ گذرا اتوار کے دن انیسوین تاریخ معروض ہوا کہ
پرانے دہلے کی جامع مسجد مین بہت کفار جمع ہوئے ہین اور اذوقہ اور اسباب
جنگ مسجد مین بہر کر لڑائیے پر مستعد ہین چنانچہ کئے شخص کو جو وہان کار کو
گئے تہے زخمے کیا مین نے فوراً امیر شاہ ملک کو اور علے سلطان تواچے
کو سو لشکر روانہ کیا تا کہ مسجد خانہ خدا کو وجود کفار سے صاف کر دین جب الا
امرا اونے جا کر سب کو قتل کیا اور پرانے دہلے سے تاراج ہوئے اور
اسیرون مین سے پیشہ ور اور ہنرمند استاد کئے ہزار جدا کئے اور وہ تمام
امرا کو جو یہان تہے یا ممالک محروسہ مین متعین تہے تقسیم کر دیئے اور از بسکہ مرا
یہہ عزم تہا کہ سمرقند مین ایسی مسجد تیار کرون کہ کسے مملکت مین اوس کے
مثال نہو اسلیئے جتنے معمار یا سنگتراش تہے سرکار مین ضبط کئے اور خواہش
الہی سی بدون میرے اشارہ کے تین شہر سیرے اور جہان پناہ اور پرانے
دہلے تاراج ہوگئے جب میرے نام خطبہ کہ باعث امن امان کا تہا پڑہا گیا مرا
عین ارادہ یہہ تہا کہ اہالے شہر کو ذرا صدمہ نہ دیے لیکن تقدیر یوہی تہے

۲۲۹ توزیرہ فصاد کو مسجد جامع کو ناسیطے نماز جمعہ کے بہیجا تاکہ خطبہ میرے نام کا دار الملک دہلے مین پڑہین حسب الامر سا جد دہلی کے میرے نام سے رونق پذیر ہوئین اور خطیبون کو خلعتین طلائے اور زرِ انعام بیحد عنایت کیے اور واسطے ترتیب بزم کے حکم دیا

ذکر مجلس کا جو بعد فتح ملک دہلی کی مرتب ہوئی

بعد ترتیب مجلس کے امرا اور علما اور کاتب کو جمع کرکے سادات اور علما اور مشایخ اور وزراکا بر دہلے کو بہی بلایا جب سب آچکے مین نے تخت سلطنت پر جلوس کیا اور مغنے خوش آواز ترک اور تاجیک کے گانے لگے اور شیرینی اور طعام اہل شہر اور امرا کو خصوصاً جنہونے میری ساتھ شمشیر زنی کے بیچ تقسیم کرکے نوازش خسروانہ سے سربلند کیا اور خلعتین زردوزی سے کلاہ کمر زر شمشیر خنجر مرصع گہوڑے توپچاقی راہوار زر زین عنایت کیے اور بعضونکو تکر ذکر مرتبہ بلند کر دیا اور شہر کی سادات اور علما کو بہی خلعتین اور انعام دیئے اور منشیونسے فتح نامے ہندوستان کے لکہواکر نامہ بریعنے حاکمک بحروسہ کو روانہ کیے اور تمام اہل شہر بر سوائے سادات اور علما اور مشایخ کے خراج مقرر کرکے تحصیلدار تعین کر دیئے

ذکر سبب تاراج ہونی شہر دہلے کا

مین وہان کیئے دن تک بزم عیش کرتا رہا یہانتک کہ تیرات کے دن ہنوز تاریخ گئے ایسی حزین واقع ہوئین کہ جنسے شہر تاراج اور منہدم

علما وغیرہ نے معرفت امرا کے اہل دہلی کی جان بخشی چاہی تھی میں نے ان کی تعظیم
سادات اور علما کے ساکنین شہر کو امن دے کر یہ حکم کیا کہ ہمارا علم سلطنت اور
تمام کوس اور نقارہ وغیرہ دہلی کے دروازہ پر لیجا کر بجا دیا فتح کا بجا نواور
بعضے شاعر تاریخ فتح کی نظم کر کے پیش نظر لائے اون میں سے یہہ تاریخ دفتر میں
لکھوا دیے   چہار سنہ و ہشتم ماہ ربیع دویم   گرفت خسرو صاحب قران دہلی
را از فتح شاہ کہ مجموع لشکر سے تاریخ   سعد و معین و خورشید بہ عید ای ارا
تو باز گو کہ گشت دوران بکر بشد سے کہ باشاں رسید بسال رضا ز فتح شاہ عزرخار
یکسد نہصد و یک   خود این ہفت بانذر رای اہل دکا   ز اسپ باری نصرت بباغ دہ
بسال خار گل فتح سبز شد او یا   اور جو فاضل یا شاعر کہ تاریخ لکھ کر لائے تھے
اونکو بہت انعام دیا اور آدمی بھیجکر سلطان محمود کے ہاتھی جنکو چھوڑ کر بھاگ
گئے تھے منگوائے جب وہ ہاتھی ہمارے پاس آئے تو اونکا عجب تماشا دیکھا
جو انکو فیلبانوں نے سدہایا تھا اول ہر ایک ہاتھی نے فیلبان کے اشارہ سے
سر زمین پر لگا کر سلام کیا اور بولا اور جو چیز زمین پر آگے پڑی ہوئی تھی تو
وہ بھی فیلبان کے اشارہ سے اوٹھا کر فیلبان کو دیدیتا تھا یا منہہ میں رکھ لیتا
رکھتا تھا ہاتھیوں کے یہہ اطاعت آدمی کی سے باوجود اس جثہ اور جسامت
اور قدرت کے خالی تعجب سے نہیں تھے اسلئے وقت مراجعت کے وہ
ہاتھی ولایت ایران اور توران اور فارس اور روم بھیجے تاکہ اولاد
ممالک محروسہ کے ہاتھیوں کا تماشا دیکھیں چنانچہ پانچ ہاتھی سمرقند کو روانہ
کئے اور دو تبریز کو اور ایک شیراز کو اور پانچ ہرات کو اور ایک شروان
کو اور ایک ازرنجان طہرتن کے پاس بھیجا اور جمعہ کے دن مولانا ناصر الدین

۶۴۲ دوات کے دعا دیے اور اسباب ننگا کرا سبے بگر لشکرگاہ کیا اور سپاہ کو اپنے
اپنے مقام کے رخصت دیے اور واسطے احتیاط کے تاکید کیے اور سلطان
محمود اور بلوخان شکستہ حال قلعہ مین جا کر پچتایے کہ ہمنے اطاعت کیون نکیے
کہ یہہ مصیبت ہم پر نہ آتے بہرحال اونہونے اپنا قلعہ مین رہنا باعث اسیری کے
کا جانکر اوسے رات کو کہ بدہ اور ساتوین تاریخ ربیع الثانیہ کی تہی آدہے
رات کو سلطان محمود اور بلوخان جہان آباد کے قلعہ سے نکل کر کوہستان
کو روانہ ہوئیے مین نے یہہ خبر سنکر فوراً الوسعید اور تیمور خواجہ پسر اپر
انیوغا اور جاوید سعید سلدوز اور ذوالنون بخشیے وغیرہ امرا کو اونکی
تعاقب پر تعین کیا اونہون نے اونکو جا پکڑا بہت لوگ قتل ہوئیے اور
بہت مال اسباب غنیمت ہاتہہ آیا اور ملک شرف الدین اور ملک خداداد
پسران رشید بلوخان کے کو معہ غنایم زندہ پکڑ لائیے بعضے امرا کو مقرر کیا
کہ جا کر دروازہ مودرا نیے کے جسے سلطان محمود نکل گیا تہا اور دروازہ
برکے جسے بلوخان گیا تہا حفاظت کرین اور تمامے دروازون پر ہے
آدمیے واسطے خبرداریے کے تعین کیے کہ اہل شہر کو باہر نجانے دین مجملا
مین سے دروازہ میدان کیطرف عیدگاہ مین جا کر خیمہ برپا کر آیا اور تخت
سلطنت پر جلوس کیا اوسوقت سادات اور قضات اور علما اور
مشایخ اور رئیس اور اشراف شہر کے دربار مین آئیے اور تسلیم
ادا کیے بہر مین نے ہر ایک کو اوس کے مرتبہ کے موافق نوازش کی اور
بٹھا لیا بہر فضل اللہ بخشیے بلوخان کا وکیل اور نایب اہل دفتر سلطان
محمود اور بلوخان کے اکر زمین بوس ہوئے اوسوقت تمیع سادات اور

تیمور سے

دالا ورسے دیے وه سب جہٹ پٹ اگلے فوج مین جا بیٹھے اور تمام فیلبانونکو ۱۳۲۶
برون سے ہلاک اور ہاتھیونکو تلوار سے زخمی کیا سلطان محمود کے لشکر اور
الوخان نے بیچ جنگ مین کوتاہی نکے لوازم سپاہگری کی ادا کیے لاکن
ہمارے بہادرونکے حملونکے برداشت نکے آخر اپنا اور سپاه اور ہاتھیونکا
حال تباه دیکھتے ہی گھبرا کر منہزم ہوا بہزار محنت سلطان محمود اور ملوخان
نے شہر مین گھس کر دروازے بند کر لیے اور امیرزاده خلیل سلطان ایک
ناے ہاتھی سلطان محمود کا که اوس سے فیلبان کو تیر سے مار کر حضور مین ہنکا لایا تھا
اوس کے اس جرئت پر پندره برس کے عمر مین سینه سے لگایا اور عنایات ۴
کے جب سپاه سلطان محمود کے شکست کہا کر بعضے مارے گئے اور بعضے قلعه
مین جا گھسے تو مین بے قلعه کے دروازه پر آیا اور پہر قلعه کو بغور دیکھا او
وہان سے مراجعت کر کے کناره حوض خاص کے جو فیروزشاه کا بنایا ہوا
تھا اترا گرده اوسکا باوجودیکه ہر طرف سے ایک تیر پرتاب سے زیاده
ہے پتھر اور گچ کا تھا اور اوسمین عمارت تیار کیے تہے برسات کے دنون
مین مینه کے پانی سے بہرجاتا تھا شہر کے لوگ تمام سال اوس حوض کا
پانی پیتے ہین اور سلطان فیروزشاه کے قبر بہی اوسکے کناره پر تہی وہان
سب امرا نے جمع ہوکر مبارکباد فتح کے دی مین نے سب امرا کو سینه
سے لگایا اور جن جنسے مردانگی ہوئے تہے اونکو مدح کر کے خوشنود کیا اور
ذکر کرنے اس عنایت الہٰی کے جسکه اوسنے اتنے فرزندان اور امرا
مرحمت کرکے میرے تابع کردیے ہین اور فتوحات بزرگ میسر کین بجلد و رفت
ہوئے اور آسمون بیکی اور سجده شکر کا ادا کیا سب لوگون نے دوام

۶۴۰ گرد اور جوش و خروش سے زمین مین زلزلہ پیدا ہوگیا اوسوقت سونجک بہادر اور
سید خواجہ الہداد اور نصرت بہادر اور قرار سے سامنے تیمور بہادر اور
محمود درویش نے فوج ہراول سے جدا ہوئیے اور جب دیکہا کہ فوج سلطان محمود
کے نزدیک آگئے دست راست کیطرف ہو کر ایک پشتے مین کمین کیا جب فوج
قراول انکے کمین گاہ سے گذر گئے تو سونجک بہادر اور سید خواجہ وغیرہ نے
اونکے عقب پر تاخت کیے اور تلوار کہینچکر مثال شیر کے بکریون مین گہس گئے
تخمیناً تین سو سوار مخالف کے ایک حملہ مین قتل ہوئے اور امیرزادہ پیر محمد
جہان گیر سردار فوج دست راست کے نے اور امیر سلیمانشاہ نے موافق
اپنے فوج کے غنیم کی فوج دست چپ پر حملہ کرکے تیرباران کیا پہر تلغے خان کی
فوج پر جا پڑے اور امیرزادہ پیر محمد جہان گیر نے ایک فیل مست کے سونڈہ
مین ایسے تلوار دیے کہ سونڈہ قلم ہو کر گر پڑے اور سپاہ نے دشمن کے فوج
دست چپ مین کہستے ہی اونکو ہزیمت دیے اور ہمارے فوج دست چپ مین سے
امیر جہانشاہ بہادر اور امیر غیاث الدین ترخان وغیرہ امراؤ نے غنیم
کے فوج دست راست پر جسکا سردار ملک معین الدین تہا حملہ کیا اور ضرب
شمشیر کے تمام انبوہ کو پریشان کردیا اور امیر جہانشاہ بہادر اونکی اتباع
خان
پر مار مار کر شہر کے دروازہ تک گرا آیا اوسوقت سلطان محمود اور ملو
کا قول اور تمام سردار اور سپہ سالار اور پیشوار پیادہ اور ہاتہی مست
بیک
ایکبار نکلے تو ادہر ہوئیے امیرزادہ رستم اور شیخ نورالدین اور امیر شاہ
نے خوب مردانگی کے اور امرا نے بہی جیسے دوست تیمور تواچی اور
دنگلے خواجہ نے مع سپاہ کے خوب زد و خورد کیا اوسوقت مین فیل اپنی نقارہ

شہیر ہے

یہہ بیان کیا کہ سلطان محمود بیہ جنگ کے لیئے سوار ہوا ہے اور صفین مرتب ۴۳۹
کر کے فوج دست راست میں ملک معین الدین اور ملک نائب وغیرہ کو سردا
ر کیا ہے اور فوج دست چپ کے طغی خان کو اور میر علی وغیرہ کو سپرد کی
ہے اور آپ بلوچ کے ساتھہ قول میں ہے اور بعضوں کو ہراول بنایا ہے تمام لشکر
یس ہزار سوار اور چالیس ہزار پیادہ جنگی اور ایکسو اٹھہ ہاتھی بہت
مسلح عماری دار ہیں اور رعد انداز اور آتش باز اور بان دار عرابہ
میں ہیں اور یہہ آئے اسطرح میں غنیم کی فوج نمودار ہوئے میں بھی مخالف
کی فوج کا انداز دیکھنے کے لیئے ایک پشتہ پر چڑھکر فوج کو غور سے دیکھا تو
وہ پریشان نظر آئے اپنے دل میں یہہ کہا کہ بڑے لوگ ہے تو انشا اللہ تعالے
غنیم پر فتح پاونگا اور پشتہ پر گھوڑے سے اترکر دو رکعت نماز کی نہایت
خضوع سے ادا کیں اور سجدہ میں اللہ تعالے سے نصرت طلب کی دعا کے
وقت مجکو آثار اجابت کا معلوم ہوا بعد نماز کے عنایت الہی پر تکیہ کرکے
اپنے قول میں علم سلطنت کے تلے چلا آیا اور علی سلطان تواچی اور دولت
بخشی معہ اونکے بیٹے کے اور سوسے کمال کو معہ قشونات فوج پر نقار کے مدد
کو بھیجا اور بعضے امرا قشونات کو ہراول میں روانہ کیا اتفاقاً اوسیوقت
امیر یادگار برلاس اور امیر سلیمان کے دل میں جو افواج ست راست میں
تھے اور شیخ نور الدین اور امیر شاہ ملک کے دل میں جو ہراول تھے یہہ آیا کہ
اگر امیر جماعت قول کو ہمارے مدد پہ تعین کرے تو ہم نیک فال لیتے ہیں کہ
آج ہمارے فتح ہوویگی تربت یہہ ہے میرے خیال میں آیا کہ بعضے امرا
کو اونکے مدد کے لیئے روانہ کروں پہر دونو صفین متقابل ہوئیں تیار ہوا تھا

۲۳۸ بطریق استمزاج کے دریافت کیا کہ لڑائی کے دن تمہارا مقام کہاں ہوگا با
وجود یکہ انہونے ہمارے ساتھہ بہت معارکے دیکھے تھی لیکن ہاتھیوں کے خوف
سے ترت جواب دیا ہمارے جگہ وہان ہے جہان عورتین رہین لاچار
واسطے جمعیت خاطر ایسے لوگونکے بھینس لوٹ کے جمع کرکے اونکے
سر اور گردن باندہ کر اسطرف باڑ لگا دیے اور سپاہ کو تاکید کی کہ سب
کو شبخون سے ہوشیار رہنا

ذکر حضرت صاحبقران کی جنگ صف کا سلطان محمود بادشاہ دہلی سی اور سلطان محمود اور ملوخانکی ہزیمت کا

بعد فراغ اس احتیاط کے جب صبح کے نماز جماعت سے ادا کر چکے کوس وغیرہ
ساز بجانے شروع کیے اور تمام امرا و سپاہ جلنہ پوش سوار ہوئی
اور مین بھی سوار ہو کر صفون کو مرتب کرنیلگا اور جیسے پہلے مقرر کیا تھا
یساول دست راست کا امیرزادہ پیر محمد جہانگیر اور امیر یادگار
برلاس اور امیر سلیمانشاہ اور امیر مضراب اور یساول قمار سے
اور تیمور خواجہ پسر امیر اقبوغا وغیرہ امرا قشونات کو سپرد کیا
اور فوج دست چپ کا سردار سلطان حسین اور امیرزادہ خلیل سلطان
اور امیر جہانشاہ اور شیخ ارسلان کو کیا اور امیرزادہ رستم اور
امیر شاہ ملک اور امیر الہداد وغیرہ امرا کو ہراول بنایا اور مین آپ
قول مین رہا بعد آراستگی فوج کے قراول تعین کیے کہ آگے جا کر غنیم کے
حال سے خبردار رہین اسمین قراول منغاغون کو گرفتار کیا اور اس سے پوچھا

ضمیمہ

طوخان کے جو سلطان محمود کے سپہ سالار تھا فال دیکھی تو یہہ آیت سورہ نحل کی ۴۳
کی نکلی ضرب اللہ مثلا عبدا مملوکا لا یقدر علی شیء ومن رزقناہ منا رزقا حسنا فہو
ینفق منہ سرا وجہرا ہل یستوون تفسیر یہہ ہے کہ بیان کی اللہ تعالے نے مثل کہ بندہ
زر خرید جسکو طاقت نہیں کسی چیز کی اور مرد آزاد جسکو روزی بہت دی ہی
اور وہ بخشتا ہے اوس رزق کو ظاہر و باطن کیا یہہ غلام اور آزاد برابر ہیں
یعنی نہیں ہیں اس فال سے بہت محکم بشارت ہوئی اور قران کے حکم پر مین نے
اعتماد کلی کیا اور عنایت الہی پر تکیہ کرکے غرہ ماہ ربیع الآخر کو جمنا کو پایاب
اترا اور خیمہ اور خرگاہ جمنا کے کنارہ پر برپا کئے اور امرا نے حسب الامر
گرد دولتخانہ کے ڈیرا کیا اور زمین لشکر کے گرد کے واسطے تیاری خندق
کے امرا اور تواجات وغیرہ کو تقسیم کر دی ہے دو پہر مین سب نے خندق عمیق تیار
کر لی اور مین نے خندق کو دیکھہ کر اندر کی جانب مین درخت کٹوا کر شاخ
بندی کرا دی اور بعضے جگہ تختہ کھڑے کر دئے چونکہ اہل لشکر نے یہہ سن رکھا
تھا کہ اعتماد لشکر ہندوستان کا ہاتھیوں پر ہے کہ لڑائی کے وقت فوج کے
آگے رکھتے ہین اور ان کو کسی ہتیار تیر یا تلوار کا تیہ پہ اثر نہیں کرتا اور بلندی
اور جسامت مین گویا پہاڑ ہوتے ہین اور ایسی قوی ہے کہ درخت کلان اور
دیوار مضبوط کو ایک اشارہ مین اکھاڑ ڈالتے ہین اور جنگگاہ مین سوار
کو گھوڑے سمیت سونڈ مین اوٹھا لیتے ہین بہرحال یہہ باتین سنکر بعضے اشخاص
بسبب واہمہ لوازم بشریہ کے مذبذب نظر آتے تھے چنانچہ مین نے جس وقت کہ
امرا کو جرانغار اور برانغار پر تعین کیا تو اون علما سے جو ہمارے
ساتھ تھے جیسے خواجہ افضل کشتی اور مولانا عبد الجبار خوارزمی وغیرہ

تزوک

قدر و در جنگ مین توقف کیا چاہیے کہ دشمن کا طالع قوی ہے چونکہ مین ہر یک امر
مین عنایت الہی پر تکیہ کرکے تمام فتح اور شکست کو تقدیر سے جانتا تہا اسلیے
منجمونکے قول کا کچہ اعتبار نکیا اور نصرت اللہ تعالے سے طلب کی کہ ایسا نہو
کہ جنگ مین درنگ ہووے جب اس منزل مین رات گذر گئی صبح کو عادت کے
موافق نماز جماعت کی ادا کرکے وظیفہ پڑہا بہر کلام اللہ مین فال دیکہی تو سورہ
یونس کی یہہ آیت نکلی انما الحیوۃ الدنیا کماء انزلناہ من السماء فاختلط
بہ نبات الارض مما یاکل الناس والانعام حتے اذا اخذت الارض زخرفہا
وازینت وظن اہلہا انہم قادرون علیہا اتیہا امرنا لیلا او نہارا فجعلناہا حصیدا
کان لم تغن بالامس کذلک نفصل الایات لقوم یتفکرون مین نے ترت علماء کو
بلاکر تفسیر اس آیت کی پوچہی کہا کہ تفسیر یہہ ہے زندگی اس عالم فانی کی
مانند پانی کی ہے جسکو ہم نازل کرتے ہین آسمان سے اور آمیختہ ہوجاتے ہین ساتہ
پانی کے جو کہ زمین سے اوگتا ہے جسکو آدمی کہاتے ہین جیسے غلہ اور میوے
یا حیوان کہاتے ہین جیسے گہاس یہانتک کہ آراستہ ہوجاتی ہے زمین اور
آراستہ ہوتی ہین میوہ اور غلہ اور گمان کرنے لگتے ہین اہل زمین کہ اب ہم
بہرہ ور ہوسکتے ہین اوس سے ناگاہ آتا ہے حکم اوس غلہ اور میوہ کی خرابی
کا رات کو یا دن کو پس کر دیتے ہین ہم اوسکو کٹہا ہوا اور نابود ایسا
کہ معلوم ہوتا کہ اس زمین پر کل کچہ نہین تہا اور ایسے ظاہر کرتے ہین ہم نشانیان
واسطے فکر کرنیوالونکے ہمارے قدرت مین جب یہہ تفسیر بیان کی جونکہ
[illegible] دریافت کرنا مال شہر کا تہا تو یہہ [illegible]
میرے [illegible] دریافت [illegible]
[illegible]

تیمور سے
ذکر ایک لاکھ ہندو کی قتل کا

ایسے مجلس مین امیر جہانشاہ اور امیر سلیمانشاہ وغیرہ نے عرض کیا کہ جب سے آپ
ہندوستان کو متوجہ ہوئے ہین اب تک کفار اسیر ایک لاکھ سے زیادہ لشکر
مین جمع ہو گئے ہین اور کل جو فوج مخالفونکے تعاقب ہو رہا ہے لڑتے تو تمام اسیر
خوش ہو کر دشمنونکے فتح مناتے ہین منتظر ہین کہ اگر مخالفونکا ذرا غلبہ ہو دیکھین تو
بند توڑ کر ہم پر ہجوم کرین یا مخالف سے جا ملین مین نے اس باب مین مشورہ کیا
انہونے عرض کیا کہ روز جنگ کلان کے ان ایک لاکھ آدمیون کو نہ خالی فرودگاه
گاہ مین چھوڑ سکتے ہین اور نہ قید سے خلاص کر سکتے ہین کیونکہ یہ سب اتنے کفار
بت پرست کے جو اہل اسلام کے دشمن ہین سپاہگری سے بعید ہی سوا اسی قتل کی
اور کوئی تدبیر خیال مین نہین آتی چونکہ مشورہ امراء کا موافق قاعدہ سپاہگری کے
کے تھا مین نے حکم دیا کہ تمام لشکر مین منادی کر دو کہ جس جس کے پاس کفار
ہند کے مقید ہون اونکو قتل کرین اور جو شخص اپنے اسیر کے قتل مین مہلت کرے
اوسکو بھی قتل کر دو اور اوسکا مال اسباب واسطے کشندہ کے ہے اہل لشکر نے یہ
حکم سنکر اپنے اپنے اسیرون کو قتل کیا ایک لاکھ کافر اوس روز قتل ہوا مولانا
ناصرالدین عمر نے جو تمام عمر مین کبھی چڑیا ذبح نہین کیے تھے اوس روز پندرہ آدمی
تلوار سے مار ڈالے بعد قتل ان کفار کے یہہ حکم دیا کہ دس جوان ہر دس جوانون
مین سے واسطے نگہبانی مال اور مواشی اور بردون کی فرودگاہ مین رہین
مین تمام لشکر ساتھ رہے ظہر کے وقت کوچ کرکے جہان گھاٹ جمنا کا مقرر ہے
ڈیرا کیا اوسوقت ستارہ شناسون نے جو تقویم سے سعادت اور
نحوست بیان کیا کرتے تھے عرض کیا کہ ان دنون ساتون ستارون کے یہہ کیفیت ہے

۲۳۴ ذکر سید خواجہ اور مبشر بہادر کے مدد کو بہیجا اونہونے متفق ہوکر پہلے غنیم پر تیر
باران کیا اور دشمنان پر حملہ آور ہوئے دوسرے تیسرے حملہ مین مخالفونکو شکست
ہوئی پراگندہ ہوکر دلی کیطرف بہاگ گئے اور اکثر تلوار سے ہلاک ہوئے
اور جب غنیم کے فوج بہاگ گئے تو عجب ماجرا گذرا کہ اونکا جھنڈا اسپ جنگی ہاتہی
گر کر فوراً مرگیا یہہ سنتے ہی مین نے کہا فال نیک ہے اور بہادر غنیم کو مار
مار کر شہر مین داخل کرکے چلے آئے بہ بارگاہ خاص مین آکر مبارکباد دی
مین نے اونکو آفرین کے اگلے دن جمعہ کو تیسرے تاریخ لونے سے کوچ کرکے
مقابل عمارت جہان نما کے ڈیرا کیا اور جو امراء واسطے تاخت کے گئے تہے
وہ بہی غلہ اور غنیمت لیکر آئے

ذکر آداب جنگ کی تعلیم کا امراء کو

اس منزل مین مین نے مجلس آراستہ کرکے تمام امراء کو بلایا جب سب آچکے اگرچہ
تمام مرد کار آزمودہ تہے اور ہمارے سامنے سب نے تلوارین چلین تہین لیکن
جتنے معرکے مین نے دیکہے تہے اور بذات خود تلوارین کہا کر تجربے حاصل کئے تہے
یہ کسیکو میسر نہین تہا اسلیئے مین نے طریقے درآمد و برآمد جنگ گاہ اور
دشمن سے حرب وضرب اور صف آرائیے اور ترتیب لشکر اور مخالف
پر حملہ آور ہوے اور آپسکی مددگاری اور لوازم ضروری جنگ کے
اونکے روبرو بیان کیئے اور امراء دست راست اور دست چپ اور قراول
اور ہراول کو یہہ حکم دیا کہ ہر یک اپنے اپنے موقع پر قایم ہوکر پس وپیش
نہو وین اور خوب ہوشیار رہے اور احتیاط رکہین سب نے نصایح کو
مان کر تسلیم کیے

تیمور سے

۳۴۳ اگرچہ باتین قوت اور بصیرت ترکیبی ہندوستان کے ہاتھیون سے بہت سنتے تھے
کہ لڑائی کے وقت سوارون کو گھوڑے سمیت سونڈ مین لیکر زمین مین ٹپک دیتے تھے
مین بعضے آدمی مذبذب تھے آخر صلاح یہہ ہوئی کہ پہلے غلہ جمع کر کے اوس کے
قلعہ مین انبار کیا جائے تاکہ کھانے کی طرف سے خاطر جمع رہے پھر اسیطے
تسخیر قلعہ دہلی کی چلے لبد جنگی اس صلاح کے امیر جہانشاہ اور امیر سلیمان
شاہ وغیرہ امراء کو سو قشونات تعین کیا کہ جمنا اتر کر دہلی کے اطراف سے جتنا
گرد جہان غلہ ملے لے آوے اوسوقت میر سے دلمین یہہ آیا کہ تھوڑے سے سوارون
سے پار اتر کر عمارات جہان نما کو جا کر دیکھون اور رستہ درآمد اور برآمد
کا معلوم کرون سات سو چاقو پوش ساتھ لیکر چلا اور علی سلطان تواجی
اور جنید بورالدای کو واسطے قراول کے بھیجا اور مین جمنا اتر کر عمارت
جہان نما مین جا کر خوب سیر کی اور میدان جنگ اور جمعیت آرائی کا اور
رستہ درآمد برآمد کا معلوم کیا اوسوقت علی سلطان تواجی اور جنید کہ
قراولی کو گئے تھے ایک ایک خبردار کو پکڑ لائے علی سلطان جسے پکڑ کر میرے حضور
لایا تھا اوسنے احوال سلطان محمود اور ملو خان کا دریافت کر کے واسطے
تسکین کے قتل کیا پھر قراول یہہ خبر لائے کہ ملو خان چار ہزار سوار چار ہزار پیادے
اور ستائیس ہاتھی جنگی لیے ہوئے شہر کے باغات سے
نکل کر کھڑا ہوا ہے مین مبشر بہادر اور سید خواجہ کو چھہ سو سوارون سے
جہان نما مین چھوڑ کر لشکر کو چلا آیا اور ملو خان دلیر ہو کر جہان نما کے پاس
آیا سید خواجہ اور مبشر بہادر آگے بڑھ کر غنیم کے ہراول سے لڑنے لگے
مین نے لڑائی کا حال سنکر فوراً سونجک بہادر اور امیر الہداد کو دو قشون

۴۳۲ مسعود، نے ایک شیخ گوشہ نشین سالک راہ حق کا اوس قصبہ مین رہتا تہا از راہ دور بینے سکے اوسنے آکر ملاقات کیے باوجودیکہ وہ شخص وہانکا مقتدا تہا چند اوسنے اونکو جنگ سے منع کیا کہ ملازمت کرو لیکن اون جہال ہنود اور بلوچان نے پیر کا کہا ہرگز نمانا اور جنگ مین مشغول ہوئے یہہ بات سنکر مین نے تمام امرار اور لشکر کو واسطے تسخیر قلعہ کے روانہ کیا حسب الامر بہادر روان پہنچے اور تمام بہر مین توفیق الہے سے سخر کیا وہ قلعہ درمیان دو دریا کے تہا ایک جمنا دو ایک ہنڈن نہر جو بیٹے کلان سے سلطان فیروزشاہ اوسکو دریا رکا نہیں سے کاٹکر لایا تہا مقابل فیروزاباد کے دریا سے جمنا مین ملجاتے ہے اور بہت راجپوت اپنے اپنے زن و فرزند کو گہرونکے اندر پہونک کر بہر لڑکر مارے گئے اور اوراہل قلعہ سے قتل اور بہت زندہ اسیر ہوئے اگلے دن آہر دن مین سے مسلمانونکو جدا کرکے کفار کو جہنم واصل کیا اور گہر علماء اور سادات اور مشایخ کے محفوظ رکہہ کر باقی اہل قلعہ کو تاراج کرکے قلعہ خراب کر دیا ہہ مین لونی کے تسخیر سے فارغ ہوکر بدہ کے دن غرہ ماہ ربیع الاخر کو گذر گاہ دیکہنے کے لیئے سوار ہوکر جمنا کے کنارہ کنارہ عمارات جہان نما کے برابر آیا اور گہاٹ غور سے ملاحظہ کرکے عصر کے وقت اپنے لشکر مین چلا آیا اور امرار کو بلاکر واسطے تسخیر دارالملک دہلے کی اور واسطے جنگ کے ساتہہ سلطان محمود بادشاہ دہلی کے مشورہ کیا

ذکر مشورہ کا واسطے تسخیر دہلے کے

بعد بہت سے قیل و قال کے کہ ہر یک شخص کچہہ کچہہ کہتا تہا اور سپاہ نے.

خالی کر گئے ہین لشکر نے شہر مین جا کر خبر لائے کہ قلعہ مین ایک ڈھیر کئی ہزار من ۱۳۱ ۹
گیہون کا ہے مین نے اوسکو تلوا کر سپاہ کو تقسیم کر دیا دوسرا ڈھیر وزن مین تنگ
کلان ہے دس ہزار من کا تہا اور وزن شتر کے سے ایک لاکہہ ساتہہ ہزار من
ہوتا تہا اگلے دن پانی پت سے چہہ کوس چلکر کے دریا کے کنارہ پر جو رستہ مین
تہا ڈیرا کیا اور جمعہ کو چہبیسوین تاریخ اوس منزل سے کوچ کیا اور حکم دیا کہ تمام
امرا اور سپاہ جلو مین لین اور اپنے اپنے قافلہ مین ہر یک ہوشیار رہے پہر
موضع کانہے گرین مین مقام کیا اور امرا کو بلا کر حکم دیا کہ کل ہفتہ کے دن اونچ
قابو ہو اسلیے تاخت کے جا کر عمارات جہان نما سے کہ جو بنا کیے ہوئی سلطان
فیروز شاہ کے کنارہ دریا جمنا کے جو یہان کا مشہور دریا ہے پہاڑ کے
اوپر واقع ہے تاراج کرین پہر جو سامنے آوے اوسکو قتل و غارت کرین اگلا
دن فوج نے حسب الامر روانہ ہو کر عمارات جہان نما تک گرد ہلے سے پانچ کوس
پہ تاخت کیا اور جو مواضع اوس نواح مین تہے سب کو تاراج اور آدمیونکو
قتل کیا اور مال مواشی غنیمت اور زن و مرد کفار کے اسیر کر لائے اور
پہر کے دن انتیسوین تاریخ کوچ کر کے جمنا کے کنارہ پر آیا اور جمنا کے پار
ایک قلعہ نظر آیا اوسکا حال پوچہا تو یہہ معروض ہوا کہ یہہ قصبہ لونی ہے اور
سمیان میمون اور مبارک سلطان محمود کے طرف سے وہانکے محافظتکے
لیے کوتوال اور داروغہ ہین میرے دلمین یہہ آیا کہ پہلے اس قلعہ کو مسخر کرون
اسطرف دریا سی گہاس گہوڑونکے لیے بہت کمتر تہا اوسیدن جمنا کو
عبور کیا اور امیر جہانشاہ اور امیر الہداد کو معہ فوج واسطے محاصرہ قلعہ
لونی کے تعین کیا میمون اور مبارک وہانکے داروغہ اور کوتوال جنگ پر

۶۴۰ وغیرہ امرا کو قشونات بنایا اور افواج دست چپ کا سردار سلطان محمود خان
اور امیرزادہ خلیل سلطان اور امیرزادہ سلطان حسین اور امیر جہانشاہ اور
شیخ ارسلان اور امیر شاملک اور شیخ محمد پسر ایکو تیمور بہادر اور سونجک بہادر
اور بعضی امرا تومانات کو کیا اور تومان کلان اور تومان شاہ ملک اور امیر اللہداد
اور علی سلطان تواچی وغیرہ امرا تومانات اور قشونات اور ہزارجات اور
۵ صدجات کو اپنے رکاب مین رکہا اور لشکر کے حاضرے لی تو آٹھہ کوس طول
مین افواج کہڑے تہے پہر لشکر کے آراستگی سے فارغ ہوکر دلے کیطرف روانہ
ہوا پیر کے دن بائیسوین ماہ ربیع الاول کو قلعہ اسمندی مین آکر مقام کیا یہان
کے حال سے یہہ معلوم ہوا کہ سامانہ یہان سے سات کوس ہے اور اہل سامانہ
اور کیتھل اور اسمندی کی تمام کافر بدکیش ہین آپ اپنے گہرونکو پہونک کر
معہ مال اسباب دہلے کو چلے گئے ہین یہہ تمام ملک خالی ہے اگلے دن تئیسوین
تاریخ وہان سے کوچ کرکے چہہ کوس پر موضع تغلق پور مین آکر ڈیرا کیا قلعہ
والے فوج کے ہیبت سے اطراف و جوانب کو بہاگ گئے تہے اور اونکا مذہب
یہہ معلوم ہوا کہ انکو ثنوی کہتی ہین بعضی انمین کے دو خدا کے قائل ایک کو
یزدان کہتی ہین جو نیک امر واقع ہوا اوسکو یزدان کے طرف سے جانتے
ہین اور دوسرے کو اہرمن اور تمام فسق و فجور کو اوسکے طرف منسوب کرتے
ہین سے خاک اوسکے مونہہ مین یہہ نہین جانتے کہ خالق خیر و شر کا اللہ تعالی ہے
اور فاعل آدمی ہے تمام اونکے گہر پہونک دئیے اور قلعہ اور عمارت گرا کر
خاک مین ملادیے اگلے دن چوبیسوین تاریخ نرہ کے دن بارہ کوس چلکر
پانی پت مین آیا وہان مسروض ہوا کہ اہل شہر حاکم دہلے کی حکم سے شہر

یہاں سے نزدیک تہا لیکن اسباب وہان کا ابہی نہین آیا تہا اسلیئے کے مقام ۲۹
کیئے اور سیر کے دن پندرہوین تاریخ وہان سے کوچ کر کے برابر قدسے پل کو
کاہو دریا سے کہکر پر بنا ہوا تہا اترا اس منزل مین امراء فوج جرانغار سے سلطان
محمود خان اور امیر زادہ رستم اور امیر جہانشاہ اور امیر غیاث الدین
ترخان اور امیر حمزہ پسر طغی بوغا برلاس اور مبشر بہادر وغیرہ امراء
جن کو مین نے کابل سے ہندوستان کو روانہ کیا تہا حاضر ہوئے اون سے
وقایع رستہ کے پوچہے تو عرض کیا کہ ہم جس شہر یا گانو یا قلعہ پر پہنچے تو جنہنے
ہماری اطاعت کی اور پیشکش دیا اوسکو ہم نے امن دیا اور جنہنے مخالفت
کی اونکو قتل اور اسباب غارت کر کے سپاہ کو تقسیم کر دیا مین نے اونکو
آفرین کہے اگلے دن پل اتر کر ڈیرہ کیا امیر شاہ ملک نے جو دنبال بورسے
ہمراہ اسباب کے تہا یہاں سلامت پہنچا دیا ایکروز وہان مقام کر کی جمعرات
کے دن اٹہارہوین ماہ کو پل دریاء کہکر سے کوچ کر کے پانچ کوس پر مقام
کیا اگلے دن قصبہ کیتہل مین پہنچے یہان سے شہر سامانہ ستترہ کوس تہا اور جو
شہر دہلے تختگاہ سلاطین ہند کے نزدیک تہے توزک دہلے کے تسخیر اسی
منزل مین کیا

ذکر دہلے کی تسخیر کا

توزک تسخیر دارالملک دہلے کا اسطور کیا کہ پہلے فوج آراستہ کی اور
لیا اول مقرر کر کے افواج دست راست کا سرلشکر امیر زادہ پیر محمد جہانگیر
اور امیر زادہ رستم اور امیر سلیمان شاہ اور امیر یادگار برلاس اور
امیر شیخ نورالدین اور امیر مضراب تمار سے اور تیمور خواجہ پسر آق بوغا

۶۲۱ کرکے مسافرونکو ستاتے ہین اور اب نکل کر شیکر زار اور جنگل کو چلے گئے ہین
یہہ حال سنکر مین نے ایک فوج آراستہ ہمراہ نکل بہادر لیسر ہندو سے قرقرہ
کے تعین کے بہادر اوسیطے شیکر زار مین پہنچے اسعرصہ مین ناصر الدین عمر کو بہے مین
نے بہیجا افواج نے جاکر دو سو آدمی قتل اور کچھ خندہ اسیر کیئے اور مواشی
غارت کر لائیے اوسوقت یہہ معروض ہوا کہ یہہ مفسد حت سو روپلے سے زیادہ
ہین کو ئے مسافر انکے ہاتھ سے سلامت نہین بچا اب بہاگ کر بن مین گہس گئے
ہین کچھہ اونمین سے قتل ہوئے ہین چونکہ میرے نیت صرف جہاد کے سبتے تاکہ جو
ملک مسخر ہوئے اوسکو مفسد ون سے پاک کر دون کہ مسافر اونکے شر سے
خاطرجمع ہو جاوین خصوصاً یورشن ہندوستان کہ یہان مطلب اسیلیے صرف
جہاد سے تہا میرے دلمین یہہ آیا کہ دفع کرنا انکے ضرر کا ضرور ہے اسلیے
محافظت ڈیرہ اور غنایم کے امیر سلیمان کو سپرد کیے کہ شہر سامانہ مین سب
اسباب کو جمع کر دے اور مین منگل کے دن نوین تاریخ تو مانہ سی سوار
ہوکر اوسیے دن بیشہ مین جاکر دو ہزار جت کو قتل کیا اور اونکے زن وبچی
اسیر اور مال اور مواشی تاراج کیا وہ زمین اونکے شر سے صاف ہوگئی
اوسہی دن جماعت سادات اوس نواحے کے نے راہ اخلاص سی درگاہ
مین حاضر ہوکر ملازمت کے چونکہ میرا اخلاص اولاد نبی صلعم سے بیشتر تہا
اونکی سرداروں کو اکرام کیا اور سب کو خلعت فاخرہ دیا اور داروغہ
تعین کر دیا تاکہ اونکی منزل مقام کو ہمارے لشکر سے آسیب نہ آوے اور
یہان سے جب مین سوار ہوکر کنارہ دریا سے کہکر کے آیا تو امیر سلیمانشاہ
شاہ بہی اسباب کو جمعرات کے دن گیارہوین تاریخ اسی جگہ لے آیا سامانہ

تیمور نے

...ن کے استیصال سے خاطر جمع کر کے ہفتہ کے دن تیسرے تاریخ ربیع الاول ۴۲۷

...نیر سے کوچ کیا اور اس دن چودہ کوس چلکر ایک تالاب کے سبزہ زار

...ڈیرہ کیا اور اگلے دن کوچ کر کے قلعہ فیروزہ سے گذر کر شہر سرستی میں ڈیرا

...لکا میں نے حال پوچھا تو معلوم ہوا کہ یہاں لوگ کفار میں اور سب

...تے میں اور بیرے خبر سنکر شہر چھوڑ کر بھاگ گئے میں

...تب سپاہیوں کے فوج نے جلد جا لیا اور خوب جنگ ہوئے

...ل اور ان کی زن و بچے اسیر اور مال اسباب تاراج ہوا کفار کے کئی

...ن جو بچے نے کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا اور اس جنگ میں ہوا

...ادل بہادر قراس بچہ کردہ شہید ہوا اور کسیکو کچھ ضرر نہیں ہوا اگلے دن

...شہر سرستی میں مقام کیا اگلے روز کہ ہفتہ کا دن چھٹی ماہ کے تھے وہ انسی سوار

...ہو کر اٹھارہ کوس جا کر نزدیک قلعہ فتح آباد کے مقام کیا فتح آباد والے بھی

شیطانے بھی شہر چھوڑ کر جنگل میں نکل گئے تھے میں نے بعضے امرا کو ان کے

تعاقب پر دوڑایا اس فوج نے جا کر اکثروں کو قتل کیا اور مال گھوڑے ہوا

غنیمت لیکر چلے آئے اور اتوار کے دن فتح آباد سے سوار ہو کر رجب پور

سے گذر کر قلعہ اہروٹی کے نواح میں مقام کیا چونکہ وہاں کے لوگوں نے نہ لا

نہ استقبال کیا تا کہ لشکر کے ضرر سے بچیں اسلئے ترک شہر میں جا کر تاراج

کرنیلگے جسنے مقابلہ کیا وہ قتل ہوا اور اکثر اسیر ہوئے اور لشکر نے غلہ لیکر

گھروں کو آگ دیدی اور آٹھویں تاریخ پیر کے دن اہروٹی سے کوچ

تو ہانہ میں آکر وہاں کا حال دریافت کیا کہ یہاں کے لوگ قوم جٹ ہیں اور یہ

صرف نام کے مسلمان اور چور ہیں اور رہزنی میں بے بدل ہیں ہمیشہ قطاع الطریق

۶۲۶ ڈالکر قلعہ پر چڑہ گیے جب قلعہ کے کنار اور مسلمانون نے اپنی موت انکہون
دیکہے تو کفار نے اپنے زن و بچہ گہر مین داخل کر کے اگ دیدی سب جل مرے
اور جو اپنے تین مسلمان کہتی تہی لیکن طریقہ اسلام سے الگ تہی اونہو نے اپنی زن
و فرزند کو تلوار سے قتل کیا اور دل مرگ پر رکہکر جنگ کرنیگے جب ہمارے
سپاہ اطراف سے قلعہ مین تلوار لیکر گہس گئی تو اہل قلعہ نے جو توانا اور قوے
ہیکل تہی جنگ مردانہ کیے اور طرفین سے خوب جنگ ہو ہے چنانچہ ہمارے
چند لوگ کار ہے شہید اور اکثر زخمے ہوئے اور میری امرا ہر یک بذات خود
شمشیر زنی کرتا تہا چنانچہ امیر شیخ نور الدین پیادہ ہوکر جہاد مین مشغول تہا او
بہت قتل کئی تہی کہ کفار نے جمع ہوکر اوس پر حملہ کیا چونکہ شیخ نور الدین تنہا تہا
اور وہ بہت تب اوسکو گہیر کر دستگیر کیا چاہتے تہی اسمین فیروز سیستانی
اور اوزن مرید بغدادی مدد کو پہنچے دونو نے جمع ہو کر کفار پر حملہ کیا دو بے
حملہ مین کفار کو پس پا کر کے شیخ نور الدین کو بچا لیا اور ایسی سے ہر جگہ کفار
کفار سے حرب وضرب اور مردانگے کررہی تہی یہان تک کہ تائید الہی سے
نسیم فتح کے چلے اور ہمارا لشکر غالب آیا تہوڑے سی دیر مین اہل قلعہ کو قتل
کیا چنانچہ ایک ساعت مین دس ہزار کفار مارے گیے اور قلعہ کا مال اسباب
نقد جنس جو کہ برسون مین وہان جمع ہوا تہا سب غنیمت ہاتہ آئی اور کفار کے
گہر اور قلعہ اور تمام ابادی پہونک کر ویران کر دیے بعد اس فتح کی مین
بارگاہ مین آیا سب امرا نے مبارکباد دے اور تمام غنیمت حاضر کے مین نے سب
امرا اور سپاہ کو تقسیم کر دے اور مرید بغدادی سے
جنہو نے شیخ نور الدین کو کفار سے بچایا تہا الخ

جنہونے مسافر کابل کو ہزار آدمیونسے تلف کیا اور بہاگ کر بہٹ نیر کے قلعہ مین ۵
متحصن ہوئیے تہی اسلئے امیر سلیمان شاہ اور امیر الہداد کو مینے حکم دیا کہ شہر
مین سے جاکر ان جنگے لوگونکو سع مال اسباب گرفتار کر لاؤ امراء حسب الارشاد
جاکر اوسکے اطراف و جوانب کو سع اموال پکڑ لائیے ہفتہ کے دن انتیسوین صفر
کو جماعت جماعت امراء کو حوالہ کیے اور اونکا تمام مال نقد و جنس سرکار مین ضبط
کیا اوسمین تین سو تازے گہوڑے تہی تو سپاہ کو تقسیم کر دیئے اور پانسو آدمی
دنیال پور کے بعوض مسافر کابل کے جو ہزار آدمیونکی جمعیت سے مارا گیا تہا قتل کئی
اور اونکے بچے بردہ کر لئیے تاکہ اوروں کو عبرت ہووے اور اجودن وغیرہ کی
لوگ حسب تقصیرات بعضے قتل اور اونکے بچے اسیر اور بعضی خلاص ہوئیے جب
خطاواروں کو یہہ سیاست ہوئیے تو کمال الدین برادر رائے دولجین کا اور بہٹیارا
کا خوف کہا کر باوجودیکہ رائے دولجین ہمارے لشکر مین موجود تہا قلعہ مین گہس
گئیے اور دروازہ بند کر لیا مینے اونکی یہہ حرکت دیکہکر رائے دولجین کو
قید کیا اور غصہ ہوکر سپاہ کو واسطے تسخیر قلعہ کے روانہ کیے کہ نقب لگا کر مسخر کرین
اہل قلعہ نے جب یہہ دیکہا تو اوسکا بہاتہ ئیے اور قطعا بہر الامان کہنے لگے اور تلوار
گلے مین ڈالکر درگاہ مین حاضر ہوئیے اور معذرت کیے اور کنجیان قلعہ کے ارکان
دولت کو سپرد کین مینے جان بخشی کی اور پیر کے دن غرہ ربیع الاول کو
امیر شیخ نور الدین اور امیر الہداد کو واسطے تحصیل خراج کے جو اون پر مقرر
ہوا تہا قلعہ مین روانہ کیا رائے را اور راجپوتون نے خراج دینے سے سستی جسمین
رستگاری سے پوشیدہ اونکیا اور تحصیلدار اور راجپوتون مین لڑائی ہو گئی
مینے یہہ خبر سنی تو تمام ہوا اور غصہ ہوکر واسطے تسخیر اوسکے تیغ زن روانہ کیا سپاہ کمند

۴۴۲ سے ہٹے تو مین نے مراجعت کر کے شہر سے باہر ڈیرہ کیا اور رات کو جو کس رہنے
صبح کو راو دو دولجین ملازمت کو نہ آیا مین نے حکم دیا کہ ہر یک اپنے اپنے سامنے
نقب لگا دیے لشکر نے نقب لگانے شروع کیے اور اہل قلعہ نے تیر اور پتہر اور
آتش بازے بہادر درون پر پہنکے لیکن اونہو نے پر دیے سی اوسکو بہوں سمجہا اور
اپنا کار کرتے رہے جب قلعہ والون کو یہہ معلوم ہوا کہ چار طرف نقب لگائی
ہے تو گہبرا کر راو دولجین اور اوسکے سپاہ سر جون پر چڑہ کر فریاد اور عذر
کرنیلگے کہ اگر ایکے تقصیر معاف ہو تو راہ بندگی سے خدمت مین آتے ہین مین نے
۳ اونکے عجز کو دیکہہ کر اونکا التماس قبول کیا بقول بزرگان کہ عفو فتح کی زکوۃ
ہے اور وہان سے اپنے لشکر گاہ مین چلا آیا اوسہی دن آخر روز راو دولجین
نے اپنے بیٹے کو نایب کے ساتہہ درگاہ مین بہیجا اور کئی شکار سے جانور
اور تازے گہوڑے نذر کیے مین نے اوسکو خلعت فاخرہ اور شمشیر اور سپار
طلائی دیکر اوسے روز اوسکے باپ کے پاس روانہ کیا اور پیغام دیا کہ اپنے
باپ سے کہدینا کہ بے دغدغہ آکر عنایات سے سر بلند ہو دے اور نہین تو
جو گذر لگا اوسکے شامت سے ہے جب اوس لڑکے نے جاکر یہان کا حال
بیان کیا لاچار راو دولجین جمعہ کے دن ستائیسوین صفر کو چاشت کی وقت
قلعہ سے باہر درگاہ مین حاضر ہوا اور شیخ سعدا جو دنکے ساتہہ لایا اور
معرفت امرا کے باریاب ہو کر ستائیس تازے گہوڑے زرین زین اور
کئی جانور شکار سے پیشکش کیے مین نے اوسکو تسلے دیکر خلعت زر دوزی
اور کمر زر اور شمشیر مرصع عنایت کیے اور جو نکہ زمیندار اور رئیس اوس
نے داروغہ نکو قتل کیا تہا خصوصاً لوگ دنیاں پور کے

اور امیر سلیمان شاہ اور امیر الہداد وغیرہ امرا کو دست راست کے
طرف شہر کے حصار بیچ واسطے تسخیر کے تعین کیا اور امیرزادہ خلیل سلطان
اور شیخ محمد پسر انکو تیمور اور بعضے امرا و قشونات کو دست چپ پر مقرر کیا
تاکہ قلعہ کے لینے مین کوشش کرین اور مین نے روبرو سے دروازہ کے قول
کو دلاور سے دیے لشکریون نے ترت حصار شہر بند پر ہجوم کیا اور پہلے ہی
حملہ مین شہر بند کو ہنود کے قبضہ بیچ سے تسخیر کر لیا اور بہت راجپوت قتل ہوئے
اور شہر مین بیچ سے مال بیقیاس ہاتھ آیا پہر وہین بہادرون نے قلعہ بہٹنیر کے
تسخیر پر ہمت کے اور ڈہال لیکر جنگ مین مشغول ہوئے راو دولچین راجپوتون
کو لیکر قلعہ کے دروازہ پر آکر جنگ کرنیلگا اوسوقت مین نے امیرزادہ
شاہرخ کے امرا امیر سلیمان شاہ اور سید خواجہ اور جہان ملک راو
دولچین پر کہ معہ سپاہ کہڑا ہوا تہا روانہ کیا اونہونے خوب مردانگی سے تلوار
کے اور جہان ملک نے بذات خود خوب حملہ کیے سید خواجہ نے کیے تلوارین
غنیم پر چہوڑین اور تمام امرا اور سپاہ نے اطراف قلعہ بیچ سے مانند مور و
ملخ کے ہجوم کیا بعضے خندق پر جا پہنچے اور بعضی خندق کو طے کر گئے راو دولچین
نے جب دیکہا کہ اب قلعہ مغلوب ہوا تو الامان کہنے لگا اور یہہ فرصت مانگی
کہ اگر افواج قاہرہ ذرا توقف کرے تو مین ملازمت کو آتا ہون اور ایک
سید کو واسطے شفاعت کے بہیجا جب اوس سید نے دولچین کے شکستگی بیان
کے از لسکہ اوسنے ایک سید ریش سفید کو واسطے شفاعت کے بہیجا تہا اور
سادات کی ہمارے یہان بہت عزت ہے اسلیے مین نے بہادرون کو جنگ
سے منع کر دیا تاکہ اگلے دن دولچین ملازمت کو حاضر ہو وے جب سپاہ قاہرہ

توزک

۶ دست راست کے طرف ہے اور وہانکے لوگ تمام سال پانی تالاب کا جو برسات مین بہر جاتا ہے پیتے ہین اور اوسکے اطراف مین کئی کوس تک راہ خوب ہے لیکن پانی نہین ملتا اور اب کہ اہل اجودن بہاگ کر بہٹنیر مین چلے گئے ہین اور اسلئے کہ وہان لشکر بیگانہ کبہی نہین گیا تو بہت لوگ مال اسباب لیکر دنبالپور اجودن وغیرہ سے جمع ہوگئے ہین چنانچہ شہر اور قلعہ بہر گیا ہے اور بعضون کو شہر مین جگہ نہین ملی تو وہ اپنا مال اسباب لئے ہوئے شہر سے باہر بیٹھے ہین اور مواشی سے بہت جمع ہے اور وہان کے راجہ کے نام اور دولجین ہے اور بہت جمعیت راجپوتونکی جو سپاہ ہے ہندوستان کی ہوتی ہے جمع کرکے جنگ پر مستعد ہے کیفیت واقعی قلعہ بہٹنیر کی معلوم کرکے بعد ادا ے نماز ظہر کے خالص کوئیچے سے سوار ہوا اور سب روز اور رات بہر چلا گیا کہین نہ ٹھہرا یہان تک کہ جول سے گذر کر صبح نزدیک آگئے اور قراول جو مین نے تعین کئے تہے وہ آگے آگے جاتی تہے اور غنیم کے قراولون سے مقابل ہوکر حملہ کیا شیخ درویش الہی نے مردانگی سے دشمن کے دو سوار گہوڑے سے گراکر مار دیئے فور اور دولجن کے قراول بہاگ گئے ہین ہے چاشت کے وقت بہٹنیر کے نزدیک جا پہنچا اور جاتے ہے کوس اور کور
وغیرہ سازبجانے شروع کئے اور مال اسباب بقیاس جو شہر سے با
تہا سب غارت کیا اور دولجن نے پہلے حصار شہر کا مضبوط کرکے
مین مشغول ہوا

ذکر قلعہ بہٹنیر کے محاصرہ کا

اوسوقت مین نے توزک تسخیر قلعہ بہٹنیر کا اسطور کیا کہ امیر شیخ

تیمور سے

ذکر قلعہ بھٹنیر کی تسخیر کا

ذکر قلعہ بھٹنیر میں جو ہندوستان کا مشہور قلعہ ہے جنگ کرنے

یہ حال سنکر مجکو غصہ آیا اور منزل جنبوال سے امیر شاہ ملک، اور دولت شاہ
بوراتوا بیجے کو معین کیا تا کر تمام اسباب کو بحفاظت تمام دنیا لپور کے رستہ سے
شہر دہلے کے طرف لیجا ویے اور موضع سامانہ میں کہ قریب دہلے کے ہی آ ملتے
ہیں وہان آٹھ دن توقف کرین اور میں اونکو روانہ کر کے دس ہزار سوار
چیدہ ہمراہ لیکر بھٹنیر کے طرف روانہ ہوا اور ایلغار کر کے قصبۂ اجودہن میں
آیا مشائخ اس شہر کے سواے تمام شیخی کے حق جو سیے سے لی نصیب تھی ایک
شیخ منور کہ انہنے اہل شہر کو جلا وطن کر کے اپنے ساتھ دہلے کو لیگیا اور بعضی
سعد کے اغوای سے بھٹنیر کی قلعہ کو چلے گئی اور بعضے علماء دین کی جو رانیے اتہما
اپنے جگہ سے حرکت نکے جب مین شہر اجودہن کے پاس آیا تو سب استقبال کو آئے
مین نے سب کو انعام دیکر رخصت کر دیا اور مولانا ناصر الدین اور شہاب الدین
محمد کو شہر کے محافظت پر تعین کیا تا کہ ہمارے لشکر سے کسیکو صدمہ نہ آوے
وہان یہہ سنا کہ مزار حضرت شیخ فرید شکر گنج قدس اللہ سرہ کا اس شہر میں ہے
مین فوراً زیارت کے واسطے گیا اور فاتحہ پڑھکر استمداد ہمت کیے کے اور
وہان کے مجاوروں کو بہت خیرات دیے اور بدہ کے دن چھبیسوین [26] ماہ مذکور
کو اجودہن سے کوچ کر کے بھٹنیر کو متوجہ ہوا اور رودزنہ سے گذر کر موضع
خالص کوتلے میں جو اجودہن سے دس کوس ہے وارد ہوا اس مقام
میں قلعہ بھٹنیر کا حال دریافت کیا کہ بھٹنیر یہان سے پچاس کوس ہی اور
وہ قلعہ استحکام میں تمام ہندوستان میں مشہور ہے اور رستہ جنگل کے راہ سے

...مان کے یہان چار مقام کیے اور اسہی منزل مین امیرزادہ پیر محمد جہانگیر نے جشن
ترتیب کیا اور پیشکش گران تاج اور کمر مرصع اور پارچہ زربفتی طرح طرح کی اور
تحفے نفیس اور برتن سونے چاندی کے اگن طباق سرپوش افتابہ خوش وضع
نذر کیے وہ تمام پیشکش اتنا تہا کہ اہل دفتر نے مفصل دو روز مین لکہا پیشکش
لیکن مین نے اپنے مجلس مین کہڑا اوسہین سے امرا کو تقسیم کر دیا اور چونکہ گہوڑے
سپاہ اور امیرزادہ کے برسات مین مر گئے تہے اور اونہون نے اس سفر
مین بہت محنت اوٹہائیے تہے بعضے پیادہ اور بعضے بیل پر سوار ہو کر ملازمت
کو آئے تہے طویلدار سے مین نے تیس ہزار گہوڑے منگا کر جیسے امیرزادہ
کے امرا اور سپاہ کو عنایت کیے جب تمام لشکر بعضے کشتی پر کو اور بعضے تیر
کر دریا پناہ کو اتر چکے مین بہے منزل جنجال سے کوچ کر کے موضع اصوان تک
مین آیا اور وہان سے جمعہ کے دن اکیسوین صفر کو موضع سوال مین پہنچا
دن مقام کر کے وہان سے موضع جہوال مین ڈیرا کیا اوس منزل مین معروض
ہوا کہ زمیندار اور رئیس دنیال پور کے پہلے تو امیرزادہ کے خدمت مین
باطاعت حاضر ہو کر ملتان مین جمع ہوئے اور داروغہ طلب کیا امیرزادہ
نے اونکے التماس کے موافق مسافر کابلی کو دنیال پور کے داروغگی پر
تعین کر کے ایکہزار آدمی اوسکے ساتھ کر دیے اور موسم برسات مین
گہوڑے سپاہ کے تلف ہو گئے تب مفسدون نے سب داروغون کو
قتل کیا اور دنیال پور والے بہے سلطان فیروزشاہ کے غلامون سے
متفق ہو کر ناگاہ مسافر کابلی پر آگرے اور اوسکو مع رفقا کے قتل کیا
آپ وہ مفسد امیر کے تشریف آوری سے لشکر جان کے خوف سے شہر

کو بلا کر سینہ سے لگایا اور پاس بٹھا لیا پھر امرا کو بلایا سب آداب بجا لائے
پھر منگ باشیون اور یوز باشیون کو بلا کر آفرین کیے اور پھر خرگاہ مین
داخل ہوا اور امیرزادہ کو خیمہ مین بلایا اور دیگر خیمے امرا کو جگہ دیے
اور اونکو یورش ملتان کے محنت سے خوش دل اور حال پوچھ کر رخصت
کردیا کہ اپنے اپنے ڈیرہ مین آرام کرین اور امیرزادہ پیر محمد سے تمام حال
لشکر کا اور ہر یک کے خدمات اور حسن معاش یا سنتے اور بعد اسکے کا دریافت
کیا اور جواب عاقلانہ اور سچی سنے اور حالات جہان سپاہ رہے اور جنگ
سپاہ اور حال تسخیر کے سلطان کا اور تاخت و تاراج اور اترنا دریائے سندھ کا
اور تسخیر شہر اوچہ کے اور محاصرہ ملتان کا اور حاضر ہونا سارنگ برادر
ملو خان کا اتنا سنا کہ مجکو پیدا آگئے بارے فتح ملتان کے انعام مین امیرزادہ
کو التفات سے خوش کیا اور تمام امرا کو حسب خدمات پسندیدہ کے حال مین آفرین انعام
سے سربلند کیا اور چند لوگ ایسے اور بایزید اوسکا بھائی اور محمد زرد
لا جانے کہ وقت یورش خوارزم کے جہانشاہ کے ساتھ بھاگ کر ہندوستان
کو چلے آئے تھے اور سلطان جیران پڑے تھے اور جب امیرزادہ پیر محمد
ان کا محاصرہ کیا تو بحال تباہ وہ سے امیرزادہ کے پاس حاضر ہوئے
رزادہ نے اونکے قتل کے اب امیرزادہ نے اونکی سفارش کرکے
بخشی چاہی مین نے امیرزادہ کے خاطر اونکی خطا معاف کردیے اور
اونکو چھوڑ دیا اور ہفتہ کے دن پندرہوین صفر کو لشکر اور اسباب
ناہ بہتیے اوتارا اور آپ دریا اتر کر موضع جنجال مین آیا وہان تھا
جہانسے شہر ملتان چار کوس ہے اور وہا سے اوتار لیے اسباب

کے اور امنیت ملک کے دریافت کرکے سجدہ شکر کا کیا

ذکر فتح ملتان کے خبر انکا

اوسہی وقت عرضے فرزند میر محمد جہانگیر وغیرہ امرا کے آئے کہ ہم نے ملتان
کو محاصرہ کرکے فتح کیا اور سارنگ حاکم ملتان اور اوسکے سپاہ کا یہہ حال ہوا
کہ شہر مین کتا بلے چوہا بہی گہوڑا سب کہا گئے جب بہوک کے ماری یہہ حال
ہوا سارنگ نے عاجز ہوکر امن مانگا اوسکو مین نے امن دیا اوسنے شہر
سے باہر آکر ملازمت کی اور شہر حوالہ کیا چنانچہ پہلے بہی عرضداشت کے
تہے بعد تسخیر شہر کے برسات شروع ہوگئے خوب مینہ برسے اکثر گہوڑے
مرے اور سپاہ کے مرگئے مینہ کے کثرت سی ہم خیمہ چہوڑکر شہر کے گہرون مین
چلے گئے جب اسحال کو چند روز گذرے اور کمو تیے گہوڑا بہی نہ تہا تو پیدل
اور رئیس اس نواحے کے جو مطیع ہوکر خدمت مین حاضر تہے اور اپنی
ساتہہ داروغہ لگے تہے وہ سب بلحاظ ظاہر حال ہمارے بیتے باغی ہوگئی
اور اکثرون نے داروغون کو قتل کیا اور رات کو شہر مین چوری کو
آئے تہے الحمد للہ کہ ہمارے اس خرابات خانے مین خبر فتح کے آئے اور ا
امیر کے رایات ظفر آیات کا مشہور ہوگیا اس خبر سے ہمکو نہایت خ
ہوئے اور مخالف اپنے کردار سے پشیمان ہوئے بہرحال تعاق
کے مین بہی آتا ہون امیرزادہ پیر محمد کے عرضے پڑہ کر مین نے شک
وان یہہ خبر آئے کہ امیرزادہ نزدیک آگیا مین نے کہانا وا
امیرزادہ اور امیر کے بہیجا اور امرا کو واسطے استقبال
کیا بہہ امیرزادہ مع فوج درگاہ مین حاضر ہوا پہلے مین نے

بہوڑے

ہوا اسوقت علے سلطان نے سید پیادگان خراسانیکے گک ڈالیے مین گہیر کر
زدیر حملہ کیا تا کر گک ڈالیے کو سٹے کر سبے علے سلطان اور اوسیکے چند رفقا ز
بیٹے اور جنگ مردانہ کیے مین نے شیخ نور الدین اور امیر الہداد کو جو
لشکر علے سلطان کے مدد کیے لیے بہیجا جب اونہوںنے جاکر نصرت پر حملہ کیا نصرت
کو ہزیمت ہوئے اور تمام قتل ہو گئے اور نصرت لا شعور بھی ہر اہو اعظمی
نہ اکر شاید مارا گیا یا بہاگ گیا اور فوج ظفر آثار نے نصرت کو کہیر کے کر
پہونک دیا اور مہود کا مال اسباب گلہ رمہ بہیس گائے بیشمار لوٹ کر
لائے اور مین نے اسیوقت گک ڈالیے کو سٹے کرکے موضع شاہ پور مین
کرا اوپر کنارہ دریا پناہ کے واقع تہا ڈیرہ کیا اسی موضع مین غلہ
کے ڈہیر اور خرمن تہے اہل لشکر سے جتنا اوٹہہ سکا اوٹہا لیا اور
باقی کو جلا دیا اور افواج منافقین کے تعاقب پر جو دریا کے اتر گئے تہے تعین
کی فوج نے دریا کو پیادہ اتر کر مخالفون کو قتل کیا اور بیشمار سر دیے اور
اسباب مغروقہ لائے اور مین منگل کے دن تیروین تاریخ شاہپور سے
اردو گاہ کو متوجہ ہوکر کنارہ دریاے پناہ کے موضع جنجال کے مقابل جہان
تمام اغرق خورد اور کلان جمع ہوا تہا جاکر لشکرگاہ کیا وہان سی تمام لشکر اور
اسباب کو دریا اتار کر موضع جنجال مین پہنچا وہان ایک بلند تہا اور اوسکے
ایک باغ نہایت سبزا اور تازہ سیر سے بارگاہ اوس پشتہ پر بپا کی
لشکر اوتر لیا پہر مین دریا اتر کر اوس پشتہ پر گیا وہ صحرا سبز و خرم
نہایت پسند آیا پہر بارگاہ مین آکر ظہر کے نماز ادا کیے اسی صحرا مین ملک
شاہزادہ شاہرخ کے عرضی خراسان سے لایا اور بیٹے خیریت امیرزادہ

۲۱۶ اوسوقت یہہ سنا کہ بعضے عمدہ زمیندار اس نواحے کے جب امیرزادہ پیرمحمد ملتان مین آیا تو اوسیکے خدمت مین حاضر ہوئے اور اطاعت کیے جب رخصت ہوکر اپنے مکان کو گئے تو باغی ہوگئی مین نے فوراً امیر شاہملک اور شیخ محمد لیراکو تیمور کو معہ فوج اون مفسدون پر روانہ کیا تاکہ اونکو سزا دیوین امیر شاہملک اور شیخ محمد ہمراہ لیکر روانہ ہوئے اور اوس جنگل مین جاکر جہان مفسد تھے پیادہ ہوکر گھسے اور دس ہزار ہند و قتل کیے اوزن و بچہ اسیر اور اسباب اور گاو بیشمار گاو میش غارت کرکے غنیمت تمام پیش نظر کیے پہر مین نے وہ سب لشکر مین تقسیم کردیے پہر وہان سے بخاطر جمع ہفتہ کے دن ساتوین ماہ صفر کو سوار ہوکر حوالے موضع جال مین جو کنارہ دریاے پیادہ کے مقابل موضع شاہ پور کے واقع ہے ڈیرا کیا وہان معروض ہوا کہ موضع جال مین نصرت نامے ایک زمیندار ہے قوم کا کوکہر دو ہزار آدمی جرار کے جمعیت سے دریائے کنول کو قلعہ سمجہہ کر گردن کشی کرتا ہے مین نے اوسیوقت سامان کو وہان چہوڑ کر واسطے دفع کوکہر کے عزم کیا

ذکر استیصال نصرت کوکہر کا

جب مین اسباب یہان چہوڑ کر معہ لشکر روانہ ہوا تو پہلے فوج کو آراستہ کرکے امیر شیخ نورالدین اور امیر الہداد کو فوج برنغار کا سرلشکر مقرر کیا اور امیر شیخ محمد اور امیر شاہملک سردار جرنغار کا ٹہرایا اور مین قول مین رہا اور علے سلطان تواچے کو معہ پیادون خراسان کے قول کی آگے رکہا جب مین کنارہ کولالے کے آیا نصرت کہ اسیقول اور کل والا بے کو قلعہ سمجہہ رہا تہا دو ہزار آدمیون سے جنگ پر مستعد ہوکر مقابل فوج کے

پتهورسے

کہ پل تیار کیا یہہ پل چہہ دن مین ستائیسوین محرم بدہ کے دن تیار ہو گیا
مین نے سوار ہوکر عبور کیا اور لشکر نے نوبت بہ نوبت اتر کے اگلے دن مقام
کیا جب سب اسباب اور لشکر اتر لیا تو وہان سے کوچ کرکے شہر تلنبہ مین آکر کنارے
دریای تلنبہ ملتان سے پینتیس کوس ہے مقام کیا اسی دن تلنبہ کے سادات اور علما کا
مشایخ اور روسا نے استقبال کیا آثار اخلاص کا انکے چہرہ سے ظاہر
تھا ہر ایک حسب حال سور عنایت ہوا جب مین یہان سے کوچ کرکے مقفر کے
بتاریخ ۹ ماہ صفر کو صحرای مین برابر قلعہ تلنبہ کے آیا ارکان دولت نے کچھ دولا
چہرہ خراج کے اسلیے کہ لشکر کے صدمہ سے محفوظ رہے اہل شہر پر مقرر کرکے
تحصیلدار تعین کر دیے چونکہ ہمیشہ سادات اور علما ہمارے مجلس مین
معزز رہے ہین اسلیے بوقت تحصیل خراج کے حکم دیا کہ سادات اور علما
معاف ہین اور انکو خلعت اور تازے گھوڑے عنایت کیے اسمین لشکر بھی
ملک سے زیادہ جمع ہو گیا اور غلہ گھاس کے کوہ تھہ نہین آتا تھا اور شہر مین غلہ
بہت تھا اور مال خراج کا کچھ تو نقد وصول ہو گیا تھا اور کچھ باقی تھا اہل لشکر
بھوکے فریاد کرتے تھے مین نے امر کیا کہ اہل شہر عوض روپیہ کے غلہ دیدین چونکہ
ترکون کے عادت سے واقف نہین تھے اونہون نے تمام غلہ شہر کا جمع کرکے ذخیرہ
کردیا بھوکے ترکون نے مانند مور ملخ کے جاکر لوٹ لیا نویسندون کے اختیار
حساب کتاب کچھ نرہا اور بموجب آیت کے ان الملوک اذا دخلوا قریۃ افسدوہا
تمام شہر مین فساد برپا ہو گیا اور ترکون نے غارت کرنا شروع کیا آخر فساد
کی خبر مین نے سنے لیساول اور چوبدار تعین کیے کہ اونہون نے جاکر سپاہ کو بازرکھا
شر نکالا مین نے لعبض مال اور غلہ مسروقہ کے خراج مین سے حساب کر دیا

کے جزامین سور دعنایات کیا اور جو لوگ شبخون مین مردانگی سیے زخمی ہوئیے ۶۱۴
لیگا امیر جلال نے یہہ حکایت کہہ کر کہا میں بھی جان سے ہاتھ دھوکر یہہ پانی تجکو دیتا ہوں
تاکہ یہہ حق اوس چھتا سے کا اوس تجپے پر ثابت رہے لیکن اس شرط پر کہ اگر
میں ہلاک ہو جاؤں تو اس قصہ کو چھپانا اور وقت ملازمت امیر کے یہہ حال
عرض کرنا اتباج اغلان نے اس قسم کہائی کہ تیرے یہہ جوانمردی سے پوشیدہ نکرونگا
امیر جلال نے پانی اوسکو دیدیا اور اپنا ہلاک قبول کیا اتباج اغلان جو پیاسا مرتا
تہا بچگیا اور اللہ تعالی نے امیر جلال کو اس برکت سے سلامت بچا دیا جب دشمن
کے تعاقب پر اور آگے چلے تو حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے مشہد منورہ کے
پاس جاکر زیارت سے مشرف ہوئے اور سعادت دو جہان کی حاصل کی اور
اس سعادت کے برکت سے دشمنوں پر غالب ہوئے

ذکر سلطان احمد جلایر کے زن و
فرزند کے گرفتاری کا

علاء الدولہ نے سلطان احمد کا اور فرزند اور متعلقین کو دستگیر کیا او
سلطان احمد زن و فرزند اور مال اسباب چھوڑکر خستہ حال کئی آدمیوں کے
ساتھ جان بچا لیگیا اور امرا غنیمت اور اسیر لیکر بساط بوس ہوئے اونکو
میں نے عنایات شاہانہ سے مخصوص کر کے تحسین کی اوسوقت اتباج اوغلان
نے حکایت امیر جلال کے تشنگی اور پانی دینے کی مفصل بیان کی میں نے امیر
جلال کا یہہ کار تمام خدمات اور جانفشانی پر مقدم رکھا اور یہہ مردمی پسند
کیکے افزائش مراتب سے منظور نظر بادشاہانہ کیا امیرزادہ محمد سلطان کو
وقت روانگی کے واسطے ضبط اور استیصال چیرا اور [illegible] توجہہ [illegible]

۵۰۱ انہون نے پہر بیدوکان سے شکست دیے جب تین مرتبہ اسیطور رد بدل ہوئے تو چوتہے مرتبہ فرصت پیادہ ہو نیکے ملی مخالف جہٹ پٹ آپڑیے جنگ شمشیر اور خنجر کے شروع ہوکراتنے حرب و ضرب ہوئے کہ بہادر طرفین کے تہک گئے عثمان بہادر نے نہایت مردانگے سے بہت مخالفونکو قتل کیا اوسکا ہاتہہ بہی تلوار سے زخمی ہوکر کارسی جاتا رہا باوجودیکہ میرے سپاہی پینتالیس تہے اور مخالف دوسو لیکن چونکہ عنایت الہی ہمراہ میری امدار کیے تہی مخالف سب بہاگ گئے اوسوقت بہر تعاقب کرکے بہت غنیمت حاصل کیے اور اوس دن ہوا گرم اور پانے اوس دشت کربلا مین عنقا مانند نایاب تہا ان ترددات اور تکدو سے پیاس اونپر غالب ہوئیے قریب تہا کہ پیاسے مرجاوین نام العطش کہتے ہوئیے پانیے ڈہونڈتے پہرتے تہی انیاج اغلان اور امیر جلال پسر امیر حمید بہی پانیے کی تلاش مین پہرتے تہی ایک جگہ دو گہونٹ پانے پایا اوسمین سے ایک گہونٹ پانیے اپنے حصہ کا اناج اوغلان نے پیا پر پیاس نبجہے اغلان نے امیر جلال سے کہا کہ اس ایک گہونٹ پانے سے مجکو فایدہ تہوا و ہے پیاسا ہون کیا ہوا گر باقی پانیے اپنی حصہ کا جوانمردے سے مجکو عطا کریے تا کہ میرے جان بچ جائیے امیر جلال نے کہا مین نے امیر سے اکبر زہ یہہ سنا ہے کہ ایک مرد نجے اور ایک عربے رستہ مین رفیق تہے ایک بیابان نجے جانکلے پیاس اون پر غالب ہوئیے عربے کے پاس ایک گہونٹ پانے تہا عجمی نے عجز کرکے عربے سے کہا چونکہ جوانمردے عرب کے مشہور ہے کیا ہو اگر تو یہہ پانے مجکو دیکر جان بخشے اور اپنا ہلاک قبول کریے. عربینے سوچ کر یہہ کہا اگرچہ مجکو یقین ہے کہ اگر پانے دیا تو مین مرجاونگا لیکن اپنے جان سے ہاتہہ دہوکر تجکو پانیے دیتا ہون تاکہ یہہ حکایت اہل عرب کے جوانمردیکے

توزک

۵۰۰ سپاہ کنارے پر تہے تمام اوس دریاء ذخار مین گر پڑے اور توفیق الہی سے س
سلامت اوترگئے امیرزادہ میران شاہ قریۂ العفات کے برابرسے دریامین گہسا
تہا سلامت اوسی کنارہ پر جا پہنچا اور محمد آزاد سب سے پہلے اودہر پہنچا اور کشتی
خاص سلطان احمد کے جسکا نام شمس رکہا تہا پکڑ کرا دہر سے آیا مین اوس کشتی مین
سوار ہوکر اترا اہل بغداد یہ لشکر دریا سے اترتا دیکہ کر کر دس کوس تک کرت
سوارون سے پاٹ دریا کا گویا زمین خشک تہے حیران ہوکر کہنے لگے کہ امیر صاحب
قران من جانب اللہ مؤید ہے نہین تو کیا ممکن ہے کہ ایسے دریاے عظیم کو لشکر
بے پل اور بے کشتی مانند زمین کے بے توقف اترجاوے اور مین دریا اترکے
سے سلطان احمد کے تعاقب پر چلا اور امیرزادہ میران شاہ وغیرہ امراء کو آگے
تعین کیا کہ جلد سلطان احمد کو جاپکڑو جب مین موضع سرسر سے بڑہ کر موضع کتبور
مین آیا تو اثناء اعلان جو بیجے نزاد وغیرہ امرا نے التماس کیا کہ مناسب یون ہے
کہ امیر شہر کو مراجعت کرین اور ہم جانفشانی کر کے سلطان احمد کو دستگیر کرینگے
چونکہ اونکے یہہ استدعا مطابق مشورہ کے تہے مین کتبور سے بغداد کیطرف
جعت کر کے سلطان احمد کے مکانات مین اترا رئیس شہر کے ملازمت سے
ربلند ہوئے اور جو خزانہ اور مال اسباب سلطان احمد کا شہر مین باقی
وہ سب پیش نظر کیا جس دن مین نے دریا کو عبور کیا تو سب سے
شہر مین سے مولانا نظام الدین شامی نے ہم سے ملازمت کی تہی
لحاظ اونکے اخلاص کے بہت عنایت کے اور فرمایا کہ خدا تعالی
ت کرے کہ تو نے سب سے پہلے ملازمت کی امراء سلطان احمد کے
صبح کے وقت دریا فرات پر پہنچے سلطان احمد آدہے رات کو

تیمور سے

بعضے جگہ خود پیادہ ہوتا تھا اور کبھی محافہ مین سوار ہوتا تھا اور رات کو مشعل روشن
کرکے گھاٹیون کو طے کرتا تھا اور لشکر پیچھے پیچھے فوج فوج چلا آتا تھا جب میں قریہ
مین جہان مزار شیخ ابراہیم کچھے کا ہے آیا تو وہانکے لوگون نے میرا استقبال کیا
اونسے یہہ پوچھا کہ تمنے میری آنے کی خبر بغداد کو لکہہ بھیجی ہے یا نہین اونہوں نے
کہا کہ البتہ جب ہمنے گرد امیر کے لشکر کی دیکھی تو نامہ بر روانہ کیا اسواسطے
مین نے کہا ایک اور نامہ بر خط دیکر چلتا کرو کہ وہ گرد ایل اور احتشام ترکمانون کی تھی
جو امیر کے لشکر سے بھاگے تھی اونہون نے یہہ خط بھی روانہ کیا چونکہ پہلے خط سے
نہایت توہم سلطان احمد کے دلمین متمکن ہو گیا تھا جب مال اسباب اپنا دریا پار
اوتارنے لگا تو دوسرا خط پہنچا اوس سے اوسکو کچھہ تسلی ہوئی اور مین نے
شیخ ابراہیم کے روضہ پر جاکر بعد فاتحہ کے اونکے روح سے استمداد چاہی اور
روپیہ وہانکے مجاورنکو خیرات دیا اور اللہ تعالے سے کہ فتاح حقیقی ہے
فتح کی التجا کی اور زیارت سے فارغ ہو کر عثمان بہادر وغیرہ قراولون کو آگے
بھیجا اور مین اراستگی سے روانہ ہوا وہان سے بغداد ستائیس کوس تھا رستہ
مین کہین نہ ٹھہرا ایک سوار سے پر صبح روز شنبہ کے دن اکیسوین شوال کو بغداد مین
پہنچا اور سلطان احمد اپنا مال اسباب فوج دجلہ سے اوتار کر آپ بہے اوترا
ٹھہرا تھا اور پل توڑ ڈالا تھا اور کشتیان توڑ کر ڈبو دین تھی جب مین دجلہ کے
سے دجلہ کے کنارہ پر جاکر کھڑا ہوا اور کوس اور کورکہ وغیرہ سازکر حربی
بجے اور سپاہ نے باواز بلند تکبیر کہی تو بھاگ کر حلہ کے طرف روانہ ہوا
اوس وقت مین نے امرا سے صلاح لی امیرزادہ میرانشاہ نے کہا توقف
مت کرو مین نے ترتیب امرا اور سپاہ کو دلاور سے دی دو دو کوس تک تعاقب

۴۹۸ شکوہ اسکے میرے دلمین متمکن ہو گیا ہے اسلئے اتنی ہمت نہین ہے کہ حضور میں ملازمت کرون اور اگر خود بغداد کیطرف قصد کرو تو مجکو قدرت مقابلہ کے نہین اور جو پیشکش اور تحفے کہ سلطان احمد نے بہیجے تہی گہوڑی زرین زین کے اور جانور شکاری ہے وہ سب ایلچی پیش نظر لایا اوسوقت میرے دلمین یہہ آیا کہ اگرچہ سلطان احمد اطاعت کرتا ہے لیکن جو کہ لوازم سلطنت کے مین یعنے خطبہ اور سکہ اُسکے میرے نام کے نہین ہین تو اطاعت ظاہر ہے کیا کام آتی ہے مین نے اوسکے تحایف پر کچہہ التفات نکیا اور خلعت خاص ایلچی کو دیکر رخصت کر دیا اور بغداد کا عزم کیا

توزک تسخیر دار السلام بغداد کا

جب ایلچی رخصت ہوا مین نے اعرق کلان امیر زادہ محمد جہان گیر کو سپرد کیا کہ بزرگیان حرم سرا کے ساتہہ سلطانیہ مین ٹہرے اور یہہ حکم دیا کہ تمام لشکر سے واسطے عبور دجلہ کے دو دو مشکین تیار کرین جمعہ کے دن تیرہوین ماہ شوال ۷۹۵ سات سو پچانوین ہجری کو بغداد کیطرف متوجہ ہو کر موضع بان یلاق مین ڈیرا کیا اوس دن اپنے لشکر کے حاضری لیکر یہہ کہا کہ بڑے بول سے توبہ ہے اگر کوہ آہنے بہی اس فوج کے سامنے ہو وے تو ایک حلہ مین اکہاڑ دین اور وہان سے سوار ہو کر رات دن چل چل کر کوہ اور درہ سخت اور بیابان سب طے کئے تیسرے دن سو جوان ساتہہ لیکر تیرا وسلے کے ارادہ مین آگے گیا اور تنگ گہاٹیان طے کر کے موضع قور قوغان مین ترکانونین پہنچا محمد ترکان اوس قوم کے سردار کو ایک حلہ مین اوس سرزمین سے نکال دیا اور لشکر جو پیچھے آتا تہا اوسنے تمام اہل اوس ترکانو کے لوٹ لئے اور جو اہل شہر روزمین تہی وہ سب تاراج کئے اور اس تمام لشکر مین سے ایک فوج آراستہ چہانٹ کر ایلغار کیا چونکہ رستے بہت تنگ تہے

کردنو کیے امر کیا حسب الامر وہ تو پہلے جاکر محاصرہ کیا اور پہلے حملہ مین دونو قلعہ مسخر
ہو گیے اور اہل قلعہ کو قتل اور اسیر کر کے مال اسباب بیشمار غنیمت لائے اور قلعہ کو گرادیا
پہر یہہ معروض ہوا کہ چوپہ اور رہزن جو قافلون سے مزاحمت کرتے ہین حوالے ورسند
کردستان مین رہتے ہین مین نے اوسی دم امیرزادہ محمد سلطان کو بلاکر مع لشکر گران
واسطے دفعہ مفسدون کے ورسند کردستان پر تعین کیا اور اسی منزل مین خانزادہ
خوارزم نے جو حرم محترم امیرزادہ میران شاہ کے تہی جشن مرتب کر کے تحفے لائق نذر
کیے اور وہانسے سوار ہو کر یاق ویلاق مین آکر مقام کیا ماہ رمضان یہان تمام کیا
اور روزے رکہے اور ہر رات کو ہزار طباق پلاؤ کے اور ہزار روٹیان عوام کو
بٹواتا تہا اور یہہ امر کیا کہ ہر شب ایک ایک فرزند اور امیر طعام افطاری تیار
کریے اور مین نے ایک ایک دن ہر ایک کے مکان مین جاکر روزہ افطار کیا علما
نے بیان کیا کہ رمضان کے اول عشرہ مین برکت اور دوسرے عشرہ مین رحمت اور تیسرے
عشرہ مین مغفرت ہوتی ہے جب ماہ رمضان بخیر و خوبی گذر گیا تو نماز عید کے
ادا کیے اور صدقہ الفطر ادا اور خیرات تقسیم کر کے جشن عید کا مرتب کیا اوسی
دن یہہ سنا کہ سلطان احمد جلایر والی بغداد نے ایلچی بہیجا ہے مین نے اوسکا حال
اور نام اور نسب پوچہا معروض ہوا کہ جو آتا ہے شیخ الاسلام بغداد کا ہے اور
اوسکا نام شیخ نور الدین بن عبد الرحمن اور اوسکا مولد اسفراین خراسان ہے
اور عالم اور بزرگ زمانہ کا ہے دو دن کے بعد وہ ایلچی آیا مین نے مجلس
مرتب کر کے نور الدین بن عبد الرحمن کو روبرو بلایا چونکہ وہ عالم کامل تہا مین
نے بلحاظ علم کے اوسکی تعظیم کی اور شیخ نے سلطان احمد کا پیغام ادا کیا کہ سلطان
بعد دعا اور ثنا کے عرض کرتا ہے کہ مین امیر کبیر کا تابع ہون لیکن چونکہ ہیبت اور

۴۹ سندور نبی اور یہہ جانتے ہیے کہ اوسمین پرندہ بہی نہین آسکتا جب یہہ دلیر بیے ہارسے سپاہ کے دیکہے اور ضرب اونکے ہاتہہ کے کہائی تو بہاگنا ٹہرایا اور اول شب ماہ رمضان سیکے گلہ اور رمہ اور مال اسباب اور گہر بقشت چہوڑکر بہاگ گیے صبح کو ہارسے لشکر نے پہاڑ مین سے مال اسباب گہوڑے اونٹ گلہ رمہ خرچ بقیاس غنیمت حاصل کیے اور مین نے شیخ تیمور کو معہ فوج سارق محمد وغیرہ ترکانو کے تعاقب پر روانہ کیا شیخ تیمور نے جاکر بہت لوگ قتل کیے اور کچہہ زخمی ہوکر سوکر میرسے گذر گئے

ذکر گبر ونکے قلعہ کے تسخیر کا

بعد فراغ استیصال ترکانو نکے یہہ سنا گیا کہ اس نواح مین ایک اور قلعہ ہے کہ جسکو کفار بدکیش مستحکم کر کے جنگ پر مستعد ہین مین نے افواج قاہرہ واسطے اوس قلعہ کے تعین کیے امرا نے اوسکو محاصرہ کر کے جنگ شروع کیے اور چار طرف سے ہجوم کر کے ایک روز مین مسخر کر لیا اور اہل قلعہ کو قتل کیا اور مال اسباب لوٹ کر قلعہ کو گرا دیا بعد اس فتح کے شکر الہی کا بجا لاکر صحرا ئے قلاعے مین یا اتوار کے دن دسوین رمضان کو مراجعت کر کے تیسرے دن اپنے فرود گاہ عیال مین آپہنچا

ذکر قلعہ سیارق اور قلعہ گبر دنو کے تسخیر کا

وہان یہہ سنا کہ اسی نواح مین ایک حصار مستحکم ہے کہ اہل قلعہ بلحاظ استحکام حصار کے مطیع نہین ہوئے ہین مین نے امیرزادہ میران شاہ کو معہ لشکر آراستہ کے قلعہ سارق قورغان پر بہیجا اور اوج قرابہادر کو واسطے محاصرہ قلعہ

پھر شکارگاہ میں جاکر بیشمار شکار کیئے وہانسی سوار ہوکر مرغزار کل میں آیا اور اسی منزل سے سوار ہوکر چلا کابے کنبذک میں کہ حوالی موضع دال میں واقع ہے لشکر گاہ کیا اور ماہ شعبان آخر ہوکر ماہ رمضان آگیا وہاں جشن مرتب کیا اور چند روز آخر ماہ میں عیش و عشرت سے تیر کیئے پیر کے دن وہان سے چار کوس جا کر مقام کیا

ذکر ترکانان قلاعی کی استیصال کا

امیرزادہ میران شاہ نے جسکو صحرا سے قلاعی پر روانہ کیا تھا یہہ عرضی لکھی کہ سارق محمد ترکان کوہستان میں جا بیٹھا ہے اور اپنے الوس کو پہاڑ کے درون میں خوب مستحکم اور لشکر بہت جمع کیا ہے اور رکی جاتا ہے اس حال سے مطلع ہوکر میں ہے واسطے استیصال ترکانان قلاعی کی سفا سعین کے قلعہ سے بڑھا تیسرے دن جمعرات کو صحرا سے قلاعی میں پہنچا اور امرا کو حکم دیا کہ رستہ مخالفوں کے گریز کا روک لیوا اونکا قلعہ خشتی بہت استوار تھا اور راہ درہ تنگ اور جگہ مستحکم کوہستان کے اندر تھے جہان کہ ترکان اپنے خیل و حشم وہان لیجاکر اور درہ روک کر قتال پر مستعد تھے میں نے جب سپاہ کو اون پر دوڑایا تو بہادر ترت جاکر لڑنے لگے اور مخالف بہت زخمی ہوئے اور مارے گئے پھر پہاڑ پر چڑھکر مرد اور گوسفند بیشمار اوتار لائے برات خواجہ کوکلتاش نے پہاڑ پر چڑھکر نہایت مردانگی سے دشمنوں کو بھگا کر اونکی جگہ لیلی اسی حصہ میں برات خواجہ کے ایک تیر لگا کہ وہ ترت مرگیا اور شیخ حاجی سیر قسیاری بھی اول نے بھی پہاڑ پر چڑھکر ترددات نمایان کیئے آخر زخمی ہوکر چلا آیا بعد چند روز کے اوسی زخم سے مرگیا سارق محمد اور جماعۂ ترکانان نے جو پہاڑ میں کھیتے تھے

۲۹ ہمایوں میرزا اور سلطان شمس الدین اور حاجی محمود شاہ اور اوج قرابہادر اور امیر یادگار برلاس جنکو مین نے اعوق خوردمین چہوڑا تہا معہ لشکر سلطانیہ کے رستہ سے آکر بساط بوس ہوے اور امیرزادہ محمد سلطان بہ اصفہان سے اوس ملک کا مال لیکر آگیا

ذکر امیرزادہ میران شاہ کو تفویض کرنیکا ملک آذربائیجان معہ توابع و ممالک

اوسوقت کہ صحرا اسند ہمدان میرے لشکر کا فرودگاہ تہا میرے دلمین یہہ آیا کہ ممالک آذربائیجان اور ری اور دربند باکو جو دربند آہنین مشہور ہے اور اور شیروانات اور گیلانات معہ مضافات سرزمین روم تک کسیی ایک فرزند کو تفویض کرون تاکہ میرے خاطر ان حدود سے جمع رہے اسلیئے وہ ممالک فرزند کامگار امیرزادہ میرانشاہ کے لیئے مقرر کی اور امیرزادہ ضبط اور انتظام ممالک مذکورہ کے ذمہ دار ہے کرکے تبریز اور سلطانیہ سے تحفے اور پیشکش لیکر آیا اور ہمدان مین جشن بادشاہانہ مرتب کرکے مجلس عالیہ آراستہ ہوئیے اور خوش خوان حافظونیے اور استاد مطربون نے گانا اور بجانا شروع کیا امیرزادہ نے پیشکش بیشمار لاکر نذر کیا جب یہہ جشن تمام ہوا تو منگل کے دن تیرہوین مارچ کو ہمدان سے کوچ کیا چونکہ مین نے سن رکہا تہا کہ صحرا سے قلاع مین ترکمان رہتے ہین مین نے امیرزادہ میرانشاہ کو تعین کیا تاکہ آگے جاکر ایل الوس ترکمانون سے خبردار رہے کرسے اگلے دن مین نے شکارگاہ مین جاکر گورا اور گوزن شکار کیئے اور وہانسے کوچ کرکے موضع تومامین اترا وہانکے آب و ہوا مجکو پسند آئیے پانچ مقام کئے چہٹی دن

تیموری

اصفہان میں آیا اور امیرزادہ محمد سلطان نے استقبال کیا اور پیشکش لائق نذر [illegible]
اور نقد جواہر بہادرہ لاکر حاضر کیا میں نے وہ سب [illegible]
دن تک وہاں مقام کرکے منگل کے دن پانچویں [illegible]
روانہ ہوا چونکہ قافلہ کلاں حرم سرا کا بھی منزل پیچھا کرکے میرے پاس آتا تھا امیرزادہ
شاہرخ اور امیرزادہ پیر محمد رخصت لیکر وہ محل سے پیچھے [illegible] آغاؤں کے
استقبال کے لئے گئے اور میں اصفہان سے خرابا دقان کے راہ سے چار روز میں
الکوان میں پہنچا وہاں میں نے سنا کہ اس سرزمین کے لوگ ملحد ہیں اور باغی ہوکر
تہ خانوں میں چلے گئے ہیں چونکہ قتل اون بدکیشوں کا واجب ہے میں نے لشکریوں
کو امر کیا کہ ان ملاعین کو محاصرہ کرکے پانی دریا کا کاٹ کر انکے تہ خانوں میں
چھوڑ دو بموجب حکم کے پانی دور سے لاکر انکے گرد زمین چھوڑ دیا وہ لوگ
تمام پانی سے دوزخ کی آگ میں داخل ہوئے اور اتوار کے دن وہاں سے
کوچ کرکے دشت سراخان میں نزول کیا اور وہاں شکار قمرغہ کے طرح [illegible]
اگلے دن شکارگاہ میں جاکر طرح طرح کے چرندہ اور پرندہ اور درندہ و وحش
اور پلنگ بیشمار شکار کئے شکار سے فارغ ہوکر جب میں ڈیرہ میں آیا تو ملک
وغیرہ اغایان اور حرمان اور امیرزادے اس منزل میں آئے اور [illegible]
[illegible] ادا کرکے بزم بادشاہانہ مرتب کئے اور اس منزل سے باواز کوس کوچ کر
[illegible] خروزہ کے مرغزار میں اترا اور منگل کے دن ہمدان کا ارادہ کرکے [illegible]
[illegible] کے دن ہمدان میں لشکرگاہ ہوئے جمعرات کو چاند شعبان کا ہمدان میں دیکھا [illegible]
[illegible] زادہ میرانشاہ کہ ہمراہ اغرق کلاں کے تھا اس منزل میں ملازمت [illegible]
[illegible] عید مبارک کیا وسلامت [illegible] کے بہت نثار [illegible] کیا اور امیر جہانشاہ

۹۱سہ ولیعہد کردیا اور اپنا کفن اپنے روبرو تیار کرایا اور ایک خط اوسی حال مین
امیر کے نام کا اپنے ہاتھ سے لکھا اثنار تحریر مین بیہوش ہوجاتا تہا پہر ہوش مین اکر
قلم لیکر لکھنے لگتا تہا آخر تمام کرکے امیر کے خدمت مین روانہ کیا اور مرگیا مین نے پوچھا
کہ سبب زوال دولت آل مظفر اور سریع استیلا کا کیا تہا آل مظفر مین کئی امر شنیع تہے جس سے زوال دولت معلوم
ہوتا تہا اول ظلم کہ مال لوگون کا ناحق لیتے تہے اور بندگان خدا کو بند مین رکہتے تہے
اور ظلم کو عدالت سمجہتے تہے دوسرے ناحق خلق کو آزردہ کرتے تہے اور بعضا
کسیکو اتنا مارتے تہے کہ بیچارہ مرجاتا تہا تیسرے حق الناس کو حلال سمجہہ کر
مال کس و ناکس کا لیلیتے تہے اور جو شخص اونکے خدمت کرتا تہا جب تک اونکے
خدمت مین نہ مرجائے تب تک اوسکو کچہہ نہین دیتے تہے اور جو اونکے دولت
مین جانسپاری کرتا تہا اوسکے خدمت کا انکار کرتے تہے چوتہے صلہ رحم کو
قطع کرکے اپنے رشتہ دارونکو قتل یا اندھا کرتے تہے پانچوین بخل اور رزالت
کو عادت بناکر سخاوت اور کرم سے چشم پوشی کیے تہے یہانتک کہ اللہ تعالے
نے امیر کو اون پر مستولی کیا مجکو اونکے احوال سے تجربہ حاصل ہوا اور اس
احوال کو مین نے اپنے دفتر وقایع مین لکہوادیا

توزک مملکت فارس اور آذربایجان کا

جب میرے خاطر فارس کے ضبط و آل مظفر کے مخالفت سے جمع ہوئے تو جمعہ
کے دن ستائیسوین ماہ جمادالاخر کو اصفہان کو چلا اور رستہ مین شکار کہیلتا ہوا
ہوا چلا جاتا تہا منگل کے دن اٹھوین ماہ رجب کو قصبہ قمشہ مین پہنچا اور حسب
صلاح وقت امرا کے مشورہ سے آل مظفر کے قتل کا حکم دیا اور قمشہ
سے سوار ہوکر ایک شب درمیان رہ کر جمعرات کے دن دسوین تاریخ کو

بشتی سے پہلے تین ہزار آدمی جو قید میں تھے چھوڑ دیئے پھر بالغ لڑکیوں کا سامان تیار ۱۹۱
کر کے اشرافوں میں نکاح کر دیا اور بہت روپیہ اونکو دیا اور بندگان خدا کے
حال پر خود متوجہ ہوتا تھا اور لیاقت والوں کو نوکر رکھ لیتا تھا اور بعضوں کا وظیفہ
مقرر کر دیا اور بعضوں کو راس المال دیکر تجارت کراتا تھا اسطور سے رسم گدائی
کے اوٹھا دیے اور سنہ ۷۶۲ سات سو باسٹھ ہجری میں اپنا خطاب ابو الفوارس
مقرر کیا اور ریاست اصفہان کے شاہ محمود کو دیے اور کرمان کی سلطان
احمد کے لیے مقرر کیے اور شاہ یحیی کو قلعہ قندز کے میں قید رکھا شاہ محمود نے امارت
اصفہان پر حاکم ہو کر خطبہ اپنے نام کا پڑھا اور شاہ شجاع کا نام خطبہ سے نکال
ڈالا شاہ شجاع نے اصفہان پر لشکر کشی کی شاہ محمود دستگیر ہو کر مر گیا شاہ شجاع
نے یہ رباعی تصنیف کی محمود برادرم شہ شیر کمین میکرد خصومت ز پے تاج
نگین کردیم دو بخش تا بیاساید خلق او زیر زمین گرفت من روی زمین اور
سنہ ۷۸۶ سات سو چھیاسی ہجری میں عین سخت بیماری میں جشن مرتب کر کے سادات
و علما اور مشایخ کو بلا کر یہ کہا کہ مجھکو سفر آخرت کا درپیش ہے اور مجھکو یقین ہے
میرے بعد تھوڑے دنوں میں سلطنت دودمان آل مظفر کی امیر تیمور گورگان کے
دولت سرا میں منتقل ہو جاویگی میں نے یہ حال خواب میں دیکھا ہے آج ہر چند
میں مالک ربع مسکون کا ہوں پر دولت اور سلطنت امیر تیمور کی روز افزون
اور اقبال بلند دیکھتا ہوں سو سب سے یہہ صلاح ہے کہ اوس سے مواصلت کروں اور
اپنے ایک لڑکے اوسکے ایک فرزند سے بیاہ دوں پھر ولایت کرمان بے سہم
بالتمام سلطان احمد کو دیکر اوسی دن کرمان کو روانہ کیا تا کہ بعد اوسکے
فتنہ برپا نہ ہووے پھر سلطان زین العابدین کو مواعظ پسندیدہ کین اور اپنا

۴۹۰ جو بیٹون کے ساتہہ کرتا تہا سلائیے انکھوننین پہروا کر اندہا کردیا حاصل یہہ ہے
کہ سات آدمی آل مظفر سے اکتالیس برس تک فرمان روا رہے مین پہلا امیر مظفر
دوسرا امیر محمد تیسرا شاہ شجاع چوتہا سلطان احمد پانچوان شاہ یحیے چہٹا زین العابدین
ساتوان شاہ منصور جب یہہ بات شاہ منصور پر آچکی تو مین نے ایک ایک قسم کے
سلطنت کا حال اور اوضاع اور اخلاق پوچہا معروض ہوا کہ مبارز الدین امیر محمد
اگرچہ مرد مسلمان تہا اور تقویت شریعت غرا اور نہی منکر اور امر معروف
اور قلع فسق فجور کا کرتا تہا اور ہر ہفتہ مین ایک قران ختم کرتا تہا لیکن کبہی اثناء
تلاوت مین خون ناحق کر دیتا تہا اور جس مجلس یا جشن مین آجاتا تہا تو اوس مجلس کو
سواشیا موجودہ لٹا دیتا تہا اور جو خدمت کہ فرزند اور امرا سے دیکہتا تو
چہپا لیتا تہا اور اونکے شجاعت پنہان کرکے نامردون کے نام پر ظاہر کرتا
تہا کیونکہ رذالت اور بخل ان افعال کے ساتہہ جمع کیا تہا اور ہر روز کچہہ نوکرونکو
نکال دیتا تہا کہ مین تمکو نہین پہچانتا اور وزیر کے ساتہہ جو بسبب بدنفسی کے مقرر
کیا تہا متفق ہوکر دونو ہر روز کسی کسی جماعت کو حق ناحق پکڑ کر اوسکا مال اسباب
لوٹ کر قید کر دیتے تہے اور ہمیشہ خلقت کو آزردہ رکہتے تہے اور امیر محمد اپنے
بیٹون سے بہی بدسلوکی کرتا اور گالیان دیتا چنانچہ شاہ شجاع ارشد اولاد
کو ہمیشہ کرپہ منظر کہہ کر پکارتا اور چاہتا تہا کہ شاہ شجاع کو قید کرے اور
سلطان بایزید اپنے بیٹے کو ولیعہد کرکے مسند سلطنت پر بٹہا دیوے اور آپ
احکام جاری کرتا رہے شاہ شجاع یہہ خبر سنکر یقین نہین کرتا تہا یہان تک کہ
سلطان بایزید نے شاہ شجاع کو اس حال سے مطلع کیا شاہ شجاع کی بہائیو
سے متفق ہوکر امیر محمد کو پکڑکے سے اندہا کر دیا شاہ شجاع نے مسند سلطنت پر

تیمور سے

نے بلحاظ پہلے اشنائی کے اوسکا استقبال کیا اور شہر مین لیگیا اور بزم مرتب کیے
امیر مظفر اتابک افراسیاب کو سمجھا کر اپنے ساتھ تغلق تیمور کے پاس لے آیا اس سبب
سے عزت اور اعتبار امیر مظفر کا سوگونہ ہوگیا اور بعد فوت تغلق تیمور کے آخر
سال ۶۹۴ چھ سو چورانوے ہجری مین غازان خان کے پاس گیا وہ بھی امیر مظفر
کی تربیت کے درپے ہوا اور نقارہ نشان شمشیر عنایت کیے سنہ سات سو ہجری
مین اللہ تعالے نے امیر مظفر کو فرزند عنایت کیا اوسکا نام امیر محمد رکھا جب
غازان خان مر گیا اوسکا بھائی الجایتو سلطان مسند پر بیٹھا اور امیر مظفر کے حق
مین احسان بے اندازہ کرکے اوسکا مرتبہ پہلے سے زیادہ کردیا اور حکومت
محافظت ابرقوہ اور ہرات اور یزد اور اردستان کے رستہ سے
سوا اوس خدمت کے جو اوسکو تھی حوالہ کیے اور سنہ سات سو دس
ہجری مین امیر مظفر بیمار ہوکر مر گیا الجایتو سلطان نے امیر محمد کو دس برس کے
عمر مین باپ کے جگہ پر کردیا اور الجایتو سلطان سنہ سات سو چودہ مین مرگیا
اور سلطان ابوسعید بہادر خان باپ کے جگہ پر مسند نشین ہوا اور امیر محمد نے
سلطان ابوسعید کے عہد مین خوب شمشیر زنی کی اور عمدہ کار نمایان کیے اور الوسا
[illegible] کو مستاصل کیا اسلیے اوسکے عزت اور اعتبار نے نہایت ترقی کی
اور سنہ [illegible] سات سو [illegible] مین مرگیا اور سلطان محمود شاہ نے شاہ زمان کے
[illegible] کے بیٹی سے پیدا ہوئے تھی نکاح کیا اوس سے شاہ شجاع پیدا
ہوا اور بعد [illegible] کی جو امیر محمد سے ظاہر ہوئے سنہ [illegible]
سات سو [illegible] ہجری مین شیراز کو محاصرہ کرکے امیر شیخ ابو اسحق فارس کے
سلطان سے لڑکر لیلیا اور آخر کو شاہ شجاع نے اوسکے سبب بدمزاجی کے

۶۸۸ھ گذران کرتا تھا یہانتک کہ حاجی مر گیا اور منصور اوسکے گور کا مجاور بن گیا
ابو بکر اور محمد سے تو کچھ اولاد نرہی اور منصور کے تین بیٹے امیر محمد امیر علی
امیر مظفر پیدا ہوئے امیر مظفر اگرچہ خورد سال تھا پر نہایت ہوشیار اور بلند طالع
اور دیندار تھا مظفر نے ایک رات کو خواب مین دیکھا کہ اتابک یزد کے گھر مین سے
افتاب نکل کر اوسکے گریبان مین آگیا ہے اور وہ جو جگہ سے اوٹھا تو افتاب بجائے
ٹکڑی ہو کر اوسکے دامن مین سے کہنڈ گیا مظفر نے یہہ خواب شیخ داؤد بزرگ وقت
سے بیان کیا شیخ نے یہہ تعبیر دی کہ تجکو بشارت ہے کہ افتاب سلطنت کا اتابکون کے
گھر مین سے نکل کر تیرے خاندان مین آگیا اور جتنے افتاب کے ٹکڑے تھے اتنے برس
سلطنت تیرے خاندان کے ہو گئے اوسدن سے روز بروز مظفر ترقی کرتا
تھا آخر مقرب درگاہ اتابک یوسف شاہ پسر اتابک علاء الدولہ کا ہو گیا اور
جب اتابک یوسف شاہ نے ایلچی ارغون خان کے قتل کیے اور ارغون خان کے خوف
سے سیستان کو چلا گیا تو امیر مظفر اوسکے ہمراہ تھا پر بسبب نفاق بعضے ابنائے
روزگار کے اتابک سے جدا ہو کر سلطان سیورغتمش خان کے پاس چلا گیا اور
اوسنے بہی اسکے حق مین عنایت کی چند روز کے بعد اپنے وطن یزد مین آیا چونکہ
حکام یزد کے اوس سے صاف نہین تھے اسلیے ارغون خان کے پاس گیا امیر
مظفر ازبسکہ جوان خوب صورت نیکو شمایل تھا ارغون خان نے اوسکو اپنا
مقرب کر لیا جب ارغون خان مر گیا تو کیخاتو اوسکی جگہ بیٹھا اوس نے امیر مظفر کے
رعایت حال زیادہ سے زیادہ کر کے اپنا منظور نظر کر لیا اوس وقت اتابک
افراسیاب پسر اتابک یوسف شاہ کا سلغرستان مین باغی ہو گیا کیخاتو نے امیر
کو [illegible] دفعہ اسپر قراسکے بہیجا جب امیر مظفر نزدیک پہنچا اتابک افراسیاب

تیمور سے

کا داروغہ لایم قوچین کو مقرر کیا چونکہ کودرز سلطان ابواسحق کا غلام جو قلعہ سفید
داریرخان کا تہا ہو تو سنے بہی لحاظ استحکام قلعہ کے باغی ہوگیا تہا مین نے لشکر
اوسپر تعین کیا تا کہ قلعہ سپیرخان کو مسخر کرین اور سلطان میل پسر شاہ شجاع کو جسکو
اوسکے باپ نے اندہا کردیا تہا اور سلطان زین العابدین کو کہ اوسکو شاہ منصور
نے اندہا کیا تہا سمرقند کو روانہ کیا اونکے لیے جاگیر اور وظیفہ مقرر کردیا
تاکہ آرام سے اللہ تعالی کی عبادت کیا کرین اور اتابک پیر احمد کو ممتاز کرکے
حکومت لورستان کی بدستور سابق اوسکے لیے مقرر کی اور یہہ امر کیا کہ ان
ایل کو جو شاہ منصور کے تعدی سے ویران ہو گئے ہین پہر شیراز مین اباد کردیئے
اور اکثر ہنرمند اور اہل حرفہ جو اپنے فن مین استاد تہے فارس سے معہ زن و
وبچہ سمرقند کو روانہ کیے اور اس مجلس مین مین نے یہہ پوچہا کہ آل مظفر کو
سلطنت فارس اور عراق کی کسطرح ملی تہی اور حسب نسب انکا کیا ہے اور
کتنے دنون سلطنت رہی ہے ایسا معروض ہوا کہ امیر مبارز الدین محمد کا دادا امیر
غیاث الدین حاجی سو شجاع و تدخواہ کا مرد قوی ہیکل بلند قد تہا چنانچہ
اوسکی تلوار ساڑہے تین سیر کی نزدیک وزن مین تہی اور جب لشکر تاتار کا
خراسان مین آیا حاجی اپنے تینون بیٹون ابوبکر اور محمد اور منصور کو لیکر
یزد مین اتابک علاؤ الدولہ کے پاس گیا ابوبکر اور محمد دونو ملازم اتابک
کے ہوگئے اور جن دنون ہلاکو خان بغداد کو گیا اتابک نے ابوبکر کو کہ مرد شجاع
تہا چہہ سو سوارون سے ہلاکو خان کے پاس بہیجا ہلاکو خان نے امیر ابوبکر کو
مصر پر تعین کردیا اور وہ اعراب خفاجہ کے لڑائی مین مارا گیا اور امیر
محمد اتابک کا ملازم رہا اور منصور تیسرا بہائی اپنے باپ حاجی کی ساتہہ

 اودنین سیے مغلوب ہوجاتاہیے تو غالب اوس ذیے رحم بیکے قتل پر مبادرت کرتا ہیے
یا اندہا کردیتاہیے باپ بیٹے کا اور بہائیے کا جدا جدا دشمن ہورہاہیے اب بیہ
سادات اور علماء وغیرہ سکنہ شیرازنیے بکزبان آل مظفر کیے بدکرداریے
عرض کیے اور تمام اہل فارس اور عراق نیے یہہ درخواست کیے کہ آپ کے عدالت اور
رعیت پروریے سے امیدوار ہین کہ یہہ حکومت اس ممالک کیے آل مظفر کو مفوض
نہوییے اور اونکا دست تعدییے ہمیشے کوتاہ ہوجاوی جب یہہ ظلم آل مظفر کا اہل
فارس اور عراق کیے سادات اور علماء اور چہوٹے بڑی کی زبانیے ثابت
ہوا تو پیر کے دن تیسوین ماہ جمادالاخر ۷۹۵ھ سات سو پچانوین ہجریے کو بہنے
آل مظفر کو قید کرکیے اونکے گہہ بار کو لٹوا دیا اور اکابر فارس کیے روبرو
امیرزادہ عمر شیخ کو فارس کیے حکومت پر کلاہ خاصہ دیکر سربلند کیا اور اون لوگو
سفارش کردیے کہ خلق اللہ سے حسن سلوک اور رعیت پروریے کرتا سب نیے
دعا کیے اور شکر اور ثنا بجالائیے اور امیر یزدے بیگ لسر سارلوغا اور
امیرزادہ سویدا ور امیر زیرک چاکو اور سونجک بہادر کو معہ افواج
ایک برس کیے واسطے امیرزادہ کیے پاس چہوڑا کہ جب انتظام فارس کا خاطر
خواہ ہوچکے تو حضور مین چلے آنا اور جو امیر کہ ہمراہ امیرزادہ کیے رہتے تہیے
جیسیے میان تیمور لسر ایلچیک جتہ اور توکل بہادر لسر بندوا اور قر قرا اور یزد
اور دولت خواجہ وغیرہ بدستور ہمراہ رہین اور امیرزادہ عثمان بہادر
کو یہہ حکم دیا کہ اپنیے معتبر آدمیے کرمان کو بہیجکر خزانہ اور اسباب سلطان
احمد کا ضبط کرکیے درگاہ مین حاضر کردا اور ایدکو لسر غیاث الدین برلاس
کو کرمان کے ریاست پر اور تمکہ توچین کو داروغہ یزد کا اور ابرقوہ

تیمور ے

ہیے کہ اپنے دلکو غمگین نکرین کیونکہ غم عمر کو کہا جاتا ہیے اگر کوئی غم پیش آوے تو اسکو ہمت اور دانش سیے رفع کرین دوسرے یہہ کہ سلاطین کو چاہیے کہ جہوٹ نہ بولا کرین لیکن اگر نفع دیوے کیونکہ دروغ رزق کو کہاتا ہے اور ہیبت کو کم کرتا ہیے اور دروغگو پر کسیکو اعتماد نہین رہتا تیسرے یہہ کہ سلاطین کو ضرور ہیے کہ بخل نکرین کیونکہ سلاطین نمونہ جود اور اکرام کا ہوتے ہیں جو سلطان صفت جود سیے پاک ہووہ صفات الہہ سیے بی بہرہ ہوتا ہے کیونکہ مبداء فیاض نے بخل روا نہین رکہا پس جو بادشاہ بخیل ہووے وہ اپنے سلطنت سیے بے بہرہ ہیے چوتہی یہہ کہ سلاطین کو واجب ہیے کہ عدالت کیا کرین جو سلطان عدالت نکرے وہ فرعون ہوتا ہے جو سلطان مسلمان ہو اور ظلم کرے تو کافر بادشاہ عادل اوس سے بہت اچہا ہے مین نے یہہ چارون باتین دل مین لے لین اور وہان سے منزل گاہ کو چلا آیا

ذکر دار الملک فارس کی بستی کے مجلس کا

اگلے دن مین نے مجلس مرتب کیے اور دار الملک فارس کو انتظام اور رونق دیے جب مین بارگاہ سلطنت مین بیٹہا تو فرزند کامگار اور امراء عالیمقدار حاضر ہوئے مین نے شیراز کے سادات اور علماء اور اکابر اور روسا کو طلب کیا جب وہ سب آچکے تو اگرچہ اوضاع آل مظفر کے بارہا سن چکا تہا کہ ہر ایک اپنے شہر مین اپنے آپ کو سلطان مستقل جانکر دوسرے کی قتل اور اسیری کے فکر مین ہیے اور ایک ملک تاراج کرتے ہین اسیہی سبب سیے جو رتینا اور بیچے سلطان تیکے اسیرا اور مال بندگان خدا کا تلف ہوتا ہیے اور اگر کوئیا

 اولیا اوسیا شہر شیراز مین بہت تہے مین واسطے زیارت بزرگونکے گیا اور انکے
روح سے ہمت لیے اور یہہ سنا کہ یہان اوجاڑ مین ایک مجذوب رہتا ہے مین
اوسکے پاس بہی گیا اوسکے پاس گلہ بکریکا تہا اوسنے وہ میرے طرف کیا اور
سات مرتبہ اپنے انگلیون کو خم کردیئے اور انگشت شہادت اور انگوٹھے
کو حلقہ بنایا اوسکے مریدنے مجکو بشارت دیے کہ حلقہ بنانا انگوٹھے اور انگشت
شہادت کا اشارہ طرف لفظ اللہ کے ہے کہ امیر کو باخدا رہنا چاہئے اور
گلہ کو عرب رمہ کہتے ہین اسکے یہہ معنی ہین کہ امیر کیس اور مسلمانونکے
زمین کا اور ہفت اقلیم کا فرمانروا ہوویگا مین اس بشارت سے خوش ہوا اور
وہانسے سید ابو اسحق کے خانقاہ مین آیا اوس خانقاہ مین درویش اور عالم بہت
تہے اونسے اچھی اچھی باتین سنے ایک یہہ کہ سب علماؤنے کہا تہا اونہونے یہہ کہا کہ
الحمد للہ کہ اللہ تعالے نے ہم پر سلطان عادل بہیجا ایک نے یہہ کہا اللہ تعالے نے مہر
رحم کیا کہ حاکم رحیم تعین کیا اگر رحم نکرتا تو آل مظفر سے ناحق نہوتے اور لعیر
قطب السلطنت کو اوسیکے جگہ پر نصیب نکرتا اور اگر ہمارے خرابی منظور ہوتی
تو ملک اوسیکے پنجہ مین رہتا ایک یہہ بات ہے کہ ابنساط خاطر سلاطین کے موجب
انبساط خاطر عالم کا ہے کیونکہ سلاطین بمنزلہ دل اور جگر کے ہوتے ہین جب
تک دل آرام سے ہوتا ہے تو ملک بدن کو بہی صحت رہتی ہے اور امیر سلاطین
کا اور انکا ارادہ نمونہ کل کا ہے ایک حکم یا ارادہ کہ سلاطین سے واقع ہوتا ہے
تسخیر ملک مین کئی اختلافات اور واقعات ہوجاتے ہین مین نے اون سے نصیحت
طلب کے کہ اخلاق حسنہ ہدایت کرو اونہونے میرے لئے چار باتین ایک ورق
پر لکہدین اور مین نے اپنے دفتر وقایع مین لکہوا دین ایک یہہ کہ سلاطین کو لازم

۷۹۵ پھر میں نے یہ حکم دیا کہ منشی فتحنامہ لکھکر ممالک محروسہ کو روانہ کریں حسب الامر
فرمان فتح کے توران اور خراسان اور کابلستان اور باختر اور بدخشان
وغیرہ ممالک کو بھیجے اور اسوقت امیرزادہ عمر شیخ جو واسطے بندوبست کردستان
اور لرستان اور [illegible] اور نواحی کی بھی مہم پر گیا تھا وہ انکے انتظام سے حسب دلخواہ
فارغ ہوکر اور پیشکش اور تحفے لیکر شیراز میں حاضر ہوا اور مبارکباد دیے
اور بہت نثار کیا اور آل مظفر سے کہ ہر یک ممالک لیکر خود بخود سلطنت کرتے تھا
جیسے شاہ یحیی یزد میں اور سلطان احمد کرمان میں اور سلطان ابو اسحق
سیرجان میں شاہ منصور کا حال سنکر ہوا سے ملازمت کو بالالتماس کیا ہر یک
اپنے مملکت سے درگاہ میں حاضر ہوا اور سلطان مہدی بیٹا شاہ شجاع اور
سلطان غضنفر کو جو شیراز میں تھے پکڑکر حضور میں لائے

تذکرہ اوس مجلس کا جو شیراز میں ہوا [illegible]
اور بیان [illegible]
[illegible] امیرزادہ عمر شیخ کو

جب ممالک ایران میں کے تمام مغلوب ہو چکے تو میں نے امیرزادہ عمر شیخ
کو یہ امر کیا کہ باغ اور میدان کو درست اور [illegible] جشن اور
مجلس طرب کے آراستہ کریں [illegible] مرتب کر کے حسب دلخواہ
ممالک فارس کا انتظام اور [illegible] اور [illegible]
میں مشغول ہوا اور جو [illegible] شاہ [illegible] کردیا
اور مملکت فارس کی واسطے امیرزادہ عمر شیخ [illegible] کے امیرزادہ
[illegible] رستم [illegible] لائق مرتبہ [illegible] پیشکش [illegible]

۷۹۴ کوہ قلاخ کیطرف چلے گئی من نے فوج اونکے تعاقب پر بہیجی اس فوج نے اونکو قتل و آوارہ کرکے رجعت
کے اور مین پہنچے اوسدن دیوکان مین مقام کیا صبح کو دار الملک شیراز کیطرف
کوچ کیا ہفتہ کے دن پندرہوین جمادالاول کو باہر شہر سے سلم دروازہ کیطرف ڈیرا
ہوا اور بارگاہ اور خیمہ برپا کرائے اور یہہ حکم دیا کہ لشکر گرد شہر کے اترے
اور سلم دروازہ کہلا رہے اور باقی اٹھہ دروازون کو تیغا کر دو اور
ایک جماعت امرا کو یہہ حکم دیا کہ شہر مین جا کر گہوڑے اونٹ خچر جس کے پاس
ہون سرکار خاصہ مین ضبط کرو اور ارباب شہر اور روسا سے مچلکا لو کہ
خزانہ مال زر اسباب شاہ منصور اور اوسکے توابع کا جس جگہ جسکے پاس ہووے
وہ بتاوو اور حاضر کرو حسب الامر امرا نے شہر مین جاکر عمل کیا اور تمام
گہوڑے اونٹ خچر شہر کے حاضر کیے مین نے کہا اسمین سے جو شاہ منصور اور
اوسکے توابع کا ہو وہ سرکار مین رکہو اور جو اہل شہر کا ہے وہ واپس کردو
بہت مال اور زر نقد اور اجناس اور اسباب شاہ منصور اور اوسکے لشکر کا
میرے روبرو کیا مین نے وہ سب امرا اور سپاہ کو تقسیم کر دیا چنانچہ
ایسا کوئے نہین تہا کہ اوسکو اس غنیمت مین سے حصہ نملا ہو اور خراج اہل شیراز
پر مقرر کیا تمام اہل شہر نے اس شکرانہ مین کہ وہ شاہ منصور کے تعدی سے
بچگئے خوشی سے خراج داخل کیا اور مین نے امیرزادہ محمد سلطان کو مع لشکر
اصفہان کو روانہ کیا تا کہ اصفہان اور اوس مملکت کا انتظام کر کے خراج
وہانکے لوگون سے لیوے

ذکر فتح نامہ بہیجنے کا اطراف ولایات کو

تیمور رستم

شاہ منصور کے ساتھ مصروف رہا آخر رہیگا اسی عرصہ میں شاہ منصور نے
گردن پر ایک تیر لگا اور ایک اور سینے جا لگے اور اسکے شانہ پر نیزہ مارا
ایک اور پیشانی پر تلوار لگی شاہ منصور پشت دیکر بھاگا امیرزادہ شاہرخ
اسکے پیچھے روانہ ہوا ایک سپاہی اور پیچھے پہنچے اور اسکو گریبان پکڑکر گھوڑے سے
نیچے گرا لیا اور خود شاہ منصور کے سر پر بھی گرپڑا اوسوقت شاہ منصور نے
چیخ کر کہا میں منصور ہوں مجھکو بادشاہ کے پاس لیچلو اور مجھکو زندہ امیر کے پاس لیجاؤ اور
لیجا اسوقت لیا اور اسکا سر کاٹ لیا امیرزادہ شاہرخ نے اور اسکا سر
لیکر امیر کے پاس پہنچے تو الحمد للہ کہا اور فتح ہوئی امیرزادہ شاہرخ کو
بلایا اور اسکو شاہ منصور کا سر دیکر کہا بہت اچھا ہوا کہ ایسی شجاعت
میرے پاس لانا چاہئے تھا کہ وہ ایک اپنے ملک کا اسکو دیکھنا لازم تھا
کیونکہ مجھے امیر سے سنتا تھا جب دیا مجھے چھوٹے ہو تو اسکے مرد ا
قیاس کیا چاہئے شیخ نے جواب دیا کہ وہ قابل اچھا دیکھنے تھا میں نے کہا وہ
مرد شجاع تھا اور شجاعت ذہن میں ہوتا ہے نہیں ہوتی وہ قابل اچھا دیکھے
ہوتے ہیں جب شاہ منصور قتل ہوگیا اور میرے تمام جمع ہوئے تو میں اور
جنگل میں ایک پتھر پر جاکر گھوڑے سے اترا اور سجدہ درگاہ الہی میں ادا
کیا پھر امیرزادوں اور امراء کو جدا جدا اپنے گلے لگایا سب نے مبارکباد
دی اور رسم قدیم اور عادت مغلوں کے موافق سر و کرنے کیا آخر
میں ایک فوج آراستہ دشمن کے پیدا ہوکر جنگ کرنے لگے میں بھی گھوڑے
سے اتر کر اسکی طرف روانہ ہوا اور سپاہ نے آواز بلند تکبیر کہی اور
نقارہ کی آواز سے دشمن کے دلوں میں رعب آگیا وہ لیکر بھاگ کر

تو زک

۷۹۴ مانند ہوگئے شیر کے مخالفون سے زدوخورد کر رہے ہین یہان تک کہ شاہ منصو
میرے طرف سے پہرا اور امیرزادہ محمد سلطان کے قول کیطرف متوجہ ہوا
امیرزادہ نے شاہ منصور کے فوج پر حملہ کرکے قشون دست راست پراگندہ
کر دیا اور شیر بہادر وغیرہ جو امیرزادہ محمد سلطان کے ساتھ تھے دشمنون
کے تعاقب پر مارتے چلے جاتے تھے اور امیرزادہ پیر محمد جہانگیر نے شاہ منصو
کے افواج دست چپ کو توڑ ڈالا اور بہت لوگ قتل کئے اور امیرزادہ
شاہرخ پانچ برس کی عمر میں تلوار لیے ہوئے مانند شیر کے حرب ضرب کرتا تھا آ
جماعت ہزیمت یافتہ پھر امیرزادہ شاہرخ کے پاس جمع ہو گئے اور جو امرا
کہ امیرزادہ کے رکاب مین تھے جیسے امیر جلال پسر امیر حمید اور زیرم پسر
یوسف صوفی اور غیاث الدین ترخان کے بیٹے اور خواجہ رستم اور
عیدل اور خواجہ یشیرا اور شیخ محمد بہادر پسر انکو تیمور جنگ مردانہ کرکے
تیر اور تلوار سے مخالف کو پراگندہ کرتے تھے اور قشون الہداد کا جنکو
وفادار کہتے تھے اور قشون امیر شیخ نور الدین پسر امیر سار بوغا اور قشون
توجین جو قلب لشکر مین تھے سب پریشان ہو گئے تھے اب پھر جمع ہو کر علم بلند
اور قول مرتب کیا اور قشون شیخ علا اور لام توجین اور بہرام کا قایم تھا
اور جنگ مردانہ سے غنیم کو ریزہ ریزہ کر دیا تھا اور امیرزادہ شاہرخ
بھی فوج شاہ منصور سے جنگ کرتا تھا دونو طرف کے فوج مردان کی
سر کرتے تھے آخر امیرزادہ شاہرخ کے صدمہ سے جمعیت شاہ منصور کے پریشان
ہو گئے اور اکثر مارے گئے

ذکر شاہ منصور کے کشتہ ہونیکا

تیموریے

ولایت میں جتنے پہلے بہی اور اونکے تمام گہوڑے زرہ ساز دار تہے اور جنگ
بہتار علم بنے ہوئے تہے کہ یہی تہی پیادہ سپاہ سے فوج کو دیکہتے ہی تشیر کیے
شد حملہ کیا اور میرے تیس ہزار سوار کو کچہہ خیال میں نہ لایا نہنگ کی طرح
میری فوج میں گہس کر معروف قشونات کو چیر کر اوس طرف کو نکل گیا اور اوسنے
کہڑا ہوا ان لوگونکی مردانگی دیکہتا تہا جب شاہ منصور نے صفین ویران
دین تو میرا علم دیکہکر مجہ پر حملہ کیا اوس وقت مین نے چاہا کہ نیزہ لیکر اوس کے
گردن مین لگی نیزہ مانگا پر نیزہ دار میرا تہے جنگ کے خوف سے بہاگ
گیا تہا اب جو شاہ منصور میرے اوپر آیا تو دس پندرہ آدمی سے زیادہ
میرے پاس نہین تہے تمام فوج برہم ہو گئے تہے اب صرف تائید الٰہی پر اعتماد
کر کے مستقل اپنی جگہ پر کہڑا ہوا شاہ منصور کو کچہہ خیال مین نہ لایا یہانتک
کہ شاہ منصور نزدیک آگیا اور مجہکو دیکہتے ہی پہچان کر کہنے لگا کہ ملک عجم
ہے اور وہ جوان تہا سرخ سفید ڈاڑہی سیاہ گہونگروالی رنگ گورا بازو
لمبے ہاتہہ اور ایک لمبی تلوار ہاتہہ مین لیے ہوئے عقاب رفتار گہوڑے
پر سوار دو ہاتہہ تلوار کے مجہہ پر چہوڑے چنانچہ پہلا اوسکے تلوار کا میرے
خود مین لگا چونکہ اللہ تعالیٰ میرا نگہبان تہا اوسکے کوشش نے کچہہ فایدہ نکیا
اوس وقت عادل اقتایخ اپنے ڈہال میرے پاس لایا اور خار سے لیا دل
میفے میری سامنے تہیب تلوار چلائی شاہ منصور کے ایک سپاہی نے خار
کی ہاتہہ پر تلوار ماری ہاتہہ تار سے جا آرہا اور سوا ان دونو
آدمیون کے میرے پاس کوئی نہیں تہا مین نے جب خوب غور کیا تو یہہ دیکہا
کہ مجہ رستاہ ادرا ان شاہ اور لوکل بہادر باوریچی اور محمد آزاد ترک

۷۸۵ه

تُوزک
ذکر حضرت صاحبقران کے جنگ کا شاہ منصور سے

تُوزک شاہ منصور کے جنگ کا مین نے اسطور کیا کہ سپاہ موجود کو دو قول مقرر کیے ایک قول اپنے نام پر کیا اور دوسرے قول کا سردار امیرزادہ محمد سلطان کو کیا اور امیرزادہ پیرمحمد جہانگیر کو معہ فوج دست راست پر معین کیا اور تیمور خواجہ کو امیرزادہ پیرمحمد کے فوج کا ہراول بنایا اور قول امیرزادہ محمد سلطان کو اپنے دست چپ پر کہڑا کیا اور اوسکے پشتے پر شیخ تیمور بہادر کو رکہا اور امیرزادہ شاہرخ کو اپنے قول مین رکہا جب تُوزک فوج کا اسطور ہولیا تو امیر عثمان کو قراول کرکے آگے روانہ کیا اور مین عنایت الہی پر تکیہ کرکے روانہ ہوا امیر عثمان جو آگے قراولی پر گیا تہا اوسکو قراول شاہ منصور کے نظر آئے امیر عثمان معہ بہادران ایک گڑہے مین چہپ گیا یہان تک کہ اوس کے قراول غافل ہوکر گذر گئے پس عثمان اور صائن تیمور اور الوس تمو کہ اور موسے اور قرا احمد اور بہرام یسور سے کمین گاہ سے نکلکر اون پر حملہ آور ہوئے بہرام یسور سے تلوار لیکر غنیم کے قراولون پر پہنچا اور اونمین سے ایک شخص کو زخمی کرکے زندہ پکڑکر حضور مین لایا مین نے احوال شاہ منصور کا اوس سے دریافت کیا کہا کہ شاہ منصور معہ افواج باغستان مین امیر کا منتظر ہے اور کفن سر پر باندہ کر مرنا ٹہان لیا ہی مین نے کہا یہہ خوب شگون ہے کہ مرنے سے پہلی اپنی موت کے فال کی ہی پہر مین سوار ہوا جب باغ اور درخت شیراز کے نظر آئے تو کیا دیکہتا ہون کہ فوج دشمن کے چار ہزار سوار ہونگے باغستان مین صف باندہے ہوئے کہڑے ہی اور شاہ منصور تمام فوج

تیموریہ

اور تو کو مجھے الہی ہو علم کرتا ہے جب مجھکو یہ باتین سنائین تو مجھکو اوسپر بہت غصہ آیا
اوسوقت لشکر سے عورتین اون لوگون کے بہت گرفتار کر لائی مجھکو اون پر رحم آیا
سب کو چھوڑ دیا اور ایک سوار ہی کو قلعہ سفید کا کوتوال کر دیا چونکہ دو دن تک
تسخیر الہی قلعہ کے جو سر سلونین ہی متصور نہیں تہے تو فتوح الہی سے میسر ہو گئے
تو پیر کے دن گیارہوین تاریخ سوار ہو کر سو صبح تو شنبہ کان مین آیا اور واقعہ یا
کہ جو وقت قلعہ کشائی کے سبب سے پہلے پہاڑ کے چوٹی پر چڑھ گیا تھا اوسکو اپنا
سے سربلند کیا اور زر نقد اور جنس اقمشہ اور اسپ اور شتر اور خیمہ اسقدر دین
اوسکو دیا کہ جمع کرتا ہوا تہک گیا کیونکہ وہ سپاہی یک اسپہ تھا پھر اسکے بعد
زر اور جنس کا مالک ہو کر برابر امراء کلان کے ہو گیا اور مین اس منزل سے
صبحدم روانہ ہوا اور درہ دیوان سے گذر کر موضع سر مردان مین آیا
جمعرات کے دن سوار ہو کر موضع جرہ مین آیا جمعہ کے دن چودہ مین جماد الاول
کو جو یم مین لشکر گاہ کیا چونکہ شیراز کے قریب آگیا تھا تو شاہ منصور کا احوال
مینے دریافت کیا حاضران مجلس نے اپنے اپنے عقل کے موافق بیان کیا
کہ یقین ہے کہ اوسکو یہ طاقت نہین کہ امیر کے مقابل ہو سکے اغلب کہ بہاگ
گیا ہوگا اور مسموع یہ ہے کہ منتظر ایک واقعے خبر کا ہے بعد فتح قلعہ سفید
کے امیر کا شیراز کو آنا سنے سے بہاگ جائیگا یہہ کلام سنکر مین اول حال
مین شاہ منصور کو خیال مین نہ لایا یہہ ارادہ کیا کہ جا کر شیراز مین داخل
ہو جاؤن لیکن پھر یہہ دل مین آیا کہ دشمن اگرچہ ضعیف ہو وے پر ضعیف نہ
سمجھا چاہیئے کہ سعدی علیہ الرحمۃ نے فرمایا ہے دشمن نتوان حقیر و بیچارہ شمرد
تو زک اور آراستگی سے جانا چاہیئے

پہنچا فوج امیرزادہ محمد سلطان یے قلعہ کے دروازہ پر پہنچی علم اوس جماعت کا جو
دروازہ پر تہی لیکر اون پر حملہ کیا اور جب وہ مخالف قلعہ مین گہسی تو بہادرون
نے اونکا تعاقب نہچوڑا اونکے ساتہہ قلعہ مین گہس گئے اور علم دیوارون پر کہڑے
کر دیئے اور قلعہ فتح کر لیا اور لشکریون نے ہجوم کرکے قلعہ مین قتل اور غارت کرنا
شروع کیا اور محمد آزاد سعادت کو نوال کو حضور مین پکڑ لائے اور سعادت
تحسین کے پائی اور مین نے واسطے قتل سعادت کے حکم کیا اور سلطان
زین العابدین جسکو منصور نے اندھا کرکے اس قلعہ مین قید کر رکہا تہا حضور
مین لائیے مین نے سلطان زین العابدین کو عطوفت سے تسلی دیکر خوش کیا کہ
انشاء اللہ تعالے مین تیرا بدلا منصور ظالم سے لیدونگا اور اوسکو مین نے چہاتی
سے لگایا سلطان زین العابدین نے بخود چار کلمہ سنائے پہلی یہہ کہ مین ہی ظالم ہون
کہ امیر عادل سے پہر کر ظالم کے پناہ مین گیا دوسرے یہہ کہ مین مرحوم ہون کہ سلطنت
کے مرتبہ سے ذلت مین آگیا تیسرے یہہ کہ عاجز ہون کہ روشنائے چشم سے ناامید
ہوکر چشم امید سیاہ ہوگئے چوتہی یہہ کہ مستحق عتاب کا بہی ہون اور مستحق خیرات
کا بہی مجکو اوسکے باتون سے نہایت تاثیر ہوئی یہہ یہہ کہا کہ میرا باپ شاہ شجاع
ہمیشہ یہہ کہا کرتا تہا الاقارب کالعقارب یعنے رشتہ دار مثال بچہو کے اپنے
اقربا کو کاٹنے مین اور جو میرا باپ کہا کرتا تہا سو واقع ہوا اور مجکو یہہ وصیت
کیے تہے کہ اگر سلطنت تجکو ملجاوے تو خطا دار اور بیخطا پر رحم کرنا اور اگر
سلطنت سے محروم رہجائیے تو امیر عادل اور سخی کے سایہ مین رہنا کیونکہ سلطان
عادل سایہ الہی ہوتا ہے سب چیز اور سب آدمیون پر اپنا سایہ کرتا ہی اور
سلطان بخیل سے الگ رہنا کہ وہ حاسد ہوتا ہے اور زوال نعمت چاہتا ہے

تیمور سے

ربوڑ بکریاں ہمیشہ بہت سے اوسمین رہتے تھین غرض کہ سواے اقبال بلند کے
وہان کسیکا قابو نہین تھا جب مین قلعے کے نیچے پہنچا تو کئے خاص لوگ ساتھ لیکر
واسطے ملاحظہ قلعے کے گئے اور راہ درآمد برآمد کے پہاڑ کے اوپر چڑھا اخر مین نے خوب
غور سے دیکھکر تمامے افواج کو حکم کیا کہ باواز بلند نقارہ وغیرہ ساز بجاکر
پہاڑ کے اوپر گرد قلعے کے منزل کرین اور بارگاہ اور سراپردہ پہاڑ کی اوپر
قایم کیئے اور فرمایا کہ امرا نے مع اپنے قشونات اور تومانات کے واسطے
تسخیر قلعے کے ہمت کیے اور امیرزادہ محمد سلطان اور امیرزادہ پیر محمد کو
دست راست پر تعین کیا اور امیرزادہ شاہرخ کو کہا کہ دست چپ پر جنگ
شروع کرو اور جمیع بہادر پیادہ ہوکر قلعے کے دیوار سے جا پہنچے اور نہایت
مردانگی سے اسدن صبح سے شام تک جنگ رہی رات کو مین نے حکم دیا
کہ تمام لشکر اپنے خیمون مین آکر آرام کرین اور رات کو چوکس رہین جب صبح ہوئی
تو حسب الحکم امرا اور لشکریون نے مطابق دستور واسطے تسخیر قلعے کے کوس
کے ساز اور نقارہ کلان بجائے اور جنگ شروع ہوگئے اور مین ہر طرف
جاکر سپاہ کو دلاورے دیتا تھا اور تحسین کرتا اور اہل قلعہ بھی لڑائی
مین تیر اور سنگ سے کوتاہی نہین کرتے تھے اور جو ایسی ممکن تھا سو کرتے
تھی اسعرصے مین اتفاقا ایک بہادر سپاہی ایکو تیمور نوکر شیخ محمد کا ایک بلند پہاڑ
پر جو قلعے کے سامنے تھا جا چڑھا اور باواز بلند تکبیر اور درود پڑھکر
نہایت پردے سے تیر اندازی کرنیلگا اہل قلعہ نے اسکو دیکھا اونکے
گمان مین اوس بلندی پر کوئی نہین جا سکتا تھا اسلیے قلعدار کے دلمین
وہم پیدا ہوا اور مردانگی تمام جاتی رہی حیران ہوکر ہاتھ جنگ سے باز رکھا

نہم آتابک سرا احمد لر بزرگ کے حاکم نے آکر ملازمت کی اور پیشکش لائق نذر کئے
مین بیٹے اوسکو تسیلے دیگر ساتھہ لیلیا اور اوسی دن دریای رامہر کو اتر
کر ڈیرا کیا اتوار کے دن کوچ کرکے دریای تے پر آیا پیر کے دن موضع خابران
سے ایلغار کرکے صحرای زرمہ مین پہنچا منگل کے دن دریای ارغون کو اترکر بہان
مین لشکرگاہ کیا بدھ کے دن آب شیرین اترکر صحرای سبز مین خیمہ کیا جمعرات
کے دن موضع کج موس سے گذر کر آب خان بندک مین منزلگاہ ہوئے اور جمعہ
کے دن جولا بہ مین مقام کیا اور ہفتہ کے دن باشت سے گذر کر دریای شعب
عبور کرکے موضع مال امیر مین لشکرگاہ کیا اتوار کے دن دریای خاد وان سے
اترکر موضع مال امیر مین مین نے یہہ پوچھا کہ سفید قلعہ کدہر ہے یہہ حال معلوم
کرکے قلعہ سفید کے طرف عزم کرکے صحرای نوبنجان مین نازل ہوا

ذکر قلعہ سفید کے تسخیر کا

پیر کے دن دسوین ماہ جمادالاول کو نوبنجان سے گذر کر قلعہ سفید کے نزدیک
آیا اسمے سعادت نہایت بدبخت شاہ منصور کیطرف سے وہان کا داروغہ تہا
اور نے سامان جنگ و اسباب قلعہ داری کا خوب تیار کرکے قلعہ کو مستحکم
کیا تہا اور یہہ قلعہ ایسا مضبوط تہا کہ اسکے تسخیر کیسیکے خیال مین نہین آتی تہی
ایک بلند پہاڑ کے اوپر بنایا تہا ایک رستہ کے سوا اور راہ بہی نہین تہا
چنانچہ اگر پانچ چھہ آدمی رستہ روک کے پتھر مارتے جاوین تو ممکن نہین کہ لشکر
عالم کے اوس کے گرد آسکین اور کوئی تدبیر قلعہ گیری کی سرنگ منجنیق
سلامت کوچہ نہین بن سکتے تہی اور نہ کوئی یورش کر سکتا تہا اور آذوقہ
اہل قلعہ کا موجود تہا اور زراعت ہوتی تہی اور چشمہ پانی کی جاری تہے

تیموریہ

غرض بین الفریقین جنگ عظیم واقع ہوئے آخر فتح شاہ منصور کے ہوئے اور
وہ سب بھاگ کر اپنے اپنے مکان کو چلے گئے اور اسی سال کے ایام بہار میں
شاہ منصور نے پھر اصفہان پر لشکر کشی کر کے خواجہ عضد الدین کو کرمستان
سے بلایا عضد الدین کے آتے ہی لوگ اصفہان کے شاہ منصور کے خدمت میں
آکر اوسکو شہر میں لیگئے اور زین العابدین شہر میں سے نکل بھاگا نواحے دراین
اور شہریار میں اوسکو ہوے جو کارنامے لیکر شاہ منصور کے پاس بھیجدیا
شاہ منصور نے ترت سلائی اوسکے آنکھوں میں پھروا کر اندھا کر دیا اور آپ اپنے
بڑے بھائی شاہ یحیے پر لشکر لیکر یزد کو روانہ ہوا آخر الامر اوسکے اتاکو شاہ
یحیے کا باہر یزد یعنی شہر سے نکل کر بیٹے کی پاس آئے اور شاہ منصور کو سمجھایا
کہ تیرے دو بھائیے تو فارس اور عراق تجکو دیکر یزد میں آرہے اگر یہ مقام بھی
بیرومسے کر کے انسے لیلینا ہے تو میں اپنا دودھ نہیں معاف کرونگی شاہ منصور
اپنے اما کی کہنی سے شیراز کو چلا آیا اب شاہ منصور کے بعد سے سنکر میری ڈلیں
یہہ آیا کہ شیراز جاکر اوسکو سزا دیجئے

ذکر شیراز کے سامان جنگ کا

توزک شیراز کے یورش کا اسطور پر کہا کہ خواجہ مسعود شیرازی کو میں نے
تستر کے حکومت پر مقرر کیا اور سونجک بہادر کو واسطے طلب امیرزادہ
عمر شیخ کے جویزہ کو بھیجا کہ شیراز میں مجھے آملنا اور میں آپ شیراز کیطرف روانہ ہوا
بدہ کے دن ستائیسویں ربیع الاخر کو ۷۹۵ ساتسو پچانوین میں دریا تستر کو
عبور کیا اور انتیسویں تاریخ دو شنبہ کے دریائے شور خان گندہ میں منزل
کیے اور شنبہ کے دن غرہ جمادی الاول کو موضع راہبرد میں مقام کیا اسمے منزل میں

ے ہم سے ابرقوہ مین لاکر اپنے خاص محل مین اوتارا شاہ یحیے کہ چند مدت ابرقوہ مین رہا وہان
کے لوگ اوسکے رجوع ہوئے مفسدون کے اغوای سے غدر کرکے پہلوان مہذب
کو قتل کیا اور ابرقوہ محمد قورچے اپنے امیر کو سپرد کرکے یزد کو مراجعت کیے
شاہ منصور یہہ خبر سنتے سے لشکر لیکر ابرقوہ پر پہنچا اور پہلے حملہ مین شہر لیلیا اور
محمد قورچے نے قلعہ بند کرلیا اوسوقت شاہ منصور نے ایک فوج قلعہ ابرقوہ کے
محاصرہ پر چھوڑے اور آپ یزد کو متوجہ ہوا شاہ یحیے نی یہہ خبر سنتے ہے محمد قورچے
کو لکہا کہ اگر شاہ منصور یہہ شرط کہ یزد دیر پورش نکرے مان لیوے تو قلوا ابرقوہ
کا شاہ منصور کے فوج کی حوالہ کردو محمد قورچنے اس شرط پر قلعہ شاہ منصور کے
حوالہ کیا شاہ منصور یزد جیکے رستہ سے مراجعت کرکے اصفہان کو چلا گیا وہان حرا سکے
مکے اور کہیتی چراکر شیراز کو چلا گیا اگلے سال پہر لشکر لیکر اصفہان پر آیا اور زراعت
اور ملک ویران کرکے ہٹ گیا جب سلطان زین العابدین شاہ منصور کے ہاتہ
سے تنگ ہوگیا تو خط فریاد کا آل مظفر کو لکہہ کر مدد مانگے سلطان احمد کرمان
سے اور سلطان ابو اسحق سرجان سے اپنا اپنا لشکر لیکر واسطے امداد زین العابدین
کے اصفہان مین آئے اور شاہ یحیے نے اگرچہ ظاہر مین وعدہ موافقت کا کیا
لیکن یزد سے آکر مٹہر رہا اون تک نگیا سلطان زین العابدین معہ اعوان فصل
زمستان مین شاہ منصور کے ملکت پر لشکر لیجا کر خرابے ملک مین مشغول ہوا
اور کرمان کے سرزمین مین خرابے کرکے کرمیر کے طرف چلے

ذکر شاہ منصور اور سلطان زین العابدین
کے لڑایے کا

شاہ منصور نے اپنا لشکر آراستہ کرکے اونکے مدافعت کو نکلا اور مرضع

تبریز سے

شیراز پر آیا اور سادات اور رئیس شیراز کے شاہ منصور سے متفق ہوگئے ا[ور]
شاہ یحیی کو اسکی خبر ہوئی لیکن وہ بر سر پرخاش نہیں تھا شاہ شجاع کے
لڑکوں میں تنہا تھا یہاں تک کہ منصور مظفر دروازہ کی طرف سے شہر میں
داخل ہوگیا آگیا تھا شاہ یحیی یہ خبر سنتے ہی سوار ہو کر سعادت دروازہ
کی راہ سے یزد کو چلا گیا اور شاہ منصور نے شاہ شجاع کے اولاد میں جا کر
کیا اور جو اسکے ... تھا تب ... بے جنگ و جدل شیراز کی سلطنت
اسکو میسر آگئی پھر لشکر جمع کر کے قلعہ درسند کا سفر کیا اور قلعہ سرمق اور
قلعہ ... کا بھی محاصرہ کیا پر مفتوح نہ کیا اور ابرقوہ کی طرف گیا مہذب
خراسانی ایلچی ... سے ملاقات کی اور رسم اطاعت شاہ منصور نے ابر
قوہ کا محاصرہ مناسب نہ جانا اور شیراز کو چلا گیا سلطان زین العابدین
لشکر مرتب کر کے اصفہان سے شیراز کو متوجہ ہوا اس امید پر کہ امرا شاہ
منصور کے پروردہ شاہ شجاع کے ہیں وہ سب میری طرف آجاوینگے شاہ
منصور یہ خبر سنکر مع سپاہ زین العابدین کے مقابلہ پر شیراز سے آیا اور
قلعہ اصطخر کے پاس پل ... دونوں لشکر مقابل ہوگئے اور زین العابدین کے
دو تمنا پورے نہ ہوئے شاہ منصور کا لشکر پیش دستی کر کے دریا کو اتر
کر جنگ کرنے لگا زین العابدین کے لشکر کو شکست ہوگئی لاچار اصفہان
کو چلا آیا اور شاہ منصور شیراز کو چلا گیا مہذب خراسانی نے جو قلعہ ... شاہ
منصور کے بعد ارادہ کیا کہ شاہ یحیی سے متفق ہوجاوے شاہ یحیی اون
دنوں میں ... کوہستان میں جدا ابرقوہ سے نزدیک سے ...
ہوتا تھا مہذب اپنی ... شاہ یحیی کے پاس گیا اور اسکو اغوا کیا

۴۷۰ احمد پسر شاہ یحیے کو دی تہی اور حکومت کرمان کے سلطان احمد برادر شاہ شجاع
کے بیٹے مقرر کیے تہی اور ریاست سیرجان کے سلطان ابو اسحق نبیرہ شاہ
شجاع کو مفوض کیے تہی اور پہلوان مہذب خراسانی نے حاکم ابرقوہ کو کہ عمدہ امرا
شاہ شجاع کا تہا اور مدت تک اوسنے وہان کی حکومت حسن سلوک سے کی تہی
اور جب مین اوس طرف کو آیا تو آکر ملازمت کیے اور اہل اوس دیار نے اوسکے
طرف سے اپنے رضامندیے ظاہر کیے اسلیئے اوسکو ابرقوہ کے حکومت پر بحال
رکہا تہا جب مین فارس سے سمرقند کو چلا تو سنہ ۷۹۵ سات سو نوے ہجری ہی تہے
اور اب سات سو پچانوین ہین اس پانچ برس کی عرصہ مین عراق اور فارس
مین میرے پیچہے بہت ہرج مرج پیش آئے ایک یہہ کہ شاہ منصور نے سلطان
زین العابدین کو قید کرکے چار کوس تستر سے قلعہ گرد بگرد مین جسکو قلعہ سلاسل
مشہور کرتے ہین محفوظ رکہا زین العابدین مدت کے بعد احمد شاہ ترمتا سے
اور محمود شاہ اپنے خویش کی امداد سے جو نگہبان زین العابدین کے بیچ قیدی
چہوٹا پہر متفق ہوکر دردجر کو چلے آئے اتفاقاً مظفر کاشے حاکم اصفہان کا کہ
ماموں زین العابدین کا تہا اور مین نے اوسکو قید کیا تہا وہ بہی قید سے ہمراہ
نگہبانونکے بہاگا تہا اثناء راہ مین زین العابدین سے ملگیا جب ان دونونے
ملک اعزالدین کی ملک دردجر مین پناہ پکڑے اور ملک اعزالدین کی اتفاق
سے اصفہان پر آئے سلطان محمد پسر شاہ یحیے کا خوف کا مارا طبرک کے قلعہ
مین چلا گیا ایک ہفتے کی بعد کہ شہر زین العابدین کے قبضہ مین رہا سلطان محمد
محمد قورچہ سے متفق ہوکر قلعہ سے نکل کر یزد کو گیا اور اصفہان مع مضافات
سلطان زین العابدین کے تصرف مین آیا شاہ منصور بہت لشکر جمع کرکے

واسطے ترکنازیکے روانہ کیا امرا یہاں حسب الحکم جلد تر اوس نواحے کی اجتماع
اور الوسات پر چڑھ گئے اور غنیمت بیشمار گھوڑے اونٹ بکریاں لے آئے میں نے
وہ سب سپاہ پر تقسیم کردیا اور بدھ کے دن ... ربیع الآخر کو روانہ ہوا اور
دریاے حارداک کو اتر کر نخلستان میں باہر شہر تشتر کے مقام کیا امیرزادہ
محمد سلطان اور امیرزادہ پیر محمد جو بغداد سے خاتون من گردان گردستان کے
استیصال میں مصروف تھے اوس نواحے کو مفسدون سے پاک اور وہان کا
انتظام کرکے حضور میں آئے تھے سو وہ اس منزل میں آگئے اور جن دنون کہ میں
نے پہلے مرتبہ آکر فارس اور عراق کو مسخر کیا تھا تو زین العابدین بیٹا شاہ
شجاع کا ہمارے خوف سے بہاگ کر تشتر میں اپنے چچیرے بہائی شاہ منصور
کے پاس جو برادر خورد شاہ یحیے کا اور شاہ شجاع کی طرف سے حاکم تشتر
کا تھا چلا گیا شاہ منصور نے بے مروتی سے اوسکو قید کر لیا چونکہ آل مظفر اور
منصور کے خصوصاً شاہ شجاع ہم سے نہایت اخلاص رکھتا تھا اوسکے مرنے
کے بعد جیسے کہ وہ سلطان زین اپنی بیٹے اور تمام برادرے کو سفارش کر گیا
تھا میرا ارادہ کہ اونکے رعایت احوال اپنے ذمہ پر سمجھ کر اون پر نہایت
عطوفت کرون لیکن چونکہ زین العابدین اپنے بیوقوفی سے در دولت سے
بہاگ کر اوس بلا میں مبتلا ہوا اور شاہ یحیے برادر شاہ شجاع کا مع
سلطان احمد اپنے بیٹے اور سلطان ابو اسحق نبیرہ شاہ شجاع کے عقل
دوربین کی رہنمائی سے ملازمت میں آکر مطیع ہوئے میں نے تلافی اونکی
اخلاص کے اسطور کے کہ حکومت شیراز کے شاہ یحیے کو دے تھی اور
حکومت یزد کے بھی بدستور بحال رکھی اور حکومت اصفہان کے سلطان

۸۲۳م بیان ہے ایک نے یہہ کہا کہ سات آسمان آبا رعلوے اور چار عناصر امہات سفلے
امتزاج ہے یہہ عدد پیدا ہوتا ہے کیونکہ چار کو سات مین ضرب کرنیسے اٹھائیس
دوسرے نی یہہ کہا کہ منازل قمر کے جو آیت والقمر قدرناہ منازل سے ثابت ہین اُ
سے زیادہ نہین ہین اسلئی اٹھائیس اختیار کئے ہونگے تیسرے نی یہہ کہا کہ حروف کلام
مجید کے جن پر قران شریف نزل ہوا ہے اٹھائیس ہین اسلئے اٹھائیس اختیار کیا ہوگا
ایک اور نے کہا کہ آیت ولقد آتیناک سبعا من المثانی نے بہی اس عدد پر دلالت
کرتے ہے کہ سات کو دو دو بار لے سے اٹھائیس ہوتے ہین ایک اور نے یہہ کہا
کہ سفر مین گیارہ رکعت فرض ہین اور حضر مین سترہ یہہ دونو ملکر اٹھائیس ہوتے
ہین اس جہت سے اٹھائیس اختیار کیا ہوگا مجکو علماء کے اس گفتگو سے شگفتگے ہوئے
جب مین دزقول مین داخل ہوا تو سفیر شمس الدین کا بارگاہ مین حاضر ہوا اور بیل
گو مین چاندے کی پیشکش لایا مین نیے اوسکو نوازش شاہی سے سر بلند کیا اور
یہہ حکم دیا کہ اس شہر مین جتنے گہوڑے اونٹ ہون وہ سرکار مین ضبط کرد

ذکر شہر تستر کے تسخیر کا

ظہر کے وقت دزقول سے تستر کے طرف مین نے عزم کیا تہوڑا راہ چلکر ایک
پشتہ نہایت سبز پر سے نظر پڑا مجکو وہ پسند آیا اوس پشتہ پر جا کر اترا اور گہوڑے
سواری مین جو حاضر تہی اس سبزہ مین چرائی کی لئی چہوڑ دا دیے اور اول
شب وہانسے سوار ہوکر مسجد دم تستر مین پہنچا اور علے اور اسفندیار دار وغہ
اور کوتوال جو وہانکے محافظت پر شاہ منصور کیطرف سے رہتے تہی میرا
آنا سنکر قلعہ خالی کر دیے ہے بہاگ گئے تہی شہر کے آکابر استقبال کی لئی
آکر مطیع ہو گئے اور اوسہی دن مین نے افواج قاہرہ کو اطراف جوانب کو

تیمور سے
نشان نہ پایا تو اہل کوہستان اور اوس نواحے کو مطیع کریکے اور ا
پیکر دریاے زال کے منزل مین آکر ملازمت کیے اور امیرزادہ میران
اوسکو واسطے انتظام اسباب کے شہریار مین چھوڑ آیا تہا عراق پر تاخت
کاشان تک چلا گیا حاکم کاشان کا جو شاہ منصور کے طرف سے ایک
تہا امیرزادہ میرانشاہ کے خوف کا مارا خراسان سے بھاگ کر شاہ منـ
کے پاس چلا گیا تہا اب جو میرانشاہ وہان پہنچا تو حاکم کاشان کو سوا سے اہل عـ
کچھ نہ تہا باہر آکر ملازمت کیے اور تحفے دیے اور جان بچاکر ہمراہ رکاب
ہوا امیرزادہ میران شاہ بسلامت اپنے مکان کو چلا آیا

لشکر کا جزیرہ اور قورقول کے تسخیر کا

اوس وقت مین نے امیرزادہ عمر شیخ کو مع فوج دست راست پر روانہ کیا
تا کہ اوس طرف کے باشندون پر قابو کرے جب یہہ امیرزادہ جزیرہ مین پہنچا
تو اسلام نام ایک جو شاہ منصور کیطرف سے وہانکا داروغہ تہا بھاگ گیا امیر
زادہ عمر شیخ جزیرہ کا انتظام کرنیلگا اور احوال عرض کر بھیجا اور مین جزیرہ
کیطرف سے بخاطر جمع سوار ہو کر چاشت کے وقت پل سے اوتر کر شہر قور
قول مین داخل ہوا اور یہہ پل دریاے زال کا نہایت عالے تہا بڑی مضبوط
دس پل کی اوٹہائیس ۲۸ تین سا پور ذو الاکتاف کا بنایا ہوا تہا اور درمیان
ایک دو محراب کلان کے ایک ایک محراب چھوٹے تنا ہے ہی کل محرابین
تلے بڑے پچپن تہین پتہر اینٹ کے ایسے مضبوط بنے ہوئے ہین کہ اتنے مدت دراز
اور نیچے بنیاد نشست نہین ہوئے تہے اور ہونگے جب مین نے یہہ پوچہا
کیس ور کیونکر بنائے ہین تو علماء حاضرین مجلس نے جد سے جدی توجیہ

ذکر کشتوار اور قلعہ کہوان کی فتح کا

قلعہ کشتوار کو جو آدہ کے حوالی مین تہا جا کر محاصرہ کیا پہلے حملہ مین ہجوم کر کے
قلعہ کو فتح کر لیا اور محمد نے قلعہ دار کو پکڑ کر حضور مین روانہ کیا اور آپ قلعہ سے
بخاطر جمع روانہ ہوکر اگلے دن مردان مین آیا سنقر نامے کوتوال مزدان کا
جو محمد تمی کیطرف سے تہا عبرت پذیر ہو کر واسطے استقبال کے آیا اور ملازمت
کر کے جان و مال سے امان پایا امیرزادہ مردان سے کرہ رود مین آیا اسفندیار
حاکم کرہ رود کا رہنمونے طالع سے امیرزادہ کے پاس پیشکش لائق لایا امیرزادہ
عمر شیخ نے اسفندیار کو بھی ہمارے پاس بہیجدیا اور مین جمعہ کے دن غرہ ربیع الآخر
کو قصبہ ازدجرد مین داخل ہوا امیرزادہ عمر شیخ بہی اسی منزل مین آملا اور
اپنے سورچال مین ٹہرا مین نے سیف الدین قلعہ اسپید کہ ازدجرد کی نواحی
مین تعین کیا اور رہا وند کے حکومت پیر سنکامش کو مقرر کیا اور مین سوار ہوکر
تیسرے دن خرم آباد مین آیا ملک اعزالدین خوف مارا قلعہ چہوڑ کر بہاگ گیا
اگلے دن مین نے ایک برادر کو واسطے ضبط قلعہ کے مامور کیا اور امیرزادہ
عمر شیخ کو ملک اعزالدین کے تعاقب پر تعین کیا تاکہ اوسکو جلد جا پکڑے
اور فوج واسطے تاخت اوسکے الوسات کے تعین کے اور مین لبز کینک
روانہ ہوا چونکہ اوس کوہستان مین چور اور لوٹیرے قوم کرکے بہت رہتے
تہے تو ہر یک منزل مین واسطے احتیاط کے فوج کمین گاہ پر بیٹہا تہا جو چور ہاتھ
آتا تہا سو مارا جاتا تہا پندرہوین دن مین نے قصبہ ازدجرد سے دربازال
کے پل پر ڈیرا کیا امیرزادہ عمر شیخ کو جو مین نے واسطے تعاقب اعزالدین
کے بہیجا تہا وہ قلعہ منکرہ تک جا کر تمام کوہستان مین پہرا لاچار حب اعزالدین کا

۱۳۹۴ کر لیا پہر فردین مین دار وغیرہا کر سلطانیہ کو متوجہ ہوئیے اپکے جو سلطانیہ کا حاکم مرگیا تہا ازتق شاہ اوسکا نوکر اوسکی جگہ حاکم ہوگیا تہا جب یہہ لشکر امیر زادون کا نزدیک آیا تو وہ بہاگ گیا اور امیرزادون نے شہر اور قلعہ مسخر کرکے ضبط کیا اور وہان دار وغہ چہوڑکر بغداد کے طرف متوجہ ہوئیے اور حقیقت حال عرض کر بہیجے جب یہہ عرضہ میرے پاس آئیے اوسہی وقت مین مینے اونکو یہہ فرمان لکہا کہ جیجال کے رستہ سے جانا اور یہہ فرمان اونکے پاس کردستان مین پہنچا وہ حسب الحکم مراجعت کرکے سنقر کے قلعہ مین آگئے اور زراعت اوس سرزمین کی چرانے اور مملکت کو غارت کرکے کوچ کیا چاہتے تہے کہ میرا دوسرا فرمان بابت ممالک کردستان کے امیرزادون کے پاس صبح کے وقت پہنچا اس مضمون کا کہ پہلوان اوس مملکت کے آکر اطاعت سے خراج دینا قبول کرین تو نوازش بادشاہانہ سے امیدوار کرنا اور انعام دینا اور اگر نافرمانی کرین تو قتل وغارت مین قصور نکرنا اور اوس ملک کو مفسدون کے وجود سے پاک کر دینا امیرزادہ حسب ایما کردستان کو متوجہ ہوئیے جب وہ جیجال اور کوہ بیلے ستون مین آئے تو سونجک بہادر اور تیمور خواجہ اور شیر بہادر کو معہ فوج گران واسطے تاخت کردستان کے تعین کیا اور امیرزادے دربند تاشی خاتون کے طرف روانہ ہوئیے جب وہ حوالے دربند مین جاکر اترے تو ایک سردار اوس نواحے کا ازرہ بدنہادی کی اور سرداروں سے منافق ہوکر امیرزادون کے خدمت مین حاضر ہوا اور اطاعت اور دولت خواہی سے یہہ عرض کیا کہ مین اس کوہستان کی سرزمین اور رستون سے خوب واقف ہون اگر مجکو ہمراہ

تیموری سے

تو بہتر یہ کہا چاہیے

ذکر مملکت فارس کے تسخیر کا

اب میں نے سامان جنگ فارس اور عراق کا کیا تا کہ جن لوگوں نے میرے غیبت
میں خلقت کو ستایا اور نافرمانی کی ہے انکو سزا دوں اوسی وقت امیرزادہ
محمد سلطان اور امیرزادہ پیر محمد کو مع لشکر گران ہراول بنا کر آگے روانہ کیا اور
شیخ علی بہادر اور سونجک بہادر اور تیمور خواجہ پسر آقبوغا اور شیر بہادر
وغیرہ سرداران قشونات کو اونکے ساتھ کر دیئے اور تزوک جنگ فارس
اور عراق کا اسطور کیا کہ جب اس لشکر کو روانہ کیا تو جانب سے تمام لشکر کے ایک
دس دس جوانوں پیچھے تین تین سپاہی مردانہ کار آزمودہ چھانٹ کر اپنے ہمراہ
رکھ لیے اور یہ ٹھہرایا کہ سامان بھی پیچھے معہ تمام لشکر آہستہ آہستہ چلا آئے
اور امیر جہانشاہ اور امیر یادگار برلاس اور امیر شمس الدین اور حاجی
محمود شاہ اور امیر ایچ قراکوز اسکے محافظت اسباب کے معین کیا اور
سراے ملک خانم اور تومان آغا کو اسباب کے ساتھ چھوڑا اور چلپان
آغا اور سلطان آغا کو اپنے ساتھ لیا اور امیرزادہ شاہرخ کو مع
لشکر کے دوسرا ہراول آگے روانہ کیا اور آپ چہارشنبہ کو ماہ صفر کو روانہ
ہوا اور صحرا اور یلاق وغیرہ سے بڑھ کر دامغان اور سمنان و ری کی راستہ
سے موضع شہریار میں نازل ہو کر تمام لشکر کو انعام دیا اور امیرزادہ
محمد سلطان اور امیرزادہ پیر محمد مع لشکر ہراول قزوین تک جا پہنچے خواجہ
شیخ شہریار حاکم قزوین نے جنگ شروع کی کے پہلے ہی حملہ میں دستگیر ہوا امیر
زادوں نے اوسکی مشکیں باندھ کر حضور میں بھیجا اور شہر اوسکا [illegible]

۴۶۲ مبارک باد دیے اور قاصد جو واسطے طلب اہل عیال کے سمرقند کو روانہ کئے تہی اونہونے اٹھارویں ماہ ذالحجہ سال گذشتہ کو سمرقند مین فتح نامے پہنچائے وہان شادیانہ بجایا اور محفل جشن مرتب کرکے اسقدر خیرات محتاجون کو دی کہ غنی ہو گئے اور اہل وعیال جو بیسویں ماہ ذالحجہ کو سمرقند سے روانہ ہو کر موضع تونک مین آئی اگلے دن بسبب برف اور باران کی موضع شادمان مین مقام کیا جب برف باران موقوف ہوا تو شادمان سے کوچ کرکے دشت مین آئے اور وہانسے تیسرے دن ترشی مین پہنچے مین نے دوسرا فرمان تاکید طلب کا روانہ کیا کہ بار بردار سے چہوڑکر جلد چلے آو قاصدون نے وہ فرمان قرشے مین پہنچایا چونکہ اسعرصہ مین امیرزادہ شاہرخ کے انکہین دکہنی لگین تہی اسلئے آہستہ آہستہ آتے تہی پہر کے دن سولوین محرم کو دریاے امویہ کو عبور کرکے بجلدیے اٹھوین دن ماخان مین آئے اور انکہین امیرزادہ کے بہی اچہی ہوگئی سرا ملک خانم کے یہہ عرضے آئے کہ امیرزادہ شاہرخ نے صحت پائی اور ہم سامان چہوڑکر جریدہ چلے آتے ہین یہہ عرضے روانہ کرکے ہی وہان سے کوچ کرکے دیہ بندوان مین آئی اور شاہ روز چلکر تیرہ دن کے عرصہ مین ختلان مین داخل ہوئے جب اونکے آنے کی مجکو خبر پہنچی تو ازبسکہ مین مشتاق اونکے دیدار کا تہا اسلئے سوار ہو کر ختلان مین ملاقات کئے اونہونے مبارکبا د فتح کے دیے اور بہت نثار کیا اور وہانسے سردرتمام مراجعت کرکے شادمان کے محل مین آکر اترے اور چند روز وہان عیش کیا پہر میرے دل مین یہہ آیا کہ اللہ تعالے نے مجکو واسطے آرام کے نہین پیدا کیا بلکہ واسطے حفاظت اپنے بندونکے سلطنت دی ہے اگرچہ یہان سوتا رہے تو بکر و یون

تیمور سے

اور اسکندر شیخی نے جسکے باپ افراسیاب کو سید قوام الدین کے لڑکون نے قتل ۷۹۱
کیا تھا شہر آمل اور ساری کے بہت لوگ قتل کیے جب سید فخر الدین ولایت کے تسخیر سے
فارغ ہوا اور یہ سرزمین مسخر ہو چکا تھا ایک عزیز ہرات کے بیٹے ایک [illegible] تو مین بیٹے
سید کمال الدین [illegible] کشتی پر سوار کرکے خوارزم کو بھیجا اور
انکے دونو بیٹون سید عبد اللہ اور سید [illegible] کو سمرقند کے طرف بھیجا اور
کو روانہ کیا اور مولانا [illegible] ساتھ کیے اور فتح نامہ لکھا کر تمام [illegible]
کو بھیجدیا اور [illegible] سمرقند بھیجا امیرزادہ عمر شیخ [illegible] اور امیرزادہ
خلیل اور امیر [illegible] امیرزادہ [illegible] سلطان [illegible] ساتھ [illegible]
امیرزادہ [illegible] کو اور خراسان [illegible] قائم اور [illegible]
آغا [illegible] اہل حرم کو اپنے پاس بلایا اور [illegible] کو تاکید [illegible] تمام
دار السلطنت سمرقند کو بھیجدیے اور اہل حرم [illegible] ساتھ [illegible]
کہ چوبیس سال [illegible] اور [illegible] سال [illegible] شروع ہوا تھا امرا
اور [illegible] ولایت [illegible] معمارون کو بلا کر حکم کیا کہ [illegible] ایک قصر
بادشاہانہ ہمارے لئے تیار کریں چند روز مین قصر نہایت رفیع تیار کر دیا
اور [illegible] ہمارے [illegible] قاعدون کے [illegible] اور اسکندر شیخی
کو اس کا حاکم کر دیا چونکہ حکومت اسکے اجداد سے اسکندر شیخی کی تھی اور
نیز اسکی باپ افراسیاب کو غدر سے مار کر اس پر تصرف کر لیا تھا
اور اسکندر شیخی ہمارے رکاب مین خدمات پسندیدہ کیے اسلیے اسکو
اسکے باپ کے جگہ بٹھا دیا اور مین [illegible] کی طرف روانہ ہوا [illegible]
محرم کو [illegible] مین جا کر [illegible] قصر [illegible] اترا اور امرا اور لشکر نے

تکیہ کر کے قلعہ کو متوجہ ہوا جب میں قلعہ کے نزدیک آیا تو سیدون نے جنگ پر مستعد ہو کر اپنا لشکر باہر بھیجا اور جنگ عظیم واقع ہوئے اور پہلے ہی حملہ میں حصار بیرونی کے اندر گھس گئی میں نے اپنی بہادرونکو دلاوری سے دی کہ گرم کہا و اس حصار پر چلو جب تین طرف سے ہجوم کیا تو حصار بیرونی مسخر ہو گیا اور مخالف بہاگ کر اصل قلعہ میں گھس گئی میں لی کہا کہ قلعہ کا خوب محاصرہ کرو سیر کے دن غرہ ماہ ذی قعدہ کو میں بذات خود قلعہ کیطرف متوجہ ہوا امراء نے میرا علم دیکھ کر ہر طرف سے ہجوم کیا اور اہل قلعہ تنگ ہو کر کانپنے لگے لاچار الامان کہتی ہوئے قلعہ سے نکل کر تلوارین گلے میں ڈالے ہوئے حضور میں آپہنچے اور فوج فوج آکر خجل ہوتے تہی میں نے پہلی تو باعث غیرت اسلام کے اونکو تہدید اور ترغیب کی آخر بلحاظ سیادت کے اونکو نظر عاطفت سے دیکھا اور بطور نصیحت کے مذہب حق اہل سنت کی طرف ہدایت کی کہ مذہب باطل کو چھوڑ دو اور اپنے اولاد کو علوم دینے سکہاو بعد فراغ نصیحت کے میں نے یہہ حکم دیا کہ اونکو سارے کے قلعہ میں رکھو بعد فتح قلعہ ماما نہ سیر کے بیشمار مال اسباب نقد وجنس گہوڑے اونٹ میرے نذر کیے میں نے یہہ تمام مال حسب حال امراء لشکر کو تقسیم کر دیا اور قلعہ گرا کر خاک میں ملا دیا

ذکر ملحد ون کے قتل کا

چونکہ میں ہمیشہ سنتا تہا کہ اس ولایت میں ملحد بہت ہیں اور سرجماعت بد اعتقاد کا قتل واجب سمجھ کر یہہ حکم دیا کہ جو سید ہو وے وہ معاف باقی کو قتل کرو سپاہی اوسکو غزا سے اکر سمجھ کر سادات کو چھوڑ دیتے تہی باقی کو قتل کرتے تہی خصوصاً شیخ علے بہا در کے خواجہ اوسکا بیٹا مارا گیا تہا

سو تیرے ہاتھ سے ہو گے سید غیاث الدین کو اس پیغام سے رخصت کیا اور
مجکو غیرت اسلام کے آئے لشکر کو علوفہ دیکر سوار ہوا اور سپاہ نے بدستور
سابق جنگل کا کاٹنا شروع کیا اوس جنگل گنجان کو جو دھوپ بھی زمین پر
نہیں پڑتی تھی کاٹ کر پیچھے پھیلا دیا آخر پیر کے دن چھبیسویں ماہ ذیقعدہ کو ہمارے
قراولوں سے جنگ عظیم ہو گئی اور جیسے پسر شیخ علی بہادر کا مارا گیا لیکن اوسنے
بھی نہایت مردانگی سے اکثر مخالفوں کو قتل کیا جب شام ہو گئی سید کمال الدین
نے دراراوند ملا عماد الدین کو درگاہ میں بھیجکر امان مانگا اور عجز اور زاری
سے دعا اور ثنائیں کیے اور تمام سادات کیطرف سے جو اوس قلعہ میں
جمع تھے عفو تقصیرات سے امن طلب کیا میں نے اونکو مہربانی کر کے یہہ جواب
دیا کہ اونکو اسی شرط پر امان ہے کہ ہر ایک سردار سادات کا اپنے اپنے
بیٹے کو ملازمت میں بھیجدیوے تاکہ وہ خدمت میں حاضر رہا کریں اور آپ بھی
بخاطر جمع بساط بوسی سے مشرف ہو وین ایلچیوں کو میں نے یہہ پیغام دیکر رخصت
کر دیا وہ یہہ پیغام سنکر راہ صواب سے پھر گئے اور باواز نقارہ مخالفت
ظاہر کے اوسوقت مجکو غصہ آیا اور میں نے پیر شاہ اور ارغونشاہ اور بوردای
اور نادر شاہ قرا کو لے اور شیخ علی اموسے کو بلا کر یہہ حکم دیا کہ اپنے فوج اور
کشتیاں جیحون کے ہمراہ رکاب میں اور آتش باز اور نفط انداز ساتھ لیکر
دریاے قلزم کے کنارہ پر جاؤ اور کشتیاں مخالفوں کے پکڑکر دریا کی طرف
سے قلعہ گیری شروع کرو اونھوں نے حسب الحکم جھٹ پٹ جا کر کشتیاں پکڑ لیں
اور اپنے قشونوں کو مع آتش انداز اور حقے نفط اوسکو سر اور کور کر دیا
اور تانبا چڑھا کر واسطے تسخیر قلعہ کے متوجہ ہوئے اور میں بھی عنایت الٰہی سے

 مین سلامت پہنچا

ذکر قلعہ ماہانہ سیر کے تسخیر کا

وہان جاکر یہہ سنا کہ سید کمال الدین بہاگ کر ماہانہ سیر کے قلعہ مین سید رضی الدین کے پاس چلا گیا یہہ قلعہ ماہانہ سیر کا اس سے چار کوس دریاے قلزم کے کنارہ پر واقع ہے اور یہہ قلعہ بلندی پر بنایا ہے اوسکے ایک طرف دریا ہے اور تین طرف ایسی پستی ہے کہ دریای شور کے موج اوسمین آتے ہی اور ایک میل تک کیچڑ پانی ہوجاتا ہے اور گرد اوس قلعہ کے جنگل بن واقع ہوا ہے اور گرد اوس قلعہ کے ایک اور حصار بنایا ہے سید کمال الدین اور رضی الدین اپنا مال اسباب نقد جنس جو جمع کیا تہا اور اکثر سوداگر اپنے متاع لیکر بلحاظ استحکام اوس قلعہ کے ہمراہ سادات کے چلے گئے جب مین نے ساری سے کوچ کیا اور رستہ مین سب بن کاٹ کر تیسرے دن آمل مین داخل ہوا وہانسے سید غیاث الدین کو اوسکے باپ کے پاس رخصت کیا اور یہہ کہدیا کہ سید کمال الدین سے کہدینا کہ ہمنے یہہ سنا ہے کہ تو نے مذہب اہل سنت کا چہوڑ کر مذہب باطل اختیار کیا ہے تو تو سید ہوکر کسلیے راہ راست کو ترک کیا یہہ مذہب باطل چہوڑ دے اور مذہب حق اہل سنت کا جسپر بادشاہ اسلام اور علماء دین اور اولیاء کرام توران اور ایران کے قائم ہین اختیار کر کہ بواسطہ اصحاب اور تابعین کے یہہ راہ راست ہمکو ملا ہے اور ہم پیرو پیغمبر علیہ السلام اور اصحاب آنحضرت جد سادات کے ہین جو شخص پیروی اپنی جد کے نکرے وہ اوس کے اولاد ہین ہے اور اگر تیرے پاس اس بدعت عقیدت کی کوئی دلیل ہے وہ بیان کر اب یہہ بات سہل ہے یہہ جو برائی پیش اوسکے

تیموری

ر سید غیاث الدین پسر سید کمال الدین کو معہ پیشکش حضور مین لاکر بہ پیغام سید کمال الدین ادا کیا کہ بعد دعا کے یہہ عرض کیا ہے کہ مجھکو سوای اطاعت کے کوئی راہ نہین ہے اور بطور بندگی کی خراج قبول کرتا ہون کہ سال بسال خزانہ خاص مین بھیجا رہونگا اور خطبہ اور سکہ امیر کا جاری کرونگا مین نے سید غیاث الدین کو عنایات سے خوش کیا اور وہان سے کوچ کرکے حوالے استراباد مین آیا اوسوقت پیر ... شاہ پسر لقمان بادشاہ کا جسکو مین نے بعد فوت پدر کے استراباد کی حکومت پر مقرر رکھا تہا استقبال کو آیا اور پیشکش اور تحفے نذر کیے مین نے اوسکو بالتفات ... عت اور زر دیکر سربلند کیا اور اوسنے یہہ عرض کیا کہ سید کمال اور سید رضی الدین نے مذہب حق اہل سنت جماعت کا چھوڑکر مذہب باطل اختیار کیا ہے اور اونکے مملکت مین شعار اسلام کا نہ مسجد ہے اور نہ نماز جماعت یہہ سنکر میرا دل برہم ہوا اور استراباد سے کوچ کرکے ساری اور امل کے طرف روانہ ہوا تین منزل کے بعد ایک جنگل بن درخت جہاڑ کا جسمین چیونٹے سانپ بہی نہ گہس سکے آگے آگیا اور زمین وہانکی نہایت تر گارا تہا مین نے لشکریون کو یہہ حکم دیا کہ تمام سپاہ تیشہ اور تبر لیکر درخت کاٹ کر رستہ کشادہ کردین اور تین جگہ سے ایسا رستہ بناوین کہ عرض ہر یک کا ایک تیر پرتاب ہووے تاکہ واسطے قول اور برانغار کے تنگی نہووے امرا اور اہل لشکر نے بموجب حکم کے کاٹنا جنگل کا شروع کیا اور جو درخت کاٹتے تہے وہ وہین گارے مین دباکر رستہ بنا لیتے تہے ہر روز آدہ کوس جنگل صاف ہوکر رستہ تیار اور لشکر کا ڈیرہ ہوتا تہا اور نیچے گوڑا نمدہ ٹاٹ وہان بچہا ... رات بسر کرتے تہے جب اسطور جنگل صاف ہوکر رستہ بنا اور مین ساری ...

سنہ ۷۸۵

۴۷ کرنے لگے طبیب ترک میرا علاج دوغ اور شرحوا اور الو بخارا سے کرتے تھے اور
علماء نے یہہ کہا کہ صدقہ بلاء نازل اور غیر نازل کو دفع اور عمر کو دراز کرتا ہے
میری پاس جو اسوقت مجلس مین جو تھا نقد جنس ملک فرش تک جس پر سوتا تھا سب خیرات
کر دیا اور سب اہل حرم اور امراء نے بھی بہت صدقات تقسیم کیئے صلحاء اور گوشہ
نشینون نے میرے واسطے صحت کے دعا کی آخر حکیم مطلق نے صحت عطا فرمائی
پندرہوین شعبان کو مین نے غسل کیا اور اس کا شکر بجالایا جب مجکو شفاء کامل حاصل
ہوئی تو امیرزادہ محمد سلطان کو رخصت کر دیا تاکہ جاکر لشکر کا انتظام جو کنارہ
دریای جیحون پر چھوڑ کر آیا تھا کرے اور مین چھٹی تاریخ رمضان کے بارادہ
مقصود کے سوار ہوا جب مین موضع لاہ محل مین آیا سرای ملک خانم اور
تمام خواتین اور فرزندون کو سمرقند کو رخصت کر کے دریای جیحون سے عبور
کیا اور امیرزادہ شاہرخ کو واسطے ضبط مملکت ما ورالنہر کے ادہر کو رخصت
کیا اور امیر حاجی سیف الدین کو واسطے تعلیم اور مشورہ کے ساتھہ کر دیا اور
مین نے روانہ ہو کر باسنے زبان کے منزل مین نماز عید الفطر کے ادا کر کے حوالے
حیوشان مین لشکر سے جاملا اور مجھ سے کئی دن پہلے امیرزادہ پیر محمد اور امیر جہانشاہ
معہ لشکر قندز اور بقلان کے افواج مین داخل ہوگئے تھے اور اسہی منزل مین
خانزادہ حرم محترم امیرزادہ میرانشاہ کے ہرات سے آکر دستبوس ہوئے اور
جشن لائق مرتب کر کے خوب مہمانی کے اور پیشکش بہت فائق اور بہت کچھہ نثار
کیا خانزادہ کو ہرات کیطرف رخصت کر کے حیوشان سے مین نے کوچ کر کے
پیر کے دن بیسوین شوال کو حدود داسنزاباد مین آکر دربار جرجان پر ڈیرہ
کیا اوسوقت سید ابوالبرکت جسکو برسم رسالت مازندران کو بھیجا تھا آگئے

تیمور جیسے

کو گیا تو ایک خاکے قلعہ تہا سیدا وسمین رہتے تہی ایک سید ہیرا سنے کرا وسکا
بہی نام قطب الدین حیدر اور اہل قلعہ کا سردار تہا ایک مصحف کہ نبی ایک امام کے
ہاتہ کا لکہا ہوا میرے پاس لایا مجکو اوسکے صحبت پسند آئی اور چونکہ اوسکا نام
قطب الدین حیدر تہا اپنے مجلس مین اوسکو مین نے جگہ دی اور واسطے شگون کی
اپنے ساتہ لیلیا اور چشمہ اوس سرزمین کا اوس سید کو بخشکر فرمان لکہدیا
کہ کوئی اوسمین دخل نکرے اور اسیلئے کہ وہ عالم تہا منصب صدارت کا اوسکو
دیدیا اور ایک کاریز واسطے مزار قطب الدین حیدر کے وقف کرکے فرمان
لکہدیا بہرحال مجکو ان خوابون سے یہہ بشارت ہوئی کہ ہر شخص واسطے کسی کام
پیدا ہوا ہے اور مجکو اسیلئے پیدا کیا کہ خلقت کے اسباب کو درست کرون اسلئے
لشکر کے لئے پانچ برس کا مواجب اور علوفہ سرانجام کرکے پندرھوین رجب سنہ
مذکور کو سوار ہوکر بجانب ختا کوچ کیا غرہ ماہ شعبان کو وہان داخل ہوا وہان
آب وہوا کے تاثیر سے مزاج اعتدال سے منحرف ہوکر تپ چڑہ آئی اسپر بہی
کو مین خیال نکرکے موضع جوسے زمین آیا یہہ مرض شدت سے ہوگیا لاچار اوس
منزل مین مین نے مقام کیا طبیب ترک اور تاجیک کے علاج کرنے لگے اور
مین نے اہل حرم اور امیرزادون کو سمرقند سے طلب کیا سرای ملک
خانم اور تومان آغا کہ میرے حرم محترم تہی اور سلطان بخت بیگم اور تمام
فرزند جلد آگئے اور امیرزادہ محمد سلطان کو جو معہ بیس ہزار سوار کے آگے
روانہ کیا تہا ابہی اوسنے دریائے جیحون کو عبور نہین کیا تہا جو میرے فرمان
پہنچا کہ جہان ہو وہان اسباب لشکر چہوڑکر جلد حضور مین حاضر ہو امیرزادہ
محمد سلطان بہی آگیا خواتین اور فرزند سرہانے گرد جمع ہوکر تیمار دار

ذکر یورش پنجسالہ ایران زمین کا

ابہی مین سامان جنگ دشت قبچاق سے فارغ نہین ہوا تہا کہ موحش خبرین
ایران اور اذربائجان اور فارس اور گیلان سے مین نے سُنین کہ بعضے سپاہیون نے
بار سے پیچہے ہماری مسخر ممالک پر دست دراز کیے کر کے خلق اللہ کو ستایا ہے
ص یہہ سنکر مجکو غصہ آیا اپنے دلمین کہا کہ کیا محنت پیش آئی ہے کہ نہ دن کو قرار نہ رات
کو آرام نہ کہانا کہانے رہی نہ پینے سے فقیر کیا خوشحال ہین کہ نان خشک پر قناعت
کیے ہے اوسوقت ایک فقیر آکر کہنے لگا نان جو و دوغ گاو گنج حضور بہتر زگنجہ
ریزہ فغفور تیمور مین نے اوسکے تصدیق کر کے اپنے دلمین کہا کہ کسی فرزند
م کو تخت سلطنت دیکر گوشہ قناعت کا اختیار کرون حضرت رسالت پناہ
صلعم کو خواب مین دیکہا کہ مجکو الطاف سے فرماتے مین کہ ای تیمور تجکو راعی اور
چوپان خلق کا بنایا ہے اور چوپان پر لازم ہے کہ بکریون کو بہیڑیے سے بچائے
جب مین جاگا تو مجکو شوکت اور فرحت ہوئی سے کانو بلاد عراقین سے واپنے
خرچ روضہ آنحضرت صلعم کے وقف کر دیئے اگلے رات کو یہہ خواب دیکہا کہ گویا
مین ملک خراسان اور عراقین مین آیا ہون اور ایک قلندر کلاہ پوش لائے
ہاتہہ مین لیکر یہہ کہتا ہے کہ تیمور آیا مین نے پوچہا تیرا کیا نام ہے کہا مجکو قطب الدین
حیدری کہتے ہین اور کچہہ نشان اوسکا نہ پایا یہانتک کہ جب مین خراسان مین گیا تو ایک
دن مشائخ خراسان کے مزارات پر گیا معلوم ہوا کہ قطب الدین حیدر اولاد
سالور غزان ترک سے مجذوب ایسے گذرا ہے اوس کے حال مین یہہ کہا گیا ہے
دید شخصی نشستہ بر خشک زمین نے کفر نہ اسلام نہ دنیا نہ دین نے حق نہ طریقت
نہ شریعت نہ یقین اندر دو جہان کرا بود زہرہ این جب مین اوس کے زیارت

اور امرا بہی مع لشکر گران اوسکے ساتھ کیئے اور مین نے ہر یک سے باتین کہین ۳
تاکہ اونکے عیب و ہنر سے اطلاع ہووے امیر قطب الدین ترک نے کہا اگر میرے
پشت قایم ہووے تو پیٹ کو صدمہ نہین ہو سکتا اور اگر پشت قایم نہین تو پیٹ
کو صدمہ ہوتا ہے پہر یہہ کہا کہ میرے پشت پناہ امیر ہے اور کسیکو کچہہ نہین سمجہتا
اسلام خواجہ نے کہا بادریچہ خانہ گہر کا ایک ہوتا ہے اگر دو ہو جاوین تو
گہر خراب ہو جاوے برات خواجہ نے کہا چراغ ایک ہے ہی جسکے روشنی مین رستا
چلتا ہون اور وہ چراغ روشن امیر ہے جسکے نور سے ہمکو زندگی ہے امیر علے
غانچے نے کہا امیر کے بعد ہمکو حیات درکار نہین اور ہر یک نے باتین مخلصانہ
عرض کین پہر امیرزادہ نے عرض کیا کہ اگر مین امیر سے باغی ہو جاؤن تو گویا
خدا سے باغی ہوا اور دنیا اور آخرت سے محروم اور اپنا دین بیچا مین نے
اوسکو تسلے دیکر کہا کہ تمکو چہارم حصہ اپنے مملکت کا عنایت کیا ہے بہائی
تیرے حسد سے باتین لیا ہے تیرے حق مین بیان کرینگے مناسب یہہ ہے کہ تجہسے روز
بروز آثار خاکساری کی ظاہر ہوتے رہین پہر اوسکو بغل گیر ہو کر رخصت
کیا اور مین صحراء آقا سے سوار ہو کر سمرقند مین آیا اوسوقت پسر امیرزادہ
پیر محمد اور امیرزادہ رستم پسران عمر شیخ اور امیرزادہ ابابکر پسر امیرزادہ
میرانشاہ بکمر تیغ و تبر سے مجلس مین آئے مین نے اونکا جمال عالم افروز دیکہا
امر کیا کہ اوس صحرا کو خیمہ خرگاہ سراپردہ سایبان سے پر کردیا اور جشن
بادشاہانہ منعقد ہوئے دو لڑکیان امیر غیاث الدین ترخان کے کہ واسطے
دونو بیٹون امیرزادہ عمر شیخ کے اور لڑکے امیر حاجی سیف الدین کے کہ واسطے
امیر ابابکر کے منسوب ہوئے تہی اب مطابق شرع شریف کے اونکا نکاح کردیا

۵۲۴ رکہدیے اور لباس خاص اپنا اوسکو پہنایا اور اوس سے یہہ کہا کہ تجکو پانچ
باتون پر مامور کرتا ہون پہلے یہہ کہ سلطان محمود غزنوے کی تختگاہ پر تسلط
ہوکر مجکو اور اپنے تئین فراموش نکرنا اور اپنے مرتبے سے نہ بڑہنا دوسرے یہہ ہے
کر ولایت پر مستولی ہوکر اپنے ہمسایونکے حال سے جو گرد نواح ملک کے ہین بیخبر
نرہنا تیسرے یہہ ہے کہ رعایا کے حال پر واقف ہوکر خود متوجہ رہنا کہ اللہ تعالےٰ
نے تجکو اپنا ملک اسیلئے عنایت کیا ہے کہ اوسکے حال سے واقف رہین چوتہی
۴ یہہ کہ سپاہ کے انتظام سے غافل نہونا اور جو شخص تیرے پاس آوے اوسکو
نگاہ رکہنا کہ اللہ تعالے نے اوسکا رزق تیرے ذمہ کیا ہے اور سپاہ کو رخصت
نکرنا اور اگر رخصت مانگین تو سوچ سمجہ کر رخصت کرنا کیونکہ سپاہی کمیاب
۵ ہے اور سپاہی اپنی جان بیچتا ہے اور سر ہتہیلی پر لیکر سربازی کرتا ہے اور
حصار ملک کا لشکر ہے بی خزانہ نہین پانچوین یہہ ہے کہ کوئی کام شرع کی خلاف
نکرنا اور دین محمدی صلعم کو رواج دینا کیونکہ دولت دین سے قائم ہوتی
ہے اور سادات اور علما اور مشائخ سے ہمنشینی اور بدنفسون اشرار سے
اجتناب کرنا اور اسی مجلس مین چند امرا کو اوسکے ساتہ مقرر کردیا امیر
قطب الدین سلیمان شاہ کے عمزاد کو دیوان بیگی اور اسلام خواجہ برلاس
کو میر توزک اور برات خواجہ کوکلتاش کو شیر تد تبرا اوسکا کردیا اور
یہہ امر کیا کہ اوس کی مجلس مین امرا مین سے امیر موسے اور علے تغانجی اور
امیر بہلول بیٹا امیر درویش برلاس کا اور تیمور خواجہ پسر آقبوغا اور حسین
اور غیاث الدین ترخان اور جنی خواجہ امیر عباس بہادر کا خویش اور الشاہ
موسے اور شمس الدین پسر اوچ قرا اور سونچ تیمور تیمور اجلاس کیا کرین اور

اور ہندوستان اور نواحے غزنین اور باختر اور قندہار کے حدود پر ایسا
آدمی تعین کرون کہ اوس ملک وسیع کو ضبط کرے اور اسبات مین یہہ صلاح دیکھی کہ
کسی امیرزادے کو ان حدود پر تعین کرون پہر میرے دل مین یہہ آیا کہ مبادا غرور
سلطنت کا اوسکے دماغ مین آجاوے اور اگر کسی مقرب امیر کو تعین کرون تو
وہ بہی یہہ غرور پیدا کر سکتا ہے اس سوچ مین حیران تہا کہ یہہ سوجہی کہ اگر اللہ تعالی
نے مجکو دولت اور سلطنت دی ہے تو کسکا مقدور ہے کہ میری سلطنت مین
دخیل ہو دے اور اگر نہین دی تو کوشش کچہہ سود مند نہین ہے اوسوقت
مین نے کتاب بوستان مین فال کہولے تو یہہ بیتین نکلین جو دولت نہ بخشد سپہر بلند
نیاید بمردانگی در کمند نہ سختی رسد از ضعیفی بمور نہ شیران بسر پنجہ خوردند وزور
اگر ناخدا جامہ بر تن درد خدا کشتی آنجا کہ خواہد برد مجکو ان اشعار سے تسکین
ہوئی اپنے دل مین یہہ کہا کہ سرحد ہندوستان سے دریای سند تک اور
غزنین اور کابل کو حدود قندہار تک جو مملکت سلطان محمود غزنوی کی
ہے بہتر یہہ ہے کہ کسی ایک فرزند کو عطا کرون اگر باغی ہوکر مجہہ پر غالب ہووے
تو بہی میرا بیٹا ہوگا بیگانہ نہین میرا جگر بند ہو دیگا بہرحال بیگانہ اور نوکر سے بہتر
ہو دیگا اسہی صلاح پر راسخ ہوکر ریاست اون حدود کے امیرزادہ پیر
محمد کو عنایت کیے

مجلس امیرزادہ پیر محمد کے رخصت کی کابلستان اور غزنین کے طرف کو

اس مجلس مین امرا اور سردار تومانات اور قشونات اور ہزارجات
جمع ہوئے تہے مین نے امیرزادہ پیر محمد کو بلایا اور اپنے کلاہ اوسکے سر پر

 سیف الدین وغیرہ امرار قشونات کو واسطے انتظام سامان لشکر کے چہوڑا اور مین جلدی سے گہوڑے کی ایڑ مار کر روانہ ہوا جول اور بیابان قطع کر کے ماہ ذیقعد سنہ ۷۹۳ سات سو ترانوین ہجری مین حیران کے رستہ سے ابرار مین آیا وانسی بارادہ دار السلطنت کے دریای جیحون کو عبور کیا جب مین سمرقند کے نزدیک آیا تو مستورات حرم کے اور امیرزادے اور سادات اور علمار اور اکابر اور اشراف استقبال کو آئیے اور مبارکباد فتح دشت قبچاق کے دی اور بہت نثار کیا اور مین نے شہر مین داخل ہو کر جشن مرتب کیا اور امیرزادے پیشکش نذر کرتے تہی اوسوقت مین نے امیرزادہ شاہرخ کو خراسان کو رخصت کیا اور موسم سرما مین میرے دل مین یہہ آیا کہ سمرقند مین تو اکثر رہے ہین ابکی جاڑے مین ناسکیب مین مقام کیا جائے وہان سے سوار ہو کر دریاے خجند کو عبور کر کے صحراء بارسین مین ڈیرا کیا اوسوقت حاجے سیف الدین لی جو سامان لشکر کو ہمراہ لاتا تہا ماہ محرم الحرام سنہ ۷۹۴ سات سو چورانوین ہجری مین کہ سال تیسوان جلوس ہے اور میرے عمر اٹہاون برس کی ہوئے تہی اکر ملازمت کے جب مین نے حساب کیا تو سال گذشتہ کے ماہ صفر مین دریای خجند اتر کر یورش دشت پر متوجہ ہوا تہا مدت اس سفر کی گیارہ مہینے ہوئے تہی اور جو غنائم کثیر غلام گہوڑے اونٹ بکریان خاص ہمارے سرکار مین جمع تہین وہ پیش نظر کیے مین نے وہ تمام امرار اور اشراف ما ورار النہر کو تقسیم کر دیے اور وہ جاڑے تاشکنت مین تیر کئے اول بہار مین سمرقند کو معاودت کے اور رستہ مین شکار کہیلتا تہا جب مین صحرار آقا مین آیا اوسوقت میرے دل مین یہہ آیا کہ کابلستان

تیمور سے

جن لوگوں کے پاس کہانیکو نہیں تہا اور ساگ کہا کر گذران کرتے تہی اور
اُنکے گہوڑے بکریاں اونٹ لیگئے کہ چلتے وقت اونکو ہانکتے تہک گئے اچہا
توانا اور فربہ کو رکہلیتی تہی اور ناتوان کو چہوڑ دیتے تہی جب میں اوس
میں جو تختگاہ جوجے نژاد کے تہی بفتح و فیروزی سے تخت سلطنت پر بیٹہا خوش
عیش و عشرت کیا اور داد دہش کے اور تائیدات الٰہی سے دشمنوں کو بیخ
برکندہ کرکے بی فکری چہبیس دن وہان مقام کیا اور ہر روز مجلس بادشاہانہ مرتب
کرکے امرا کو انعامات لائق سے خوش کرتا تہا

ذکر حضرت صاحبقران کے مراجعت کا بعد فتح توقتمش خان کی دشت قبچاق سے دار السلطنت سمرقند کو

جب عنایت الٰہی سے اطراف دشت کے خس و خاشاک وجود مخالفوں کے
سے پاک ہو گئے تو میں بعزم ممالک ماوراء النہر اور دار السلطنت سمرقند کے
خوش و خرم روانہ ہوکر مع لشکر سیر و تماشا منزل منزل قطع کرتا تہا تمام
لشکر کو لونڈیاں حسین ہاتہ آئیں تہی اہل دشت کے گہر جہر کے ساتھ ملے ہیں اور
کوچ کے وقت اوسی طرح اوسکو چہوڑ جاتے ہیں ایسی کہ ہر ایک کو ملیاں ملی
تہیں اور جہان جاتے تہی گویا گہر اور گہر والے ساتھ تہی نتیجہ تمام چلی آتی
تہی جب میں دشت قبچاق کی طرف متوجہ تہا ایک شاعر ملازم رکاب نے
یہ بیت نذر گذرانی تہی کہ بکاند حیات ماتے بکف ارکم ترک یغما سپیہ
اب کہ میں نے دشت سے مراجعت کی تو کئی لونڈیاں ہمراہ تہیں اور اوسکو
تہیں اور میں نے بہی اوسکو انعام دیا جب دریا سے تیغی پر پہنچا ...

سہمہ کا فراموش کیا اور روس دولت سے پنہان کے اور ایک کو سے اوزبک
بہی اپنے ایل مین جاکر بلحاظ پراگندگی اپنے مخالفونکے دشت سے بسے سعادتی
اور بدعہدی کرنے لگا اور کو نجیاد غلان اپنے ایل کو استمالت سے ہمراہ
لیکر بساط بوس ہوا اوسوقت مجکو یہہ تجربہ ہوا کہ دشمن کسی طور سے دوست ۱۴
نہین ہوتا اور نااہل کے تربیت کچہہ فائدہ نہین کرتے جب تمام لشکر جو اطراف
جوانب پر تعین ہوا تہا غنایم کثیر از مال اسباب برده ہزار ون عورتین لڑکیان
لڑکے گہوڑے بکریان بیشمار لیکر آیا اور سب شین نظر کیئے کئی ہزار کافر اور کافر
بچہ مسلمان ہوکر کلمۂ شہادت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑہہ نے لگے علما جو مجلس
مین موجود تہی یہہ کہنے لگے کہ امیر کا جہاد کفار دشت پر لقیہ ہے حضرت پیغمبر صلعم
کے جہاد کا کیونکہ ہزار کافر مسلمان ہوئے تہی اور فائدہ کفار پر جہاد کرنیکا یہہ ۱۳
ہے کہ آدمی جو واسطے شناخت اللہ تعالے کے پیدا ہوئی ہین وہ ظلمت کفر
سے نکل کر ہدایت پاوین اور علماء نے یہہ بہی کہا کہ جب اللہ تعالے یہہ ارادہ
کرتا ہے کہ کسی قوم مین سی ایک شخص مسلمان ہوجاوے تو کسی شخص کو اون
پر تعین کر دیتا ہے وہ خواہ بلطف خواہ بزور اوس قوم کو اسلام کے
دعوت کرتا ہے یہان تک کہ وہ شخص مسلمان ہوکر سبب تاخت او تاراج
کا ہوتا ہے جسکو استعداد اسلام کے ہوتی ہے وہ مسلمان ہوجاتا ہے
مین نے اللہ تعالے کا شکر کیا کہ کئی ہزار کافر بچون کو مین نے مسلمان کیا جب
اسیر اہل دشت کے میری روبرو آئے تو مین نی فرمایا کہ پانچ ہزار لونڈی
غلام تو اشی کر سرکار کے لیے رکہو اور باقی امیرزادون اور امراء
پر تقسیم کردو تقسیم کے بعد کمترین لشکر کو کئی کئی لونڈے غلام ملگئی تہی اور

سربلند کیا تہا اور اونہونے بہی لوازم خدمت اور جانسپاری کی ادائی
اب جو یہہ فتح ہوئی تو مین نے زیادہ تر اونکو التفات کرکے خلعت خاص اور کمر
مرصع دیگر مخصوص کیا اسعرصہ مین اونہونے یہہ عرض کیا کہ اسیکے اقبال
نے تقتمش خان کو بیخ سے اوکہاڑ ڈالا اور تمام الوس جو جو متفرق ہوگئے اگر ہمکو
فرمان عنایت ہووے تو جاکر اپنے الوس کو جمع کرین اور ہمراہ الوس درگاہ
پر حاضر ہووین مین نے اونکا التماس قبول کرکے یہہ فرمان عنایت کیا کہ انکا اور انکے
ایل الوس کا کوئی مزاحم نہووے اور اونکو تو بچایخ گہوڑے اور خلعت جامہ
دیگر بامتیاز رخصت کیا میرا فرمان سر پر رکہہ کر روانہ ہوئے اور مین سوار
ہوکر دریاے اتل کیطرف روانہ ہوئے وہان جاکر خیمہ اور خرگاہ اور سراپردہ
اور سایبان صحراے اورلوپہ مین کہ نہایت سرسبز اور باطراوت تہا کہڑا کرایا
اور امیرزادون اور امراے اور لشکریون نے اپنے اپنے خیمہ اور بالین برابر
برابر لگائین اوس دن مین نے طول عرض لشکر کا پیمایش کرایا تو تین تین پیچ لو
کوس ہوا

بیان اوس مجلس کا کہ بعد فتح اور بہ فرار تقتمش خان کی صاحبقران کی لشکر کے مقابلہ سے آراستہ ہوئی

وہان مین نے مجلس بادشاہانہ آراستہ کیے اور چند روز وہان عیش آرام
یا تیمور قتلغ اغلان جو واسطے طلب اپنے ایل والوس کے گیا تہا جب
ایل جو جو شکستہ ریختہ اوسکے پاس جمع ہوگئے تو ایک انبوہ اپنی ساتھ
جمع دیگر کرا دو باطل اپنے دلمین لایا اور حق میرے عنایت اور پرورش

تزوک

ذکر تقتمش خان کے بہاگنے کا اور صاحبقران کے منصور ہونیکا

جب تقتمش میدان جنگ مین سے بہاگ کر ناپیدا ہوگیا اور یہہ فتح عظیم مجکو میسر آئی تو مین فیروز مندی کے ساتہہ جنگگاہ مین اترا اور سجدہ شکر کا ادا کیا کہ مجکو دشمنون پر فتح مند کیا اور امیرزادون اور امرار قشونات اور تومانات نے آکر مبارکباد فتح کے دیے اور بہت نثار کیا مین نے امرار سے بغل گیر ہوکر پیشانی کو بوسہ دیا اور ہر یک کو تحسین اور آفرین اور عنایات خسروی کا امیدوار کیا اور یہہ حکم دیا کہ امرار اپنے قشونات سے دس دس سوار بہی سات سات سوار چہانٹ کر جدا کرلین اور بعضے امرار کو سردار بنا کر تقتمش خان کے تعاقب پر تعین کیا وہ لوگ سوار ہوکر روانہ ہوئے جہان مخالف کو پاتے تہی سو قتل کرتے تہی یہان تک کہ دریاے اتل پر پہنچے وہ بڑا دریا ہے ہی آگے تو دریاے اتل تہا اور پیچہی یہہ بہادر قاتل جو شخص خان کے خوف سے دریا مین گہس گیا وہ وہان دوبا اور جو کہنارے وہ تلوار سے مارا گیا بہت مخالف توڈوبے اور بہت مقتول ہوئے اور کچہہ بچکر بہاگ گئے تقتمش خان نیم جان ہزار جان کندن لشکر کے ہاتہہ سے نکل گیا ناسپاسی کی سزا پائے اور تقتمش خان کے زن و فرزند اور مال اسباب گہوڑے اونٹ ہمارے لشکر کو غنیمت ہاتہہ لگے جب ہمارے افواج نے تقتمش خان کے تعاقب سے سالم و غانم با فتح مراجعت کے کونچہ اوغلان اور قتلغ تیمور اوغلان اور ایدکو اوزبک جو الوس جوجی کے شاہزادے تہی اور تقتمش خان سے مخالفت رو گردان ہوکر ہمارے پناہ مین آئی تہی مین نے اونکو جگہ دیکر عنایات بادشاہانہ سے

تیمور سے

توفیق الہی کے ساتھ دشمنوں کو اپنے آگے سے اوٹھا لیا اور مخالفوں کو تیر
نیزہ خنجر کے زخم سے ہلاک کر کے اوس صحرا میں مقتولوں کے تودہ لگا دیے اور
جو تقتمش خان نے اپنے لشکر کا حال تباہ دیکھا سمجھا کہ ہماری لشکر سے مقابل نہ
ہو سکتا تو امیرزادہ عمر شیخ کے قول پر متوجہ ہوا جب اوسکو بھی مستحکم پایا تو شیخ
بہادر اور ہزارہا سپاہی بہادروں پر حملہ کیا ہر چند شیخ تیمور بہادر نے مع اپنی فوج
کے چاہا کہ غنیم کو ضرب تیر سے ہلاک کرے لیکن چونکہ فوج تقتمش خان کے بہت تھی
شیخ تیمور بہادر پر حملہ کیا اور بہت بہادروں نے اپنے غنیم کو اوتار لیا او
البتہ مارے گئی اور تقتمش خان شیخ تیمور کے فوج سے گذر کر ہمارے لشکر
کے پیچھے صف باندہ کر کھڑا ہوا امیرزادہ عمر شیخ یہہ قصہ دیکھتے ہی اپنی فوج لیکر
تقتمش خان پر آکر جنگ میں مشغول ہوا اوس وقت میں غنیم کی افواج شکستہ کے
تعاقب پر جاتا تھا کہ کلہ تواجی نے آکر یہہ عرض کیا کہ تقتمش خان نے مع چند قشون
کے قول بزرگ سے گذر کر عقب پر صف آرائی کی ہے اور امیرزادہ عمر شیخ
جنگ میں مشغول ہے میں فورًا تقتمش خان کیطرف متوجہ ہو کر جھٹ پٹ وہاں
پہنچا تقتمش اعلام فتح اعلام کو دیکھتے ہی دل باختہ اور سراسیمہ ہوا اور مردانگی
اوسکے سست ہو گئے حیران ہو کر سلطنت سے دل اوٹھا اور جان سے ہاتھ
دہو کر دیدہ گریان اور دل بریان اور تن لرزان الامان کہتا ہوا بھاگا
اپنے بیٹے اور حق ناشناسی کی شومی سے شکست عظیم کہا گئے اور
اوسکا لشکر اکثر قتل ہوا چالیس کوس تک گرد زمین جنگ گاہ کا کشتگان
لشکر قبچاق سے خالی نہیں تھا خاک اوس زمین کی دشمنوں کے خون سے
سرخ رنگ ہو گئے تھے

توزک

اور آیت شاہت الوجوہ اوس خاک پر پہونک کر دشمنوں کیے افواج کے
طرف پہنک دیے پہر میرے طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ اب تو جدہر جاوگا
مظفر ومنصور ہوویگا مین بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑہکر سوار ہوا اور علم کے
تلے جاکر کہڑا ہوا اوسوقت دشمن مقابل ہوے تہے مین نے سپاہ کو دلاوری
دی سب نے شمشیر تلوار پکڑکر جنگ شروع کیے پہلے جس شخص نے کہ ہمارے امرا مین
سے غنیم پر حملہ کیا اوقتمش خان کے افواج دست چپ پر جو اوسکے مقابل
تہی جاگرا وہ حاجی سیف الدین تہی تلوار کے ہاتہہ الپسین اکیدر دبدل ہو
تہی کہ دشمن کے پانوا وٹہا دیے پہر قلبچاق بہادر نے بہی مردانہ وار اپنا
گہوڑا غنیم کے فوج مین ملاکرا ونکو ہلا دیا اور امیرزادہ میرانشاہ نے معہ
اپنے فوج کیے مردمے اور غیرت کے ساتہہ اپنے مقابل کے فوج پر حملہ کیا
اور تلوار چلنے لگے آخر مخالف کے فوج کو شکست دیے اور عثمان بہادر
نے بہی سوا اپنے قشونات کے قشونات قبچاقیون پر جلد سے جاکر پہلے
ہی حملہ مین ہزیمت دیے اور شیخ علی بہادر نے بہی اپنا گہوڑا اوٹہاکر غنیم
کے فوج کو برہم کر دیا اوسوقت امیرزادہ محمد سلطان بہادر نے قول کلان
مین سے جو میرے علم کے تلے نہایت بیتاب تہا گہوڑے کی ایڑ مار کر مخالف پر حملہ
کیا اور اونکے فوج کو برہم کر دیے اور دست چپ کے طرف سے امیر
زادہ عمر شیخ نے سوا اپنے قول کے اپنی مقابل کے دشت پر مانند بہوکے شیر
حملہ کیا اور دشمن شال روباہ کے پہلے ہی حملہ مین امیرزادہ کے سامنے
سے بہاگ گئے اور امیر خدا داد حسینی اور بردی بیگ وغیرہ امرا
دست راست اور چپ کے نے نہایت پردلی سے گہوڑے اوٹہاکر

تیمور سے

اور نور وزرا اور سیتلے اور سلیمان صوفی جیسے بزرگ امرا اور سرداران اعلےٰ
اور عیسیٰ بیگ اور قباب جوق روش اور سرا قبوتہ اور سرا قباد اور سرا عنقراب
اور لیلے بہادر اور کوکہ لیدنغا اور سراپے اور حسن بیگ کا اور ایدکو برلاس
اور تیمور تقو ربلے وغیرہ آپہنچا اور وہ تمام جنگل غنیم کے سپاہ سے سیاہ ہو گیا
مین نے اوسوقت متانت اور وقار سے فرمایا کہ اہل لشکر یہان اوترکر
ہمارا خیمہ برپا کرین تقتمش خان نے جب ہمارا خیمہ اور بارگاہ دیکھا ہماری عزت
اور تمکنت پر قیاس کر کے یہہ سمجھا کہ ہم تقتمش خان اور اوسکے لشکر کو خیال مین
نہین لاتے اسلیئے ہراس کہا کر ترتیب افواج سے کرنیلگا جب طرفین سے صف
آرائی ہو چکی تو یہہ معلوم ہوا کہ سپاہ دشمنون لشکر تقتمش خان کا ہمارے لشکر
سے زیادہ ہے جب صفون کا مقابلہ ہوا مین اپنے لشکر سے نکل کر ایک سمت
پر گیا اور وضو کر کے دو رکعت نماز نہایت انکسار سے ادا کی اور
سجدہ نیاز کا کر کے نصرت بخش حقیقی سے یاوری طلب کی کہ یا الٰہی تو جانتا ہے
کہ مین تمام ہمت واسطے تقویت دین اسلام کے مصروف ہون اور انتظام
مسلمانون کا اس گروہ بدکیش سے اپنا منظور ہے اور غرض اسکے سوا کچھ
دنیوی اور سلطنت نہین ہے پس امیدوار ہون کہ مجھکو تو دین بلشکرے
دشمنون پر فتح مند کرے جب مین نے سجدہ سے سر اوٹھایا تو اسی مین
ایک سردار حضور مین آیا اور میری نگاہ زبدہ اولاد حضرت سید المرسلین
سید ابو البرکت پر پڑی کہ وہ دعا مسلمانون کی فتح کی درگاہ فتاح مطلق
سے مانگتے ہین مجکو یہہ یقین ہوا کہ اللہ تعالےٰ نے یہہ دعا مستجاب فرمائی ہے
اور اسی وقت جناب سید برکت نے مٹھی خاک کی زمین سے اوٹھائی

تُوزک

اسیواسطے زمین سات اقلیم مین تقسیم ہوئے ہی اسلئے مین نے اپنے لشکر کے بہی سات قول مقرر کیئے ایک قول سلطان محمود خان کے نام پر مقرر کیا اور بہادر جانفشان مردانہ اس قول مین منتظم کریکے اونکا توزک امیر سلیمان شاہ کے ذمہ کیا اور دوسرا قول اپنے نام پر آراستہ کیا اور امراء جنگ آزمودہ اسمین منتظم کیئے اور امیر زادہ محمد سلطان کا نام واسطے میمنت کے بزرگ محمد بدل دیا کہ میرے علم کے تلے کہڑا ہوکر فوج کا انتظام کرے اور تمام لشکر مین سے بیس قشون جوان شیر دل اور پیل انگن چہانٹکر ایک قول اپنے عقب پر تعین کیا اور امراء قشونات کو کہدیا کہ اگر لڑائی کے وقت کسی قول پر دشمن زور کرے اور حاجت دوسرے قول کے ہووے تو جلد مدد کرتا اور ایک اور قول مرتب کریکے امیرزادہ میرانشاہ کو فرمایا کہ اپنا علم اس فوج مین بلند کرے اور امیرزادہ محمد سلطان شاہ آگے جنگ کے لئے تیار رہے اور ایک قول کا سردار امیر حاجی سیف الدین کو مقرر کیا کہ امیرزادہ میرانشاہ کے داہنے طرف صف آرائی کرے اور ایک قول بہادران مردانہ کا درست کریکے امیر زادہ عمر شیخ کو سپرد کیا اور اوسکے جگے سلطان محمد خان کے دست راست پر مقرر کیے اور ایک قول نیروی بیگ اور خداداد حسینی کے اہتمام مین امیرزادہ عمر شیخ کے بائین طرف کہڑا کیا جب یہہ قول مرتب ہوچکے مین مین اپنے قول مین چلا آیا اوسوقت تقتمش خان کے قراول نمودار ہوئے اور تقتمش خان سوا لشکر ہشیار قول اور برانغار اور ہراول کے خانزادون جوجے نژاد کو سردار بناکر جیسے تاش تیمور اور بیگ یارق اغلان اور ایلتمش اغلان اور بیگ بولاد اغلان اور علے اغلان اور جنتہ

اور کہا ابھی نہیں مرا اور جیسے ہی ہے مرا وا اپنے وطن پہنچا دو ہو گئے اسی
میں سپاہ کا کچھ قصور نہیں ہے اب لازم ہے کہ ایک فوج تعین کروں تا کہ
جا کر تقتمش خان کو جا پکڑیں اور جنگ جدل سے تقتمش خان کو مستاصل کر دیں
آپ اوسکو جا پکڑوں اور جنگ کروں یہ جو تقدیر میں ہے سو ہو
امرا نے یہ مشورہ پسند کیا امیرزادہ عمر شیخ کو تیس ہزار سوار کے
مقرر کیا کہ چلا او ان پر جا پڑے اور امیر سونجک بہادر اور امیر
اور امیر عثمان اور حسن جاندار وغیرہ امرا کو امیرزادہ کے ساتھ
امیرزادہ جب یہ تمام لشکر لیکر ایلغار کر کے اوسکے نزدیک ہوا تقتمش خان کے
لشکر کا نظر آیا یہ احوال امیرزادہ نے کہلا بھیجا اور تقتمش خان نے جلد اور
مکاری کی راہ سے فرار کیا کہ تا توران ترکستان نے بھاگا یہ پہنچا اور برف
برسنے لگا اور آندھی سے سپاہ چلنے شروع ہو گئے جب چھ دن برف اور
موقوف ہوا اور ہوا صاف ہو گئے اور آفتاب نکلا

توزک جنگ تقتمش کا

توزک جنگ تقتمش خان کا اس طور کیا کہ یہ کہ دن پندرہ تاریخ رجب
سال کے موضع قندرچہ میں صف آرائے اور ترتیب افواج کے شروع
کئے اور لشکر کے سات قشون بنا کر سات قول ٹھہرائے اور شمار سات
عدد اختیار کرنے میں یہ دلیل یہ آیا کہ اللہ تعالی نے اپنے شریف
چیزیں سات سات پیدا کئے ہیں افواہ عوام میں مشہور ہے جیسے سات
آسمان سات زمین سات ستارہ سیارہ سات ہفتہ اور الخ سات
بہشت کے اور بہشت اندام جو اعضا کہ جنہیں سجدہ درست ہوتا ہے اور

۴۶۴ سو مراحب کے جن لوگون نے اس جنگ مین تردداتِ پسندیدہ کئی تہی اونکو مین نے عنایت
اونہایت سے اونکی ہمسرون مین سرفراز کرکے ترخان بنادیا اور یہہ حکم دیا کہ
انکے چوبدار ونکو ہمارے پاس آنے سے کسیوقت منع مت کرو اور فرمان ترخانی
کا لکھہ دیا کہ جو تقصیر انسے یا انکے اولاد سے صادر ہووے اوسکے باز پرس ہووے
اور امیر ایکو تیمور جو شہید ہوگیا تہا اوسکے فرزند اور خویش اقربا کو تربیت
کے اور ہر یک کو خدمت لائق دیکر عزت اور مرتبہ بلند کردیا اور امیر شاہ ملک
امیر ایکو تیمور کے بہائیکو اوسکے جگہ پر اپنا وزیر مقرب کرلیا اور سپروانہ
کے مہر کلان اور خورد اوسکو سپرد کردیئے ایک واسطے چشم زخم فتح بزرگ
کے جو اللہ تعالی نے میرے نام پر مقرر کیئے تہی یہہ حادثہ امیر ایکو تیمور اور چند
اور امیرون کا واقع ہوا لشکر کو نے الجملہ پراکندگی پیدا ہوا اور چہہ مہینے کا رستہ
شمال کے جانب مین چلا گیا تہا اور مملکت ماوراء النہر یعنے اپنے وطن سے بہت دور
ہوگئے تہی ایسی جگہ چلا گیا کہ اوس سرزمین مین راتٰ نہین ہوتے تہی اور شفق
اول شب کے نمایت ہوتی ہے مشرق کے طرف سے صبح کہل جاتے تہی اگر
کچہہ اور مسافت طے کرتے تو نماز عشا ہم کے بحکم شرع نبوی کے مسلمانون کے
ذمہ سے ساقط ہوجاتے بہرحال اس ارادہ کہ تقتمش خان سے کہین مقابلہ
ہووے اور ایک جنگ سلطانی کرون تاکہ جو پردہ تقدیر مین سے وہ ظاہر
ہوجاوے وہانسے ایک منزل طے کرکے ایک صحرا مین نازل ہوا کہ تقتمش خان
پشت دئے ہوئی جاتا تہا اور قراول طرفین کے ایک دوسرے کو دیکھتے ہے
اوسوقت مین نے امرا کو بلاکر کہا کہ تقتمش خان ہمکو لئے دیکر اس صحرا کے
کنارے مین لئے جاتا ہے اور حیلہ اور مکر سے جنگ نہین کرتا بار لشکر تنگ ہوگیا

تیمور نامہ

سینے میں گھوڑے سے گرا تیر مار کر اوس نے پیچھے جا کر گرا دیا اور دشمن کے لشکر کو [illegible]

غور سے دیکھا تو لشکر افواج دشمن کے بہت تھے جنگ [illegible]

آیا اور گرفتار کے ساتھ بیٹھا اور اپنے ہمراہ مردانگی [illegible]

آدمیوں سے اپنی حفاظت کرتے اور اپنی افواج کے [illegible]

مخالف کے لشکر نے آگے آکر دیکھا کہ [illegible]

وہ فوج اونکے [illegible] کیونکہ کل [illegible]

پر حملہ کیا اوسنے نہایت غیرت اور مردانگی سے تیر مار مار کر [illegible]

کرا لگا فوج [illegible] سلامت کل [illegible] اور دریا سے گذر گئے اور [illegible]

گھوڑا زخمی ہو گیا اور [illegible] گھوڑے سے [illegible]

اور گھوڑا [illegible]

غنیم نے ہجوم کیا اور [illegible] پیادہ لڑنے لگا [illegible]

آخر چار طرف سے اوسکو گھیر کر شہید کر دیا اور [illegible]

کا اور [illegible] اور [illegible] خواجہ [illegible] کوشش [illegible]

جب غنیم کے غلبے کی خبریں سنے تو [illegible] دریا پر پہنچا اور

سپاہ نے [illegible] پیادہ ہو کر [illegible] کیا اور دشمن کو [illegible]

کر دیا اس جنگ میں امیر جلال حمید نے خوب تلوار کے اور [illegible]

میرے دشمن کے تین قشون پر حملہ کر کے [illegible] آکر دشمن کی فوج

میں شامل [illegible] کے بھیڑیوں میں گھس گیا اور بہت لوگ مقتول اور زخمی

کیے اور [illegible] ایک [illegible] جنگ [illegible]

غنیم کے زندہ پکڑ لائے [illegible] کنارہ آب [illegible] دشمنوں کی [illegible] کر [illegible]

۱۸۴ نہ!!! اونکے تلاش مین پہرنے تہی یہان تک کہ اس بلامین مبتلا ہو گئے اور خان کے کچہہ خبر نہین مین نے امیر جلال پسر حمید اور صاین تیمور اور زندہ بلا ترخان اور مرنے کو بلاکر یہہ کہا معہ اور بہادرون کے واسطے قراولی کے غنیم تک جاؤ وہہ اگر منجانب اللہ کا لشکر بہت اور زور آور ہو تو اپنے تئین اون پر ظاہر کرکے مراجعت کرو تاکہ وہ پیچھے پیچھے تمہارے لگے چلے آوین اونکو اسطرف کو کھینچ لاؤ اور جو احوال معلوم ہوتا رہے وہ دمبدم عرض کر بہیجا کرو جب امیر جلال وغیرہ کچہہ تگ و دو سے دریا طے کرکے آگے بیٹہے تو ایک سیاہ بچالے کے دیکھا اونہین سے بندرہ آدمی آکے اسی صاین تیمور سے کئی آدمی لیکر آگیا اور اونسے باتین کین صاین تیمور پہر کر آیا تو سوینے کی زبانی ہمارے پاس احوال کہلا بہیجا

ذکر امیر ایکو تیمور کے مارے جانیکا

مین نے اوسی وقت اپنے وزیر شیر ایکو تیمور کو معہ بہادران جنگ آزمودہ کے آگے بہیجا تاکہ منجانب اونکے خبر لا دیوے اور باحتیاط کمیت اور کیفیت اونکے خوب دریافت کریوے امیر ایکو تیمور حسب الحکم روانہ ہوا اور دو تین دن مین دریا اور کل ولایت طے کرکے امیر جلال سے جاملا جب کچہہ رستہ اور قطع کیا دیکھا کہ چند مخالف ایک ٹیلے پر کہڑے ہین امیر ایکو تیمور نے ایک جماعت اون پر تعین کیے اون مخالفون نے انکو اپنے طرف آتے دیکھکر وہ ٹیلہ خالی کر دیا اور یہہ لوگ اوس پشتہ پر چڑھ گئے اور ادہر کو دیکھا کہ تین ہزار سوار مسلح صف باندہے ہوئے کمین کر رہے ہین ان لوگون نے اوس پشتہ کو نہ چہوڑا اور امیر ایکو تیمور کو یہہ حال کہلا بہیجا امیر ایکو

تحریر رسالے

قراول ایک جماعت کو مشکیں باندہ کر لاتے ہیں میں نے اون سے [illegible]
بہادر اپنے شگون سمجھ کر اونکو قتل کیا اور امیر شاہ ملک [illegible]
کو میں نے بہیجا تاکہ جا کر غنیم کی خبر لاوے اور امیر [illegible]
صحرا میں گئے تو غنیم کے افواج اور [illegible] کا [illegible]
کرکے چلا آیا میں نے بہادروں کو تعیین کیا [illegible]
اوسکے بہادر غنیم پر روانہ ہوئے اور ایک بیابان میں [illegible]
دہواں دیکہا جب بچہ اور آگے بڑہے تو اون [illegible]
لشکر کے ہمراہ تہے قراول سے آکر خبر غنیم کی [illegible]
معلوم ہوا کہ لشکر دشمن کا پیچہے ہی آگیا [illegible]
بہت دشمنوں کو قتل کیا اور اونکو شکست دیکر اونمیں سے چالیس آدمی
حضور میں پکڑ لائے میں نے بہادروں کو عنایات خسروانہ سے سرفراز
اونکے ہمراہیوں کو انعامات سے خوش کیا اور ان اسیروں سے غنیم
کی خبر پوچہی تو یہہ عرض کیا کہ خان نے [illegible] طلب کیا تہا کہ
کرق کول میں آیا جب ہم قرق کول میں گئے تو خان کو وہاں نہ پایا اوس
صحرا میں سرگردان پہر رہے تہے یہاں تک کہ یہہ واقعہ ناگہان پیش آگیا
میں نے بعد تحقیقات کے اونکو قتل کیا اسی عرصہ میں ایک جماعت قراول نے
کو گرفتار کئے ہوئے تہی امیر قزاق سے جو ایک سردار دشت قبچاق کا تہا
ہوگئے اونکو زخمی کرکے مع ایک اور شخص کے باندہ کر حضور میں لائے
جب میں نے اوس سے پوچہا اوس نے بہی یہہ کہا [illegible]
[illegible] کے پاس جا بیٹہے اور [illegible]

مطلع کیا کہ امیر لشکر سور رنج سے زیادہ لئے ہوئے آتا ہے تقتمش خان یہہ خبر سنتے ہی بجوا اس ہو کر لشکر جمع کرنے مین مشغول ہے اور اطراف جوانب پر آدمی تعین کئے ہین تا کہ لشکر الوسات اور تومانات جلد آجاوین اور کہتا ہے کہ مین امیر سے دوگونا لشکر جمع کرونگا اور اب موضع کرک مین اتر رہا ہے اور روز بروز لشکر جمع ہوتا جاتا ہے اور جب امیر دریای تبق پر آیا تہا تقتمش خان نے تینون گہاٹ روک کر کمین کیا تہا لیکن امیر اون گہاٹ سے نہ آئے مین نے الله تعالے کا شکر کیا کہ یون میرے دل مین ڈالدیا کہ مشہور گہاٹ چہوڑ کر اترا اب مین نے تقتمش خان کا احوال خوب دریافت کر کے اسی منزل مین مقام کیا اور از سر نو لشکر کے ترتیب کیے اور مجلس مرتب کر کے امرا کو بلایا اور سب کو کلاہ اور خلعت خاص اور کمر اور شمشیر اور ترکش مرصع دیکر سر بلند کیا اور تمام سپاہ اور بہادرون کو گہوڑے اور خلعت ہزار میخ زر دوز اور مخمل زر دوزی عنایت کیے اور زر نقد جتنا خزانہ مین موجود تہا انکو انعام دیکر امرا اور سپاہ کا دل خوش کر دیا اور یہہ حکم دیا کہ اب سے گرد لشکر کے خندق کہود دا کرین اور احتیاط رات دن کرتے رہین اور اسی انتظام سے روانہ ہوا رستہ مین کئی کوس تک دلدل بہت تہے آگے آگے او سکو بمشقت تمام طے کر کے مقام کیا اوسوقت قراولون نے آکر خبر دی کہ ہمنے غنیم کے تین قشون صحرا مین دیکہے مین اسوقت مین اور قراولون نے آکر یہہ ظاہر کیا کہ اونکے پیچہے ایک لشکر عظیم پیدا ہوا مین نے اپنے لشکر کو یہہ حکم دیا کہ قشون قشون سوار ہو دین اور افواج تابرہ بطور مقرر سے قول اور جرانغار اور برانغار مین ٹہرین اوسوقت

تھور رسے

جاد اللہ نے کہ دریاء تیج پر پہنچا اور اپنے دل میں یہہ صلاح کی کہ اس
دریا سے مشہور کیا تھا ہین سے اترنا اچھا واسطے دور ہے مبادا شنیدہ
میرے خبر سنکر رستہ بند کیا ہو اسلئے مشہور گھاٹ چھوڑ کر دریا سے کنارہ اوپر
کی جانب کو روانہ ہوا اور سپاہ کو حکم دیا کہ اپنے گھوڑوں سے اتریں جب
تمام لشکر اور سامان اتر لیا تو وہاں سے کوچ کر کے چھٹی دن دریاء سمیر پر
پہنچا قراول یہہ خبر لائے کہ بہت سا شور و غل دور سے سنا ہے اوسی
وقت امیرزادہ محمد سلطان بہادر ایک دشمن کو پکڑ لایا جب اوس سے میں نے
دریافت کیا تو یہہ عرض کیا کہ یہہ شور و غل اس صحرا کے اہل کا ہے کہ جو
تھا امیر کے خبر سنکر بہاگے جاتے ہیں اور تقتمش خان کے خبر ہی اوس سے دریافت
ہوئے کہ کہاں ہیں ہی اوسوقت میں نے یہہ حکم دیا کہ ہر یک شخص اپنا ہتیار رکہے
اور تیشہ تراشے سے آگ نہ دی اور بلی حکم کہین بجا ہوے اور رات کو
آگ نجلاوے پہر مین لشکر آراستہ کر کے دشمن کی طرف کو روانہ ہوا اور
بیسویں تاریخ ماہ رجب کو دریا ی اتک پر جا کر بیٹہا پہلے لشکر منزل سے
کو اتارا پہر اوسکے لشکر قول اترا اور فوج دست راست اور دست
چپ کو میں نے دلا ورے دی کہ وہ آپ پانی میں سے اتر گئے جب تمام لشکر
بہ عافیت اتر چکا میں بہی سوار ہو کر پل سے اترا اور گہوڑے کو اوڑہا کر
کر روانہ ہوا اوسوقت قراول مخالف کے تین سوار دیں کے مشکیں باندہ
کر حضور میں لائے میں نے جب احوال تقتمش خان کا اون سے پوچہا تو یہہ
عرض کیا کہ خان کو امیر کے آنے کی اطلاع نہیں ہے جب دو نیزہ اوپر یکا
اور ازبک لشکر سے بہاگ کر آئے تو اودہوے یا امیر کے پہنچنے خان کو

۴۳۴ امیرزاده بینی یہہ خبر عرض کرکے بیچ مین ایسے کہوڑے کو بیمزبار کر دریای نوبل
پر کہاٹ تالاش کرکے عبور کیا اوزرا امیرزادہ ملازمت سے مشرف ہوا اور
قراول اطراف اور جوانب پر واسطے خبرگیری کے تعین کئی وہ اوس دشت کی کنار
مین پہرتے تہی لیکن مخالف کا نشان نہین ملتا تہا لاچار ہٹ آتے تہی اوسوقت
مین نے شیخ داود بہادر ترکمان کو جسکو ہانکے جنگل اور بیابان معلوم تہی
اور جوان مردانہ کار آزمودہ تہا بلایا اور چند بہادر اوسکے ساتہہ کرکے
واسطے جستجوئے غنیم کے رخصت کیا وہ وہان سے روانہ ہوکر ایک رات
دن رستہ قطع کرکے دوسرے رات کو الاجوق چندیسے مین پہنچا صبح کے وقت
ایک سوار اوس الاجوق مین سی جہان یہہ اترے رہے تہی آگیا یہہ اوسکو دستگیر
کرکے حضور مین لائی مین نے اوس سے تقتمش خان کے خبر پوچہی عرض کیا
کہ ایک مہینا ہی کہ ہم اپنی مکان سی جدا ہوکر تقتمش خان کے تلاش مین سرگردان
ہین اور اوس کی کچہہ خبر نہین ملتے کہ وہ کہان ہے پہر یہہ بیان کیا کہ دو سوار
جبہ پوش کئی روز سے جنگل مین جو گرد الاجوق کی ہے بیٹہے ہین نہین
خبر کہ وہ کون ہین اور کیون آئے ہین مین نے اوسیدم قمارے لیساول
بہادر کو معہ بیس سوار کے تعین کیا کہ وہ جاکر اونکو پکڑ لاویے اور عید خواجہ
کو مقرر کیا کہ تین سو ہمراہ لیجا کر اوس الاجوق کو اوٹہاکر حضور مین لے
آوے جب قمارے حسب الامر اوس بیشہ مین گیا تو اون سوار نے مقابلہ کرکے
کے شخص قتل کئی اور باقیانکو دستگیر کرکے حضور مین لائے جب مین نے اون
تقتمش خان کے خبر پوچہی تو یہہ معلوم ہوا کہ وہ اوس طرف ہی اوسہی طرف
کو مین نے کوچ کیا چند دریا اور جول عبور کرکے پیر کے دن چوبیسوین تاریخ

تیموری حصہ

لشکر کو بھی فرمان ہوا کہ وہ بھی تمام لشکر کو چار دس صحرا میں تھا دیکھیں اور ان
نے باوجود [illegible] اور سر بازی سے نا ہموار [illegible] میں نے کہا [illegible] لوگ سے لڑ
ہی اگر [illegible] لشکر سے [illegible] خان کو شکست نہ دوں تو تلوار [illegible] مجھ پر حرام
ہو وے اور میں نے بہت شکر اپنا [illegible] سجدہ شکر کیا اور اپنے لشکر کو
حکم دیا کہ کوس اور نقارہ وغیرہ سب بجاویں اور تمام لشکر تکبیر [illegible] بلند آواز
ہو کے نیچے اترے تب میں جو [illegible] سے فارغ ہوا تمام امرا کی خلعتیں [illegible]
[illegible] گھوڑے سے [illegible] سے [illegible] کئے [illegible] سر بلند کیا اور
جشن بادشاہانہ مرتب کر کے امرا نے یہ صلاح دی کہ ایک [illegible] مقابلہ [illegible]
روانہ کیجے چاہیے اسی وقت امیرزادہ محمد سلطان نے اٹھ کر یہ عرض کیا
کہ مقابلے لشکر [illegible] میں ہوتا ہوں میں نے امیرزادہ کے اس جرأت [illegible]
سامنے [illegible] کر کے اس کا کہا مان لیا اور اس کو روانہ کیا اور امرا
کو ان کو اس کے ساتھ کر دیا امیرزادہ محمد سلطان تیسرے دن [illegible] تاریخ
ماہ جمادی الاخر کو روانہ ہوا اور دو منزلیں طے کر کے ایسی سر زمین میں پہنچا
کہ جہاں آگ جل چکی ہے اور بعضی جگہ سے اب تک آگ بجھی نہیں تھی امیر
زادہ نے یہ حال عرض کر بھیجا میں نے امیرزادہ اور امرا کو کہا کہ ہوشیار
رہنا چاہئے اور آگ جلانے والوں سے غافل نہ ہونا چاہئے اور [illegible]
کر کے دریافت کرو کہ وہ کون لوگ تھے اور کدھر گئے [illegible]
کرنے لگا اور رات دن [illegible] کی تلاش میں پھرتے تھے یہاں تک کہ دریا
[illegible] کو عبور کیا [illegible] آ کر امیرزادہ نے یہ عرض کیا کہ [illegible]
میں [illegible] جگہ آگ کا نشان دیکھا ہر چند [illegible] کہیں نشان نہ ملا

مین نے اونکو آفرین کہکر خوش کیا اور آگے چلکر امیرزادہ محمد سلطان کے
فوج مین آیا کہ صفین باندہے ہوئی مسلح کہڑے تہی ہر یک اونمین سے مجکو رستم
اور اسفندیار معلوم ہوا امیرزادہ محمد سلطان نے آکر میرے رکاب چومے
اور گہوڑا پیشکش کیا اور مین امیرزادہ کا لشکر دیکہہ کر قول مین آیا افواج
قول کے صف بصف مسلح اور آراستہ تہی اور ہر یک امرا قول نے اپنے
گمان مین اپنا لشکر دوسرے سے زیادہ تر آراستہ کیا تہا ہر یک نے پیادہ ہوکر
زمین اخلاص کے چومے اور گہوڑے رہوار معہ زین زر پیشکش کئے اور امرا
افواج سے تحسین پیشتر قول کے حاضری لیکر لشکر برانغار مین آیا پہلے لشکر
امرا خراسان کا تہا کہ امیرزادہ میرانشاہ کے علم کے تلے صف بصف مسلح
کہڑے تہی یہہ افواج دیکہہ مجکو شگفتگی حاصل ہوئی امیرزادہ پیادہ صف
سے نکلکر میرے گہوڑے کا چوم کر تہنا کہنے لگا اور نو تحائف معہ
زین مرصع نذر کیا مین نے اوسکو مہربانی سے دعا دی اور لشکر امرا برنغار
کی حاضری مین مشغول ہوا اور تمام افواج دست راست کو غور سے دیکہا
آراستگی اور انتظام ہر یک کا دوسرے سے بہتر تہا اور امرا دست راست
امیر حاجی سیف الدین اور محمد سلطان شاہ وغیرہ امرا نے رسم آداب
اور زمین بوسی بجا لاکر گہوڑے نذر کئے اور بہت آفرین سنے اور تمام
حاضری اپنے لشکر کی دو دن مین پہلے صبح سے سوار ہو کر شام تک اس
شغل مین رہتا تہا اوس وقت مین نے یہہ امر کیا کہ افواج اور قشونات اور
تومانات اپنی اپنی جگہ قایم رہین پہر مین ایک پہاڑ کے اوپر گیا اوس صحرا
[illegible] تا کہ لشکر [illegible] ہو کر ایک دفعہ دیکہتا اور امرا اور سردار

تیمور بیگ کے

رخصت کیا جانا

شکار سے فارغ ہوکر میں ڈیرے پر آیا کہ قاسم بیگ لشکر کے ... میں ... حکم
دیا کہ ہرکارے یہ خبر کردیں کہ امراء اور سردار قشونات اور ہزارجات اور
صدجات کے اپنا اپنا لشکر آراستہ کرکے حسب دستور ... ... اور
سامان کے سوار ہوکر اپنے اپنے موقع پر کھڑے ہوکر اپنے لشکر کو ...
جب حکم کے موافق تمام لشکر فوج فوج اور قشون قشون سوار ہوکر اپنے اپنے
مقام میں صف بصف کھڑے ہوگئے میں بھی سوار ہوا اور لشکر کے ملاحظہ کے
واسطے طرف سے شروع کی پہلی میں مزید بیگ کی لشکر میں گیا اوس کی فوج
نہایت آراستہ دیکھی مزید بیگ نے گھوڑے سے اترکر میری رکاب چومی اور
گھوڑا پیشکش کیا میں نے اوسکو تحسین کیا اور گھوڑا دیا کر امیر خداداد کے
سپاہ کو خوب دیکھا وہ تمام مسلح اور کمل اور جوان اچھی سوار تھی جب امیر
خداداد بھی لوازم پیشکش اور رکاب چومنے کے ادا کر چکا تو میں شیخ ... ...
اختیار بہادر کے لشکر میں آیا وہ اپنے صفوں میں آراستہ سامان کی ... ...
کرکے نہایت تزک کے ساتھ کھڑا ہوا تھا اور رسم مزید کی بجالاکر گھوڑا
پیشکش کیا وہاں سے امیرزادہ عمر شیخ کے افواج قاہرہ میں آیا اوس کے
علموں ہی سے نشان فتح و نصرت کا ظاہر تھا امیرزادہ نے پیادہ پا گھوڑا ...
کیا اور آداب بجالایا اور دعا اور ثنا کیے میں ... بھی اوسکو دعا
دیکر سلطان محمود اور امیر سلیمان شاہ کے افواج میں داخل ہوا وہ ا
لشکر کے صفیں آراستگی سے باندھ کر کھڑے ہوئے تھے اور کے فوج ...
خوب معلوم ہوئے انہوں نے آگے آکر تسلیم کیے اور گھوڑے نذر دیئے

۴۹۶ اور صدہات کو بہہ اطلاع کرو کر کوئی شخص نان کاج اور پلاو اور تماج وغیرہ کہانے نہ پکاوے لیکن لپٹا پکایا کرین بعضی امرا لپٹا اپنے روبرو پکوا کر ایک ایک پیالہ آدمی سر سے دیتے تہی چنانچہ ایک ایک من آٹے سنگ اکبار سی جو اتہہ من شرعی ہوتا ہے معہ شیرینے کی جو اوسمین ملاتے تہی ساٹھ پیالہ حریرے کے ہوجاتی تہی اکثر سپاہ جنگل مین جاکر جانور ون چوپایہ اور پرند کا شکار کرتے تہے اور مرغ صحرا کے انڈون سے اپنا قوت کرتے تہی اور ہم ہر روز کوچ کرکے نیا مقام کرتے تہی یہان تک کہ پیر کے دن یکم ماہ جمادالثانی کو شکار قمرغہ کے طرح ڈالی اور تمام امیر زادون اور امرا کو ساتھ لیکر شکارگاہ کو متوجہ ہوا اور ہمارے لشکر بے نہایت نے اوس صحراے بعید و غایت کو گہیر لیا اور جو شکار اوس جنگل مین تہا اوسکو روک کر جمع کرلیا مین بہ معہ امرا کے سوار ہوا اور آہو اور گوزن اور بکن وغیرہ اسقدر تیر اور تلوار سے مارے کہ ہم تہک گئے اور تمام سپاہ کو امر کیا کہ شکار کرو اہل لشکر خورد و بزرگ نے اسقدر شکار کیا کہ ہاتہہ سے پکڑ لیتے تہے جو فربہ دیکہا اوسکو ذبح کیا اور لاغر کو چہوڑ دیتے تہی باوجود کے اذوقہ تنگی کے اکثر لوگ گہاس اور سبزہ سے اوقات بسر کرتے تہی شکار کے کثرت سے چندروز تک کہانے سے مستغنی ہوگئے اسی شکارگاہ مین ایک قسم کی جانور شکار کی جو بہینس سے بڑے تہے اور نہایت خوش گوشت مین نے وہ جانور کبہی نہین دیکہی تہے زبان چغتائی مین ان جانور کو قتدغاے اور اہل دشت اوسکو تکن کہتی ہین

بیان لشکر کے حاضر سے لینے کا

تحریر کے

کرایا اور سوار ہوئے بلند منارا اس پہاڑ کے چوٹی پر تھا اور

تراشوں میں اپنا نام اور تاریخ دن آنے کی ایک پتھر پر کندہ کرا

منارے میں منقش کروایا پھر دریا سے کو پار کرکے کنارہ دریا سے

جوتی کے جاگرا تھے اور اوس دریا کو عبور کرکے کچھ ...

دن صبح اپنا قرار غوربے میں آیا اور یہ بات ہوا کہ قند شیان اور

بیابان میں گیا اور گم ہوا اور بہتا ہے لیکن یہ کہ وہ دریا

معلوم نہیں ہے تھا اور مشکل بہت تھی کہ وہ دشت پانچ سات منزل کی

راہ تھا اور کہیں پانی ... اور ایسے مطلقاً نہیں تھا اور سامان اور

باربردارے لشکر میں اپنے جمع نہیں کیا حساب اور تمام اوسے باہر تھی کرا

غلہ کے اپنے ... کرا ایک جگہ سے ... کیا اور ایک من غلہ

سنگ کا ان کے ... شہر سے ... رکھنے کو تھا پھر کسی

کے ہاتھ نہیں آتا تھا بیشمار ... اور ... اور ...

اور دہیات ... گرا کے خدا کا شکر کیا اور ... اور حساب

نکالا کر ... کا لشکر میں اور ساتھ ... کے وقت

اذوقہ ہاتھ نہیں آسکتا میں نے جواب میں کہا کہ خدا رازق ہے روزی

کا فکر مت کرو علاوہ نے کہا کہ چیونٹے اپنے سوراخ اور مرغ اپنے

گھونسلے سے جب باہر نکلے ہیں تو اونکو روزی کا کچھ ٹھکانا نہیں ہوتا

اللہ تعالیٰ اونکو روزی دیتا ہے ... اور ... روزی سے ...

... پہنچا ...

... حاصل ... کیا اور ... اور ...

۴۲۴ افعال ناپسندیدہ سے نادم ہوکر تسلیم کرتا ہے تو شاہ بیگ کو ہمارے پاس بھیجدے
تاکہ ارکان دولت کے اتفاق سے حقیقت حال عرض کریے پہر جو صلاح وقت
کے ہو گئے وہ عمل میں آوے سکے بعد مین نے ایلچیونکو زر و زر سے خلعت دیکر
رخصت کر دیا اس باب مین تمام امرا نے یہہ عرض کیا کہ ایلچیونکا رخصت کرنا
احتیاط سے بعید ہے ایلچیونکو اپنے ہمراہ لیکر بساعت سعید مین سوار
ہوا اور قراجوق اور میران سے گذر کر ۲۱ کس دن تک بیابان اور جنگل
مین رستا چلا اور ازبسکہ لشکر ایلغار جاتے تہی اور پانی رستہ مین کم پایا
ا بخارا کو محکم کرین اور امیر قرا قانہ روانہ ہون انشا اللہ تعالے لشکر غنیم کا پراگندہ ہو جاویگا جب مین نے اونکو بیدل پایا تو یہہ مناسب معلوم ہوا کہ امیر جاکو کو چونکہ دوراندیشہا اوسے مجلس مشورہ مین خراسان کو رخصت کیا تاکہ ماخان مین جاکر لشکر اموبہ کو جمع کرتے اور امیر سیف الدین اور عباس بہادر کو پہر رخصت کیا تاکہ جاکر گہر باہر اور امیرزادہ محمد جہانگیر کے نگہبانی کرین اور بخارا محمود شاہ اور علے لیورسے کو سپرد کیے اور اونکو وصیت کے کہ تنگے کے وقت بخارا کو چہوڑکر چلے آنا اور مین دو سو سوار لیکر قرا قانہ غنیم کے طرف روانہ ہوا جب مکان غنیم کے نزدیک پہنچا تو اونکا گلہ گہوڑونکا جنگل مین چرتا تہا مین نے حکم دیا کہ بہادر اونکو ہکا لاویے وہ سب سپاہ کو مین نے تقسیم کر دئیے اور پہر غنیم کے طرف روانہ ہوا اور انون رات دریا ے اموبہ سے کشتیون پر جو کنارہ پر موجود تہین اترا پہر بیابان جول سے بڑہ کر ماخان کے ڈیرہ مین وہان جاکر سیر وشکار مین مشغول رہا محمود شاہ اور علے لیورسے اور بخارا کے خبر کا منتظر تہا کہ عرضی محمود شاہ کے بخارا سے آئیے کہ ہمنے امیر کے اقبال سے بخارا کو محکم کیا تہا لیکن امیر حسین نے آکر قلعہ کا محاصرہ کر لیا ہم نے باتفاق اہل بخارا کے جنگ شروع کی یہان تک کہ تا آرمود کارتاجیک کے لوگ زیادہ سر ہیے کرکے کلاباد دروازہ کے

تزوک تیموری

...سرسے اور امرا از امیر حسین کے صفین بازہ کرد بیٹھے
...مین نے جنگل مین اتر کر نماز صبح کے ادا کیے پھر سوار ہو کر
...ور دیک کے رستہ روانہ ہوا اور صلاح یہہ ہوئی کہ
...مین جا کر قلعہ کو مستحکم کرون اور وہان سے بخارا کو جاؤن اور
وہان سے لشکر لیکر امیر حسین پر لشکر کشی کرون جب مین قرشی
آیا تو انتظام لشکر باز ماندہ کا کرکے بخارا کی طرف روانہ
ہوا محمود شاہ کہ میرے طرف سے بخارا کا حاکم تہا سو علی سیور
کے استقبال کو آیا بندگی ادا کی جب مین بخارا مین نازل ہوا
تو امیر جاکو نے بسبب خدمت کے جو میلے سے محمود شاہ کی
طرف سے تہا اوسکے دوستی پر اعتماد نہین کرتا تہا مجھسے گریدہ
رخصت طلب کی تا کہ خراسان کو چلا جاوے مین نے یہہ
کہا کہ ابہی مشورہ کرنا ہے جسطور صلاح ہوگی اوسی طور
رخصت دیجاویگی مین نے محمود شاہ اور علی سیور کے
کو بلایا اور امیر جاکو اور امیر سیف الدین اور عباس بہادر
کو بہی بلایا اور صلاح پوچھی کہ اخبار امیر حسین اور امیر
موسے اور اوسکے تمہارے پاس آتے رہتے ہین اگرچہ
مین نے اونکو شکست کیا ہے لیکن اگر تم بہی مع لشکر بخارا کے
متفق ہو جاؤ تو ہم اونکا مقابلہ کرین اور ایک ضرب شمشیر مین ...
ملک کو کنارے مین لون دلاوردون نے یہہ صلاح ...
اور علی سیور جیسے ... کہا کہ بہتر یہہ ہے کہ ہم

توزک

آخر امیرحسین سایے سرایے سے باہر ہوکر لشکر جمع کر
لگا اور امیر موسے شکست نصیب کو سردار بنا کر امیر اوبجاب
ایز دینے اور جہان شاہ بانیود امیر بولاد بوغا کو معہ دس ہزا
سوار قروناشر کے امیر موسے کے ساتھ کیا امیر موسے
انتقام کے لیئے روانہ ہوا جب یہہ خبرین نے سنے تو بندوبست
لشکر کا کرکے قرشیے سے باہر نکلا اوسوقت میرے ساتھ
دوسو سوار سے زیادہ نہین تھے پھر یہہ خبر آئی کہ امیر موسے
اور اور امرا امیرحسین کے قلعہ قلقہ سے بڑھ کر بیک چلچک
مین آ اترے مجکو مناسب یہہ معلوم ہوا کہ اون پر شبخون مارون
الیغورباغ کے طرف سے جو چپ انداز تھا پور شہر کے جب جنگل
مین پہنچا وہان توقف کرکے برناسے قراول کو روانہ کیا
تا کہ کوئی شخص غنیم کا پکڑ لاوے تا کہ حقیقت لشکر کی معلوم ہو
۰ جا کر تیرا آدمی مخالف کے پکڑ لایا میرے امرا نے
یہہ عرض کیا کہ امیر موسے اور امرا امیرحسین کے بیک چلچک
سے عبور کرکے مقام چکیدالک مین آپہنچے مین اوسدن
جنگل میں ٹہرا رہا جب رات ہوئی تو سوار ہوا جب
لشکر غنیم کے پاس گیا تو میرے ساتھ دوسو سوار سے
پانچ تکبیر کہہ کر غنیم کے دست چپ پر متوجہ ہوکر
برابر آگیا غنیم کے لشکر مین زلزلہ پڑگیا لشکر غنیم
سوار ہوئے اوسوقت صبح ہوگئے امیر

امیر حسین نے کہا اندراج تیمور کے مین تم سے مقام کرین ...

یہ صلاح ہوئی کہ بخارا مین مقام کرین

کے شکست کہاکر گئے ہے اوسکو غیرت آئیگی اور جب

کہ مین بخارا مین بیٹھا ہون تو البتہ لشکر کرکے تسخیر کریگا اور بخارا

یہ سنکر ... بیٹے کہ قرشی

اوجاڑ جگہ ہے اور وہ کم ہاتہہ آتا ہے بہتر یہہ ہے

مین مقام کرین اور محمود شاہ کو بخارا کو بہیدین تاکہ اوسکو آباد

کرے جسقدر وہانکے محاصل سے جمع ہوگا حضور مین بہیجیگا اور

بیگ شاہ کو جو خراسان مین سرگردان پہرتا تہا مین بیگ نے بلا کر

ولایت امویہ سپرد کردی اور محمود شاہ کو حکومت بخارا

پر تعین کیا اور ایک فرمان علی سیدر بیگ کو لکہا کہ پریشان کرین

پہرتا ہے اپنے داماد محمود شاہ بیگ کے پاس چلا جب یہہ

مشورہ پسندیدہ ہوا انہون قرشی کے طرف کو روانہ ہوا

اور اپنے ادمیون پریشان کو جمع کرکے فتح آباد مین منزل کی

اور استراحت مین مشغول ہوا جب امیر موسی اور امیر حسین

کے اور سردار اور بہادر شکستہ کہے قرشی سے امیر

کے پاس سراسیمہ مین بہاگ کر پہنچے تو امیر حسین نے

اون پر اعتراض کیا کہ تمنے اپنی غفلت سے کہ امیر تیمور قلعہ

مین گہس گیا اور دوسو تیتالیس آدمیون نے قرشی کا قلعہ

لیلیا اور تم بارہ ہزار سوار تہے ایسے نامرد ہو گئے کہ

تیمور کے دو سو آدمیون نے شکست کہائے امیر حسین نے

پہر یہہ صلاح کی کہ گرم گہا دیرینے اور پر لشکر تعین کرے جب

۱۱ عورتون کے پیچھے جاتا تہا سمی عاشق باز ایک نوکر تیر کمان لئے ہوئے آرزو ملک آغا کے ہمراہ تہا جب مین اونسی قریب ہوتا تہا تو عاشق باز تیر کمان میرے سامنے کرتا تہا اور مین یہہ خیال کرتا تہا کہ مبادا اس پاجی کے ہاتہہ سے زخم کہاؤن لوگ یون کہین گے کہ امیر موسے کے مال اور عورتون کے طمع مین زخمی ہوگیا اسلئے دلیری نہین کرتا تہا اسعرصہ مین دولتشاہ بخشی اوس نوکر تک جا پہنچا اوسنے لاچار دولتشاہ پر تیر چلائے معلوم ہوا کہ تیرانداز سے نہین جانتا تہا ہر چند دولتشاہ اوسکے پیچھے دوڑا لیکن حکمت الہی ایسے ہاتہے کہ اوسکا گہوڑا تہک گیا اور اوس عورت کو کچہہ خلل نہ آیا کیونکہ آرزو ملک آغا تومان آغا کر آخر کو تقدیر الہی سے میری زوجیت اور ہمسری مین آئے نو مہینے کے حاملہ تہے آخر دور حیض مین ہہے اوسکو کچہہ خلل نہوا مین نے موضع ارقو تک جو نزدیک قرفاق کے ہے دشمنونکا تعاقب کیا وہان سے مراجعت کرکے اپنے مکان مین آیا امیر جاکو اور امیر سیف الدین نے بہی دشمنون کو بیک چلچک تک نکال دیا اور نہار چلاپر اور راور فراریون کو مستاصل کر کے ہٹا لائے جب صحرا ارقرشے مخالفون سے صاف ہوگیا اور امرا نے مبارکباد فتح کے دیکر یہہ مناسب معلوم ہوا کہ سردے آگئے ہیں اسیکے موسم سرد ہے مین قرشی مین مقام کرون بعضے امرا

تیموری

امیر موسی کے قلعہ پر روانہ کے تاکہ اسنے تئین محصور کرین
ملک بہادر میرے سپاہ کو دیکہتی سے گہبرا کر بہاگا مین نے
امیر داؤد کو مع فوج اوسکے تعاقب پر تعین کیا تاکہ فراریون کو
اور اونکا مال جو ہاتہہ لگے لے آوین جب امیر داؤد نزدیک پہنچا
تو غنیم کے جسقدر فوج فرار سے بچی تھی وہ سب گرد فوج کے ہوگئے
اور اونکے فوج دست راست نے ایلچی بوغا کو مار کر ہٹا دیا
اور اونکے فوج دست چپ نے مجہپر حملہ کیا اوسوقت
مین نے جسقدر جوان میرے پاس حاضر تھے اون پر روانہ
کئے اور مین نے بہی تلوار لیکر اون پر گہوڑا ڈالا غنیم میرے
حملے سے بیتاب ہوکر بہاگ نکلا اونکے کوتل گہوڑے میرے
سپاہ کے ہاتہہ آگئے اپنے اقبال فرخندہ سے دشمنون کو
نگونسار کیا اونکے فوج دست راست کہ ایلچی بوغا پر حملہ کیا
تہا یہہ حال دیکہکر ایکبارگی بہاگ نکلے آرزو ملک آغا امیر
بایزید جلایر کے بیٹے جو امیر موسی کے ساتھ تھے ملک بہادر
کے ساتہہ بہاگے جاتے تھے اور مین اونکے پیچھے جاتا تہا
تاکہ اونکو گرفتار کرون اسیحال مین ملک بہادر کو مین نے
پہچانا اور یہہ آواز دیکے کہ اگرچہ تجہکو قتل کرنا مناسب تھا
لیکن مین نے اب تجکو معاف کیا اگر تجہکو جان پیاری ہے
تو عورتون سے الگ ہوجا ملک بہادر نے یہہ سنکر غنیمت
جانا اور عورتون سے جدا ہوکر اور طرف چلا گیا مین ...

اجازت ندیے اسمین سار بوغا اور امیر سیف الدین کا جو پانچہزار
سواروں سے مقابل ہیتے قاصد آیا کہا کہ ملک بہادر کو ہمنے
درہم کردیا ہے نصرت آپ کے توجہ کرنے سے فتح ہوتے
ہیں چونکہ امیر موسے کو ہزیمت دیکر خاطر جمع ہیتے تو مین قلعہ مین
آیا دروازہ پر آدمی تعین کرکے جتنے سوار پیادہ حاضر تہے
ہمراہ لیکر دروازہ جزار پر پہنچا ملک بہادر نے پانچہزار سواروں
سے حوالی قلعہ کو زیر کیا تہا اور فوج امیر سار بوغا و امیر سیف
کے کوچہ بند کے دیوار کے اوٹ مین لڑ رہے ہیتے کہ مین قلعہ
سے نکل کر با آواز بلند تکبیر کہے جب ملک بہادر نے مجکو دیکہا تو سمجہا
کہ میرے انتقام کے لیئے آیا ہے میرے مقابل ہوکر آگے بڑہا
مجکو غیرت آئیے مین نے چالیس سواروں سے نقارہ بجاکر گہوڑ
ڈالا اور امیر سار بوغا و امیر سیف الدین نے جب مجکو یہہ دیکہا
کہ چالیس سواروں سے اون پر حملہ کیا تو وہ بہی ساٹہہ سواروں
سے جو اونکے ساتہہ تہے میرے داہنے طرف سے آپڑے
جب ملک بہادر نے میرے چترق دیکہے تو روگردان ہوکر امیر مو
کے طرف چلا وہان جاکر جمعیت متفرقہ کو جمع کے استحال مین اونے
امیر موسے کے بہاگ جانے کے خبر سنے وہ بہی بہاگ کر اپنے
قلعہ کو روانہ ہوا مین نے امیر جاکو اور امیر سیف الدین کو اوسکے
قلعہ پر جو کنبد لو سے مین تہا واسطے خبر گیری کے بہیجا اور
مین نے آہستہ آہستہ اوسکا تعاقب کرکے ایک اور جماعت

تیمور سے

منصور خراسانیکے جو میرے سرداروں مین سے تھا رواز
ہوا جب بہرام کے پاس گیا تو دشمن سمجھ کر نا دانستہ ایک نہ
مین اوس بہادر کو مار ڈالا جب امیر موسیے اور ملک بہادر نے
میرے سپاہ کے دلاوری دیکھی اور اونکے نظر میرے
کوکبہ سلطنت پر پڑے تو امیر موسے نے ملک بہادر کو اپنے
سے الگ کرکے جزار پر بھیجا تا کہ حملہ کرے اوس وقت مین امیر کو
سار بوغا اور امیر سیف الدین کو جو جزار کے بند و بست مین مشغول
تھے کہلا بھیجا کہ غنیم کو فرصت نہ دیجیو وہ بہادر ملک بہادر کے پانچ
ہزار سوار کے مقابلہ مین دروازہ محکم کرکے قلعہ سے باہر نکلے
اور جنگ مردانہ کے اسمان مین کہ امیر موسے نے ملک بہادر
کو دروازہ جزار پر بھیجا اپنے فوج اراستہ کرکے چہار ہزار
سواروں سے میرے طرف متوجہ ہوا مین نے اوس وقت
قدم آگے بڑھایا سو سواروں کو ایک فوج بنا کر اون پر روانہ
کئے جب یہ لوگ کوچہ بند سے نکلے امیر موسے نے حقارت
سے دیکھ کر چاہا کہ خود آپ تلوار لیکے کرے اس عرصہ مین بھی
قلعہ سے نکل کر جب کوچہ بند سے ظاہر ہوا تو ہمارے اور
اسکے فوج مین جنگ شروع ہو گئے ہمارے فوج نے تیر بارانی
اتفاقاً ایک تیر امیر موسے کے لگا وہ روگردان ہوا
ات ہزار سواروں سے ہزیمت کھا کر اپنے گھر کو روانہ
امیر سے سپاہ نے ارادہ کیا کہ اوسکا تعاقب کرین مین نے

کہنی لگے رستم اور اسفندیار جوسنا کرتے ہتے دیکھہ لیئے اور
پہر دہشت کے ماریے بہاگ گیئے جاکر خندق مین جو اپنے لیئے
کہو دیے ہتے چہپ گئے اوسوقت مین نے ایک فوج اپنے
پاس سے بہادرون جنگی کے کومک کو بہیجے اونہو نے متفق
ہوکر مخالفون پر حملہ کیا اور مار مار کر خندق سے نکالا وہ بہاگ
کر شہر کے کوچون مین گہسر گئے جب امیر موسے اور ملک بہادر
متفق ہوکر قلعہ پر آیے تو اپنے سپاہ کا یہہ حال دیکہا کہ خندق
سے بہاگ کر شہر کے کوچون مین پناہ لیے اور وہان سے قتل ہوتے
ہین تو نکل بہادر کو دوسو سوارون سے اونکے مددپر تعین
کیا جب نکل بہادر نے غنیم سے جدا ہوکر تیر باران کیا مرتے
جاتے تھے اونہون نے بہیہ کر غنیم کو خندق سے مار مار کر نکالا تہا تیر
باران کیا اور جنگ سے ہٹ کر مرے پناہ مین آ گیے اوسوقت
مین ہزارہ سوارون سے نقارہ بجاکر قلعہ سے نکلا بہادر شکستہ
ریختہ نے جو مجکو دیکہا تو تو سے دل ہوکر غنیم پر حملہ کیا اوسحال مین
ایلچی بوغا بہادر اور بہرام بہادر کو حکم کر کے مع اتباع کے نکل بہادر
پر بہیجا اون دونو نے حملہ کیا تو کل بہادر دیوار کے اوٹ مین
آکر جنگ کرنے لگا ایلچی بوغا دیوار پر چہڑ گیا آخر شتاب ہوکر
اترا لیکن روگردان نہوا پہر بہرام بہادر دیوار پر چہڑا اور
ایلچی بوغا نے دیوار مین سوراخ کر کے تو کل بہادر کے تلوار
لگائی وہ بہاگا بہرام بہادر نے اوسکا تعاقب کیا اوسوقت

تیمور رسیدگی

اگر اوسوقت کوشش کرو گے تو امید ہے کہ اللہ تعالے سے امیر کو شکست
پیر مشہور کرے میں بیٹے اوسوقت اپنا عزم موقوف رکہا
اوسی وقت ترکے بہادر بیٹے ملک بہادر کے طرف سے دو ہزار
سوار لیکر قلعے کے دروازہ کو محاصرہ کیا اور دیوار سے تلے آکر ٹہہرا
گئے دو دن تک اونکو طرح دیتے آخر تیسرے دن صبح کر
ایلچی بوغا بہادر اور اقتیمور بہادر کے پاس جو انون میں سے
سبت سے حکم دیا کہ اونہوں نے تختہ پل قلعہ کیا او ٹہا کر اون کا قلو
پر حملہ کیا اور اکثر دن کو تلوار سے مارا اوسوقت طوغا بہادر
جو امیر حسین کے امرا میں سے تہا اپنے فوج سے کومک کو
آیا قتال وجدال ہونے لگے میں نیچے سے علیشاہ درویشک
اور پیر غوجے کو معہ اللہ جو انون کے کومک کو بہیجا جب اوز
پیر غوجے درویشک کے اپنا لوغار سے پہنچے تو تلوار کہینچ کر
حملہ کیا اقتیمور بہادر نے بیچ میں روک کر ایک ہاتہہ مار کر اوسکو
گرا دیا اسوقت میں امیر موسے کے سپاہ میں سے ایک جوان
اوزبک جو کہ نہایت دلاور تہا غرور جو اسکے تہے گذرا اوٹہا
حملہ کیا عمران لوغا کہ بڑا بہادر تہا اوسکے مقابل ہوا او
اونہاکر زعفران لوغا کے سر پر چلایا عمران لوغا نے اوسکے دو
ہاتہہ پکڑکر اینٹہہ دیے اور اوسکو عاجز کرکے قلعہ کے دروازہ
میں لے آیا بیگنا سے ایک بہادر جوان نے آکر اوسکا
غرور کو ایک ہاتہہ میں گرا دیا سپاہ غنیم کے یہ حال دیکھ کر

١٦ فوج مقرر کی اور وہ دونو فوج منگل کو آدہی رات سے اور دہر قریب صبح کے فرودگاہ امیر موسی پر دوڑ آئین اون دونو مرزاؤن نے اوسپر جا کے بہتون کو قتل اور زخمی کیا اور بہت گرفتار کئے بعضے میری سپاہ سے بہیہ مارے گئے زخمی بہی ہوئے جو امیر کہ گرفتار ہو کر میرے پاس آیا درد کا بہادر تہا اوسکی مین نے عزت کی اور اوسپر بہت احسان کیا اور اوسکو یہہ اختیار دیا چاہے یہان رہ چاہے چلا جا میرے امراؤ نے اوسکے قتل پر تحریص کی مین نے کہا درد کا بہادر ایک آہوا ہو گیر ہے اسکو بند احسان مین گرفتار کرتا ہون تاکہ اور لوگ میری طرف رجوع کرین اور میری سلطنت قایم نہین ہو سکتی بجز رجوع دوست دشمن کی جب کہ میرے احسان کا مشاہدہ ہوا تو میری ملازمت اختیار کی اور امیر حسین سے روگردان ہوا اگلے دن صبح دم امیر موید ارلات کو معہ تین سو سوارون کے جرار دروازہ سے امیر موسی پر بہیجا وہ بہادر نامدار مردانگی سے سالم گہوڑے لوٹ کر دروازہ مین لے آیا اوسوقت مین نے یہہ ارادہ کیا کرین آپ قلعہ سے نکل کر غنیم پر یورش کر کے ہلاک کرون لیکن امیر سیف الدین نے کہ نجوم اور رمل سے واقف تہا یہہ عرض کیا کہ احکام سے یون معلوم ہوتا ہے کہ اگر امیر آج توقف کرین تو اولے ہے کل چاشت کے وقت ساعت نہایت نیک ہے

۱۹ ہوا اور چالیس آدمیون کو واسطے حفاظت گہوڑونکے چہوڑا اور
دو سو تین جوان پیادہ لیکر معہ ترکش اور تلوار جو رستہ مین دیکہا تہا
اودہر کو چلا اور سپاہ میرے خدمت مین ہتیے آخر خندق پر آئیے
مین تو قدم اوسپر نار پر رکہہ کر اتر گیا اور اور جوان بہی قدم بقدم
آتیے ہتیے یہان تک کر خندق مین قلعہ کے نیچے جا پہنچا جس جگہ دیوار پست
دیکہی تہی اوس جگہ گیا سپاہ بہی سیڑہیان بنائے ہوئیے آئیے مین نے
حکم دیا کر سیڑہیے لگاکر دیوار پر چڑہین جب چالیس جوان چہڑ گئے
تو ہمین بہیے چہڑ کر قلعہ کے برج مین جا بیٹہا پہر تمام فوج قلعہ پر چڑہ
گئے الله تعالے نے قلعہ کے نگہبانون پر ایسے نیند مسلط کے تہی
کر ایک بہیے نہ جاگا مین نے اوسوقت چند آدمیے دروازہ پر بہیجے
تاکر دروازہ قابو مین محکم کرین جب وے دروازہ پر پہنچے تو
دربانون سوتون کو باندہ لیا اور جس نے دست درازیے کے
اوسکو قتل کیا اور دروازہ تیر مار کر توڑ ڈالا جب دربانون کا
شور غل قلعہ والون نے سنا تو بیحواس ہو گئے محمد بیگ امیر موسے
کا بیٹا جو قلعہ کا حاکم تہا ایک جماعت سیے بالا ئیے بام آکر لڑنیے لگا
جب صبح ہو گئے اور اوسنیے میرے فوج کو دیکہا تو بالا خانہ مین
مین جسمین پست بام کیے ہتیے جا چہپا سپاہ نیے جاکر اوسپر گہر مین
آگ دیدیے اور امیر موسے کے فرزندون نیے امن مانگا جب
محمد بیگ امیر موسیے کے بیٹے کو میرے سامنے لائیے تو لڑکا
تہا اوسکے شجاعت پر مین نیے آفرین کیے اور اوسکو دیدیلیا

سہو رہے

دن چالیس جوان جو موجود تھے ساتھ لیلے راتون رات گرد
شتے سے کے پہنچا اور وہ رات نہایت تاریک تھی جوانون کو مین نے
حکم دیا کہ صف باندہ کر کھڑے ہو جاؤ مین مشیر اور عبد اللہ کو کہ میرے برادر شیر
واقف تھے ہمراہ لیکر خندق پر گیا خندق پانی سے بہر رہے تھے
مین نے اطراف خندق کو دیکھا تو ایک پرنالہ لکڑی کا جو اوسر تھا
مین سے قلعہ مین جاتا تھا پر سے نظر پڑا مین گھوڑے سے اتر کر
گھوڑا مشیر کو سپرد کیا اور آپ گھٹنون تک پانی مین گھس کر قدم
اوس پرنالے پر رکھا اور پانی سے اتر کر خشکی مین قلعہ تلے آ گیا اور
عبد اللہ بھی میرے پاس آیا پھر قلعہ کے دروازہ پر جا کر آہستہ
کواڑ کھٹکھٹایا کہ معلوم کرون دربان سوتے ہین یا جاگتے ہین معلوم
ہوا کہ رات کو دروازہ خاک سے آنٹ رکھا ہے اور دربان
سوتے ہین خاطر جمع سے دیوار حصار کو ہر طرف سے خوب ملاحظہ
کیا ایک جگہ سے دیوار پست نظر آئی عبد اللہ سے مین نے کہا کہ
یہان سیڑہی لگ سکتی ہے پہر مین جس رستہ سے آیا تھا مراجعت
کے مشیر نے میرا گھوڑا حاضر کیا مین سوار ہوکر اپنی فوج کو چلا
اسمین سب سپاہ مسلح سیڑہیان لئے ہوئے آ گئے مین نے احوال قلعہ
کا جو دیکھا تھا سو بیان کیا جب اونہون نے یہہ سنا کہ مین اکیلا جا کر
قلعہ دیکھ آیا ہون اونکی شجاعت سو کتو نے ہو گئے حیرت سے
انگلیان کاٹنے لگے اور میرے دلیری پر تعجب کیا بعضون نے
مجکو ملامت اور بعضون نے تصدیق کیا دعا فتح کے مانگ کر مین سوار

قال سے تو سے دل ہو کر روانہ ہوا دریا امویہ پر جا کر گہوڑا پانی
مین ڈال دیا آخر پار ہو گیا چالیس آدمی اور ہمراہ میرے ساتھ تہے
یون ہی اتر گئے اوس طرف سے کشتیان پکڑ کر بہیج دین کہ سب لشکر
کشتیون پر سے عبور کر کے موضع خنار مین مقام کیا راتون رات
قراول قریشے کے راہ پر بہیجے کہ رستہ روک لین اور کسیکو نہ جانے
دین اور نہ آنے دین اوسدن ایک جگہ آبادی سے الگ اتر
جب رات ہوئی تو مین سوار ہوا اور راتون رات موضع بروالیغ
مین پہنچا امیر موسے حاکم قریشے کے نوکرون کو جو اوس جگہ تہے
گرفتار کر لیا رات کو اوسہی جگہ ارام کیا پہر عصر کے وقت سوار
ہو کر موضع شیرکنت مین آیا دلمین یہہ آیا کہ اوس موضع سے ہی
آگے چلون لیکن امیر جاکو نے آکر بیان کیا کہ سپاہ بہت پیچہے رہ
گئے ہی امیر ایتقو برکاب رہے کہ سپاہ آجاوے پہر حملہ کر
امیر موسے پر شبخون مارتے ہین امید ہے کہ اوسکا لشکر درہم
کردین مین کہڑا ہوا یہہ سوچتا تہا کہ میرا لشکر بہت کمتر ہے میرے
سات دو سو تینتالیس ۲۴۳ آدمی اور غنیم کے سپاہ دو ہزار سوار
زیادہ خدا نخواستہ ایسا نہو کہ میرے لشکر کو صدمہ آوے اوسوقت
مجکو یہہ خیال آیا کہ سپاہ کے آنے تک کیئے زینے باغ کے لکڑیان
کاٹ کر جو برسر راہ تہا رسیون سے باندہ کر بنائی جب لوگ
زینے بنانے مین مشغول ہوئے میرے دلمین یہہ آیا کہ جبتک
یہہ سپاہ جمع ہوتے ہین آپ جاکر قریشے کے حصار بند کو ملاحظہ

نے کہا اگر ہم خراسان کو جاتے ہیں تو گرفتار ہو جاینگے اور یہہ مہم
متفرق ہو جاینگے الله تعالے سے مدد مانگ کر قرشے پر چلیں انشاء الله
تعالے فتح ہو گے چونکہ یہہ صلاح صواب تھی میں نے یہہ عزم
کیا کہ قرشے کو مسخر کر دوں لیکن سپاہ امیر حسین کے بارہ ہزار سوار
امیر حسین کے قرشے کے نواح میں دین دوسوسہ میں تھے اس بات
میں یہہ صلاح کی کہ دو سو چالیس جوان سے جنکی شجاعت بارہا نظر اعتبار
میں گذر چکی ہے ساتھ لیکر قلعہ قرشے پر ایکبار چڑہ دوڑوں جو کچھہ
مقدر میں ہوگا وہ ہو رہیگا اسلئے قران شریف میں فال دیکھی یہہ
آیت نکلی ینصر من یشاء وہو العزیز الحکیم یعنے الله تعالے فتح دیتا ہے
جسکو چاہتا ہے اور الله تعالے غالب باحکمت ہے اس فال سے
نصرت مندی کی بشارت ہوئی لشکر کو جمع کیا اور انتظام
تسخیر قلعہ قرشے کا اسطور کیا کہ دو سو تینتالیس شجاعت پیشہ میرے
ساتھہ ہوئے خدا تعالے پر توکل کرکے رات کو ڈیرہ سے نکلا
اوسوقت امیر موید ارلات میرے پاس پہنچے اور توکل بہادر اور
امیر ساربوغا جلایر اور حسین بہادر اور امیر سیف الدین نکودر
اور عباس بہادر قبچاق اور اقیوغا بہادر برلاس اور محمود شاہ
بیلے آکر تسلیمات سے چونکہ اول امیر موید نے سلام کیا تھا اوسکے
نام سے یہہ فال لیے اوسوقت قران شریف میں فال کھولی
یہہ آیت نکلی ومن یتوکل علی الله فہو حسبہ یعنے جو شخص خدا تعالے
پر توکل کرتا ہے تو الله تعالے اوسکے کار کو کفایت کرتا ہے اسمیں

تو زک

لاچار جلا وطن ہو کر خراسان کو روانہ ہوا اونہو نے میرے لیئے دعا
کے اور راہ بر مانگا تاکہ میرے لشکر سے اونکو ضرر نہو و ہی اور
خوف ناک جگہ سے سلامت نکال دیے مین دو منزل اور
خراسان کے طرف چلا اور جاسوس قافلہ کے ساتھہ کر دیئے
جب وہ قافلہ قرشئے مین داخل ہوا تو امیر موسے حاکم قرشئے نے
اہل قافلہ کو بلا کر میرا حال پوچھا اونہو نے کہا ہمنے امیر تیمور کو
جنگل مین دیکھا کہ مع افواج کے راہ ہرات کو جاتا تھا ملک ہرات
نے اوسکو بلا ہیے وہ جلد جاتا تھا جب میرے چلے جانے کے خبر
امیر موسے اور امرار امیر حسین نے سنے تو قرشئے کے قلعہ سے
نکل کر بخاطر جمع سات ہزار سوارون سے مرغزار رہراغ
مین اتر کر عیش و عشرت مین مشغول ہو گئے امیر موسے نے
اپنے بیٹے محمد بیگ کو قرشئے کا حاکم کر دیا اور قلعہ کو مستحکم کر کے
احوال اخبار امیر حسین کو لکھے اور امیر حسین نے میرے خراسان
جانے کے خبر سے پہلے پانچ ہزار سوار اور قرشئے پر بھیج دیئے
تھے وہ خاطر جمع سے مقام کندبو یلے مین بیٹھ رہے تھے جب لشکر قرشئے
کے خبر مین نے سنے تو مجکو یہہ غیرت آئے کہ بدلا لون یعنے قرشئے
کو مسخر کر دن اوسوقت جاسوس یہہ خبر لائے کہ امیر حسین کے
بارہ ہزار سوار تو قرشی مین متفرق بیٹھے ہین اور دو ہزار سوار
پیادہ نے قرشئے کے قلعہ کو مستحکم کیا ہے مینے امرا کو بلا کر یہہ
مشورہ کیا کہ خراسان کو جاؤن یا چلکر قرشئے کو مسخر کرون بعضون

...ان ہے مین نے ملک ہرات کو خط لکھا اور ایک خط محمد بیگ
...ن عریا ہے کو سمجھا اور دانا شخص تعین کیجئے تاکہ خراسان مین جاکر
...ز دیے دریافت کرین کہ میر حسین کی نسبت کس حال مین ہین چونکہ مجکو
...تھا دشمن تہا کنار دریا سے کوچ کر کے چول مین آکر کہار سے
...وقت پر اترا اتر آئے ہے مہینے تک اوس جگہ اقامت کیے اور جنگل
مین وحوش بہت تہے خوب شکار کیے ایلچی جو ملک حسین حاکم ہرات
اور محمد بیگ جون عریانے کے پاس گئے تہے آئے خطوط مین
محبت اور اخلاص ظاہر کیا اور ہر ایک نے میری واسطے تحفے بہیجے
اور بہت ہتیار کمان تیر ترکش تلوار بہیجین مین نے اوسی روز جو کچھہ
لائے تہے امرا کو تقسیم کر دیا اور اپنے لیے ایک کمان اور ایک
تلوار رکہہ لیے باقی سب بانٹ دیا اوسوقت مین نے یہہ سنا
کہ خراسان کا ایک قافلہ ولایت قرشی کی طرف متاع اسباب
لیے جاتا ہے مین نے اوسی وقت کوچ کر کے اوسکا رستہ روکا
قافلہ والے مجکو دیکہتے ہی استقبال کو آئے تحفے جو تہے میرے
نذر کیے مین نے اوس کے سردار سے پوچہا کہ ہرات سے کیا
خبر ہے اور میرا خراسان کو جانا کیا مشہور ہے جواب دیا ہمنے
یون سنا ہے کہ امیر تیمور حسب استدعا ملک حسین کے خراسان
کو گیا اور دریا آموہ سے پار ہوگیا لوگ نہین یقین کرتے
تہے اب ہمنے اپنی آنکہون دیکہا کہ امیر خراسان کو جاتا ہے مین
نے کہا امیر حسین نے جو نہایت ظلم کیا اور مجہہ پر لشکر کشی

ا ارلات اور امیر سیف الدین اور سیورغتمش اغلان اور امیر حسین اور
حسن بہادر قبچاق اور آق بوغا بہادر نانان اور محمود شاہ بخارسے
تہے یہہ حال دیکہہ کر مجکو رقت ہوئی ہے اونہوںنے بہیہ رقت کیے اور
خط جان سپاری کا لکہا مین نےلیے اونکو تحسین و آفرین کیے اور فراغ
خاطر سے واسطے مدافعت امیر حسین کے روانہ ہوا قرشی سے
کوچ کرکے ہیرمان کے طرف چلا تاکہ اسباب زاید چہوڑکر جریدہ
امیر حسین پر یورش کرون جب تین چار منزل ایل ہیرمان کے طرف
گیا تو امیر موسے اور ملک بہادر کہ امیر حسین کے طرف سے ہمراہ تہے
میرا چلا جانا غنیمت جان کر قرشی کے قلعہ مین داخل ہوکر ارادہ
اقامت کا کیا اور امیر حسین کو یہہ لکہہ بہیجا کہ امیر تیمور خراسان کے
طرف بہاگ گیا ہمنے قلعہ قرشی فتح کر لیا یہہ خبر مین نےلیے سنتے تو مجکو
غیرت آئی کہ قلعہ قرشی مین جاکر اونکو گرفتار کرون اسلیے مین
نےلیے مشہور کردیا کہ امیر تیمور خراسان کو چلاگیا مین نےلیے بازماندون
کو لطرف ایل ہیرمان کے بہیجدیا اور اپنا لشکر چیدہ چیدہ ساتہہ لیا
اور وہان سے کوچ کرکے چاہ الجاق پر اترا کئے روز تک مقام
کیا اتناکہ جو لوگ رہ گئے تہے آ گئے وہان غلیطے دیکر ماخان
سمجو گیا کنارہ دریا سے اموئیہ کے اترارات کو اوس دریار
سے عبور کیا جب میرے عبور کے خبر امیر موسے اور ملک بہادر
اور امیر ہندو شاہ حاکم قرشی نےلیے سنے تو خاطر جمع سے فارغ
ہو گئے دو دن تک دریار پر مقام کیا اتناکہ سب لشکر نےلیے عبور

تیمور سے
لیا ہے کہ گواہ کر لیے ہین کہ اگر ہم عہد کے خلاف کرین اور
تیمور سے جدا ہووین تو غضب الہی مین گرفتار ہوون جب مجکو اسنے
ہزار لشکر کا اعتماد ہوا تو صلاح وقت کی یہہ دیکھی کہ لشکر
خان سے عزم کرون اور ایلچی بہیجکر جو اوس جگہ رہتے ہین
اپنا ملازم کرون پہر صف آرائی کرکے مقابلہ امیر حسین کا کرون تاکہ
جو مقدر ہے ظاہر ہو جاوے اوسوقت یہہ خبر آئی کہ امیر حسین
نے بڑا لشکر جمع کیا اور امیر موسے اور امیر بہادر کو بارہ ہزار
سوار کے معیت سے قرشی پر تعین کیا ہے تاکہ آکر میرا رستہ
روک لین اس خبر سے میرا لشکر گہبرایا مین دوبارہ امرا کو
بلاکر ازسر نو عہد لیا اونہون نے یہہ عذر کیا کہ آکر دابیٹے ہمارے
عیال اور اذوقہ کسی جگہ محکم ہاتہہ آوے ہماری خاطر جمع ہو جاوے
تو ہم سب تمہارے قدم پر جانفشانی کرتے ہین مین نے اہل بحرو
لشکر اون پر میرے سوا الق نعمت ثابت ہین فرمان لکہا اونہون نے
حق نعمت کے لحاظ سے ہزار سوار بہیجے اور عیال پر لاسکر کو بہیجا
جانے کا حکم دیدیے جب میرے امرا کے دیکھے ہو گئے
رفاقت پر مستعد ہوئے لیکن میرے خاطر جمع نہین ہے
امرا نے یہہ حال سنا کہ مجکو اونکے رفاقت پر اعتماد نہین ہے
تو وہ رات کو قرآن شریف اور تلوار لیکر میرے پاس آئے
کہ یہہ تو قرآن شریف ہے اور یہہ تلوار ایک تو اسپر حاکم تہا اور
اسکو تیمور اور امیر سار بوغا نے چلایا اور امیر داؤد اور امیر

جو پوشیدہ تہی رو کے مثال ایکبار گی آگئے جو افواج کہ اونکے آگے پیچہے پوشیدہ ہاتی اونہو نے کوسون سے نکل کر اونکا رستہ روکا اول حملہ مین میر سے فوج اون پر غالب ہو گئی اور میرے پاس آدمی بہیا مین نہی اونکی مدت کو پہنچا مار مار کر امیر حسین کے فوج کو نکال دیا اور اکثر اونمین سے گرفتار ہو گئے اور بہت مارے گئے اور امیر حسین کنار درہ پر آکر منتظر تہا کہ مجکو باندہ کر لیجا وینگے او سکے افواج شکستہ او سکے پاس گئے اسحال سے امیر حسین نہایت شکستہ خاطر اور شرمندہ ہوا جب جانا کہ ظاہر ہوگیا تو شیر بہرام کو جو مجہسی پہر کر او سسے مل گیا تہا بدگمان ہو کر مار ڈالا شیر بہرام کا حق مین جو میرے زبان سے نکلا تہا کہ اپنے کردار مین گرفتار ہوگا سو ہوا مین مظفر اور منصور سبزہ زار قرشی مین آکر اترا اور اپنے لشکر کے انتظام مین سعی کی جب دشمنی امیر حسین کے تشتین ہو گئی توجمعیت کرنے لگا اور ایک ایک امیر کو بلا کر اونسے قسمیہ عہد کیا اور پوست کندہ کہدیا کہ جس شخص کو تم مین سے میرے ہمراہ ہے منظور ہے تو جب تک میرے ساتہ ہے برادرانہ اوسسے سلوک کرونگا بالفعل جو کچہ میرے پاس موجود ہے برادرانہ تمکو تقسیم کر دونگا اور آیندے کو جو ہاتہ لگیگا وہ بہی قسمت کرونگا اور جو شخص میرے ہمراہی اختیار نہین کرتا تو آج ہی مجہسے جدا ہو جاوے اونہو نے اطاعت منظور کر کے اپنے اسامی کے فرد بنا کر قسمیہ عہدنامہ لکہدیا اس مضمون کا

پہنچکے
ہہ دیکھا کہ مین اونکے عہد پر اعتماد کیا تو دوبارہ لشکر جمع کیا اور شیر
بہرام کو ہراول بناکر میرے طرف متوجہ ہوا چاہتا تہا کہ جلد دیکے کر
مجہی گرفتار کرلیے جب مین مقام خیابان مین آیا اوسوقت امیر حسین نے
نفر خزینہ دار کو مصحف شریف دیکر میرے پاس بہیجا کہ اس قرآن
کی قسم ہے کہ مجکو تمسی کچہہ مخالفت دل مین نہین اور اگر مخالفت ہو تو
تو اس قرآن شریف کا وبال مجہپر ہووے اور واسطے تاکید و توثیق
اتفاق کے بہتر ہے کہ ہم تم درہ چکچک مین ملاقات کرین اور اومینے
حیلہ سے دو فوجین درہ کے دو طرف پوشیدہ کر رکہی تہا کہ جب
مین درہ مین داخل ہون تو دونو طرف سے آکر مجکو گرفتار کرین جب
یہہ خبر مجکو معلوم ہوئی تو اول درہ پر جاکر اترا اور اپنی فوج کو
حکم دیا کہ راتون رات اونکو غلطے دیکر امیر حسین کے راستہ پر جا اترین
اور اون فوجون کو مین نے بہیجا کہ جاکر اونکے پیچہے کمین کرین اوسوقت
ایلچی امیر حسین کا آیا کہ تم اپنا لشکر موضع جزار مین چہوڑو کیونکہ مین بہی
اپنا لشکر موضع خیابان مین چہوڑکر سو سوار سے تمہاری ملاقات
کیلئے آتا ہون تم بہی سو سوار لیکر درہ مین آجاؤ درہ مین جدا ایک
منزل نہایت خوش آب و ہوا ہے الیسین وہان ہم جمعیت ہوکر اور
سر نو سے اتفاق کرکے ولایت ماوراء النہر کو برادرانہ تقسیم کرلینگے
اونکے اوس فریب سے مین مطلع تہا دانستہ قدم درہ مین رکہا
میرے ساتہہ کل چہہ سو سوار تہے اور امیر حسین ہزار سوار لیکر
میرے طرف کو چلا مین جب جائے وعدہ پہنچا تو افواج امیر حسین

توزک

۱ بطرف لشکر امیرحسین کے جو موضع چغانیان مین تہا روانہ کیا اونسے
یہہ خبر بہیجی کہ امیرحسین جنگ پر تیار رہتا ہے لیکن یون چاہتا ہے کہ حیلہ
مکر سے کار درست کرلے امیر اس بات سے غافل نرہا ہے جب خبر
میرے چلنے کے قرشی سے اور سیف الدین کے جا پہنچنے کی امیرحسین
نے سنے تو اپنے بیٹے عبداللہ کو عہدنامہ دیکر میرے پاس بہیجا
اور کہیکے باتین بنائین عہدنامہ مین یہہ لکہا تہا کہ مین نے دل سے عہد
کیا ہے کہ امیرتیمور کے اتفاق پر بجان حاضر رہون اس عہدنامہ
پر اعتماد کرنا جب رسول امیرحسین کا قہلقہ مین میرے پاس
آیا اور امیرحسین کا پیغام مجہسے کہا اور عہدنامہ مجہکو دکہلایا تو امراء
لیوریے جو امیرحسین سے پہر کر میرے ملازم ہو گئے ہیے
یہہ سنکر گہبرائے کہ امیر صلح کرتا ہے اور امیرحسین کا ارادہ یہہ تہا کہ
صلح کے بہانہ میرے مجتمع فوج کو متفرق کر دینے مین مینے اس امر
کو سمجہ کر اوسکے پیغام کو ناشنیدہ رکہا اور امراء لیوریون کو بلوا کر
کہا کہ امیرحسین صلح کیا چاہتا ہے اوسکا مقصد یہہ ہے کہ تکو اپنے
طرف مایل کرے اور اب میرے اور اوسکے درمیان مین سوا
تلوار کے کچہہ باقی نہین ہے جو امراء صلح کے خوف سے میرا
تخلف کیا چاہتے ہیے مجکو جنگ پر قایم دیکہکر تو سے دل ہو گئے
مین نے جماعت لیوریون کو جو بیدل ہاتے استمالت اور نوازش
کے جب امیرحسین صلح سے ناامید ہوا تب جنگ موقوف رکہی
مینے ہیے مراجعت کرکے قرشے مین چلا آیا جب امیرحسین نے

پہنچو رہے

۳۳ تیتیسوان برس شروع ہوا تھا لشکر جمع کرنے مین مشغول ہوا اور
موقف خط قریب سے مدد جماعت ہمراہ بیگ کے سردار ہوا پہلے تو یہہ
اسباب دیکھا کر واسطے جمع کرنے لشکر کے سمرقند کے طرف بڑھا
لیکن جب اکمنزل چلے کے تو امیر سلیمان اور جاور بیگ جو جماعت
اس مخالفت سے بیٹھ بھاگ کر امیر حسین کے پاس پہنچے سبب گئے آئین
مین امیر خضر یسوری سے مرگیا اور علی درویش اور اوسکا بھائی
الیاس خواجہ اور حاجی محمود اور بایزید یسوری سے مطیع ہوکر
تین فوج کی جمعیت سے آکر ملازم ہوئے اسی حال مین امیر جاکو
اور امیر عباس جو کہ بہرام جلایر کے ساتھ خجند کو گئے تھے اپنی
فوج لیکر آگئے جب میرے سب فوج جمع ہوگئے تو سمرقند کو
چلا سب مین وہان پہنچا اہالے سمرقند نے میرا استقبال کیا اور
حاکم کی بیٹی فرا ہندو برلاس کو سمرقند پر حاکم کرکے لودشت
کے طرف کو مراجعت کی جب سمرقند سے دو منزل جا چکا
وہ ہندو وصفت سمرقند کو چھوڑ کر امیر حسین کے پاس چلا گیا اسحال
مین یہہ خبر آئی کہ الجایی ترکان آغا جو بیمار تھی مرگئی مینے
انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا جب امیر حسین نے یہہ سنا کہ وہ
ہمشیرہ مرگئی بہت متالم ہوا اور
علاقہ خویشی اور یگانگی کا جاتا رہا لشدت
نے فوج جمع کرنی شروع کی اور اس استحکام
کی پہلا امیر سیف الدین کو بطور خبر کرکے افواج قا

توزک

کر جمع کریے اور عادل بہادر کو اوسکے ساتھہ کردیا اوسنے اپنے بچے
شر خواجہ کو میرے پاس چھوڑا جب شیر بہرام ختلان مین پہنچا تو لشکر
جمع کرکے مخالفت پر امیر حسین کے ایک قلعہ مین متحصن ہو بیٹھا امیر حسین
نے کچھہ فائدہ لڑائی مین نہ دیکھا تو اوسکو فریب دیکر مطیع کرلیا شیر
بہرام بحسبی عہد پیمان نقض کرکے پاس امیر حسین کے چلا گیا مین
نے شیر بہرام کو یہہ لکھا کہ عہد درست ایمان درست ہے بہتر ہے
ازبسکہ ایسے لوگون کا عہد درست نہین ہوتا تو اپنے جیسے لوگونے اوسکو
جمع کرکے عہد توڑا ہے اور جونکہ مجھہ مین اور امیر حسین مین تونے
فتنہ برپا کیا ہے تو جلد اوسی فتنہ مین گرفتار ہوگا اور تیرے
مخالفت کا عوض اللہ تعالی تجکو دیویگا نزدیک ہے کہ سرکشیانے
تجکو فائدہ نکرینگی آخر وہی ہوا جو مین نے کہا تھا کہ شیر بہرام
بڑے بلا مین مبتلا ہوا مین تو اوس بدکار کو روزگار پر حوالہ کیا
جب مین نے امیر حسین کو اپنا نہایت دشمن پایا تو حفظ مراتب ضرور
ہوا اور بہرام جلایر اور امیر جاکو اور عباس بہادر کو خجند کے
راہ پر مین نے بھیجا کہ اہل جلایر کا انتظام کیا اور امیر ... سے
اور علی درویش پسر بایزید جلایر کو جنہونے یہہ فتنہ شروع
کیا تھا گرفتار کرلیا اور بہرام جلایر الوس جلایر کو ضبط کرکے
اون پر حاکم ہوگیا اور اس خوف سے کہ میرے اوزار ...
کے مخالفت سے بچ جانا آسان نہین ہے بلا توقف جتہ کو ...
ہوا جب یہہ خبر مین نے سنی تو سنہ ۷۶۸ سات سو اٹھسٹھہ ہجری

ے افزا کا گواہ ہوگیا لیکن اس بات نے امیر حسین کے دلمین تیمور سے
ڈال دیا دشمنی جو اوسکو تھے وہ تازہ ہوگئے شہر میں نے دوا
ح دشمنی امیر حسین سے کہ شیر بہرام جلایر سے مصلحت سے کہ امیر حسین
اپنے طرق سے صاف کردون چونکہ شیر بہرام بھی امیر حسین کا دشمن
یا اوسنے صاف کہا کہ امیر حسین امیر کے طرف سے صاف نہیں
ہے نہایت دشمن ہے اور ہمارا اپنے کال ہے بدخواہ ہے
مکر سے چاہتا ہے کہ اگر قابو ہو تو پہلے مجکو قتل کرے ہمکو کسی طرح
امیر حسین کا اعتماد نہیں ہے امیر حسین کو ہمارا قتل مقصود ہے مجکو
شیر بہرام کے کلام سے دغدغہ پیدا ہوا لیکن مین نے شیر بہرام
سے چہپاکر کہا مدت سے امیر حسین کے ساتھ عہد ہوا اور ہے
اور خدا کے نقض کا کر کہا ہے یہہ کب ہوسکتا ہے کہ اوسکے مخالفت
دلمین لاؤن مجکو تیرے قول کا جب اعتماد ہوتا ہے کہ تو کوئی
گواہ لاوے کہ امیر حسین میرا دشمن ہے اوسنے کہا اگر تمکو اوسکے
غداری پر اعتماد نہیں ہے تو اسطور آزما لو کہ مین اوسکو خط
لکھتا ہون کہ ہمارے تقصیرات معاف کردو اگر اوسکے دلمین
عداوت نہیں ہے تو معاف کردیگا اور نہیں تو اعتراض کریگا جب
شیر بہرام کا خط امیر حسین کے پاس گیا اوسکو پہاڑ ڈالا اور
لو لاانشاء اللہ تعالے تمکو ہلاک کر دونگا اور نہایت شدت کے جب
یہہ خبر مین نے سنی تو جانا کہ امیر حسین دشمن ہے اپنا لشکر
مین نے جمع کیا اور شیر بہرام کو ختلان کو رخصت کیا تاکہ اپنا

[illegible] کے در پے ہوئے
توزک اوسکے خرابی کے
[illegible] ترگیا اور خلقت اوسکے دشمن
[illegible] آفت جو اوسپر آئی ہے تو یہہ ہے کہ جو لوگ اوسکے دشمن
[illegible] گرے ہیں اونہوں نے امیر حسین کو میرا دشمن بنایا ہے ہر چند میں
[illegible] ہو گئے ہیں کہ میرے دل میں سوا تیرے دوستی کے کچھ نہیں ہے اوسکو
[illegible] کہاہیں کہ میرے دشمنی پر جھگیا یہاں تک کہ امیر حسین کے کینہ ور
یقین نہ آیا میرے دشمنوں پر تکیہ کیے تاکہ وہ خراب ہو جاوے اور اوسکے
اوسکو میرے دشمنوں کی طرف لائے میں نے امیر حسین
تمام فوج کو روگردان کرکے میرے پاس بھیجا اور یہہ امر دوبارہ
امرا کے لیے کہ تم جلد اوسکے [illegible] کرے لیکن اوسنی
امیر حسین کو لکہا تاکہ وہ اپنے امرا کو [illegible] سے اور [illegible]
[illegible] سے مارے اعتماد نکیا یہاں تک [illegible] نے جو اوسکے دشمن
[illegible] اور فرد [illegible] سے نکال
ولد بایزید جلایر اور [illegible] کے اتفاق
ہے تاکہ اسکو [illegible]
دین ایک [illegible] سے ہوشیار رہا میر تیمور
امیر حسین [illegible] لڑائی کا سامان
[illegible] اتفاق سے مجکو گرفتار
[illegible] تو میرا دشمن ہوا اور
[illegible] بھیج دیا تو میں نے امیر
[illegible] خواجہ کو بلوایا اوسے
[illegible] خجند کو بہاگ گئے
[illegible]

کہ میرے امرار سمرقند کے بند وبست مین مشغول ہین لیکن کچھہ بن نہین آتا
تہا تو یہہ کینہ دل مین رکھا یہان تک کہ مین نے قرشی مین جاکر مقام کیا
اوس سرما مین قرشی مین ارام کیا اور سپاہ کو بہی رخصت کر دیا
تاکہ اب تو جاکر چین کرین موسم بہار مین آکر پہر جمع ہون سنہ ۷۶۵ سات
سو پینسٹھ ہجری مین کہ مجکو بتیسوان[۳۲] سال شروع ہوا ازسرنو
سامان سمرقند کے چلنے کا کیا اور محل کیک خان کا جو کہ ترکی مین
قرشی نام ہے بنوایا اور مین نے یہہ حکم دیا کہ ایک حصار گرد
قرشی کے بنا وین جب موسم بہار آیا وعدہ کے موافق جو امیرون
سے کیا تہا سمرقند کو روانہ ہوا جب مین نواح مین سمرقند کے
پہنچا تو امیر حسین بہی سالے سرا سے آکر سمرقند مین اترا پہلی
اوسنے یہہ کیا کہ امیر جاکو سے اور امیر سیف الدین اور اقیو تغا اور
اپنے بہادر اور دولت شاہ کے اموال کے جو میرے امرار
نسبت سمرقند پر متعین تہے طمع کے اور اون پر تحصیلدار تعین کیا
جب اوسنے بہت بیجا کئے کے تو مین چاہا کہ تلوار میان سے لون لیکن
بلحاظ صلہ رحم کے چشم پوشی کی اور اوسکے گفتار اور کردار سے تغافل
کیا ازبسکہ میرے امرار کے پاس کچھہ نہین تہا اور جو حاصل کیا
وہ فوج پر تقسیم کر کے تلف کر دیا تو مین نے امیر حسین سے یہہ
کہلا بہیجا اگر تمکو قسمت برادرانہ سمرقند کے مال کے منظور ہے
تو مین دیتا ہون اور اپنے خاصے گہوڑے اور اونٹ مین نے
اوسکو بہجوا دئے اور چونکہ وہ بہت طامع تہا تو اور نقد بہی دیا

تیمور سے

سمرقند مین جا کر عزت ابرو مال اسباب مسلمانون کا بچاؤن دوسرے
یہہ کہ لشکر جتہ پر قزاقانہ شبخون مارون اس سوچ مین تہا کہ خطوط اہالیان سمرقند
کے آئے اس مضمون کے کہ قدرت الہی سے بسبب ظلم اور تعدی
کے جو لشکر جتہ مسلمانون پر کرتا تہا ایسی وبا اونمین پڑی کہ تمام اونکے
گہوڑے مر گئے اور اونکے ظلم کے وبال سے اونمین طاعون پیدا
ہوا اکثر مر گئے مین نے اپنے افواج درست کر کے عباس بہادر
کو ہراول بنایا اور سمرقند کی طرف چلا جب یہہ خبر لشکر جتہ مین پہنچی
تو وہ اپنے ہتیار کمر پر لاد کر پیادہ اور سوار دشت کی طرف بہاگ
چلے مین نے اپنی فوج اون پر تعینات کی تاکہ جلد اون قزاقون
کو ماوراء النہر سے نکال دین اور مین آپ پیچہے روانہ ہوا جب لشکر
جتہ مین پہنچا کہ مردہ اور زندہ اور جان بلب یعنی تمام جانور تہے
اون پر رحم کر کے کچہہ نکہا اوسی طور پر چہوڑ کر مراجعت کر کے بقصد
راشدین بغلان کی طرف روانہ ہوا اور امیر جاکو کے اور امیر
سیف الدین اور اوقیوغا اور اپنے بہادر اور دولت شاہ
بخشی کو واسطے انتظام سمرقند کے تعین کیا جب مین جلوہ گاہ بغلان
مین آیا تو امیر حسین سوچ سے ہشیار تو ہے کہ مقام اوچکے اقرار کا تہا
کوچ کر کے سالی سرای مین آیا اور اپنے لوگون کو اوس جگہ
چہوڑ کر جلوہ گاہ بغلان مین آ کر ملاقات کی چونکہ آمد جاڑے سرما کی
تہی صلاح یہہ ٹہری کہ مین تو جا کر اس موسم کو قرشی مین بسر کرون
اور امیر حسین سالی سرای مین مقام کرے امیر حسین کو یہہ ... تہی

۱ تاب مقاومت کے نہوئیے تو وہ سب پریشان ہوگئے اور وہ آپ
میرے پاس چلے آئیے مین نے یہہ معلوم کیا کہ شراب سے بڑا فساد
ہوتا ہے تب یہہ حکم دیا کہ جو شخص شراب بناویگا اوسکو غارت کرینگے
اور جو شخص شراب پیویگا شیشہ پگہلا کر اوسکے حلق مین ڈالینگے جب
یہہ صدمہ میرے فوج پہنچا تو مین جانا کہ میرے سلطنت مین ابھی
کچھہ دیر ہے جب یہہ فوج ٹوٹے اور پریشان جمع ہوئیے تو مین ہمراہ
افواج کے جسقدر موجود ہے ولایت بلخ کو چلا دریاے آمو پر آکر
اترا یہانتک کہ جتنے اہل الوس متفرق ہو گئے تہے سب جمع ہوگئی
اور تومانات کبک خان کے اور تومانات ایلچی بوغای سلدوز کا جمعیۃ
تمام مجہسے آملے جب یہہ خبر آئیے کہ لشکر جتہ سمرقند مین آگیا تو مین نے
دریاے آموا سے عبور کیا اور گہاٹون پر فوج تعین کر دیے واسطے
تیمور خواجہ اغلان کے جسنے لشکر جتہ کے خوف سے بہاگ کر میرے
افواج کو برہم کر دیا تہا حکم قتل کا دیا اسوقت خطوط ملازادہ سمرقند
اور مولانا خورد ک بخارے اور مولانا ابوبکر کلوے اوراہلے
سمرقند کے میرے پاس آئیے اس مضمون کے کہ لشکر جتہ سمرقند
مین آیا اور سمرقند کا قلعہ نہین تہا تو سمرقند کا بند فوج سے بنایا
اور لشکر کے مدافعہ کے ہزار و ترد جنگ جدال ہوتا ہے اگر اب امیر
متوجہ ہو وینے تو انشاءاللہ تعالی لشکر جتہ کو ہزیمت ہو تے ہے
مین نے اوسوقت شمار لشکر کے کیے سات ہزار سوار و ن سے
دریاے آمویہ کو عبور کیا اور مین دلین سوچتا تہا ایک تو یہہ کہ پہلے

تیمور سے
وراالنہر کو اونکے آسیب سے بچالوں تب امیر حسین میرے رفاقت
سے نا امید ہوکر سارے سرای کو روانہ ہوا تمام الوس و اتباع
ہمراہ لیکر دریاے جیحون سے اتر کر کنارہ پر مقام کیا منتظر تہا کہ جب
لشکر جتہ متوجہ کناراب کو ہووے تو ہندوستان کے طرف چلا جاوے
اور مین نے میدان شجاعت مین استقامت کرکے خط کشن کو اپنا معسکر
ٹہراکر حکم لشکر کے جمع ہونیکا دیا اور حسن تدبیر سے بارہ فوج ترتیب
دیکے اور تیمور خواجہ اوغلان کو اور حاجی رجب بہادر اور عباس
بہادر کو تین فوجونکا سردار کیا پہر یہ خبر آئی کہ لشکر جتہ کا مقدمہ
کوکلک مین جو مضافات سمرقند سے ہے آیا مین نے ان تین فوجونکو
کو سمرقند کے طرف روانہ کیا اور داود خواجہ اور ہندوشاہ بہادر
کو سردار اور دو فوجونکا بناکر اونکے پیچہے روانہ کیا وہ سب آپس
ملکر نت بازی کرنے لگے جب نشہ شراب کا چہڑا تو خواجہ جی نے
کمال مستی مین داود خواجہ اور ہندوشاہ سے کہا کہ امیر تیمور کا ارادہ
یہ ہے کہ فتح کے بعد تمہارے لشکر کو خراب اور نیست کردے وہ
دونو موقوف اس بات کا یقین کرکے خوف کی مارے لشکر جتہ
کے بہاگ گئے جب یہ خبر مین نے سنی تو اوت پر نفرین کے تقدیر
الہی سے کپک تیمور بیٹا الغ تیمور کا اور شیر اول و انکر حاجی بیٹا حاجی بیگ
جو لشکر جتہ سے بطور جاسوس کے آئے ہے اونسے مقابل ہوکر
اور جمع ہوکر لشکر جتہ کو خواجہ اوغلان اور عباس بہادر پر چہڑا لائے
اور دونو مین جنگ شروع ہو گئے تیمور خواجہ اور عباس کو جب

توزک

شادیانہ بجاتا ہوا کر جاتا تک نشان امیر شمس الدین امیر الامرا لشکر جتہ کا مع
فوج نمودار ہوا اوسوقت میرے ساتھ ہزار سوار سے زیادہ نہین تہی
مین نے ہزار سوار اوس پر روانہ کیئے پہلے ہی حملہ مین میرا لشکر مردانگی
سے نشان تک جا پہنچا لیکن اور فوج اونکے مدت کو آ گئے میرے ہزار
سوار اور اونکے لشکر مین صبح سے شام تک خوب جنگ ہوتے رہی
یہان تک کہ تخمیناً میرے ہزار سوار تلف ہوئے جب رات ہونے کو ہوئی
اوسنے متفرق ہی سے ہارے جمع ہو گئے از لسکہ ایسا صدمہ ہمارے
لشکر کو پہنچا کہ ہزار سوار مارے گئے اور امیر حسین نے تو کوتاہی
کی اور یہہ صدمہ بہی ہوا تہی سپاہ نے غلبہ دیکہا کہ دو تین منزل جاکر
کشن کے طرف مقام کرین جب تک کہ لشکر متفرق ہمارا سب جمع ہو جاوے
پہر لشکر جتہ کو دفع رفع کرنیکے مجکو یہہ مشورہ پسند آیا کشن کے طرف
روانہ ہوئے اور مجکو یہہ تجربہ ہوا کہ جس لشکر مین دو سردار ہونگے
تو البتہ نفاق بہی ہوگا اور اوسکا نتیجہ شکست اور ہزیمت ہے جب
سے امیر حسین کے رفاقت چہوڑے اور دوسردار ایک لشکر پر تعین
نکئے جب مرغزار کشن مین آئے اور لشکر متفرق جمع ہو گیا اوسوقت
امیر حسین بہی آکر دو کوس کے فاصلہ پر اُترا اور شرمندہ ہوکر کہنے لگا
کہ مصلحت یہہ ہے کہ اہل الوس ہمراہ لیکر دریا جحند اتر جاوین مین نے
امیر حسین سے ملاقات نکے اور یہہ کہلا بہیجا کہ میرے ہمت یہہ یاری
نہین کرتے کہ ولایت کو چہوڑ دون تاکہ لشکر جتہ بالکل برباد کردے
مین دوبارہ فوج جمع کرکے مقابلہ مخالفون کا کرونگا تاکہ

غنیم کے میمنہ کو زیر کر دیا تھا پر امیر حسین سے مایوس ہوکر جنگ سے ہاتھ
اوٹھا کر کھڑا ہو رہا اور اپنی فوج جمع کر کے کنارا سب پر جو اوس
جنگل میں تھا اپنا بندوبست کر لیا غنیم نے جب یہہ دیکھا کہ میں جنگ سے
دست بردار ہو کر غنچہ بن کر کھڑا ہو رہا تو غنیم نے جانے یہہ غنیمت جانا
کیونکہ تھک گیا تھا وہ بھی اوسی صحرا میں اترا میں نے وہ رات حالت زبون
میں گذاری اور سپاہ میری گرد کھڑی رہی بیان کرتے ہیں میں نے حوالی کی
طرف قراول بھیجے اوسوقت امیر حسین کا قاصد آیا [illegible]
کیے اور اپنے کردار سے ندامت ظاہر کیکے جنگ پر مجکو برانگیختہ کیا
مین نے کہلا بھیجا کہ اب وقت ہو چکا جب تو لشکر غنیم کا متفرق تھا تو
اونکے لڑائی آسان تھی اب پھر جمع ہو گئے اسوقت لڑنا کام
بیکاروں کا ہے رات کو اونہی جگہ استراحت کیکے اور گھوڑوں
کو بھی آرام دیا صبح کو نماز باجماعت ادا کیکے آفتاب نکلا تو لشکر
جتہ نے میری فوج کو دیکھا تو کمر تر کر کے حملہ کرنے لگے اور مینہ
ایسا برسا کہ گھوڑے کیچ کا رسے میں چل نہیں سکتے تھے لیکن باین
ہمہ میرے امراء اور سپاہ نے بسبب کمال غیرت اور شجاعت کے
بلاحظ بارش کا تکیہ تلوار پکڑ کر سوار ہو گئے اور غنیم کو اوڑا کر
اپنے ہتیار مینہ سے بچاتے تھے تب میں کرنا بجا کر چلا اوسوقت دیو جیسے
میرے سپاہ میں گرفتار ہو گیا میں نے قتل کا حکم دیا مینہ تھم گیا تھا
میں نے حکم دیا کہ سپاہ نے ہجوم کر کے کلابر و سے لشکر جتہ کو متفرق
کر دیا میرے تمام لشکر نے اونکا تعاقب کیا اور دمن میدان میں گرمیکر

الغرض الیاس خواجہ سے رخصت ہو کر امیر حسین پر آیا اور بکوشش
تمام امیر حسین تک آپہنچا میں نے جب دیکھا کہ میدان ہات سے چلا
تو ایک فوج سے ایکدفعہ اون پر حملہ کیا امیر شمس الدین میرے خوف سے
بیٹہا نہ رہا پہر بہاگ گیا اوسکو معہ فوج مار مار کر الیاس خواجہ تک ہٹا کر
پامال کر دیا پہر میں نے تابان بہادر کو تاکید تمام پاس امیر حسین کے
بہیجا کہ میں نے غنیم کے پانو اوکہاڑ دیئے ہین تو بہی حملہ کر تیرے فوج
کے پہنچنے سے غنیم کو ہزیمت دیدیتے ہین اوسنے بجاے اسکے تابان بہادر
پر کوڑا اوٹہایا کہ میں کیا بہاگ کر آیا ہون جو مجکو ملاتا ہے دوبارہ
میں نے ملک بہادر کو کہ امیر حسین کا رشتہ دار تہا اوسکے پاس بہیجا
کہ اگر اوسوقت تو آجاوے تو غنیم کو شکست دیدیتے ہین یہ بہتر ہے
اوسنے اعراض کر کے کہا صبر کرو تاکہ میں اپنے متفرق لشکر کو جمع
کر لون ملک بہادر نے اوسے کہا کہ امیر تیمور نے غنیم کے فوج
کے پانو اوکہاڑ دیئے ہین اور خواجہ الیاس تک مار کر ہٹا دیا ہے
اور غنیم کے قول کو بحواس کر رکہا ہے تمہارے فوج کے آنے
ہونے سے غنیم کو شکست ہو جاتی ہے اوسکو بہی کوڑا مار
کر ہٹا دیا جب وہ میرے پاس آیا تو اوسکو مین نے آزردہ
دیکہا لیکن اوسنے کوڑے کا حال بیان نکیا اور یہہ کہا افسوس ہے
کہ امیر تو اسی شخص کے کام میں کوشش کرتے ہو اور یہہ چاہتا ہے کہ
مفت اپنے یاران بحال امیر اسی اشارہ سے امیر حسین کا نفاق پایا
کہ اوسکا ارادہ ہے کہ ہمکو غنیم کا لقمہ بنا دیوے اگرچہ مین نے

تھی اور اوسکے سامنے ہم بہت کمتر معلوم ہوتے تھے مین نے اوسوقت
قران شریف مین فال کھولی تو یہہ آیت نکلی و یوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم
یعنے حنین کے لڑائی کے دن کہ خوش کیا تمکو کثرت تمہاری نے
کیونکہ اوس خوشی کے سبب پہلے تو شکست ہو گئی آخر کو حق تعالی
نے فتح دی اس فال سے مین بہت قوی دل ہوا جب مین نے امیر
حسین سے بآرزو کہا کہ ہم دو فوج ہو جاوین ایک آگے ایک پیچھے
اوسنے ہرگز نمانا کہنے لگا کہ ہم آپس مین سے جدے نہین ہوتے برابر
لشکر جتہ کے صف باندہ کر لڑینگے مین نے ہر چند مبالغہ کیا کہ صرفہ
جنگ مین نہین ہے قزاقانہ جنگ کیجا ہیئے اور لیکن میری صلاح
نمانی تو لاچار مین نے اوسکی اطاعت کی امیر حسین نے اپنی
فوج اراستہ کی مین نے بھی اپنی فوج کا انتظام کیا اسحال
مین لشکر غنیم آگیا اور طرفین کے ہراولون نے صف ارائی کی
اور جنگ ہونے لگے جب غنیم کا ہراول مضطرب ہوا تو حاجی بیگ
غنیم کے دست راست کا سردار آیا اور امیر حسین کے ہراول
دست راست کو جنکا سردار سلطان بہادر تھا ہٹا کر امیر حسین تک کردیا
اور قول امیر حسین کا متفرق ہو کر بھاگ گیا لیکن شیر بہرام اور پولاد
بوغا میدان سے نہ ٹلے دادمردانگی دیے جب حاجی بیگ
نے امیر حسین کے میمنہ کو آگے رکھلیا تو قزل بہادر اور داود بن تیمور
امیر حسین کے سردار تھے مع فوج میدان مین کھڑے ہوئے تعجب
اسحال سے متحیر ہو گئے اسحال مین امیر شمس الدین اپکی اپنی

کو بلایا جب امیر حسین نزدیک آیا تو مین نے وہان سے کوچ کرکے دریار
خجند کو اتر کر کنار آب محکم کیا اور بند وبست کرکے جاسوس بھیجے وہ
یہہ خبر لائے کہ لشکر جتہ نے دریار بادام پر مقام کیا ہے اور انہو
یہہ بند وبست کیا ہے کہ دست راست پر شنکوم بہادر کو سردار کیا ہے
اور دست چپ پر حاجی بیگ کو مقرر کیا ہے اور الیاس خواجہ
قول مین معہ بہادران پا در رکاب کے محکم ہے اور قبچاق بہادر کو
ہراول معین کیا ہے جب یہہ خبر مین نے سنی مین نے بہی فوج کے
ترتیب کی دست راست پر کہ سردار امیر حسین کے تہی سلاجی
ارلات کو سردار کیا اور ایجا یتو ایز دیے اور شیر بہرام اور
پولاد لبوغا اور فرہاد ایز دیے اور ملک بہادر کو ہراول مقرر کیا
اور امیر سار لبوغا کو معہ قوم قبچاق کے دست چپ پر تعین کیا
اور مین نے اپنے جگہ بائین طرف ٹہرائے اور امیر جاکو اور
امیر سیف الدین اور امیر مراد برلاس اور عباس بہادر کو اور
اور شجاعون کو قول مین رکہا جب مین ترتیب لشکر کے کر چکا تو امیر
حسین نے بہی دریا سے گذر کر اپنے فوج کا انتظام کیا جب لشکرون
کا انتظام ہو چکا تو مین نے امیر حسین سے کہا کہ جنگ لشکر جتہ بطور
مناسب معلوم ہوتی ہے کہ گذارہ ہمارا جنگ صف مین ہے
صلاح یہہ ہے کہ مین آپ معہ افواج جاکر یورش کرون اور
تم اپنے فوج لیکر جلد پیچہے سے آپہنچو یا تم اول یورش کرو مین
تمہارے پیچہے جلد نزکنار کرون چونکہ لشکر جتہ سے ہم بہت زیاد

کہ اگر اطاعت کروگے تو نوازش کرونگا اور اگر سرکشی تو سزا دونگا
چونکہ اکثر قشونات اور الوسات میرے تابع ہوگئے اور مجکو شہنشاہ
مان لیا امیر حسین کو حسد اور طمع پیدا ہوئی تاکہ آپ امیر ہو جاوے امرا
اور سرداروں کو جمع کرکے مشورہ کیا کہ امیر تیمور چاہتا ہے کہ ہم امیر اور شہنشاہ
ہو جاوے حالانکہ وہ تورہ نہین ہے اور قراچہ ہے جب یہہ خبر مین نے
سنی تو اونکو کہلا بھیجا کہ ملک عقیم ہے عروس ملک کو وہ بغل مین لے سکتا ہے
کہ شمشیر آبدار سے ملک لیوے اور مین نے شرکت غیر لشکر جتہ اور
الیاس خواجہ کو شکست دی ہے تو ملک میرا ہے اور وہ بخلاف
میرے کہتے تھے کہ شہنشاہ ہے اوسکا حق ہے جو چنگیز خان کے نسل سے
ہووے اور کابل شاہ اغلان بن دور بیجے بن الجکدا سے بن دور خان
کو جو نبیرہ چنگیز خان کا تھا حالت درویشی مین خلعت فاخرہ پہنا کر سامان
سلطنت سے سربلند کرکے تخت پر بیٹھا دیا مین اوسوقت امرا ر
سے جو مجہسی متفق تھے مشورہ کیا اور آخر خط کبش مین اترا اور
امیر حسین نے قدیمی مکان مین جو نساف سرا سے مین تھی موسم سرما مین
استراحت کی جب موسم بہار کے آئے مین تھے نے یہہ سنا کہ دوبارہ
لشکر جتہ دشت سے آکر ارادہ تسخیر ماوراء النہر کا رکھتے ہین یہہ خبر
جب امیر حسین اور امراء نے سنی کہ کابل شاہ کو سردار بنایا تھا سے تو
فرار کا عزم کیا آخر کو یہہ ٹھہرایا کہ اگر ہم چاہین کہ لشکر جتہ کو ماوراء النہر
مین نہ آنے دین تو امیر تیمور کو متفق کیا چاہیے اور اوسکے سرداری
اور اطاعت قبول کرنی چاہیے تاکہ لشکر جتہ سے مخلصی ہو او تہمنے

تیمور سے
ڈیرا کیا ہے اور عبور دریا میں توقف کرنے میں سبب یہ
شیر بہرام کو ہراول کر کے میں بھی روانہ ہوا جب خبر میرے
یورش کے لشکر جتہ نے سنے دریاء خجند سے چلے گئے میرے
تک لشکر جتہ کا نشان نہ تھا میں نے حکم دیا کہ دریا پر تیچے
برپا کریں چونکہ آب ہوا سے زمانے کے موافق نہ ہوئے ہوا زدگی
مجکو لاحق ہوئی دو تین دن کے بعد مجکو شفا ہوئی جب لشکر
جتہ سے خاطر جمع ہوئی تو ارادہ شکارگاہ کا واسطے شکار کے
کیا شکار کرتا ہوا چلا سمرقند میں پہنچا اہل سمرقند استقبال
کرکے قدر جمع الحق ا... نہ کرنے لگے یعنے حق اپنے مکان
پر آیا اور میرے لئے دعا کرنے لگے جب میں خط سمرقند میں مقام
کیا تو آدمی واسطے طلب ایلچی ترکان آنجا اور رئیس اندو کی
جو کرم ... آیا تھا تعین کیا اور ... سات سو
... ہے کہ مجکو ... شروع ہوا اور ...
... لشکر جتہ کو ... اور ...
آیا کہ چونکہ اللہ تعالی ایک ہے تو اوسکے ملک ... میرے دل میں
ہو وہ ... تا کہ سب اوسکے اطاعت کریں ...
... بکار اور ... سے بچا ...
... اور ... اور ... سات اور ...
... واسطے ... اور ... کا اور ... لشکر ...
... اپنے ... دریا ...
... کرنے لگا مجکو ضرور ہے ... اونکو ...

توزک

[illegible] ہوگا اور ہر ایک ہزار اہل افسوس تحسین کرینگے
[illegible] اور امیر کو معلوم ہے کہ دوست اچھے ہوتے
[illegible] نہیں ڈرتے کیونکہ جس دن ترکش کرتے
[illegible] تلوار میں ڈالتے تھے تو خون ریختہ اور سر کٹا ہوا آتا
[illegible] انکو ترغیب دیتا تھا کہ میرے ملازمت اختیار کریں
[illegible] بہت مردانہ تھے اور نمک حلال اپنی آقا سے تھے وفادار
[illegible] وفاپسند آئے میں نے ہرچند مبالغہ کیا کہ میرے پاس
[illegible] نہ مانا امیر حمید اور اسکندر اغلان جو قید میں تھے میں
[illegible] حکم دیا کہ انکو چھوڑ دو امیر حسین اونکے خلاصے پر راضی نہیں
[illegible] میں نے امیر سیف الدین کو بھیجا تاکہ امیر حمید کو قید سے
[illegible] جب امیر سیف الدین بندیخانہ کے پاس گیا امین اور
[illegible] محافظ تھے یہ سمجھا کہ امیر سیف الدین امیر حمید کے
[illegible] امیر حمید کے قتل پر مبادرت کی ایک نے اوسکے
[illegible] اور دوسرے نے تلوار جو کہ تقدیر سے
[illegible] فرمایا کہ اسکندر [illegible] کو
[illegible] اور اسکو [illegible] اور [illegible] دینگے
[illegible] تھے
[illegible] اور امیر سیف الدین
[illegible] محمد
[illegible] محمدیہ

پیچھے صاف کیا پس مرغزار رستے میں تھین جو میدان مرسینی کا تھا مقام کیا
اور مجلس خوشی کے منتظم کیے اور خیمہ اور ڈیرے بہت کھڑے کر دیئے
اور کھانے خوب پکوائے اور امرا اور سادات اور قضاوات کو بلایا اور
اور سرداران سپاہ جیسے تھے سب کے سب جمع ہوئے اوس وقت امیر حسین
جو لشکر کا پشتیبان تھا آگیا جب مجلس منعقد ہو چکی تو جو امرا
کہ گرفتار ہوئے تھے اونکو بلایا جب وہ آئے تو پہلے بیکچک کو جو سپہ
سالار تھا اور بارہا اوسنے مجھ پر تلوار چلائے تھے تحسین کیا کہ
خواجہ الیاس کا نمک تونے حلال کیا کیونکہ مین نے بارہا تیرے ساتھ
ملاقات کرنے چاہی کہ تو مجھسے مل جاوے لیکن تو راضی نہوا اور اسی طرح
امیر حمید کو کہ مرد جوان تھا تحسین کیا اور اسکندر اغلان کو بھی
آفرین کہی کہ اوسنے اپنے تئین الیاس خواجہ پر فدا کیا تھا اور
اپنے تئین نثار اوسکے کر کے گرفتار ہوا اور الیاس خواجہ کو بچا دیا
اور اون سے پوچھا کہ تم اتنے بہت اور مین اتنا کمتر پھر کیا ہوا کہ
تم مین فتحیاب ہوا انھون نے کہا کہ تیرے اقبال نے ہمکو گرفتار کیا
اور لشکر جتہ کو شکست دیے اور تیرے لشکر کے اتفاق نے کہ سب ہمدیگر
ہزار تلوار کو ایک تلوار بنایا ہمکو شکست دی ہے اور ہمارے نفاق
نے ہمکو متفرق کر دیا پھر مین نے کہا تمہارے دل مین کیا آتا ہے کہ
مین تمہارے ساتھ کیا سلوک کرونگا انھون نے کہا اگر ہمکو قتل
کرو گے تو لشکر جتہ سے تو کچھ کم نہین ہوتا اور ہمسے ہزار امرا [illegible]
ہون خدا نے پر تیار ہو کر تمہارے دشمن ہو جاوینگے اور اگر

بہاگ کر الیاس خواجہ کے پاس گیا مین نے جب فوج میرا دل کو شکست دیے تو کرتا کر کے میدان مین کہڑا ہوا اور علم بلند کیا یہان تک کہ جو لوگ متفرق ہو گئے تھے جمع ہو گئے الحاصل خواجہ نے اپنے قول کو دلیرانے دلائے مین نے جو معلوم کیا کہ الیاس خواجہ اب کچہہ سستی کرتا ہے تو اسمدت کہ کہ تین سو تیرہ ۳۱۳ ادمیون سے جو حاضر تہے الیاس خواجہ کے علم کا پتا لیکر تاخت کیے اور جو کہ اپنے بہادر ونکے علم تک پہنچا تھے اور علم خواجہ الیاس کا نگون سار کر دیا جب الیاس خواجہ کے لشکر نے علم اپنے دولت کا نگونسار دیکہا تو سب بہاگ گئے مین اوسوقت الیاس خواجہ تک جا پہنچا اسکندر اغلان میرے اور اوسکے بیچ مین آگیا الیاس خواجہ تو فرصت پاکر نکل گیا اور اسکندر اغلان گرفتار ہوا جب لشکر جتہ کا بہاگ گیا تو میرے فوج نے پیچہ کر کے لشکر شکستہ کا تعاقب کیا اور گہوڑے اور سامان اور بہت غنیمت حاصل کیے اور مقتول اور زخمی بہت ہوئے مین نے ایک فوج تعیات کی کہ جاکر غنیم کا رستہ روکین اور دو فوج داہنی اور بائین تعین کیے کہ لشکر کو اترنے کی فرصت نہ دیوین کہ وہ مقام پا آرام کرین اور جو ہاتہہ لگے اوسکو قتل نکرین زندہ خدمت مین حاضر کرین تا اونکے حسب حال پر سرزنش کیجاوے جب لشکر جتہ کو ہزیمت دیے چکا اور چہہ ہزار سوارون سے الیاس خواجہ کے تیس ہزار سوار کو شکست دیے اور ساحت ماوراءالنہر کا خس وخاشاک وجود اونکے

طرف سے دوڑائے اور اونکے پیچھے بائیں طرف سے فوج روانہ
کیے جب پہر دو صد بیلگ کے نزدیک پہنچے لڑکر ناکر کے روانہ
ہوا امین میں نے اوسوقت فوج خزانہ دار [illegible] گرفتار کو روانہ کیا اور
جب خوب جنگ ہو چکی تو میں نے فوج مستعد ہو بیٹھے میں نے اپنی
علم کا پردہ کہولا اور رکرتا اور ریو کر کے بذات خود علیہ بیشہ اوجہ
بہادر میرے آگے ہیتے اونہو نے حملہ کیا اور دونوں [illegible] پکڑکر
[illegible] چار طرف سے حملہ کیا جب بیلگ کہبرا گیا تو اسکندر [illegible]
اور امیر حمید اور امیر یوسف خواجہ جنہیں کہ بیلگ سے کومک کو
اوسوقت میں نے بھی معہ بہادران ہمراہ سے کے تاخت کیے
اسوقت میں بیلگ کا گہوڑا اسکے [illegible] گرا اوسکو میں نے پکڑ لیا
امیر حمید اور یوسف خواجہ نے جو اوسکو گرفتار دیکھا تاخت
کرکر آئے تاکہ اوسکو چہوڑا دیں تب اونہو نے زور کیا تو چار
بہادر نے جو میرا اسر حلو تہا امیر حمید کے گہوڑے کو زخمی کیا
اور امیر حمید نیچے گرکر گرفتار ہوا جب امیر یوسف خواجہ نے
گہوڑے کے اتر مارے تاکہ اوسے اضطراب سے نکل جاوے
تو اوسکا گہوڑا اکے ایک بہادر کے رکاب میں اٹکا اوسنے رکاب
پاؤں سے نکالدیے اور گہوڑے سے [illegible] امیر یوسف
خواجہ گہوڑے پر سے گر پڑا اور گرفتار ہوا اسکندر اخلاق
اپنے فوج لیکر میرے مقابل ہوا اسوقت میں اور بہادر
جانے [illegible] فیل جنگ پر [illegible] اسکندر اغلاق نے تاب

وقت یہہ قید لگائیے کہ اگر قسم کے خلاف کریے تو میرے گرفتار پے
مین آویے اور ایسا ہی ہوا جیسی قسم کہائے تھی مین خواجہ الیاس
کے تعاقب پر چلا جب یہہ خبر خواجہ الیاس نے کہ موضع تاشی ارغی
مین تہا سنی توصف آرا ہوا اور امیر حیدر اور قرا الیاس خواجہ جان
کو ایک طرف اور امیر تغلقتیمور کو دوسرے طرف مقرر کیا اور
امیر بیگ کو ہراول بنایا اور اسکندر اوغلان کو دست راست
پر اور امیر یوسف خواجہ کو دست چپ پر مقرر کیا جب حرارت شکر جنگ کے
مجکو ایسے تو قرآن مین فال دیکہی یہہ آیت نکلی انا فتحنا لک فتحا
مبینا ایسے نہایت شگون ہوا اور دعا فتح کے پر ہایے اور جتنا
لشکر حاضر تہا مین لیکر چلا اور امیر حسین کو معہ اوسکے لشکر کے
قول مین چہوڑا تا کہ اگر کچہہ خلل پیش آوے تو وہ نگہبانی کریے
اور مین نے اپنے لشکر کو جمع کر کے سات فوجین بنائین اور قطار
افواج کے چار مراتب کیئے اور مین آپ ہراول ہوا جب موضع
